جلد ۲ — رجسٹری شدہ سرکار عالی نمبر ۴ — نمبر ۱

شہریور ۱۳۳۶ ف

حیدرآباد ٹیچر

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا ماہی رسالہ

دائرہ ادارت :۔

سید علی اکبر۔ ایم۔ اے۔ (کنٹب) مدیر مسئول

سید فخر الحسن۔ ملا۔ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) مدیر

عبد النور صدیقی۔ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) شریک مدیر

اعظم اسٹیم پریس چار مینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتمم تعلیمات سے شائع ہوا

غایات

(۱) طبقہ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقہ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

اصول

(ا) رسالہ کا نام "حیدرآباد ٹیچر" ہوگا اور سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا۔
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
۱۔ اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ۳ روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)
۲۔ " " " ۱۲ر علاوہ محصول ڈاک فی پرچہ (")
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہو سکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ر) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔
(س) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہوا کرے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عـہ	۳ر	سے
نصف صفحہ	ـہ	۱۲ر	۸ر
ربع صفحہ	۸ر	۶ر	۱۲ر
	۱۰ر	۸ر	۶ر

فہرست مضامین

جلد ۳ بابتہ ماہ شہریور ۱۳۳۷ف م جولائی ۱۹۲۸ء نمبر ۱

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۱	نظم فارسی "مادر و بچہ" از ایرج میرزا جلال الممالک مع تصویر	ترجمہ مولوی ابوالمحاسن محسن خانصاحب منتین مددگار مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج	
۲	شذرات	———	۱
۳	روداد کانفرنس انجمن اساتذہ مستقر بلدہ منعقدہ ۲۶ شہریور ۱۳۳۷ف	"	۲
۴	کارگزاری انجمن اساتذہ بابتہ ۱۳۳۵ف تا امرداد ۱۳۳۶ف	مولوی سید محمد شریف مشہدی معتمد عمومی انجمن بلدہ	۱۳
۵	افتتاحیہ تقریر	ہز ایکسلنسی جی الیجنٹ مہاراجہ ابایان مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر یمین السلطنت جی۔سی۔آئی۔ای، صدر اعظم باب حکومت سرکار عالی	۱۷
۶	خطبہ صدارت نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم اے (آکسن) معتمد سیاسیات	ترجمہ مولوی اللہ بخش صاحب فوقانیہ دار العلوم بلدہ	۱۹
۷	ڈنمارک میں تعلیم بالغان	مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی اے (آکسن) ناظم تعلیمات	۳۰
۸	فرائض مدرسین	مولوی حسام الدین صاحب مولوی فاضل مددگار مدرسہ فوقانیہ دار العلوم	۴۶
۹	مدارس میں اردو کی تعلیم	مولوی ابو ظفر عبد الواحد صاحب ایم اے لکچرار سٹی کالج	۵۱
۱۰	دور مسعود	مولوی غلام محمود صاحب ناظر مدارس	۵۹
۱۱	جلسہ الوداعی نواب مسعود جنگ بہادر	———	۶۴
	(ا) تقریر سر یمین السلطنت بہادر	"	۶۹
	(ب) سپاسنامہ	"	۶۶
	(ج) جواب سپاسنامہ	"	۶۹
۱۲	نمایش تعلیمی متعلقہ کانفرنس انجمن اساتذہ بلدہ بابت ۱۳۳۷ف	نظیر حسین شریف معتمد سب کمیٹی نمایش تعلیمی۔	۷۲

"مادر و بچہ"

فارسی نظم

گویند مرا چوں زاد مادر
پستاں بدہن گرفتن آموخت
شبہا بر گاہوارۂ من
بیدار نشست وخفتن آموخت
لبخند نہاد بر لب من
بر غنچۂ گل شگفتن آموخت
دستم بگرفت و پا بپا برد
تا شیوۂ راہ رفتن آموخت
یک حرف و دو حرف بر دہانم
الفاظ نہاد گفتن آموخت
پس ہستی من ز ہستی اوست
تا ہستم وہست دارمش دوست

ایرج میرزا جلال الممالک

"ماں اور بچّہ"

منظوم ترجمہ

بیاں کرتے ہیں جب تولد ہوا میں
مجھے دودھ اماں نے پینا سکھایا
وہ راتوں کو اُٹھ اُٹھ کے جھولے میں مجھکو
جھلاتی رہیں اور سونا سکھایا
بڑے پیار سے چوم کر میرے لب کو
مثال گل و غنچہ ہنسنا سکھایا
مرا ہاتھ تھامے ہوئے ہر قدم پہ
سہارے سے یوں پاؤں چلنا سکھایا
ہے احسان اُن کا اک اک حرف کر کے
یونہی باتوں باتوں میں کہنا سکھایا
ہوئی زیست حاصل اُنہیں کی بدولت
رکھوں گا میں اُن سے ہمیشہ محبت

ابوالمحاسن محسن خاں صاحب تسکین

مادر و بچہ

ضمیمہ حیدرآباد ٹیچر

مولوی وحیدالدین صاحب سلیم پروفیسر اردو جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن کا انتقال جو پچھلے ہفتہ ہوا' دنیائے ادب میں ایک عظیم حادثہ ہے۔ مرحوم نے جو گراں مایہ خدمات علمی انجام دی ہیں وہ یادگار رہیں گی۔ وضع اصطلاحات کا معرکتہ الآرا مسئلہ آپ نے حسن خوبی سے سلجھایا اور ایک مستقل تالیف پیش کرکے وضع اصطلاحات کے اصول مرتب کردئے۔ اردو ادب کی جو کچھ خدمت آپ نے کی ہے وہ ہمیشہ نہایت احسان و احترام کی نظر سے دیکھی جائے گی جو بقائے دوام حاصل کرنے کے لئے کم نہیں ہے۔

دنیا ایک اور عظیم الشان ہستی سے خالی ہو چکی ہے۔ پچھلے دنوں ڈاکٹر رائٹ آنریبل جسٹس امیر علی سی۔ آئی۔ ای۔ مصنف "اسپرٹ آف اسلام" نے ۹، سال کے سن میں موضع برکشائر (انگلستان) میں انتقال کیا۔

مرحوم کی زبردست شخصیت بحیثیت ادیب' ماہر قانون اور مورخ کے مسلمانوں کے لئے مائہ صد فخر و ناز تھی۔ اُن کا علم و فضل ان کی زندگی ہی میں تمام یورپ سے خراج تحسین حاصل کرچکا تھا اور اس کے اعتراف میں آپ کو کئی یونیورسٹیوں نے ایل ایل ڈی کی اعزازی ڈگری دی تھی اس قحط الرجال کے زمانے میں آپ کی ہستی مسلمانوں کے لئے بہت ہی غنیمت اور تقویت کا باعث تھی۔ مرحوم کے زرین کارنامے ہمیشہ یادگار رہیں گے۔

آل انڈیا ٹیچرس فیڈریشن کانپور کی تحریک پر انجمن اساتذہ بلدہ حیدرآباد دکن کے الحاق کی منظوری سرکار عالی سے دی گئی ہے۔

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ حیدرآباد دکن کی

دوسری سالانہ کانفرنس

منعقدہ ۶ و ۷ شہریور ۱۳۳۷ف

پہلا جلسہ۔

انجمن مذکور کا دوسرا سالانہ اجلاس زیر صدارت نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم اے (آکسن) معتمد سیاسیات ممالک محروسہ سرکار عالی سٹی کالج کی عمارت میں ۶ و ۷ شہریور ۱۳۳۷ف کو منعقد ہوا۔ دستور کے موافق کانفرنس کے ساتھ تعلیمی نمایش کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔ ہز اکسلنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد یمین السلطنتہ بہادر۔ صدر اعظم باب حکومت سرکار عالی نے نمایش تعلیمی اور کانفرنس کا افتتاح فرماکر شرکائے انجمن کو ممتاز و مفتخر فرمایا۔

جلسہ کی کارروائی قرأت اور بھجن سے شروع ہوئی۔ ریورنڈ ایف۔ سی۔ فلپ ایم اے صدر استقبالیہ کمیٹی نے اپنے خطبۂ استقبالیہ میں انجمن کی مساعی اور مقاصد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جس قدر بھی اہم اغراض اس سے متعلق تھے اُن میں بڑی حد تک کامیابی ہوئی ہے۔ مدرسین میں اتحاد بھی پیدا ہو گیا ہے۔ اب ہمیں ورزش جسمانی پر خاص توجہ کرنے کی ضرورت ہے بازی گاہ کا انتظام اور تدابیر حفظ ماتقدم ناگزیر ہیں۔ معلمین کی حیثیت جو عوام کی نظر میں کسی قدر گری ہوئی سمجھی جاتی تھی اب باوقعت سمجھی جانے لگی ہے۔ اختتام پر انھوں نے ہز اکسلنسی مہاراجہ بہادر کا جن کی رونق افروزی نے اراکین انجمن کے کام میں ایک نئی روح پھونک دی تھی پُر تپاک الفاظ میں خیر مقدم ادا کیا۔

مسٹر سید علی اکبر ایم۔ اے کینٹب نے انجمن کی کارگزاری کا تذکرہ فرماتے ہوئے کہا کہ انجمن ہذا کا قیام محض نواب مسعود جنگ بہادر کی مساعی اور دلچسپی کا نتیجہ ہے۔

نواب صاحب ممدوح کی بدولت مدرسی باوقعت اور بہترین پیشہ تصور کیا جارہا ہے ایسی متعدد نظیریں ملیں گی کہ وہ امیدوار جنہیں اور سررشتوں میں ملازمت مل سکتی ہے۔ تعلیمات کی ملازمت کے لئے نہ صرف خواہش مند بلکہ عرض مند ہیں۔ سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ نواب صاحب کی جدائی کا اراکین انجمن کو سخت صدمہ ہے وہ موصوف کی ہمدردی، انصاف پسندی اور اخلاق کو کبھی نہ بھولیں گے۔ آخر میں آپ نے فرمایا کہ سر یمین السلطنت بالقابہم کی کانفرنس میں تشریف آوری اراکین انجمن کے لئے باعث صد فخر و ناز ہے مہاراجہ بہادر کو تعلیم سے جیسی گہری دلچسپی ہے اس کی نظیر تاریخ دکن میں شاید ہی ملے۔

اس کے بعد ہز اکسلنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر تالیوں کی آواز کے درمیان اپنی افتتاحی تقریر کے لئے کھڑے ہوئے دوران تقریر میں انجمن اساتذہ کے کام پر اطمینان ظاہر فرماتے ہوئے نواب مسعود جنگ بہادر کے عہد میں جو تعلیمی ترقی ملک میں ہوئی اس کا ذکر فرمایا۔ ہم کسی اور جگہ سر یمین السلطنت بالقابہم کی تقریر بجنسہ شائع کرتے ہیں اس کے بعد ہی نواب مہدی یار جنگ بہادر نے انگریزی میں صدارتی تقریر فرمائی، جس کا ترجمہ کسی اور جگہ درج ہے۔ ہز اکسلنسی مہاراجہ بہادر کے شکریہ کی تجویز پیش کرتے ہوئے نواب مسعود جنگ بہادر نے فرمایا کہ مہاراجہ بہادر ان کی تجاویز کو عاجلانہ شرف قبولیت بخشتے اور ان کی ہر طرح ہمت افزائی فرماتے رہے۔ آپ نے فرمایا کہ ملک کی یہ خوش قسمتی ہے کہ مہاراجہ جیسی شخصیت کے ہاتھ میں اس وقت عنان حکومت ہے جن کی ممتاز شخصیت نہ صرف اپنی ذاتی قابلیت تک محدود ہے بلکہ آپ کی داد و دہش اور علم پروری شہرۂ آفاق ہے۔ نواب صدر اعظم بہادر کے اجلاس سے رخصت ہونے کے بعد مسٹر محمد اعظم۔ ایم۔ اے، بی۔ ایس۔ سی۔ پرنسپال سٹی کالج نے یہ تجویز پیش کی کہ انجمن کی رائے میں اب وقت آگیا ہے کہ اس فرق کو جو فوقانی تعلیم میں عثمانیہ اور اسکول لیونگ

سارٹیفکٹ کے نام سے جاری ہے اٹھا دیا جائے اور اس امر کی کوشش کی جائے کہ یہ دو مختلف نظام تعلیم مل کر ایک ہو جائیں دوران تقریر میں مسٹر اعظم نے فرمایا کہ مالی اعتبار سے یہ دو مختلف نظام تعلیم غیر مناسب اور انتظام تعلیم کے نقطہ نظر سے بھی قابل اعتراض ہیں اس میں شک نہیں کہ جب تک نظام کالج کا وجود باقی ہے اُس وقت تک اس کے امداد کے لئے چند مدرسوں کی ضرورت رہے گی لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ عثمانیہ میٹریکولیشن کی تعلیم، اسکول لیونگ سرٹیفکٹ سے بالکل علیحدہ رکھی جائے البتہ یہ ممکن ہے کہ غور فکر کرکے ایک ایسا نصاب تعلیم مقرر کیا جائے جو نظام کالج اور عثمانیہ کالج دونوں کی ضروریات کو پورا کرے بعض مدرسوں کے لئے انگریزی زبان کو ذریعہ تعلیم باقی رکھنا ضروری ہو گا لیکن طلبہ کی اکثریت کا لحاظ کرتے ہوئے عام طور پر اردو ہی کو ذریعہ تعلیم گردانا جائے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ مدراس یونیورسٹی نے آمادگی ظاہر کی تھی کہ عثمانیہ یونیورسٹی کے میٹریکولیشن کے امتحان کو تسلیم کرنے کے لئے تیار ہے بشرطیکہ اس کا نصاب تعلیم تین سال پر مشتمل ہو۔ فوقانی تعلیم میں ایک سال کا اضافہ، مدرسہ کی تعلیم کی پوری مدت تین بغیر کسی توسیع کے ممکن ہے۔ آپ کی رائے میں اب وقت آگیا ہے کہ امتحان وسطانیہ موقوف کیا جائے خصوصاً اُن طلبہ کے لئے جو مدارس فوقانیہ میں تعلیم پانے کا ارادہ رکھتے ہیں اگر ایسا کیا جائے تو فوقانی تعلیم کے ابتدائی حصہ کے لئے چار سال اچھی طرح کفایت کریں گے۔ آخر میں آپ نے مشورۃً کہا کہ جو تجویز دو مختلف نظام تعلیم کو ایک کرنے کے لئے پیش کی گئی ہے اس پر عمل پیرا ہونے کے لئے ایک بورڈ جس کا نام عثمانیہ ہائی اسکول لیونگ سارٹیفکٹ بورڈ ہو ترتیب دیا جائے جس کے اراکین جامعہ عثمانیہ، نظام کالج، سررشتہ تعلیمات اور عوام سے منتخب کئے جائیں۔ اس تجویز کی تائید مولوی غلام محمود صاحب سابق صدر مدرس ستعد پورہ نے اردو میں کی جس کے بعد ایک خوش گوار مباحثہ چھڑ گیا۔ مولوی محمد سلطان صاحب مددگار مدرسۂ فوقانیہ نام پلی اور مولوی عبدالسلام صاحب

معتمد انجمن اساتذہ گلبرگہ نے مخالفت کی۔ اوّل الذکر نے یہ خیال ظاہر کیا کہ مجوزہ
مشترک نظام تعلیم سے عثمانیہ یونیورسٹی پر بُرا اثر پڑے گا دوسرے صاحب نے
کہا کہ بظاہر کوئی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ ہم خواہ مخواہ مدراس یونیورسٹی کے
غلام بنے رہیں۔ مولوی عبدالمجید صاحب اور مولوی سید محمد شریف صاحب شہابی نے بھی
اس بحث پر تقریر کی۔ مسٹر سید علی اکبر نے نہایت گرم جوشی سے تائید کی اور بتلایا کہ
مولوی محمد سلطان صاحب اور مولوی عبدالسلام صاحب کو اس مجوزہ مشترکہ نظام تعلیم سے
جو اندیشہ پیدا ہوا ہے وہ سراسر غلط فہمی پر مبنی ہے' جو انہیں اس تجویز سے پیدا ہوا ہے
تجویز کا منشاء اردو کو بجائے انگریزی ان طلبہ کے لئے ذریعۂ تعلیم قرار دینا ہے جن کی
زبان اُردو ہے اور جو نظام کالج یا دوسرے باہر کے جامعات سے الحاق رکھنے والے
مدارس میں شریک ہونا چاہتے ہیں۔ پس اس سے ظاہر ہے کہ اس تجویز کا مقصد
جامعۂ عثمانیہ کے اصول کو تقویت پہنچانا ہے نہ کہ نقصان۔ مسٹر اعظم نے اپنے
جواب میں کہا کہ ایک کمیٹی جس کے اراکین جامعۂ عثمانیہ اور محکمۂ تعلیمات سے منتخب
کئے گئے ہیں مشترکہ نظام کے مسئلہ پر غور کر رہی ہے اور آئندہ امید ہے کہ ان کا
فیصلہ اس تجویز کی موافقت میں ہوگا۔ مباحثہ پر نظر ڈالتے ہوئے صدر نے کہا کہ
اب تک ہماری قوت مختلف نظام تعلیم پر بٹی ہوئی تھی لیکن اب ایک مرکز پر
جمع ہو جائے گی جس سے یقین ہے کہ عمدہ نتائج پیدا ہوں گے۔ جب تجویز پر رائے
لی گئی تو یہ غلبہ آرا منظور ہوئی۔ صرف چار آراکین نے مخالفت میں رائے دی

دوسرا جلسہ۔

سہ پہر کا اجلاس حاجی مارماڈیوک پکتھال پرنسپال مدرسۂ فوقانیہ چادرگھاٹ کی
فاضلانہ اور فصیح تقریر سے شروع ہوا جس کا عنوان سزائے جسمانی تھا۔ اس تقریر کا
خلاصہ آئندہ اشاعت میں درج کیا جائے گا۔ اس کے بعد مسٹر سید علی اکبر نے جرمن مدارس کے

آثرات پر ایک تقریر کی مُقرِر کی رائے میں جرمنی مدارس کے تعلیمی نظام کے نمایاں خط و خال حسب ذیل ہیں۔

(۱) معلمین کا فنِ تعلیم اور پیشۂ تعلیم کے صفات سے بوجہ اعلیٰ متصف ہونا۔

(۲) نصاب کے مختلف مضامین میں توازن ہونا اور ایک ہی جماعت کے مختلف مضامین کے مدرسوں میں اتحادِ عمل کا ہونا۔

(۳) جرمنی میں تعلیم کی غرض طلبہ کو علم سکھانا اتنا نہیں ہے جتنا کہ معلومات سے ضروریاتِ دنیا میں کام لینا ہے اور اسی وجہ سے لڑکوں کی ذاتی کوشش پر زیادہ زور دیا جاتا ہے۔

(۴) مدرسہ کے مشاغل، طلبہ کی زندگی اور اس کے ماحول میں اتحاد پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ بچوں سے تجربہ کرایا جاتا ہے اور جو کچھ انہوں نے پڑھا ہے اُس سے عملاً کام لیا جاتا ہے۔ عملی کام اور مدرسہ کی تمرین اُن کے تعلیم کا جزو غالب ہے۔

(۵) والدین اور اساتذہ میں اتحادِ عمل ہے۔

(۶) کمزور طلبہ پر خاص توجہ کی جاتی ہے۔ اوائل عمر ہی میں ان کی خامی کو معلوم کرنے کے لئے پوری کوشش کی جاتی ہے اور ان کی اصلاح کے نئے نئے طریقے اختیار کئے جاتے ہیں۔

(۷) اس کی کوشش کی جاتی ہے کہ ہر طالب علم کو وہی تعلیم دی جائے جس کے لئے وہ موزوں ہے۔ اکثر علماء نفسیات اس مقصد کے لئے رکھے جاتے ہیں تعلیم ثانوی کے لئے ایسے ہی طلبہ چنے جاتے ہیں، جو اساتذہ کے نزدیک اس تعلیم سے مستفید ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

(۸) جرمنی میں مدرسہ کی آبادی کے حفظانِ صحت و اصلاح کا اہتمام اور طبی معائنہ کا انتظام دنیا کے ہر ملک سے بہتر ہے۔ نحیف اور کمزور اعصاب کے بچوں کے لئے خاص مدرسہ رکھے گئے ہیں۔ جہاں کھلی ہوا میں تعلیم دی جاتی ہے غسل ہوائی اور غسل شمسی کا انتظام کیا گیا ہے۔ کام کے اوقات زیادہ طول طویل نہیں رکھے گئے ہیں جسمانی تعلیم

ہر مدرسہ میں لازمی ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا مدرسہ ہو جس میں پورے ساز و سامان کے کھیل کا اکھاڑا نہ ہو اور جہاں کی نگرانی ایک تربیت یافتہ منتظم ورزش جسمانی کے ذمہ نہ ہو۔

اس کے بعد ذیل کی تجویز بحث کے لئے پیش ہوئی۔

دکن کے موسمی حالات کے نظر کرتے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مدارس میں تعلیم کے اوقات نو بجے صبح سے تین بجے شام تک (جون تا فروری) اور ساڑھے سات سے بارہ بجے تک تعلیمی سال کے اور مہینوں میں رکھے جائیں۔ اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے مسٹر احمد حسین خاں بی۔ اے پرنسپال مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم نے کہا کہ موجودہ اوقات کی وجہ سے کھیل کے مشاغل میں سہولت پیدا کرنا مشکل نظر آتا ہے کیونکہ مدرسہ کے برخاست کے بعد لڑکے کھیل کے میدان میں حاضر نہیں ہوتے ہیں بلکہ اپنے گھروں کو چلے جاتے ہیں پہلے تین مہینوں میں شام کے وقت بہ مشکل ایک گھنٹہ ان کو کھیل کے لئے ملتا ہے اور نومبر و ڈسمبر و جنوری میں تو یہ ایک گھنٹہ بھی نہیں ملتا۔ بعض کاہل الوجود لوگوں کی رائے ہے کہ نو بجے بہت جلد ہوگا۔

دیگر معترضین یہ کہتے ہیں کہ اس سے لڑکوں کی ایک خاص جماعت خصوصاً ہندو طلبہ پر اثر پڑے گا۔ لیکن اکثر ہندو لڑکوں کے کھانے کا وقت وہی ہوتا ہے جو مسلمان لڑکوں کا مقررین نے گرما کے موسم کے بارہ میں کہا کہ سات بجے صبح کا وقت بہت سویرا ہوگا خصوصاً چھوٹے بچوں کے لئے۔ یہ تجربہ ہے کہ جب کبھی وقت پر آنے کی سختی کی جاتی ہے تو طلبہ اکثر نہار منھ آجاتے ہیں۔ اسی کا لحاظ رکھتے ہوئے ساڑھے سات کے وقت کی تجویز پیش کی گئی۔ مولوی حسام الدین صاحب مددگار مدرس مدرسہ دارالعلوم فوقانیہ نے اس تجویز کی تائید کی اس پر ایک گرم مباحثہ چھڑ گیا لیکن تجویز کے صرف پہلے حصہ ہی تک محدود رہا۔ مسٹر ابوظفر عبدالواحد ایم اے لکچرار سٹی کالج اور مسٹر باقر محی الدین بی اے لکچرار تجارت

(کامرس) نے اس تجویز کے خلاف میں تقریر کی۔ موخرالذکر نے اس بات پر زور دیا کہ غیر مستطیع طلبہ میں سے سیکڑوں کی تعداد کو نو بجے سے پہلے کھانا نہیں ملتا۔ اگر ان کو جلد آنے پر مجبور کیا گیا تو وہ صرف رات کا بچا ہوا باسی کھانا کھا کر آئیں گے اور اس کا اثر ان کی صحت اور تعلیم دونوں پر پڑے گا۔ ان کے نزدیک یہ تجویز صرف اُمرائے کے بچوں کے حق میں مفید ہو سکتی ہے لیکن اس سے غریب طلبہ پر بہت مضر اثر پڑے گا۔ مسٹر راگھون بی۔ اے لکچرار نظام کالج نے تجویز کے موافقت میں تقریر کی اور بتلایا کہ یہ تغیر ہندو طلبہ کے حق میں بھی ضروری ہے کیونکہ اُن طلبہ کو گھر سے لوٹ کر کھیلنے کا موقع ملے گا۔ مسٹر قادر محی الدین مددگار مدرسۂ فوقانیہ چادر گھاٹ نے اس تجویز کی تائید کی اور جب رائے لی گئی تو یہ تجویز بہ غلبہ آرا منظور ہوئی۔ مولوی عبدالسلام صاحب ناظر مدارس گلبرگہ نے گشتی کتب خانہ کے حالات اور حلقہ گلبرگہ میں اس کی ترویج پر اردو میں تقریر کی اور کتابوں کا ایک صندوق بلدہ کے تحتانیہ مدارس کے استعمال کے لئے اپنی طرف سے ہدیۃً پیش کیا۔ مسٹر محمد عثمان بی۔ اے ٹی ڈی (لندن) نائب صدر عثمانیہ ٹریننگ کالج نے اردو میں بہ عنوان توارث اور ماحول تقریر کی۔ آپ نے فرمایا کہ تیس سال ہوئے کہ توارث علمی پر شد و مد سے زور دیا جاتا تھا اور اس کے متعلق عام خیال تھا کہ انسان کی سیرت کے بنانے میں یہ ایک اہم شئے ہے لیکن موجودہ زمانے کے اہل فکر ماحول کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں لیکن آپ حق بات کو افراط و تفریط کے درمیان پائیں گے۔ انسان کی سیرت کی بنیاد جس حد تک ماحول پر ہے اُسی حد تک توارث پر بھی ہے۔ بچے بہت سی عادتیں اپنے والدین سے وراثتہً حاصل کرتے ہیں کمزور والدین کی اولاد کمزور ہوتی ہے لیکن ماحول کا اثر ان کے جسمانی قویٰ کے درست کرنے اور سیرت کے بنانے میں ضرور پڑتا ہے۔ توارث کے ساتھ ساتھ ماحول کے ذریعہ سے سیرت میں اصلاح و ترقی اچھی خاصی حد تک کی جا سکتی ہے یہی وہ اصول ہے جس پر اصلاح سیرت کے

مدارس قائم کئے گئے ہیں۔

توارثِ علمی کا مسئلہ ہمارے دست قدرت سے باہر ضرور ہے لیکن مناسب ماحول کی مدد سے اچھے نتائج پیدا کر سکتے ہیں۔ انسان کے ذہنی استعداد کے متعلق مختلف نظریوں کی تشریح کے بعد مسٹر عثمان نے بتلایا کہ کس طرح لڑکوں کے فہم کا اندازہ پیمائش ذہنی سے کیا جا سکتا ہے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ استاد کا فرض ہے کہ طلبہ کے استعداد کا صحیح اندازہ کرے اور ہر طالب علم کو اُس کام پر لگائے جس کا وہ اہل ہے اور جس میں اپنی استعداد ٹھیک طور پر استعمال کر سکتا ہو۔ پہلے دن کی دوسری نشست اس تقریر کے ساتھ ختم ہوئی۔

تیسرا جلسہ

کارروائی کی ابتدا مولوی حسام الدین صاحب کی تقریر سے ہوئی جس کا اقتباس علٰحدہ درج کیا گیا ہے۔ مسٹر سید محمد حسین نائب ناظم تعلیمات نے دلچسپ چشم دید حالات ڈنمارک کی تعلیم بالغان پر بیان فرمائے جس کا اقتباس اس رسالہ کی اشاعت میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کے بعد مسٹر تجمل حسین صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج نے بہ عنوان "تعلیم کے متعلق نئے خیالات" تقریر کی۔ جس کے بعد مسٹر ابو ظفر عبد الواحد ایم اے لکچرار سٹی کالج کی تقریر "مدارس میں اردو تعلیم" کے عنوان پر ہوئی۔ جس کا کچھ حصہ شائع کیا گیا ہے۔

چوتھا جلسہ

مسٹر کے پی شاستری بی۔ اے بی ٹی صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ مفید الانام کی تجویز سے شروع ہوا جس کا منشا خانگی مدرسوں کے مدرسین کی فلاح میں ہاتھ بٹانا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ خانگی مدرسین کے حالات ناقابل اطمینان اور اُن کی تنخواہیں قلیل ہیں اس لئے آپ نے درخواست کی کہ پراویڈنٹ فنڈ کے معاملہ کو حکومت اپنے ہاتھ میں لے جس سے مدرسین کی فلاح کے علاوہ نونہالان ملک کی بہبودی بھی مقصود ہے۔ مسٹر ہنمنت راؤ

صدر مدرس مدرسہ محبوبیہ کالج سکندر آباد نے اس تجویز کی تائید میں فرمایا کہ خانگی مدرسین کو تنخواہ اور رخصت کے معاملہ میں بہت دشواریاں اٹھانی پڑتی ہیں اور وہ اُن مراعات سے محروم ہیں، جو سرکاری مدارس کے مدرسین کو حاصل ہیں ریورنڈ ایف سی فلپ نے مزید تائید کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر پراویڈنٹ فنڈ قائم کردیا جائے تو امدادی مدرسوں کی بقا کا مسئلہ طے ہوجائے گا۔ یہ تجویز بالاتفاق منظور کرلی گئی۔

مسٹر سید محمد ہادی ناظم تعلیم جسمانی نے اردو میں ایک تحریر اسکوٹنگ کے عنوان پر پڑھی آپ نے فرمایا کہ قومی زندگی میں اسکوٹنگ کو خاص اہمیت حاصل ہے اور مدارس میں اس کے ترتیب دینے کے امکان موجود ہیں اسکوٹنگ کی عالمگیر تحریک اور روزافزوں اہمیت کو دیکھتے ہوئے آپ نے تمام معلّمین کو اس میں دلچسپی لینے کی رغبت دلائی۔

ڈاکٹر محمد قریشی پروفیسر کیمیا جامعہ عثمانیہ نے بہ عنوان "مدارس میں سائنس کی تعلیم" تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ تعلیم کا کوئی نظام اس وقت تک کامل قرار نہیں دیا جاسکتا جب تک کہ اس میں سائنس کی تعلیم کا کافی انتظام نہ کیا گیا ہو۔ اگر ہم یورپی اقوام کے دوش بدوش رہنا چاہتے ہیں تو ضروری ہے کہ سائنس کو اور مضامین کی طرح لازمی قرار دیں۔ آپ نے بطور مشورہ کہا کہ مدارس سرکاری میں تعلیم سائنس کی نگرانی کے لئے ایک خاص مہتمم کا تقرر کیا جائے اور ہیورسٹک طریقہ تعلیم پر زور دیا جائے اس کے بعد مسٹر بھاراؤ نے اس تحریک کو "ابتدائی سائنس امتحانات عثمانیہ میٹرک اور ہائی اسکول لیونگ میں لازمی قرار دی جائے" پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ امر قابل افسوس ہے کہ میٹرک کامیاب طلبہ کو خود اپنے جسم کی کچھ خبر نہ ہو اور وہ سائنس کی موٹی موٹی بنیادی چیزوں سے نابلد رہیں مسٹر عبدالنور صدیقی بی۔اے۔بی ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل نے اس تجویز کی تائید کی مسٹر باقر محی الدین بی۔اے لکچرار صنعت وتجارت نے بھی مباحثہ میں حصہ لیا۔ آپ نے افسوس ظاہر کیا کہ یہ ایک لازمی مضمون تھا مگر افسوس اس سے بے اعتنائی برتی جارہی ہے۔ یہ تحریک باتفاق آرا منظور کرلی گئی۔

اس کے بعد پچھلے اجلاس کانفرنس کے تجاویز کی توثیق کی گئی۔ اور مستحقین کو نمایش کے انعامات تقسیم کرنے کے بعد معزز صدر اختتامی تقریر کے لئے کھڑے ہوئے آپ نے فرمایا کہ اجلاس کامیاب رہا میں ان لوگوں کو مبارکباد دیتا ہوں جن کی کوشش سے یہ کامیابی حاصل ہوئی اس سلسلہ میں ریورنڈ فلپ، مسٹر خیرات علی اور مولوی سید شریف صاحب مشہدی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ پھر ہزاکسلنسی مہاراجہ بہادر کی تعلیمی دلچسپیوں کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ اس اجلاس میں جتنی تقریریں ہوئیں، وہ سب کی سب نئی باتوں کی طرف اشارہ کرتی تھیں۔ مسٹر سید علی اکبر کی دلچسپ تقریر سے یہ بات ظاہر ہوتی تھی کہ زندہ اقوام آج دنیا میں کیا کر رہی ہیں اور انہوں نے دماغی اور جسمانی تعلیم کے متحد کرنے کے مسٔلہ کو کس کامیابی کے ساتھ حل کر دیا۔ مسٹر محمد حسین کی پر از معلومات تقریر سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ حب وطن کیا چیز ہے قوم کس طرح رہنماؤں کی جانفشانی اور قربانی سے بنائی جاسکتی ہے۔ مسٹر کپھال کی فاضلانہ تقریر پر نظر ڈالتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ اس سے ہم پر یہ بات منکشف ہو جاتی ہے کہ اخلاقی تربیت میں بہتر نتائج محبت، ہمدردی اور حکمت سے حاصل کئے جاسکتے ہیں نہ کہ سزائے جسمانی ہے جس سے بہت آخر میں کام لینا چاہئے۔ معزز صدر نے بیان کیا کہ دس سال پہلے صاحب ممدوح کو ناظم تعلیمات کی حیثیت سے کام کرنے کا موقع ملا تھا لیکن جب سے اب تک تعلیم میں سرعت کے ساتھ ترقی ہو چکی ہے طلبہ کی تعداد میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے اور مدارس کی تعلیم میں خوش اسلوبی کے ساتھ ساتھ پبلک کو تعلیمی مسائل سے زیادہ دلچسپی پیدا ہو گئی ہے آپ نے فرمایا کہ ساری ترقی ہمارے سبکدوش ہونے والے ناظم اور ان کے ماتحت عہدہ داروں کی بدولت ہوئی ہے لیکن اس پر بھی ابھی بہت کچھ باقی ہے اب تک تعلیم جسمانی پر بہت کم توجہ دی گئی ہے ایسے مدرسے جن کے ساتھ بازیگاہ بھی ہوں تعداد میں بہت کم ہیں سائنس کی تعلیم سے غفلت برتی جا رہی ہے موجودہ زمانہ کی روزمرہ کی زندگی میں سائنس کو جو اہمیت حاصل ہے اس کے اعتبار سے اس کا لازمی قرار دینا ضروری ہے۔ ایک اور

نقص یہ نظر آتا ہے کہ علمی زبان سنسکرت اور عربی کی تحصیل پر مدارس کے نصاب تعلیم میں کافی اہمیت نہیں دی جارہی ہے آپ نے فرمایا کہ ہماری آبائی مادی وراثت اُس وقت تک برقرار نہیں رہ سکتی جب تک ہم اِن زبانوں کے مطالعہ پر بھی پوری توجہ نہ کریں اس لئے ضروری ہے کہ ہم ان کی طرف اب سے بڑھ کر اعتنا کریں۔ اس معاملہ میں عموماً حکومت سے کچھ اُمید نہیں کی جاسکتی ہے تاوقتیکہ رائے عامہ اس مسئلہ کو نہ اٹھائے اور حکومت پر زور نہ ڈالے۔ پس ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ایک متحدہ نظام العمل مرتب کیا جائے اور کوشش کی جائے کہ حکومت ساری تجویزوں کو منظور کرے آخر میں آپ نے اساتذہ کو نصیحت کی کہ وہ اپنے کام کو ایک قومی فرض سمجھیں اور اس کو پورے انہماک اور جوش سے بجالائیں۔ مسٹر راڈیوک کیتھال نے معزز صدر کے شکریہ کی تجویز پیش کرتے ہوئے آپ کے محاسن کا ذکر کیا۔ اجلاس کی کارروائی مسٹر سید علی اکبر کی مختصر تقریر کے ساتھ ختم ہوئی۔

بچوں میں دلچسپی پیدا کرنا سبق کا جزو اعظم ہے

(ڈکری)

دماغ ایسا ظرف نہیں ہے جسے محض معلومات سے بھرا جائے بلکہ اس کی مثال ایک آتش دان کی ہے جسے منور اور روشن کرنا کافی ہے

(پلوٹارک)

ضبط کی بنیاد محض محبت پر ہونی چاہیئے۔

(پستالوزی)

کارگزاری انجمن اساتذۂ متفرقہ بلدہ

بابتہ سنہ ۱۳۳۵ تا سنہ ۳۷ ف

خدا کا شکر ہے کہ انجمن ہذا نے اپنی زندگی کے چوتھے سال میں قدم رکھا ہے ابتدائے قیام انجمن سے امرداد ۱۳۳۵ف تک کی رپورٹ پہلی سالانہ کانفرنس میں پیش کی جا چکی ہے۔ اب اس وقت گزشتہ دو سال یعنے امرداد ۱۳۳۵ف لغایتہ امرداد ۱۳۳۷ف کی کیفیت عرض کی جاتی ہے۔

حضرات! یہاں پر یہ بیان کر دینا بے محل نہ ہوگا کہ ۱۳۳۶ف میں کانفرنس کا اجلاس بعض مجبوریوں کی وجہ سے نہ ہو سکا اور جب اوائل ۱۳۳۷ف میں سب انتظامات مکمل ہو چکے تھے تو مرض طاعون پھیل گیا اور اس طرح یہ دوسرا اجلاس ایک سال کے بجائے پورے دو سال کے بعد منعقد ہو رہا ہے۔

شاخہائے انجمن۔ ٹریننگ کالج بلدہ کا تعلق چونکہ دفتر صدر مہتممی بلدہ کے بجائے راست صدر دفتر نظامت عالیہ تعلیمات سے ہو گیا اس لئے وہاں کی شاخ بند ہو کر اب صرف (۱۴) مرکز ہیں۔ مگر اس ایک شاخ کے بند ہو جانے کی وجہ سے اراکین کی تعداد میں جہاں ایک سو سے زیادہ کی کمی ہوئی ہے اس کے ساتھ ہی نظام کالج، سٹی کالج اور ٹریننگ کالج بلدہ کے پروفیسر و لکچرار صاحبان اور اضلاع کے متعدد مدرس صاحبان و دیگر حضرات نے حسب دفعہ (۴) ضمن (ب) قواعد انجمن رکنیت کو قبول فرما لیا ہے اور ممکن ہے کہ اس کانفرنس کے دوران میں ایسے اراکین کی تعداد میں اور بھی اضافہ ہو جائے۔ مگر ابھی تک کسی بزرگ نے لائف ممبری قبول فرما کر انجمن ہذا کو سرفراز نہیں فرمایا۔ گو چادر گھاٹ ہائی اسکول بلدہ کا تعلق اب دفتر صدر مہتممی تعلیمات بلدہ سے

نہیں رہا لیکن مدرسہ مذکور کی شاخ بدستور قائم ہے۔

معمولی جلسہ ہائے ماہانہ۔ زمانہ زیر رپورٹ میں انجمن کے ہر مرکز میں (۱۱) معمولی ماہانہ جلسے ہوئے اور حسب ذیل مضامین پر تقریریں ہوئیں۔

(۱) اسکول ہائی جین۔ (۲) تعلیم ڈرائنگ (۳) مدرسین اور اولیا طلبہ سے اتحاد (۴) تعلیمی تفریحیں (۵) طریقۂ سوال از طلبہ (۶) جوابات کے پرچوں کی جانچ اور ان کی اصلاح۔ (۷) اسکول لائبریری (۸) بلاک بورڈ کا استعمال (۹) کنڈرگارٹن (۱۰) تعلیم دستکاری (۱۱) السنہ ملکی کی تعلیم۔

حسب موقعہ نمونہ کے سبق بھی ہوئے کیونکہ انجمن کا مطمح نظر یہی ہے کہ جہاں تک ہوسکے علمی کام کیا جائے ان تمام جلسوں کی کارروائیوں کا خلاصہ وقتاً فوقتاً انجمن کے سہ ماہی رسالہ "دی حیدرآباد ٹیچر" میں جو گزشتہ کانفرنس کے بعد ہی سے برابر شائع ہو رہا ہے درج ہوتا رہا ہے۔

جلسۂ عام۔ زمانہ زیر رپورٹ میں ایک جلسۂ عام نظام کالج میں منعقد ہوا جس میں پروفیسر شیشادری صاحب (بنارس یونیورسٹی) میر مجلس آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز ایسوسی ایشنز نے "ہندوستان کے مدارس ثانوی میں انگریزی تعلیم" پر تقریر کی جو پوری رسالہ میں شائع ہو چکی ہے۔

قیام انجمن اتحادی۔ مرکزی انتظامی کمیٹی نے انجمن اساتذہ مستقر بلدہ کے تحت ایک صدر انجمن اتحادی قائم کرنے کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے ایک سب کمیٹی قائم کی ہے کمیٹی مذکور کی تجاویز رسالہ میں شائع ہو چکی ہیں اور عنقریب مرکزی انتظامی کمیٹی میں منظور ہونے کے بعد ان پر عمل کیا جائے گا۔

رسالہ حیدرآباد ٹیچر۔ جیسا کہ پہلے عرض کیا جاچکا ہے انجمن ہذا کا سہ ماہی رسالہ "حیدرآباد ٹیچر" امرداد ۱۳۳۵ف سے برابر شائع ہو رہا ہے اور اس کے خریداروں کی تعداد میں روز بروز اضافہ امید افزا ہے گو رسالہ کے معیار کو بلند رکھنے میں صدر حلقہ ادارت مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے۔ صدر مہتمم تعلیمات و میر مجلس اور اُن کے معاونین ریورنڈ فلپ مولوی احمد حسین خاں صاحب بی۔ اے فخر الحسن صاحب ملا بی۔ اے۔ بی ٹی۔ اور مولوی عبدالنور صاحب صدیقی بی۔ اے

بی ٹی ۔ جیسے محنتی حضرات پوری کوشش فرماتے ہیں نیز رسالہ کی عمدہ چھپائی وغیرہ کے متعلق بھی خاص توجہ کی جاتی ہے ۔ مگر ابھی رسالہ کے خریداروں کی تعداد ایسی نہیں ہے کہ وہ انجمن ہذا کی مالی امداد سے مستغنی ہو جائے مگر امید ہے کہ عنقریب اس کی مالی حالت ایسی ہو جائے گی کہ وہ اپنی آمدنی سے خود چلنے لگے گا ۔ آمدنی انجمن سے رسالہ کو (۱۶۸) روپیہ سالانہ بطور امداد دئے جاتے ہیں اس کی ضرورت باقی نہ رہے گی ۔

دیگر امور ۔ (۱) انجمن ہذا کے میر مجلس صاحب جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے کینٹب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ کرسمس ۱۹۲۶ء میں منجانب سرکار آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز انجمن ہذا کی طرف سے آل انڈیا ٹیچرز کانفرنس میں بمقام پٹنہ شریک ہوئے اور کرسمس ۱۹۲۷ء میں کانفرنس مذکور کے اجلاس میں جو بمقام کلکتہ منعقد ہوا تھا جناب مولوی احمد حسین خاں صاحب بی اے ۔ صدر دارالعلوم بلدہ و نائب میر مجلس انجمن ہذا اور جناب ہری ہر ایر صاحب بی اے ۔ اول مددگار مدرسہ فوقانیہ انگریزی چادر گھاٹ انجمن ہذا کی طرف سے بطور نمایندہ شریک ہوئے ان کی آمد و رفت کے مصارف کا نصف سرکار نے مرحمت فرمایا ہے ۔

(۲) میر مجلس صاحب انجمن ہذا سال گزشتہ منجانب سرکار بطور نمایندہ امپیریل ایجوکیشنل کانفرنس میں شریک ہوئے ۔ صاحب موصوف ۴ ابان ۱۳۳۶ف کو واپس فائز بلدہ ہوئے ۔ امپیریل کانفرنس مذکور میں جناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری بی اے نائب ناظم تعلیمات نے بھی بطور نمائندہ سرکار شرکت فرمائی تھی ۔ لہذا دونو حضرات کی واپسی کے وقت انجمن ہذا کی طرف سے اسٹیشن پر استقبال کیا گیا اور اس تقریب میں دونو اصحاب کو ایک شاندار ایٹ ہوم دینے کا انتظام کیا گیا تھا مگر چونکہ ان حضرات نے رقم مجتمعہ کو خورد و نوش میں صرف کرنے کو پسند نہ فرمایا ۔ لہذا انجمن نے اس رقم سے جو چھ سو روپیہ کے قریب ہے ایک کتب خانہ قائم کرنے کا تصفیہ کیا ہے ۔ اور امید ہے کہ کمیٹی جس کے سپرد یہ کام کیا گیا ہے ۔ بہت جلد اس کی تکمیل کر دے گی ۔ بہر حال اراکین انجمن نے دونو حضرات کو ایک جلسۂ عام میں خوش آمدید کہا ۔ جہاں ان حضرات نے اپنے سفر کے مختصر حالات بیان فرمائے اور تفصیلی معلومات سے حسب وعدہ

اس کانفرنس میں مستفید فرمائیں گے۔

(۳) انجمن ہذا کے جلسہ عام میں جو نظام کالج میں منعقد ہوا تھا جناب مولوی محمد عظمت اللہ خاں صاحب مرحوم کی تعزیت کا رزولیوشن پاس ہوا تھا۔

(۴) آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز ایسوسی ایشنز کی تحریک پر انجمن ہذا کو اس فیڈریشن سے ملحق کرنے کا تصفیہ کیا گیا ہے اور اس بارہ میں سرکار عالی سے حسب ضابطہ اجازت چاہی گئی ہے۔

حضرات - جو تحریکیں انجمن ہذا کی گزشتہ کانفرنس میں منظور ہوئی تھیں۔ ان کے متعلق ارباب حل و عقد کی خدمت میں جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات مستقر بلدہ کے توسط سے تحریک کی گئی ہے اور ان میں سے بعض کے متعلق جوابات بھی آچکے ہیں۔ کہ سرکار اس مسئلہ پر غور کر رہی ہے۔ بقیہ کے متعلق بھی امید ہے کہ مناسب نتیجہ برآمد ہوگا۔

حضرات مجھے اس واقعہ کے عرض کرنے سے سخت صدمہ ہوتا ہے کہ ہماری انجمن کے ایک نہایت ہونہار نوجوان اور رکن انجمن مولوی سید ولایت علی صاحب بی اے۔ صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ جو رسالہ جدید آیا تجربہ حصہ اردو کی اڈیٹری کا کام بھی کرتے تھے، چند روز کی علالت کے بعد عین عالم شباب میں ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو گئے۔
(انا للہ وانا الیہ راجعون)

حضرات عالی جناب نواب مسعود جنگ بہادر سرپرست انجمن ہذا نے انجمن کی جو حقیقی سرپرستی فرمائی ہے اس کا ذکر خود میر مجلس صاحب انجمن نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں فرمایا ہے میں صرف یہ عرض کروں گا کہ اگر نواب صاحب ممدوح کا نام نامی ملک کے طول و عرض میں سررشتہ تعلیمات کی ترقی، اصلاح اور دیگر کارگزاریوں کے لحاظ سے مدت مدید تک یاد رہے گا تو بلدہ کے مدرسین بلحاظ سرپرستی انجمن بطور خاص ہمیشہ کے لئے نواب صاحب معزکا ذکر خیر کریں گے۔

حضرات میں یہ عرض کرنے کے بعد کہ انجمن ہذا کے قیام سے مدرسین مدارس بلدہ کی معلومات میں اضافہ اور ان میں باہمی اتحاد و موالات و اجرائی رسالہ علمی وغیرہ جیسے جن اغراض کی تکمیل مقصود تھی وہ ایک حد تک پوری ہو رہی ہے اپنی رپورٹ کو ختم کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ ہم اپنے آقائے ولی نعمت مدظلہ العالی کے سایۂ عاطفت میں تا مدت مدید تک اسی طرح ترقی کرتے رہیں۔ آمین۔

سید محمد شریف مشہدی (معتمد عمومی انجمن اساتذہ)

خطبہ افتتاحیہ

عالی جناب راجہ راجایان سر کشن پرشاد مہاراجہ بہادر یمین السلطنۃ

جی۔ سی۔ آئی۔ ای

صدر اعظم باب حکومت سرکار عالی

معزز حاضرین و بانیان کانفرنس،

اس جلسے میں افتتاح کانفرنس و نمایش کے لئے نواب مسعود جنگ بہادر کی دعوت کو قبول کرتے ہوئے مجھ کو دلی خوشی حاصل ہوئی۔ جن اعلیٰ اور شریفانہ مقاصد کے تحت انجمن اساتذہ بلدہ و اطراف بلدہ قائم ہے اور اپنے مقاصد کے پیش رفت میں، انجمن کے جو کچھ مساعی اس وقت تک ایک قلیل مدت میں ظہور پذیر ہوئے، وہ واقعی مشکور ہیں۔

اچھے مدارس ابنائے وطن کے حق میں علم و عمل اور اخلاق حسنہ کے مخزن ہیں، جہاں سے ملک کی علمی، اخلاقی، ذہنی، جسمانی اور معاشی ضروریات کی مبصرانہ نظر سے تکمیل ہو سکتی ہے۔ مدرسین کے اچھے عمل طلبا کے حق میں رحمت اور ملک کے حق میں باعث برکت ہیں۔ مدرسین کے عمل کو منظم کرنے کے لئے ایسی تنظیم، جو انجمن اساتذہ کے مقاصد پر حاوی ہو، بڑی ذمہ داری، ایثار، کافی واقفیت، نیک نیتی اور رواداری کی محتاج ہے اور ایسی تنظیم کے نظام العمل ایک قوم کے اخلاقی، معاشی، سیاسی اور جسمانی ترقی سے بالواسطہ اور قریبی تعلق رکھتے ہیں، جس کا گہرا احساس یقیناً آپ سب کو ہے۔ فرصت حاصلہ کے لحاظ سے تعلیمی رسالہ کی اجرائی اور کانفرنسوں کا انعقاد جس سرگرمی اور زرپاشی سے کیا گیا ہے، ضرور ایک حد تک مفید مقصد ثابت ہوا ہے اور یقین ہے کہ مزید کامیابی

اور وسعت عمل بھی حاصل ہو رہے گی۔ اس کانفرنس کو ترتیب دینے اور دیگر اغراض انجمن کے
پورا کرنے میں سیّد علی اکبر صاحب اور ان کے رفقاء کار کی کوشش اور مسعود جنگ بہادر کی
علمی دلچسپی قابل ستائش ہے۔

اس جلسے میں میری شرکت کا پہلا رخ' اساتذہ کی کوششوں میں میری دلی ہمدردی
اور دلچسپی کا ثبوت ہے اور نواب مسعود جنگ بہادر کی روانگی سے قبل ایک ایسی
مجلس میں جو ان کی گہری دلچسپیوں کا نتیجہ ہے' میری حاضری ذاتی طور پر لطفِ شرکت کا
دوسرا خوش گوار رُخ ہے۔ نواب مسعود جنگ بہادر کے حیدرآباد سے جانے پر اُن کی
بے بہا خدمات کا سرکاری طور پر اعتراف ایک امر معترفہ ہے۔ قطع نظر اِن ذمہ داریوں کے
جو ادائی فرائض اور فرائض شناسی میں نواب مسعود جنگ نے پوری کی ہیں' اُن کی پسندیدہ
شخصیت' عالمانہ اہلیت' دیدہ زیب وجاہت اور ہر دلعزیزی کی خداداد صلاحیت
عموماً اپنا خاص اثر اور ان کے ہر ملنے جلنے والے اور دوست کے خیال میں ایک اچھا
اور گہرا نقش رکھتی ہے۔ جن توقعات کے ساتھ انجمن اساتذہ کے قیام میں نواب مسعود جنگ بہادر نے
دلچسپی لی ہے ان کی تکمیل' آپ صاحبوں کے اُن سے خلوص اور آپ کی اپنی فرائض شناسی
ان کی علمی کامیابی اور اُن کی آپ سے خیر خواہی کی' ایک یادگار رہے گی۔ اب آپ کو
اصلی کام کی طرف رجوع ہونا ہے' اس لئے جلسے کے فاضل صدر نواب مہدی یار جنگ بہادر سے
س ملک کے علم وعمل کے ایک لائق تقلید نمونہ ہیں اور جو سیرت و اخلاق میں بزرگوں سے
حصہ پائے ہوئے ہیں' خواہش کرتا ہوں کہ کانفرنس کی ابتدا کریں۔ اُن کی رہنمائی میں
مجھ کو امید ہے کہ آپ اس اجلاس کانفرنس میں آئندہ کے لئے ایک علمی اور کامیاب
پروگرام تیار کرلیں گے' جس کے اچھے نتائج کا دیکھنا اہل ملک کے لئے دلچسپی کا سبب ہوگا۔
میں دل سے آپ کی ہر کامیابی کا خواہاں ہوں۔

خطبۂ صدارت

عالی جناب نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم اے (آکسن) معتمد سیاسیات سرکار عالی

یور اکسلنسی، معزز خواتین و حضرات!

غالباً آپ سب حضرات حیدرآباد کی اس عام انسٹیٹیوشن سے واقف ہوں گے، جو حقیقتاً ایک مضرت رساں اور تکلیف دہ چیز بن گئی ہے۔ اس سے میری مراد اُن سفارشی رقعوں سے ہے جن سے آج کل ہر شخص کا دم ناک میں آگیا ہے۔ ایسے رقعوں کے پیش کرنے والے وہی اصحاب ہوتے ہیں، جو چھوٹی چھوٹی جائدادوں کے حاصل کرنے کی تلاش میں رہا کرتے ہیں؛ لیکن عموماً ان رقعوں کا اثر سوائے وقت ضائع کرنے کے اور کچھ نہیں ہوتا۔ ان رقعوں کے موجودہ خبط کی وجہ بظاہر یہی معلوم ہوتی ہے کہ خصوصاً وہ لوگ جن کے پاس سرکاری ملازمت حاصل کرنے کے جائز وسائل موجود نہیں ہیں، انہی رقعوں کے ذریعہ سے ملازمت حاصل کرنے کی اُمید رکھتے ہیں۔

اب یہ امر قابل ذکر ہے کہ بعض لوگ جن کی طبیعت میں کافی طور پر عیب چینی کا مادہ ہے، ہماری تمام برائیوں کو تعلیم پر محمول کرنے میں ذرا بھی نہیں چوکتے اور فوراً اپنے دعوے کے ثبوت میں اسی مذموم طریقۂ سفارش کو پیش کردیتے ہیں جس کے متعلق میں ابھی ابھی شکایت کرچکا ہوں۔ لیکن ذرا سا غور کرنے پر آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ ان کا یہ گمان کس قدر غلطی پر مبنی ہے کیونکہ تعلیم اگر روشن خیالی پیدا کرتی ہے تو اس کا یہی فریضہ ہونا چاہیئے کہ وہ اس قسم کی برائیوں کو پیدا ہی نہ ہونے دے اور ان کی اصلاح کردے۔ وہ چیز جس کو ہم

اپنی مشکلات کی ذمہ دار قرار دے سکتے ہیں فی الحقیقت فقدان تعلیم یا تعلیم کا غلط اصول پر دیا جانا ہے۔ لہٰذا وہ خیال جس سے سفارشی رقعوں کی مانگ بڑھتی جا رہی ہے یعنے یہ کہ تعلیم یافتہ شخص سوائے قلم کے کسی اور اوزار کو ہاتھ نہ لگائے' اُس زمانے کی یادگار ہے جب کہ اہل حرفہ اور مزارعین کا علم سے قطعاً نابلد رہنا اور صرف تعلیم یافتہ اشخاص ہی کا علمی پیشوں کو اختیار کرنا ضروری فرض کر لیا گیا تھا۔ لیکن اب وہ تمام خیالات تبدیل ہو چکے ہیں اور وہ وقت آ پہونچا ہے کہ ہم لوگوں کے دماغوں کی اسی طریقے پر تعلیم و تربیت کریں کہ ان میں یہ سمجھنے کی اہلیت پیدا ہو جائے کہ تعلیم جہاں سرکاری ملازمت کے حصول کا ذریعہ بن سکتی ہے' وہاں دستکاری اور صنعت و حرفت کے راستے میں بھی کوئی رکاوٹ نہیں پیدا کر سکتی اس مقصد کے حصول کے لئے ہم کو چاہیئے کہ ابتدائی مدارس کو دیہی اور شہری دو حصوں میں منقسم کرنے کے مسئلے پر سنجیدگی سے غور کریں اور دیہی مدارس کا نصاب تعلیم ایسے طریقے پر مرتب کرنا چاہیئے جس سے زراعت میں مدد مل سکے اور لوگوں کو کاشت کاری کی جانب ترغیب و تحریص ہو۔ تاکہ ملک کے اس پیشے میں جس پر ما یحتاج کا دار و مدار ہے خاطر خواہ ترقی ہو ان دیہی مدارس کی تنظیم اس طریقے پر ہونی چاہیئے کہ طلبہ آلات زراعت کا استعمال کرنا سیکھ جائیں اور فصلوں' اراضی اور موسموں کے متعلق کل معلومات حاصل کر لیں تاکہ مدرسہ چھوڑتے ہی وہ پیشۂ زراعت کے اختیار کرنے کے لئے تیار ہو جائیں۔

اب اس کے بعد یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اُن دیگر مدارس کے متعلق کیا ہو گا جو حدود شہر میں واقع ہیں۔ وہ وقت گذر چکا ہے جب کہ تعلیم محض متعلم کے دماغ میں مباحث کو اس طرح ٹھونس ٹھونس کر بھرنے کا ذریعہ سمجھی جاتی تھی جیسا کہ ایک ربڑ کے ٹائر میں ہوا بھری جاتی ہے۔ اب اس خیال کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ تعلیم کار آمد اسی وقت ہو سکتی ہے جب کہ اس کے ذریعے سے تمام دماغی اور جسمانی قوی میں ترقی اور نشو و نما ہو تاکہ انسان دماغی اور جسمانی حیثیت سے زندگی کے ہر ایک شعبے میں کام کرنے کے قابل ہو جائے۔ لہٰذا اسی اصول کو

مدنظر رکھ کر شہری مدارس کے نصاب تعلیم میں اصلاح ہونی چاہئے۔ وہ بڑے قوائے مدرکہ
جن کے ذریعہ سے ہم علم کو جذب کر سکتے ہیں "حواس خمسہ" ہیں اور ضرورت اسی امر کی ہے کہ
نوجوان طلبہ میں انہیں حواس خمسہ کو تربیت اور ترقی دی جائے۔ بچوں کو مشاہدے اور ساتھ ہی ساتھ
اپنے ہاتھ سے بھی کام لینے کی تعلیم دینی چاہئے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے مطالعہ فطرت،
کنڈرگارٹن کے کھیل اور دیگر مشاغل کے ساتھ ساتھ کسی قدر نیچرل سائنس کی بھی ضرورت ہے
کیونکہ سائنس سے مشاہدے کی اصلاح اور تجربات سے صحیح نتائج اخذ کرنے میں مدد ملتی ہے
اس کے ساتھ ہی فوقانیہ جماعتوں میں کسی نہ کسی دستکاری کی تعلیم بھی ضروری ہے۔ اگر اس طرح ابتدائی
تعلیم کی تنظیم کی جائے تو ایسی تعلیم طالب علم کی آیندہ زندگی کی فلاح و بہبود میں اس کی بہترین
مؤید بن سکتی ہے۔ لیکن اس کے لئے موزوں اساتذہ کی ضرورت ہے اور یہ انجمن اساتذہ کا
فریضہ ہے کہ اس قسم کے معلمین کی فراہمی میں سررشتہ کی مدد کرے۔ ہم کو اساتذہ کی تربیت کے
ذرائع بھی بہم پہونچانے چاہئیں، جو نہ صرف بچوں کو مشاہدے کی قوتوں کو کام میں لانے ہی کی
تعلیم دیں بلکہ ان کو ہاتھ سے کام کرنا بھی سکھائیں تاکہ ان کے دماغی اور جسمانی قویٰ ترقی کریں
اس امر کی بھی ضرورت ہے کہ اساتذہ ایسے منتخب کئے جائیں، جن کے عادات واطوار اور
اصول زندگی بہترین ہوں۔ اکثر یہ دیکھا جاتا ہے کہ بچے کے عادات واطوار اپنے استاد کے
عادات واطوار کا آئینہ ہوتے ہیں۔ کسی کہنے والے نے کیا سچ کہا ہے کہ ایک رتی تاثیر صحبت
ایک من پند ونصیحت سے بہتر ہے۔ چونکہ جسم اور دماغ کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور
بغیر ایک صحت مند اور طاقتور جسم کے ایک نتیجہ خیز دماغ کا حاصل کرنا ناممکن ہے لہذا میں
جسمانی قوت کی نشوونما پر زیادہ زور دیتا ہوں۔ میں ہر ایک مدرسے کے تحت کھیل کے لئے
قطعات زمین مہیا کرنا اور سوائے معذور اور بیمار لڑکوں کے ہر ایک لڑکے پر اس امر کو
فرض گردانا کہ وہ کسی نہ کسی مردانہ کھیل میں حصہ لے، ضروری اور لابدی قرار دوں گا۔ ہر
مدرسے میں ہر ممکنہ ذریعے سے لڑکوں اور لڑکیوں میں ورزشوں اور کھیلوں کی ترغیب و تحریص

پیدا کرنی چاہئے۔ مثال کے طور پر ہاکی کو لیجئے۔ ہندوستانی ٹیم نے یورپ میں ایک شاندار کامیابی حاصل کی ہے یہ خود ایک ایسی مثال ہے جو ہمارے شوق کو دوبالا کر سکتی ہے اور کوئی وجہ نہیں کہ ہمارے نوجوان کھلاڑی کے دل میں اس امر کی ریس نہ پیدا ہو کہ ایک روز اس کا بھی شمار بین الاقوامی کھلاڑیوں میں ہونے والا ہے۔ اب ہمارے ہر دلعزیز کھیل کرکٹ کو لیجئے حیدرآباد میں اس کھیل کے متعلق بہت کچھ صلاحیت پیدا ہو چلی ہے جس کو ترقی دینے کے لئے محض ایک مناسب تربیت کی ضرورت ہے ہماری ریاست کو بچوں کی جسمانی اور ورزشی تعلیم کے لئے ایک تربیت یافتہ معلم ورزش کے تقرر کی نسبت غور کرنا چاہئے۔ آخر میں ہم فٹ بال کا ذکر کرنا چاہتے ہیں جس کو حال ہی میں حیدرآباد کی ایک غیر مطبوع جماعت نے پیشہ کی حیثیت سے اختیار کر لیا ہے جس کے انسداد کے لئے مدارس اور کالج اس امر کی پابندی کریں کہ یہ کھیل صرف انہیں کے حلقوں میں کھیلا جائے اور پیشہ وار یا کلب کی ٹیموں کو وہ ہرگز اپنے ٹورنمنٹ میں شریک نہ کریں۔ اب ورزشی کرتبوں کا ذکر بھی ضروری ہے جو بچوں میں چستی و چالاکی اور پھرتی پیدا کرتے اور ان کے جسم کو مضبوط اور توانا بناتے ہیں۔ مجھے اس امر پر کامل یقین ہے کہ کوئی چیز کیرکٹر کے بنانے میں اس قدر معین و موید ثابت نہیں ہو سکتی جس قدر کہ مردانہ کھیل اور ورزشیں ہو سکتی ہیں۔ کمزوروں کی مدد و معاونت کرنے کا خیال، کھیل میں سچائی اور راستی برتنے کا احساس اور باہمی امداد کا جوش سچے "مرد میدان" (اسپورٹسمین) کی فطری خصوصیات ہیں۔ مختصر یہ کہ "اسپورٹ" ہی ایک ایسی چیز ہے، جو ہم کو جوان مرد بناتی اور ذلیل و بزدلانہ حرکات اور مکر و فریب سے نفرت کرنا سکھاتی ہے۔ فی الحقیقت ہمارا تمام دنیوی مفاد اسی میں ہے کہ ہم اپنے آپ کو جسمانی حیثیت سے قابل بنائیں بلکہ سچ پوچھو تو خود ہماری زندگی کا دار و مدار اسی پر ہے اگر میں آپ کی جگہ ہوتا تو جہاں تک ترقی گنجایش اجازت دیتی اس شعبہ تعلیم کو ترقی دینے کی ضرورت پر حکام مقتدر کو لگاتار توجہ دلاتا رہتا۔

مدرسہ فوقانیہ کا نصاب تعلیم ختم کرنے کے بعد لڑکے میں اتنی قابلیت پیدا ہو جانی چاہئے کہ وہ یونیورسٹی میں داخل ہو سکے اب ہم کو دیکھنا یہ ہے کہ یونیورسٹی کا طالب علم کس قسم کا ہونا چاہئے اس امر کے ذکر کی تو ضرورت ہی نہیں معلوم ہوتی کہ اس کو ایک معزز شخص ہونے کے ساتھ ساتھ ورزشی کھیلوں کا بھی ماہر ہونا چاہئے اُس میں معلومات عامہ کا ذخیرہ بھی اس قدر ہو کہ وہ اپنے آپ کو یونیورسٹی کے بلند ترین زینوں پر قدم رکھنے کے قابل بنا سکے۔ اس وقت عثمانیہ یونیورسٹی کو جو نقصان پہنچ رہا ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ بعض طلبہ ایسی حالت میں یونیورسٹی میں داخل ہوتے ہیں کہ اُن میں اُس تعلیم سے فائدہ اٹھانے کی اہلیت نہیں پائی جاتی جوان کو ملی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دوسرے اور بہتر طلبہ پر بھی ان کا برا اثر پڑتا ہے اور وہ خصوصاً انگریزی کے معیار تعلیم کو گھٹانے کا باعث ہوتے ہیں۔ مختصر یہ کہ طبقہ فوقانیہ کے کل نظام تعلیم پر نظر ثانی اور تنظیم جدید کی ضرورت ہے تاکہ وہ ابتدا ہی سے اس قابل بن جائے کہ عثمانیہ یونیورسٹی کے نصاب تعلیم سے موافقت پیدا کر سکے۔ یہ امتیاز کہ درجہ سوم میں کامیاب شدہ طلبہ جامعہ عثمانیہ میں اور درجہ اول و دوم میں کامیاب شدہ نظام کالج میں شریک کئے جاتے ہیں، اٹھا دیا جائے۔ صرف ایک ہی طریقہ تعلیم اور ایک ہی امتحان رکھا جائے جس کا مقصد یہ ہو کہ طلبہ بدرجہ اولیٰ خاص اپنی ہی یونیورسٹی کے لئے تیار کئے جائیں۔ اگر کسی خاص صورت سے مجبور ہو کر وہ کسی دوسری یونیورسٹی میں چلے جاتے ہیں تو اس کا مضائقہ نہیں جیسا کہ میں نے ابھی ابھی بیان کیا ہے بعض نقادان فن تعلیم کی کل برائیوں کو سرسری تفہیم و تشریح پر محمول کرتے ہیں اور خاص کر اُس تعلیم پر الزام لگاتے ہیں جو ملکی زبان میں دی جاتی ہے بحیثیت ایک اردو درس گاہ ہونے کے وہ عثمانیہ یونیورسٹی کو ناقابل معافی تصور کرتے ہیں لیکن یہ ظاہر بات ہے کہ علم حاصل کرنے کا صرف وہی طریقہ فطرت کے موافق ہو سکتا ہے جس میں اپنی مادری زبان کی وساطت سے تعلیم دی جاتی ہو۔ لہذا یہ اعتراض غیر زبان کی تعلیم پر عاید ہو سکتا ہے نہ کہ ہماری یونیورسٹی پر۔ غیر زبان میں تعلیم دینے کا طریقہ کم و بیش

سو سال سے رائج ہے اور نہایت ہی ناکامیاب ثابت ہو چکا ہے۔ اگر اس کو کچھ کامیابی ہوئی بھی ہے تو صرف اسی قدر کہ اس سے چند ہی اعلیٰ قابلیت رکھنے والے اشخاص پیدا ہوتے رہے ہیں جن کی طبیعت میں جدت کا مادہ بہت کم پایا جاتا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ایک مشکل اجنبی زبان میں علمی مباحث کی تعلیم پانے سے ایک اوسط درجے کے ہندوستانی طالب علم کو ناکامی کی صورت دیکھنی پڑتی ہے اس کو بجائے اپنے مضمون پر عبور حاصل کرنے کے اپنے وقت اور دماغی قوت کا بہت بڑا حصہ انگریزی زبان کی مشکلات کے حل کرنے میں صرف کرنا پڑتا ہے۔ اس فطرتی طریقہ تعلیم کی جانب رجوع کرنے کا خیال سب سے پہلے نواب حیدر نواز جنگ بہادر کو پیدا ہوا یہ ایک احسن خیال تھا جس کو نواب صاحب موصوف نے اپنے عقیدے کی ہمت پر عملیت کا جامہ پہنانے کی طرف توجہ کی اور یہ اسی کے نتائج ہیں جو آج ہم دیکھ رہے ہیں۔ سر تیج بہادر سپرو نے اپنے لکھنؤ کے جلسہ تقسیم اسناد کے خطبہ صدارت میں بیان کیا ہے " یہ ہمارے طلبہ کے لئے نہایت ہی ناکامی کا باعث ہے کہ اُن کو ایک غیر زبان میں تعلیم دی جاتی ہے۔ جرأت اور جدت خیال کا سہرا نمایاں عثمانیہ یونیورسٹی کے سر ہے جنہوں نے ابتدا ہی سے اردو زبان کو تعلیم کا ذریعہ بنانے کا فیصلہ کر لیا"۔ اس لیڈر نے پیش قدمی کا نتیجہ کیا ہوا؟ جیسے ہی تعلیم طالب علم کی اپنی مادری زبان میں دی جانے لگی اس کے قدرتی نتیجے کا ظہور ہونے لگا اور ایک ہی سال بعد ہندوستان کے کل حصوں سے وہ ممتحنین جن کو ہمارے طلبہ کا امتحان لینے کے لئے مقرر کیا گیا تھا یہ رائے ظاہر کرنے لگے کہ ہمارے طلبہ دوسری یونیورسٹیوں کے طلبہ کی نسبت بدرجہا بڑھ چڑھ کر رہے ہیں۔ ان ممتحنین میں سے بعض افراد کی رائیں قابل ذکر ہیں۔ ایک صاحب علیگڈھ سے لکھتے ہیں " آپ کے لڑکوں کی جدت طرازی قابل مسرت ہے انہوں نے اپنی جدت تخیل کی قوت کا کامل طور پر اظہار کیا ہے لندن کے ایک بی۔ ایس۔ سی کا بیان ہے "عثمانیہ یونیورسٹی کے طلبہ کی قوت بیان یقیناً دوسری یونیورسٹیوں کے طلبہ سے بڑھی ہوئی ہے"۔ مسٹر سید علی اکبر کہتے ہیں

"نتائج شاندار ہیں طلبہ نے اپنے مضمون کا مطالعہ اچھی طرح سمجھ کر کیا ہے اور ضروری امور کو ضبط و ذہن کر لیا ہے" ان رایوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ سب سے پہلا نتیجہ جو ظہور پذیر ہوا وہ یہ ہے کہ ہمارے لڑکوں نے اپنے مباحث کو بہ نسبت ان لڑکوں کے جنہوں نے غیر زبان میں تعلیم پائی ہے بہتر طریقہ پر سمجھا ہے۔

یہاں لوگوں کی ایک ایسی جماعت بھی ہے، جو یہ کہتی ہے کہ ہم طیلسانوں کی بھی اسی طرح کثیر تعداد پیدا کر رہے ہیں جس طرح فورڈ کے کارخانے سے موٹر تیار ہو ہو کر نکلتے ہیں لیکن میں اُن سے پوچھتا ہوں کہ کیا یہ خیال اطمینان بخش نہیں ہے کہ ہم نے ایک ایسی قیمتی جنس کا جیسی کہ تعلیم ہے ایک فراواں ذخیرہ حاصل کر لیا ہے میں اسی فورڈ کار کے خیال کو مدنظر رکھ کر پوچھتا ہوں کہ کیا امریکہ نے حمل و نقل کے ارزاں ذرائع بہم پہونچا کر کوئی بدترین کام انجام دیا ہے؟ اس میں شک نہیں کہ جو چیز کثرت سے پیدا ہوتی ہے اس کی قیمت بھی گھٹ جاتی ہے لیکن جو ذخیرہ فورڈ موٹر کی شکل میں یہاں پہنچ رہا ہے وہ کم خرچ اور بالانشین ہے۔ رفتہ رفتہ معیار میں ترقی ہوتی جائے گی اور آئندہ نسل موجودہ نسل سے بھی کہیں بڑھ کر قیمت حاصل کرے گی۔ جب کہ خود ممتحنین نے اس امر کا اعتراف کر لیا ہے کہ ہماری پیداوار جدت و ذہانت کے لحاظ سے خود ان کی یونیورسٹیوں کی پیداوار سے بڑھی ہوئی ہے تو پھر ہم کو ماننے میں کیا عذر ہو سکتا ہے۔

بعض اشخاص کہتے ہیں "یہ کل ادبی تعلیم کس غرض کے لئے ہے"۔ یہ کہنے سے اُن کا مطلب یہ ہے کہ وہ ڈگریوں کے خواہاں نہیں ہیں بلکہ تجارتی اور صنعتی تعلیم کے خواہش مند ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ صنعت و حرفت کی تعلیم کی ضرورت کو موجودہ زمانہ شدت کے ساتھ محسوس کر رہا ہے لیکن بے علم دماغوں کی ہوا میں صنعت و حرفت کی تعلیم کا پودا نشو و نما نہیں پا سکتا۔ ماہرین صنعت و حرفت کے لئے بھی یہ ضروری ہے کہ وہ مبادیات تعلیم سے بہرہ ور ہوں، کل پرزوں کے سمجھنے کے لئے بھی کسی قدر ابتدائی

تعلیم کی ضرورت ہے۔ صنعت و حرفت کی تعلیم دینے کے لئے دماغی تربیت ایک لابدی چیز ہے۔ عملی صنعت مبادیات سائنس ہی پر منحصر ہے۔ طیلسانوں کو تیار کرکے ہم صرف ایک ایسی جنس خام مہیا کر رہے ہیں جو آئندہ چل کر اہل صنعت و حرفت کی شکل میں ڈھالی جا سکتی ہے۔

بعض اشخاص کا یہ خیال ہے کہ "اس قدر کثیر تعداد میں طیلسانوں کو مہیا کرکے ہم صرف ایک بے اطمینانی اور بدعلمی پیدا کر رہے ہیں اور ایک ایسے بے روزگاروں کی جماعت میں اضافہ کر رہے ہیں جو بالآخر موجودہ نظام کو تہ و بالا کر دے گی۔ اگرچہ میں بے روزگاری کے موجودہ اقتصادی مسئلہ کو تسلیم کرتا ہوں لیکن تعلیم کو اس کا ذمہ دار قرار نہیں دیتا۔ اگر یونیورسٹی قائم بھی نہ ہوتی، تو ایسے بے روزگار نوجوان اسی طرح موجودہ رہتے بلکہ اس وقت ان کے روزگار کا مسئلہ علم سے بے بہرہ ہونے کی وجہ سے اور بھی مشکل ہو جاتا۔ لہٰذا اس حد تک بے روزگاری کا مسئلہ پیدا کرکے (جو ان اقتصادی اسباب پر مبنی ہے جو ہماری دسترس سے باہر ہیں) ہم نے اس کو حل کرنے میں قابل تعریف آسانی پیدا کر دی ہے۔

بعض لوگوں کا یہ بھی بیان ہے کہ اس یونیورسٹی میں کوئی جدت نہیں ہے اس بیان کا ماحصل یہ ہے کہ ہم نے کوئی جدت آفریں اعلیٰ خیال اشخاص یا محققین پیدا نہیں کئے۔ ہم کو یہ بیان کسی قدر قابل غور معلوم ہوتا ہے اگر یہی خیال ہے کہ یونیورسٹی ایک ایسی جگہ کا نام ہے جہاں کا ہر شخص ڈارون یا نیوٹن ہی ہو تو یہ خیال بالکل بے سروپا ہے۔ قدیم سے قدیم یونیورسٹیاں بھی جن کے متعلق یہ مشہور ہے کہ وہ جدت آفریں مفکرین اور جدید تحقیقات کرنے والوں سے بھری پڑی ہیں ایسے ایک درجن اشخاص کو ایک صدی میں بھی بمشکل پیش کر سکتی ہیں۔ مجھے اس امر میں بھی شک ہے کہ وہ کل اشخاص جو سال بھر میں بدرجۂ اول آنرز کی ڈگریاں لے کر نکلتے ہیں، انسانی علم میں ایک شمہ بھر بھی اضافہ کرتے ہوں وہ لوگ جن کی ذات سے انسانی علم میں کوئی نیا اضافہ ہوتا ہو فی الحقیقت بہت ہی شاذ ہیں

تمام یورپ میں ایک ہی آئنسٹین اور تمام ہندوستان میں ایک ہی بوس ہے لیکن آپ کو سُن کر تعجب ہوگا کہ عثمانیہ یونیورسٹی نے اپنی کم عمری میں بھی ایک ایسے شخص کو پیدا کیا ہے جس کی ذات سے انسانی علم میں کچھ نہ کچھ اضافہ ضرور ہوا ہے۔ اگر میں آپ کو ایک سرکاری رپورٹ میں سے چند فقرے سناؤں گا تو آپ پر ایک نئی چیز کا انکشاف ہوگا مسٹر بٹین سید حسین نامی طالب علم کا ذکر کرتے ہوئے جو انگلستان میں محققانہ اصول پر تعلیم پا رہا ہے یہ لکھتے ہیں "لوگ اُس کو اس امر پر مجبور کر رہے ہیں کہ وہ اپنی بعض نو ایجاد چیزوں کو محفوظ (پٹینٹ) کرالے"۔ اس سے ظاہر ہے کہ آپ کے طلبہ میں سے کم سے کم ایک تو ایسا نکلا ہے جس نے جدید اکتشافات کئے ہیں۔ یہ ایک ایسا نتیجہ ہے جو پرانے اصول تعلیم کے زیر تعلیم چالیس سال میں بھی برآمد نہیں ہو سکتا۔ جو لوگ پرانے اصول تعلیم کے دلدادہ ہیں ان کو منوانے کے لئے اتنی ہی مثالیں کافی ہیں۔ اسی یونیورسٹی کا ایک طیلسان مسمی صلاح الدین جو ڈھاکہ یونیورسٹی سے بہ درجۂ اول آنرز کی ڈگری حاصل کر کے انگلستان گیا ہوا ہے فلسفہ کے شعبہ میں جدید تحقیقات کرنے میں مصروف ہے۔ لہٰذا آپ میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ عثمانیہ یونیورسٹی ایک ایسی درس گاہ ہے جس پر ہم جتنا بھی فخر کریں بجا ہے۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس امر کا نہایت جوش کے ساتھ اقرار کریں کہ آپ اس یونیورسٹی کے اعزاز کو قائم رکھیں گے اور ہر طرح اس کی ناموری اور شہرت کی محافظت کریں گے۔ اگر آپ اس طریقہ پر عمل کریں تو آپ کی یہ خدمت ملک کے حق میں اس سے کہیں زیادہ قابل قدر ہوگی کہ آپ اس کو کم نگاہی سے دیکھیں۔ اگر آپ اس درس گاہ کی اعانت کریں اور اس کو یہاں تک ترقی دیں کہ وہ ہندوستان میں اپنی نوعیت کے لحاظ سے سب پر تفوق حاصل کرلے تو اس میں خود آپ کی بھلائی ہے۔

آپ کو یہ معلوم کر کے خوشی ہوگی کہ دوسرے مقامات مثلاً خواتین پونہ کی کارروے یونیورسٹی اور بنارس کی ہندو یونیورسٹی میں حیدرآباد کی مثال کو پیش نظر رکھ کر ملکی زبان میں

تعلیم دینے کی ابتدا کی جارہی ہے۔

تعلیم ایک ایسی چیز ہے جس میں ترقی ہمیشہ ممکن ہے لیکن ترقی پر زور دینے کے ساتھ ہم کو یہ بھی جاننا چاہئیے کہ کونسی چیز ہم کو حقیقی طور پر حاصل ہوئی ہے اور ہم کو ان لوگوں کا شکرگزار ہونا چاہئیے جنہوں نے مہتم بالشان نتائج کے حاصل کرنے میں ہماری مدد کی ہے۔

اب جب کہ نواب مسعود جنگ بہادر ہم سے رخصت ہونے والے ہیں میں پبلک کے روبرو ان کی شاندار خدمات اور سررشتہ تعلیم سے متعلق ان مہتم بالشان ترقیوں کا جو ان کے زمانہ نظامت کی قلیل مدت میں ظہور پذیر ہوئی ہیں نہایت مسرت کے ساتھ اظہار کرنا چاہتا ہوں۔

ان کی نظامت کے ابتدائی زمانے میں صرف دو کالج تھے جن میں تین سو طلبہ تعلیم پاتے تھے برخلاف اس کے اب سات کالج ہیں جن میں بارہ سو طلبہ تعلیم پا رہے ہیں پہلے (۲۴) مدارس فوقانیہ تھے لیکن اب (۴۳) ہیں اور طلبہ کی تعداد دونی ہوگئی ہے مدارس وسطانیہ کی تعداد (۸۷) تھی مگر اب (۱۰۸) ہے تحتانیہ مدارس کی تعداد (۱۱۲۴) سے (۳۶۷۹) تک پہونچ گئی ہے مدارس اور طلبہ کی تعداد میں یہ سہ چند اضافہ ایک حیرت انگیز کارنامہ ہے جس کی وجہ سے آپ کے ناظم تعلیمات کا ان کی ناقابل معاوضہ محنتوں پر شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ بتلائیے اب اُن کے اِن تمام کارہائے نمایاں کا کیا صلہ ہوسکتا ہے؟ تنخواہ اور وظیفہ ایک عہدہ دار کے حسن خدمت کا صرف مالی معاوضہ ہے لیکن اس کا حقیقی صلہ ان لوگوں کی شکرگزاری ہے جن کے لئے اس نے اس قدر محنت و مشقت اٹھائی ہے لہذا ہم ان کو اس امر کا احساس دلانا چاہتے ہیں کہ وہ ہم سے رخصت ہوتے ہوئے اس ریاست ابد مدت کے ہر طبقہ اور ہر جماعت کے لوگوں کا دلی اور مخلصانہ شکریہ اپنے ساتھ لے جارہے ہیں۔ لیکن پھر بھی شکریہ محض ایک جذبہ کی حیثیت رکھتا ہے زیادہ عملی طریقہ جس کے ذریعہ ہم نواب صاحب پر یہ ظاہر کرسکتے ہیں کہ ہم ان کے کس قدر ممنون احسان اور

شکر گزار رہیں ہمارے لئے یہی ہوگا کہ ہم ان کے تشریف لے جانے کے بعد بجائے ان کے قائم کردہ مدارس کو ایک ردی اور گری ہوئی حالت میں چھوڑ دینے کے ہر طرح ان کی حفاظت اور غور و پرداخت کریں تاکہ اگر وہ پھر کبھی ہم سے ملنے کے لئے تشریف لائیں اور مجھے امید ہے کہ وہ ضرور آئیں گے تو ہم ان کے سامنے یہ کہہ سکیں "دیکھئے جس پودے کو آپ نے لگایا تھا اب وہ بلند و بالا درخت کی شکل میں پھل پھول رہا ہے"۔

خاتمہ پر میں یہ الفاظ کہہ کر کل حاضرین کے جذبات کا اظہار کر دینا چاہتا ہوں کہ ہم کو ہز اکسلنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر کی تشریف آوری اور شرکت سے جن کی تعلیمی دلچسپی مشہور آفاق ہے کس قدر شرف اور عزت حاصل ہوئی ہے۔

معتمد کی پیش کردہ رپورٹ نہایت اطمینان بخش ہے اور انجمن کی آیندہ ترقی و سرسبزی کا پتہ دے رہی ہے جس کو کارآمد بنانے کے لئے بہت سی قوتیں کام کر رہی ہیں۔ میں اور اس کا ہر رکن اس کی کامیابی اور فلاح و بہبود کا دل سے خواہاں ہے۔

آخر میں ہم بارگاہ خسروی میں اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہ و دولتہ کی ان کل عنایات خسروانہ اور شاہانہ فیاضیوں کا جو تعلیمی معاملات کے متعلق ظاہر فرمائی گئی ہیں اور نیز اس علمی سرپرستی اور ان تمام تجاویز کی منظوریوں کا جو اپنی رعایا کی ترقی و بہبود کے متعلق شرف صدور لائی ہیں خلوص دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ڈنمارک میں تعلیم بالغان

جناب سید محمد حسین صاحب بی۔ اے (آکسن) نائب ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

تعلیم ایسی چیز نہیں، جو بنی نوع انسان پر کسی خاص وقت اور مقام کے لئے لازمی قرار دی گئی ہو بلکہ اس کی ضرورت ابتدائے عالم سے رہی اور انتہائے عالم تک رہے گی اور اس کا وجود، خلقت عالم سے اس وقت تک کسی نہ کسی نہج اور طریقے سے رہا اور رہے گا۔ البتہ یہ ہوا کہ مختلف ازمنہ اور ممالک میں نظام تعلیم بھی مختلف رہے اور پھر یہ نظام تعلیم بہ طور خود مرتب نہیں ہوئے، بلکہ ملک کی اقتصادی، سیاسی اور سماجی حالات پر ان کی ترتیب کا انحصار رہا۔ تعلیم تمدن کا بڑا جزو ہے اور اس کی ترقی دوسرے شعبہ جات تمدنی کے ارتقاء پر منحصر ہے تعلیمی ترقی کہیں تنہا نہیں ہوئی اور نہ ہوگی۔ جس ملک کے نظام تعلیم کو کمال حاصل ہوا تو دوسرے اسباب اور حالات کے پہلو بہ پہلو ہوا ہے یعنی سیاسی، اقتصادی اور سماجی حالات کے ساتھ ساتھ ہوا۔ پس کسی ملک کے تعلیمی حالات اور تاریخ کو کما حقہ سمجھنے کے لئے لازم ہے کہ اس ملک کی سیاسی، اقتصادی اور سماجی حالات کا بھی مطالعہ کیا جائے۔ اس لئے اگر میں ڈنمارک کے محض تعلیمی حالات آپ کو سنا دوں اور سیاسی، اقتصادی اور سماجی حالات پر مطلق روشنی نہ ڈالوں تو مضمون بے ربط اور بے سلسلہ ہو جائے گا۔

"ملک ڈنمارک"، جو جزیرہ نمائے جٹلینڈ اور متعدد دیگر جزائر کا مجموعہ ہے، ایک چھوٹا سا زراعتی ملک ہے۔ اس کا مجموعی رقبہ ۱۶ ہزار مربع میل ہے یعنی صوبہ اورنگ آباد کے رقبے سے ۳ ہزار مربع میل کم ہے۔ اس کی مردم شماری ۳½ ملیون ہے، جو ممالک محروسہ سرکار عالی کی مردم شماری کا ربع ہے۔ آمدنی تقریباً ۴۴ کروڑ کرونر ہے۔ اس ملک کے

جغرافیائی حالات یہ ہیں کہ ملک کا زیادہ تر حصہ سطح اور سمندر کی سطح سے صرف ۷۵ فیٹ بلند ہے۔ زمین کمزور ہے اور صدہا میل ریت کے چٹیل میدان ہیں۔ ملک چاروں طرف سمندر سے گھرا اور کھلا ہوا ہے۔ سمندر کی ہوائیں کاشت کو خراب کرتی ہیں۔ قدرتی ذرائع آب پاشی مفقود ہیں۔ مثلاً سب سے بڑا دریا گوونیا ہے جس کا طول صرف ۸۰ میل ہے۔ موسم بھی ناموافق ہے، جو سمندر کی ہواؤں کی وجہ سے اکثر سرد اور مرطوب رہا کرتا ہے۔ سال میں ۹۹ دن کہر رہتا ہے اور ۵۰ دن سے زیادہ دھوپ نظر نہیں آتی۔ غرض کہ قدرتی مشکلات کافی موجود ہیں۔

ان قدرتی مشکلات کے علاوہ آج سے ایک سو سال قبل سیاسی، سماجی اور اقتصادی حالات بھی نہایت ہی یاس انگیز تھے۔ اٹھارویں صدی کے وسط تک سیاسی قوت بادشاہ، امرا اور زمینداروں کے ہاتھ میں تھی۔ کسانوں اور عام رعایا کی حالت ناقابل بیان تھی۔ امور مملکت میں عوام یا کاشت کاروں کو مطلق دخل نہ تھا۔ حکومت کی جانب سے جو قوانین نافذ کئے جاتے تھے، وہ عوام اور کاشت کاروں کی فلاح و بہبود کے عوض زمینداروں اور سرمایہ داروں کے مفید مطلب ہوتے تھے۔

ان اندرونی مصائب کے علاوہ بیرونی آفتیں بھی، لڑائیوں وغیرہ کی شکل میں، ملک پر نازل ہوئیں، جن سے ملک کی حالت اور بھی تباہ و برباد ہوگئی۔ سیاسی حالت کی ابتری اور ذرائع آمدنی کے فقدان کی وجہ سے ملک میں بے کاری اور افلاس کا عام مرض شائع ہوگیا، جن کے باعث جو سماجی خرابیاں پیدا ہو سکتی تھیں، اور بھی نمایاں ہوگئیں۔ الغرض آج سے ایک صدی قبل ڈنمارک کی حالت یہ تھی کہ تمام ملک سیاسی، اقتصادی اور سماجی خرابیوں کا آماج گاہ بنا ہوا تھا اور قوم قریب قریب مردہ ہو چکی تھی۔

ڈنمارک میں سیاسی اصلاحات کی ابتدا ۱۷۸۴ء سے ہوئی اور اس کا سلسلہ ۱۹۱۵ء تک جاری رہا۔ بالآخر یہ ہوا کہ کاشت کاروں اور عوام کو مساوی حقوق ملے، جن کی رو سے

کاشت کاروں کو بھی پارلیمنٹ میں داخل ہونے کا موقع ملا۔ چنانچہ اب ڈنمارک میں سیاسی قوت بالکلیہ کاشت کاروں کے ہاتھ میں ہے اور پارلیمنٹ میں ۷۵ فی صد ان کی تعداد ہے۔

اقتصادی حالت کی اصلاح یوں عمل میں آئی کہ ملک میں چند افراد ایسے پیدا ہوئے جو زراعتی اصلاحات کی جانب متوجہ ہو گئے اور اپنی اَن تھک کوششوں سے ملک کی ویران زمینوں کو آباد کیا، چٹیل میدانوں میں درخت لگائے، اُفتادہ اور کمزور زمینوں کو مختلف طریقوں سے قابل کاشت بنایا، آب پاشی کے ذرائع پیدا کئے، ملک میں تحریک امداد باہمی کو جاری کر کے اہل ملک کو ملکی پیداوار متفقہ طور پر پیدا اور فروخت کرنے کے طریقے بتلائے۔ اور بھی اسی قسم کی تدابیر اختیار کی گئیں، جن سے ملک کی اقتصادی حالت درست اور رو بہ ترقی ہوئی۔ ان کی ساری جدوجہد اور جگر کاوی کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہی ملک جو آج سے چند سال پیشتر نہایت ہی مفلس سمجھا جاتا تھا، اب تمام یورپ خصوصاً انگلستان کے ایکماج کی منڈی بن گیا ہے اور باوجود اتنے چھوٹے رقبے، کم مردم شماری اور صنعت و حرفت کے نہ ہونے کے، صرف زراعت کے ذریعہ ۴۴ کروڑ کروڑ کی آمدنی پیدا کرتا ہے۔

سیاسی اور اقتصادی حالات کا سنبھلنا ہی تھا کہ سماجی حالت خود بہ خود سنبھلنے لگی اور آج ایسی حالت ہے کہ یورپ اور امریکہ کو اس پر رشک آتا ہے اور ان ممالک کے ہزاروں باشندے ہر سال اس ملک کی حالت دیکھنے اور سبق لینے آتے ہیں۔ جیسے کہ بعض ہی خواہانِ قوم ملک کی سیاسی، اقتصادی اور سماجی حالت کے سنبھالنے میں منہمک تھے اور انہیں اِن امور میں سخت دشواریاں پیش آ رہی تھیں تو ایک ہستی ایسی پیدا ہوئی جس نے بتایا کہ تعلیمی حالت کی اصلاح بھی ضروری ہے۔ جب تک قوم تعلیم یافتہ نہ ہو گی ممکن نہیں کہ اس میں اپنے اقتصادی اور سیاسی حالات کو درست کرنے کی صلاحیت پیدا ہو۔ یہ ہستی کون تھی؟ بشپ گرونڈوک، وہ پہلے شخص تھے، جنہوں نے سب سے پہلے اپنی قوم کو مطلع کیا کہ

جب تک ملک تعلیم یافتہ نہ ہو شاہ راہ ترقی پر گام زن نہیں ہو سکتا اور یہ کہ قوم کو تعلیم یافتہ بنانے کے لیئے بہتر ذریعہ یہ ہے کہ تعلیم بالغان کا انتظام ملک میں عام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس میں شک نہیں کہ تم نے ابتدائی تعلیم کو جبری کر لیا ہے، لیکن بچوں کی کثیر تعداد اوائل عمر ہی میں تعلیم ترک کر کے زندگی کی کشمکش میں پڑ جاتی ہے اور تھوڑی ہی مدت میں سب پڑھا لکھا نسیاً منسیا ہو جاتا ہے اور وہ نرے جاہل کے جاہل اور بے شعور رہ جاتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک طرف تو وہ تمام روپیہ جو ان کی ابتدائی تعلیم میں صرف ہوا بے کار اور برباد جاتا ہے۔ دوسری طرف ان کے آئینہ قلب پر جہالت کا زنگ چڑھ جانے سے وہ اپنی سابقہ حالت پر عود کر آتے ہیں اور ان میں اور ملک کے ان پڑھ افراد میں کوئی فرق باقی نہیں رہتا۔ گرونڈوگ نے ان لوگوں سے جو سیاسی حقوق کے حاصل کرنے کی جد و جہد میں سرگرم تھے، یوں مخاطب کیا کہ جب تک ملک کے کاشت کار، مزدور اور عوام تعلیم یافتہ نہ ہوں، اگر سیاسی حقوق مل بھی جائیں تو کچھ حاصل نہ ہو گا کیونکہ جہلا، نہ تو انتخاب کے قابل ہوں گے اور نہ پارلیمنٹ اور دیگر قومی مجلسوں میں نمایندگی کر سکیں گے۔ پس اے برادران وطن اس چیز کو سمجھو اور ایسی تدابیر اختیار کرو کہ تمہارے ملک کے بالغ عمر افراد کو ایسے مواقع مل سکیں کہ جن کے ذریعے وہ پھر ایک دفعہ تعلیم کے زیر اثر آ سکیں اور بھولے ہوئے معلومات کو تازہ اور اپنے قلوب کو علم کی روشنی سے منور کر سکیں۔

بشپ گرونڈوگ کی اس نصیحت نے، جو سچے اور دردمند دل سے نکلی تھی، قوم پر اثر کیا۔ قوم نے اس صدا پر لبیک کہا اور اس ہادی کی شاہ راہ ہدایت پر چلنا شروع کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آج ڈنمارک میں تعلیم بالغان کا نصاب اس قدر مکمل اور اعلیٰ ہے کہ کوئی ملک اس کی برابری کا دعویٰ نہیں کر سکتا، بلکہ اس خاص شعبے کی حد تک دوسرے ملک ڈنمارک کو اپنا استاد اور رہنما مانتے ہیں۔ کوئی سال ایسا نہیں گزرتا ہو گا کہ ممالک یورپ

اور امریکہ سے ہزار ہا افراد اس ملک کو محض اس غرض و غایت سے نہ آتے ہوں کہ یہاں کی تعلیم بالغان اور زراعتی تعلیم کے انتظامات کا معائنہ اور مطالعہ کریں۔

جب بشپ گرونڈوگ نے دیکھا کہ اُن کی نصیحت نے پبلک پر اثر کیا تو انہوں نے فوراً تعلیم بالغان کی اشاعت کے لئے تحریک پیش کی کہ ایسے مدارس قائم کئے جائیں، جن میں امیر سے لے کر غریب تک کو بلا امتیاز طبقہ شریک اور تعلیم حاصل کرنے کا موقع حاصل ہو چنانچہ ایسے مدارس قائم ہوئے، جو اب تک جاری ہیں اور "فوک ہائی اسکول" یا پیپل اسکولس کے نام سے موسوم ہیں۔ ان کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اکثر دیہات اور اضلاع میں قائم کئے گئے ہیں جن میں تقریباً دیہات کے باشندے اور خصوصاً کاشت کار شریک ہوتے ہیں اس تحریک کا منشار یہ تھا کہ ملک میں ایسے مدارس کھولے جائیں، جن میں ملک کے نوجوان مرد او عورتیں بلا امتیاز درجہ و طبقہ شریک ہوسکیں اور جہاں مادری زبان میں "زندہ لفظ" یعنے گفتگو اور لکچر وغیرہ کے ذریعہ ایسی تعلیم دی جائے، جو روح پرور ہو اور نوجوانوں کو اس قابل کردے کہ بصداق من عرف نفسہ فقد عرف ربہ اپنے آپ کو پہچانیں اور پھر خدا کو پہچان سکیں اور ان میں یہ صلاحیت پیدا کردی جائے کہ جسمانی محنت اور مشقت کو ننگ و عار نہ سمجھیں اور امیرانہ عیش پرستی اور لہو و لعب کی زندگی پر غربت کی سادہ زندگی کو نہ صرف ترجیح دیں، بلکہ اس کے عادی بنیں اور اُن میں وطن کی محبت، قومیت اور ایثار کا مادہ پیدا ہو۔ بشپ گرونڈوگ کی تحریک اور ان کے خیالات رفتہ رفتہ بادشاہ کرسچین ہشتم کے کان تک پہنچے اور دربار میں رسائی ہوئی۔ بادشاہ اور ملکہ ان کے اس قدر ہم خیال اور معتقد ہوئے کہ تاریخی مقام سورؔ میں ایک فوک ہائی اسکول قائم کرنے کا مصمم ارادہ کرلیا لیکن موت نے بادشاہ کو مہلت نہ دی اور وہ اپنے ارادے کو عملی جامہ پہنانے کے قبل انتقال کرگیا۔ بادشاہ کے انتقال کے بعد ملکہ نے اس کام کی تکمیل کا ارادہ کرلیا، لیکن گورنمنٹ نے اس کی بے حد مخالفت کی، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سرکاری طور سے مدرسہ قائم نہ ہوسکا۔ یہ بات

قابل ذکر ہے کہ گو بشپ گرونڈگ فوک ہائی اسکول کے بانی اور موجد تھے، لیکن وہ خود کوئی اسکول قائم کرسکے اور نہ انہوں نے تفصیلی اسکیم یا نصاب مرتب کیا۔ قسام ازل نے اُن کی تحریک کو عملی صورت میں لانے کا کام اُن کے مریدان خاص کے سپرد کیا جن میں سب سے ممتاز کرسٹن کولڈ ہیں۔ گرونڈوگ نے صرف تحریک قوم کے سامنے پیش کی اور سالہا سال اس کی تبلیغ میں مصروف رہے اور جب دیکھا کہ دوسرے نوجوان جوشیلے بہت لوگ ان کے ہم خیال ہوگئے ہیں اور اُن کا نہال تحریک پھل پھول رہا ہے تو خود شہر واٹو میں پادری ہوگئے اور باقی عمر وعظ و نصیحت میں گزار دی یہاں تک کہ ۱۸۷۲ء میں ۹۰ سال کی عمر میں اس دارفانی سے چل بسے۔ اُن کی موت پر سارے ملک نے ماتم کیا اور محسوس کیا کہ اُن کا روحانی رہبر جاتا رہا۔ قوم نے اس عظیم الشان ہستی کی وہ قدر و منزلت کی کہ آج تک اُن کا نام زندہ ہے اور ملک کا ایک ایک بچہ جانتا ہے کہ یہ کون تھے اور اُنہوں نے قوم کے لئے کیا کیا۔ بشپ صاحب تو گذر گئے، لیکن اپنے معتقدین کی ایسی فوج چھوڑ گئے، جو اُن کے اعتقادات سے مسلح ہو کر مخالفین کے ساتھ برابر جنگ کرتی رہی اور کر رہی ہے۔ اُن کی حکمرانی تمام قوم پر ہے اور پورا تسلط اور اثر ہے۔

گرونڈگ کے خیال کے مطابق تعلیم بالغان کے لئے پہلا فوک ہائی اسکول ۱۸۴۴ء میں قصبہ ریوڈنگ، جو شمالی سلیوگ میں ڈنمارک اور جرمنی کے حدود پر واقع ہے، قائم ہوا۔ چند محبان وطن اس کے بانی ہوئے اور اہل شہر اور کاشت کاروں نے اُس کا بڑی گرم جوشی کے ساتھ خیر مقدم کیا اور فراخ دلی سے مالی امداد کی۔ یہ مدرسہ جاری تھا کہ ۱۸۶۴ء میں ڈینو جرمن جنگ شروع ہوئی اور جرمنی گولہ باری کی ڈنمارک تاب نہ لا سکا اور شکست کھائی اور شکست کے بعد جرمنوں نے مدرسہ بجبر برخاست کر دیا۔ یہ شکست اور مدرسے کی بربادی نے ڈینس کو پست نہیں کیا بلکہ الٹے تعلیم بالغان کے لئے ایک فوک ہائی اسکول قائم کرنے کا عزم بالجزم کرلیا۔ مدرسہ کے لیے روپیہ کی ضرورت تھی، اور کولڈ کا کل اثاثہ زندگی ۵۵ پونڈ تھا،

جو اُس نے سمرنا کے قیام کے زمانہ میں بچائے تھے یہ رقم مدرسے کے قیام کے لئے کافی نہ تھی اس لئے وہ فوراً کوپن ہیگن پہنچا اور بشپ گرونڈوگ سے اظہار مدعا کیا۔ گرونڈوگ کے مدرسے سے ۰۰، ۲ پونڈ چندہ جمع ہوا اور یہ رقم لے کر کولڈ اٹھ کھڑا ہوا۔ بشپ صاحب حیرت سے اس سے کہتے رہے کہ بھائی کہیں ۱۲۵ پونڈ میں فوک ہائی اسکول قائم ہو سکتا ہے اس نے ایک نہ سنا اور یہ کہتے ہوے کہ ”خدا ناداروں اور بیکسوں کا حامی و مددگار رہا کرتا ہے“ اپنا راستہ لیا اور جزیرۂ فیون میں پہنچ کر مقام رسلنگ میں مدرسہ قائم کر دیا اور ۱۴ و ۱۵ سال کی عمر کے ۱۵ طلبہ جمع کئے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ کولڈ نے جب اپنی اسکیم گرونڈوگ کو بتلائی تھی تو طلبہ کی عمر کے متعلق دونوں میں بڑی بحث ہوئی۔ کولڈ نے اپنی اسکیم میں داخلہ کی عمر ۱۴ اور ۱۵ سال رکھی تھی۔ لیکن گرونڈوگ کا اصرار تھا کہ ۱۸ سال سے کم نہ ہو۔

کولڈ اپنی رائے پر قائم رہا اور ۱۴ و ۱۵ سال کے طلبہ شریک کئے، لیکن تھوڑے ہی عرصے میں اُس نے محسوس کیا کہ گرونڈوگ کا خیال صحیح تھا۔ اِس قدر کم سن طلبہ اُس کے خیالات کو سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے تھے، اِس کے برعکس ۱۸ و ۲۰ برس کے نوجوان نہایت مسرت اور شوق کے ساتھ اس کے لکچر سنتے اور سمجھتے تھے۔ پس دوسرے سال سے اس نے شرکت کی عمر ۱۸ سال قرار دی اور اب تک یہی عمل جاری ہے۔

مدرسے کی عمارت کے لئے چند ایکڑ زمین، اُس نے خریدی اور اُس میں ایک معمولی گھاس پھوس کی چھت کا مکان تعمیر کیا۔ جس میں جماعت کا ایک کمرہ، سونے رہنے کا ایک کمرہ اور باورچیخانہ تھا۔ کولڈ اور اس کا مددگار دونوں موجود ہونے سے طلبہ ساتھ ہی مدرسے میں رہا کرتے اور سوتے بیٹھتے تھے۔ کھانے پکانے اور مدرسہ کی صفائی کا کام کولڈ کی بہن انجام دیا کرتی تھی۔ طلبہ سے صرف ۱۲ شلنگ ماہانہ خوراک کی فیس لی جاتی تھی۔ غذا بالکل سادہ اور معمولی ہوا کرتی تھی۔ نصاب تعلیم حسب ذیل مضامین پر مشتمل تھا۔

(۱) تاریخ ڈنمارک (۲) انجیل کے تاریخی حالات و واقعات (۳) جغرافیہ (۴) ڈینش زبان

(۵) موسیقی۔ یعنے فوک سانگس، گانا، رزم خوانی۔

ان مضامین کی تعلیم بالکل زبانی ہوا کرتی تھی۔ کولڈ تاریخ ڈنمارک اور انجیل کے سبق دیا کرتا تھا۔ اُس کی تقریر کی روانی اور طلاقت لسانی کی یہ حالت تھی کہ جب یہ لکچر دیتا تو معلوم ہوتا تھا کہ مضامین کا دریا بہہ رہا ہے۔ اس کا خود قول ہے کہ "جب میں تقریر کرتا ہوں تو مجھ پر الہامی کیفیت طاری ہوتی ہے اور میں یقین کرتا ہوں کہ میرا لفظ لفظ نوجوانوں کے قلوب میں اثر کر رہا ہے اور وہ سمجھ کر مزے لے رہے ہیں"۔ بہر حال تمام دن تعلیم و تعلّم میں گزرتا' بلکہ رات میں بھی اس کا سلسلہ جاری رہتا ہے طلبہ اساتذہ روحانی اور علمی مسائل پر بحث کرتے کرتے سو جاتے ہیں اس مدرسے کے قیام کی غرض و غایت یہی تھی کہ "زندہ الفاظ" کے ذریعے نوجوانوں میں ایسی روح پھونک دی جائے' جو اُنہیں اپنے نفس' اپنے خالق اور اپنے ماحول کو کما حقہٗ پہچاننے کے قابل کردے۔ چنانچہ کولڈ ہمیشہ کہا کرتا تھا کہ میرا مقصد اس درسگاہ کے قیام سے محض نوجوانوں کی تعلیم نہیں بلکہ روحانی ارتقا ہے۔ بہر حال نصاب میں کسی خاص طریقہ تعلیم کی جکڑ بندیاں نہ تھیں۔ مدرسے کے قیام کے چند روز بعد ایک قابل معلّم مدرسے میں بحیثیت مددگار شریک ہوا اور کولڈ سے دریافت کیا کہ کن مضامین کی تعلیم دے۔ کولڈ نے نہایت بے پروائی کے ساتھ جواب دیا کہ "میں خود صبح میں ایک گھنٹہ نوجوانوں کو لکچر دیتا ہوں اور پھر شام کو اپنی زندگی کے تجربے اور مشاہدات بیان کرتا ہوں۔ اب تمہارا کام یہ ہے کہ درمیانی وقت میں تم نوجوانوں کو شرارت نہ کرنے دو اور کسی نہ کسی طرح مصروف رکھو اور جو چاہو پڑھاؤ"۔ کولڈ خود بہت سادہ غذا اور معمولی لباس کا عادی تھا۔ اس کا لباس اس قدر ارزاں اور معمولی ہوا کرتا تھا کہ ناواقف اس کو ایک غریب کسان سمجھتے تھے۔ جو نوجوان اس کے زیر اثر ہوتے انہیں یہ ہمیشہ کفایت شعاری اور محنت کی تاکید کیا کرتا تھا اور کہا کرتا کہ محنت مزدوری کرنے والے' دودھ دوہنے اور گوبر اٹھانے والے بھی شریف النفس و بلند خیال ہو سکتے ہیں۔ کولڈ کی اس تعلیم کا نتیجہ یہ ہوا کہ اہل ڈنمارک کے کئی ملیون گروہ

بچ گئے، جو وہ لباس و خوراک میں بے کار صرف کرتے تھے اور نہر اہا آرام طلب کاشت کار جو مزدوروں سے کام لیا کرتے تھے، اپنی کھیتیوں میں خود کام کرنے لگ گئے۔ کولڈ اپنا مدرسہ قائم کر کے خاموش نہ بیٹھا بلکہ اطراف واکناف کے سرکاری مدارس پر حملے شروع کئے اور پبلک میں ان کی سخت مخالفت شروع کی۔ یہ دیکھ کر حکومت نے پھر اس کا پیچھا کیا اور قریب تھا کہ یہ مدرسہ بند کر دیا جائے۔ لیکن گرونڈوگ کے اثر اور ملک کی ہمدردی نے اُسے بچا لیا۔ حکومت نے ایک بورڈ مقرر کیا اور حکم دیا کہ مدرسے کا معائنہ کر کے رپورٹ پیش کرے۔ بورڈ کے ارکین نے بڑی سختی کے ساتھ معائنہ کیا اور نوجوانوں کا امتحان لے کر بہت خوش ہوئے۔ زوردار الفاظ میں مدرسے کے مفید مطلب رپورٹ پیش کر کے امداد کی تحریک کی۔

اس واقعہ کے بعد کولڈ کا حوصلہ اتنا بڑھا کہ اُس نے مختلف مقامات کے دورے کئے اور مدارس قائم کرنے شروع کئے چنانچہ اپنی موت سے قبل تک کئی مقامات پر فوک ہائی اسکولس اُس نے قائم کر دئے۔

کولڈ کے بعد شروڈر وغیرہ اس کے قائم مقام ہوئے اور کثرت سے مدارس قائم ہوئے۔ اس وقت ڈنمارک میں تقریباً ۶۰ فوک ہائی اسکولس ہیں اگرچہ ان مدارس کے اصول اور مطمح نظر وہی امور ہیں جو گرونڈوگ اور کرسٹن کولڈ وغیرہ بتا گئے تھے لیکن جزئیات میں تھوڑی تبدیلی ضرور ہوئی ہے۔ مقصد وہی ہے لیکن تمدن کے بڑھتے ہوئے ضروریات نے مجبور کیا کہ ذرائع حصول مقصد بدل دئے جائیں۔ مثلاً بعض مضامین کا اضافہ کیا گیا۔ طریقہ تعلیم بدل گیا۔ طلبہ کو کتب بینی کا شوق دلایا جاتا ہے، مضامین پر طبع آزمائی کی اجازت دی جاتی ہے۔ ڈنمارک کے قدیم افسانوں کے بجائے ڈنمارک کی تاریخ اور ادب پر زور دیا جاتا ہے۔ معاشیات اور ملک کی سماجی تاریخ نصاب کا اہم جز بن گئے اور تمام مدارس کے حالات کم و بیش ایک ہی ہیں مثلاً

(۱) فوک ہائی اسکولس اضلاع میں واقع ہیں کوپن ہیگن یا کسی اور بڑے شہر میں اُن کا وجود نہیں

تقریباً سب مدارس پُر فضا مقامات پر آبادی سے دور تعمیر کئے گئے ہیں۔ سب مدارس ذاتی امکنہ میں ہیں جو مختلف حیثیت اور مکانیت کے ہیں لیکن سب وسیع، ہوادار، صاف، پاک ہیں اور ہر مدرسے میں جمنازیم بھی ہے۔

(۲) تمام مدارس اقامتی یعنے (RESIDENTIAL.) ہیں۔ تعداد طلبہ بالعموم ۷۰ یا ۸۰ ہوتی ہے۔ بعض چھوٹے مدارس میں ۵۰ طلبہ ہوتے ہیں۔ دو تین بڑے مدارس میں تعداد طلبہ، ۵۰۰ تک ہے۔

(۳) ان مدارس میں ذکور وانات دونوں کی تعلیم ہوتی ہے۔ موسم سرما میں ستمبر سے اپریل تک ذکور تعلیم پاتے ہیں اور موسم گرما میں ۳ ماہ کے لئے طالبات آتی ہیں۔ ذکور وانات جو ان مدارس میں تعلیم پاکر نکلتی ہیں، اُن کی مجموعی تعداد تقریباً نو ہزار ہوتی ہے جن کی عمریں ۱۸ سے لے کر ۳۰ سال تک ہوتی ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ تقریباً طلبہ اور طالبات زراعت پیشہ ہوتے ہیں اور تعلیم ختم کرنے کے بعد پھر اسی پیشے پر قائم رہتے ہیں۔ ابتدائی تعلیم ختم کرنے کے بعد جو طلبہ تعلیم ثانوی جاری رکھنے کی خواہش ظاہر کرتے ہیں امتحان تحریری اور تقریری کے ذریعہ ان کی استعداد۔ قابلیت اور آئندہ تعلیم پانے کی صلاحیت کی خوب جانچ کی جاتی ہے اور اس کے بعد جنہیں آئندہ تعلیم پانے کے قابل سمجھا جاتا ہے، مڈل اسکولس میں شرکت کی اجازت دی جاتی ہے۔ یہ تعداد قلیل ہوتی ہے جو ۱۰ فی صدی سے زائد نہیں۔ باقی کو سختی کے ساتھ روک دیا جاتا ہے۔ ان میں سے جو زراعت پیشہ ہوتے ہیں وہ واپس جاکر زراعت کے کام میں مشغول ہوجاتے ہیں، مزدور پیشہ محنت مزدوری میں لگ جاتے ہیں اور پھر اکثر ان میں سے رواجاً ورسماً ۱۸ سال کی عمر میں مدارس تعلیم بالغان یعنے فوک اسکولس میں شریک ہوتے ہیں۔ سالانہ جو طلبہ ان مدارس میں شریک ہوتے ہیں اُن میں ۵۵ فی صدی ایسے متوسط درجے کے کسانوں کی اولاد ہوتے ہیں، جن کے پاس ۱۵ سے ۱۰۰ ایکر تک زمین اور ۴ سے ۳۰ تک گائے ہوتی ہیں

۷ فی صدی ان چھوٹے کسانوں کی اولاد ہوتی ہے جو ۸ سے ۵ آٹھ ایکڑ زمین اور ایک سے چار تک گائے رکھتی ہے۔ باقی ۲۱ فی صدی مزدور پیشہ۔ صناعین اور خوش باش لوگوں کی اولاد ہوتی ہے۔

(۴) سب مدارس خانگی ہیں حکومت سالانہ امداد دیتی ہے جس کی تعداد تمام مدارس کے لئے تقریباً ایک ملیون کرونز سالانہ ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ طلبہ سے قلیل فیس لی جاتی ہے جو تقریباً ۷ کرونز ماہانہ ہوتی ہے۔ اس میں کھانا، کمرہ کا کرایہ اور ٹیوشن فیس سب شامل ہیں۔ بعض بڑے مدارس میں فیس اس سے کچھ زیادہ ہے لیکن کہیں بھی ۸ کرونز سے زاید نہیں۔ سرکار بھی ان کی مالی مدد کرتی ہے۔

(۵) نصاب تعلیم کوئی خاص نہیں ہے اور نہ سررشتۂ تعلیمات کی جانب سے مقرر ہوتا ہے۔ بلکہ ہر مدرسہ اپنا نصاب آپ مرتب کرتا ہے۔ اہل ڈنمارک کا خیال ہے کہ دماغی نشو ونما اور روحانی اصلاح کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ "کلچرل" علوم کی تعلیم دی جائے۔ اس کے علاوہ بعض مضامین ایسے ہیں کہ جو ہر فرد کے لئے، چاہے وہ شہری ہو یا دیہاتی مزدور ہو یا کاشتکار، مناسب اور مفید ہیں جیسے جغرافیہ، تاریخ اور زبان مادری۔ پس ان دو اصول کو مدنظر رکھ کر نصاب کی ترتیب دی جاتی ہے، جو کم وبیش سب مدارس کا ایک ہے اور مضامین ذیل پر مشتمل ہوتا ہے۔

(۱) ڈنیش ادب — (۶) حساب اور بک کیپنگ
(۲) تاریخ — (۷) ڈرائنگ۔
(۳) جغرافیہ — (۸) موسیقی
(۴) باٹنی (علم نباتات) زوالوجی (حیوانات) — (۹) جمناسٹک
(۵) مبادیات کیمیا وطبعیات — (۱۰) پکوان (اناث کے لئے)

اس کے علاوہ دلچسپ مضامین پر بحث ہوتی ہے اور دور حالیہ کے اہم مسائل پر

گفتگو ہوتی ہے، جیسے لیگ آف نیشن، بولشیوزم وغیرہ۔ ہر مدرسے میں مضامین بالا پورے پورے نہیں پڑھائے جاتے بعض چھوٹے مدارس میں صرف ڈینش ادب، تاریخ، جغرافیہ، حساب اور ورزش پر اکتفا کی جاتی ہے۔

اب میں مدرسین کا حال بیان کرتا ہوں۔ ان مدارس کی کامیابی کا بڑا راز ان کے اساتذہ کی علمی قابلیت، اپنے کام سے عشق اور ایثار ہے۔ اس وقت تقریباً ایک ہزار اساتذہ مختلف فوک ہائی اسکول میں مامور ہیں اکثر یونیورسٹی کے گریجویٹ اور ٹرینڈ ہیں۔ بعض فوک ہائی اسکول کے کامیاب شدہ بھی ہیں، جو غیر معمولی قابلیت کی وجہ سے مامور کرلئے گئے۔ ان مدارس میں جگہ پانے کے لئے صرف ڈگریوں اور علمی قابلیت کو نہیں دیکھا جاتا بلکہ اصل چیز جو دیکھی جاتی ہے، وہ تعلیم سے دل چسپی اُن کا ذاتی شغف اور ایثار ہے۔ ابتدًا بطور امیدوار کے مامور کیا جاتا ہے اور جب چند روز کے تجربے سے ان صفات کی کمی معلوم ہوجاتی ہے تو چاہے وہ امیدوار کتنی ہی قابلیت کیوں نہ رکھتا ہو، اُس کی علیحدگی کا نوٹس دے دیا جاتا ہے۔ ہر مدرس کو گرونڈوگ کے فلسفۂ تعلیم کا معتقد ہونا پڑتا ہے۔ اس کے خلاف عقیدہ رکھنے والا فوک ہائی اسکول کا مدرس نہیں ہوسکتا۔ صدر مدرس کے فرائض نہایت اہم ہیں۔ سب سے بڑا فرض یہ ہے کہ جملہ طلبہ سے فرداً فرداً واقف ہو۔ اس کا دروازہ ان کے لئے ہمیشہ کھلا رہے تاکہ جس وقت طلبہ چاہیں، اُس کے پاس آئیں اور اپنے مشکلات حل کریں۔

پرنسپل اور مددگار سب کے لئے لازم ہے کہ شب و روز مدرسے میں مقیم رہیں شادی شدہ مدرسین بھی اہل وعیال کے ساتھ رہتے ہیں۔ اُن کی عورتیں مدرسے کے کاموں میں خصوصاً سوشل محفلوں اور جلسوں میں حصہ لیتی اور اپنے شوہروں کا ہاتھ بٹاتی ہیں بہرحال پرنسپل، مددگار اور طلبہ سب اس طرح خلا ملا رکھتے اور ایسے شیر و شکر ہیں کہ ان سب پر ایک خاندان کا اطلاق ہوسکتا ہے۔

اب میں چند مدارس کے تختہ اوقات کا ذکر کرتا ہوں جنہیں میں نے بچشم خود دیکھا ہے
صبح کے ۶ بجے بڑے زور وشور سے مدرسے کی گھنٹی بجتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی طلبہ اپنے بستروں سے اٹھ کر کمروں کے دروازہ اور کھڑکیاں کھول کر بستر اور کمروں کی صفائی کر لیتے ہیں پھر منہ ہاتھ دھو کپڑے پہن لیتے ہیں۔ ½۶ بجے دوسری گھنٹی ہوتی ہے۔ سب لکڑی کے جوتے پہنے ہوئے کھٹ کھٹ آواز کرتے کھانے کے کمرے میں داخل ہوتے ہیں۔ قہوہ نوشی کے بعد جو ۵ یا ۱۰ منٹ میں ختم ہو جاتی ہے نماز ہوتی ہے۔ اس میں شرکت لازمی نہیں جس کا جی چاہے شریک ہو سکتا ہے۔ ۸ بجے سے ۹ تک پہلا لکچر ہوتا ہے جس کی ابتدا اور انتہا گرونڈوگ کے کسی نظم کے گانے سے ہوتی ہے۔ ۹ بجے طلبہ اپنے کمروں کو واپس ہوتے اور جمناسٹک کے لئے لباس بدل کر جمنازیم ہال میں داخل ہوتے ہیں۔ یہاں نصف گھنٹہ ان سے ایسی سخت ورزش لی جاتی ہے کہ پسینہ میں نہا جاتے ہیں۔ جمناسٹک ختم ہونے پر نہا دھو اور لباس پہن کر ۱۰ بجے تک کھانے کے لئے ڈائننگ ہال میں جمع ہو جاتے ہیں کھانا ۱۵ یا ۲۰ منٹ میں ختم ہو جاتا ہے اس کے بعد پھر تعلیم کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے جو برابر ۲ بجے تک جاری رہتا ہے۔ ۲ بجے دوپہر کا کھانا جسے وہاں ڈنر کہتے ہیں دیا جاتا یہ بہت ہی سادہ اور زود ہضم ہوتا ہے یعنی شوربا گوشت ترکاری کے ساتھ اور میوہ ڈنر کے بعد ½۳ تک وقفہ ہوتا ہے جو طلبہ کھیل کود میں بسر کرتے ہیں اور پھر ½۳ سے تعلیم کا سلسلہ شروع ہوتا ہے جو ½۶ بجے تک جاری رہتا ہے۔ ۷ بجے شام کے رات کا کھانا ہوتا ہے جس کو یہ لوگ سپر کہتے ہیں۔ سپر کے بعد طلبہ "کامن روم" میں جمع ہو کر کچھ دیر خوش گپی کرتے اور گاتے بجاتے ہیں۔ پھر ۸ بجے سے ۱۰ بجے تک کتب خانہ میں کتب بینی اور مطالعہ کرتے ہیں۔ ۱۰ یا ۱۱ بجے روشنی بند ہو جاتی ہے اور سب سو جاتے ہیں۔ فوک ہائی اسکول کے یہ اوقات ہیں جن سے آپ کو ظاہر ہوگا کہ طلبہ سے کس قدر کام لیا جاتا ہے اور خود مدرسین کس قدر محنت کرتے ہیں۔ ان سب حالات کے

سننے کے بعد ممکن ہے آپ کو یہ خیال گزرے کہ ۶ یا ۸ مہینے کی تعلیم سے کیا حاصل جب یہ اپنے گھروں کو واپس ہو کر کاروبار میں مشغول ہوتے ہوں گے تو سب بھول جاتے ہوں گے ایسا نہیں ہے بلکہ ایک دفعہ فوک ہائی اسکول سے نکلنے کے بعد مدت العمر اُن کا مطالعہ جاری رہتا ہے اور ان کے علمی مشاغل جاری رہتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ ہر قصبے اور ہر مقام پر فوک ہائی اسکول اور دیگر مدارس تعلیم بالغان کے لٹریری یونین ہیں۔ جب کبھی کوئی اس قصبے کا باشندہ فوک ہائی اسکول سے تعلیم پاکر واپس ہوتا ہے تو فوراً اس کو اس کلب اور یونین کا ممبر ہو جانا پڑتا ہے جن کے اراکین کا یہ فرض ہوتا ہے کہ ہفتہ وار جلسہ کریں اور اُن سب اہل قصبہ کو جمع کریں۔ جو فوک ہائی اسکول نہ جا سکتے تھے اور مختلف مفید مضامین پر انہیں لکچر دیں۔ اس طرح سے اُس نوجوان کو جو فوک ہائی اسکول سے واپس آتا ہے تقریر کرنی پڑتی ہے اور اس کے لئے ہمیشہ مطالعہ جاری رکھنا لازم ہو جاتا ہے۔ ان لکچروں کی شان بھی دیکھنے کے لائق ہوتی ہے وقت مقررہ پر گاؤں کے پبلک ہال میں سب مرد عورت، جوان بوڑھے جمع ہو جاتے ہیں اور بڑی توجہ اور شوق کے ساتھ لکچر سنتے، سوالات پوچھتے اور بعض وقت مناظرہ کرتے ہیں

فوک ہائی اسکول کے علاوہ تعلیم بالغان کے لئے زراعتی مدارس بھی قائم ہیں۔ یہ حال میں قائم ہوئے انہیں فوک ہائی اسکول کے بچے کہا جا سکتا ہے۔ چونکہ فوک ہائی اسکول میں زیادہ تر کلچرل مضامین کی تعلیم ہوتی ہے اور زراعت کی تعلیم کم۔ اس لئے ان مدارس کا افتتاح کیا گیا یہ مدارس بھی بالکل فوک ہائی اسکول کے اصول پر کام کرتے ہیں۔ مضامین تعلیمی بھی تقریباً وہی ہوتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ ان مدارس میں سائنٹیفک زراعت کی تعلیم زیادہ ہوتی ہے۔ ان کے علاوہ چھوٹے کسانوں کے مدارس (SMALL HOLDER'S SCHOOL) بھی قائم ہو گئے ہیں جو فوک ہائی اسکولس اور زراعتی اسکولس کے بین بین ہیں۔ ان میں کچھ تو کلچرل مضامین کی تعلیم دی جاتی ہے اور کچھ زراعتی تعلیم ہوتی ہے۔ یہ مدارس چھوٹے کسانوں کے لئے ہیں جو فوک ہائی اسکولس یا اگریکلچرل اسکول میں

تعلیم پانے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ ان کا کورس ذکور کے لئے ۵ ماہ اور اناث کے لئے
۳ ماہ کا ہے۔ طریقہ تعلیم، مدرسہ کے اوقات وغیرہ ان کے بھی کم و بیش فوک ہائی اسکولس کے
موافق ہیں۔ حال میں شہروں میں مزدور پیشہ بالغان کے لئے علحدہ مدارس قائم کئے گئے ہیں
جو کارگیروں کے مدارس (WORKES SCHOOL.) کہے جاتے ہیں۔ فوک ہائی اسکولس،
زراعتی اسکول اور چھوٹے کسانوں کے اسکول تمام اضلاع پر واقع ہیں اور کاشت کاروں اور
اہل دہ کی تعلیم ان میں ہوا کرتی ہے۔ اب چونکہ شہروں میں صنعت و حرفت میں ترقی ہونے لگی
اور کارخانے کھلنے لگے، تو ضرورت اس کی محسوس ہوئی کہ مزدوروں کے لئے شہروں میں
مدارس قائم کئے جائیں چنانچہ اس لئے ورکرس اسکول قائم کئے گئے۔ یہ مدارس بھی انہیں
اصول کے تحت جاری ہیں اور مضامین بھی وہی ہوتے ہیں فرق صرف اتنا ہے کہ کلچرل
مضامین کے ساتھ یہاں زراعت کی تعلیم کے بدلے معاشیات کی تعلیم دی جاتی ہے۔

العرض یہ ہیں مختصر حالات ڈنمارک کی تعلیم بالغان کے اور یہ ہیں مدارس جہاں
سالانہ ہزاروں تشنگانِ علم سیراب ہوتے ہیں۔

میرا دل تو چاہتا تھا کہ میں ان خدمات کا، جو ان مدارس کے طلبہ نے ادا کی ہیں
اور ان مدارس کے برکات کا جو قوم کو پہنچی ہیں ذکر کروں۔ لیکن یہ کیفیات اتنی طولانی ہیں کہ
بجائے خود ایک مضمون ہو سکتی ہیں۔ میں صرف ایک دو جملے عرض کرتا ہوں۔

ڈنمارک میں ایک انسائیکلوپیڈیا آف بیاگرفیز شائع ہوئی ہے جو ابھی مکمل نہیں ہوئی ہے
مجھے ایک ڈنمارک کے مدرس نے بتایا کہ اس میں ۱۰۹ ایسے کسانوں کے نام اور حالات
درج ہیں جنہوں نے فوک ہائی اسکول میں تعلیم پائی اور ملک کی زراعت کی اصلاح میں
کارنمایاں کئے۔ اس طرح ڈنمارک کی موجودہ نیلی کتاب میں تقریباً ۱۵۰ ایسے نام
پائے جاتے ہیں، جو اس وقت زراعتی، تجارتی، سیاسی اور سماجی معاملات کی رہنمائی
اور رہبری کر رہے ہیں اور یہ سب زراعت پیشہ اور فوک ہائی اسکول یا اگریکلچرل اسکولس کے

تعلیم یافتہ ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ ڈنمارک کی زراعتی ترقی، امداد باہمی کی تحریک کا رواج اور سیاسی آزادی کا ملنا، یہ سب انہیں مدارس کا فیض ہے۔

حضرات اس قسم کے مدارس خصوصاً فوک ہائی اسکولس ڈنمارک تک ہی محدود نہیں ہیں بلکہ فنلینڈ، سویڈن، ناروے اور امریکہ نے بھی تقلید کی ہے اور کئے مدارس قائم کئے ہیں۔ یورپ اور امریکہ پر کیا موقوف ہے ایسے مدارس ہمارے ملک میں بھی کامیابی کے ساتھ قائم ہو سکتے اور اس ملک کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ یہاں بھی قومی اتفاق اور اتحاد قائم ہو جائے۔ مذہب و ملت ذات پات کے جھگڑے مٹ جائیں، امیر و غریب کا فرق نہ رہے، خود غرضی، تن پروری، عیش پرستی کا مرض دفع ہو جائے اور ملک کے خوش قسمت ارباب دولت و حکومت کے دلوں میں ملکی اور قومی درد، حب الوطنی، حریت و مساوات کا جوش پیدا ہو اور مصرف خیرات کا صحیح مفہوم سمجھیں اور اپنی ثروت و لیاقت اور دماغ و قلم اور علم و عمل سے اپنے بدنصیب، مفلس، جاہل برادران وطن کی مدد کریں۔

طلبہ پر قابو پانے کے لئے ضروری ہے کہ معلم پہلے خود پر قابو پائے

(فرنیک لیس)

اگر ہم بنی نوع انسان کی بہبودی اور ترقی چاہتے ہیں تو اُس سے جسمانی ریاضت

(فروبل)

بچوں کی تعلیم کھیل کود کے ساتھ ساتھ بلاکسی روک تھام کے ہونا چاہیئے۔

(بقراط)

فرائض مدرسین

جناب مولوی حسام الدین صاحب فاضل

معزز صدر نشین صاحب اور محترم حضرات ۔

مدرسین کا سب سے پہلا فرض یہ ہے کہ اپنا وقار اپنی عظمت قائم رکھیں انکساری اچھی چیز ہے مگر مدرس کو زیبا نہیں کہ عہدے داروں کو جھک جھک کر خوشامدانہ سلام کیا کرے اس کے یہ معنے نہیں کہ مغرورانہ طریقہ برتا جائے ۔ نہیں ۔ بلکہ ادب واحترام کے ساتھ سلام و کلام کیا کرے اور مخلصانہ تعظیم وتکریم میں کمی نہ ہونے دے ۔ صدر مدرس صاحبین کو بھی چاہئیے کہ اپنے مددگاروں کے ساتھ نہایت خوش خلقی و ہمدردی سے پیش آیا کریں اور دوستانہ و برادرانہ میل جول رکھیں کہ یہ بھی فضل ایزدی ہے کہ اہل علم اُن کے ماتحت ہیں اور مصلحانِ قوم پر حکومت کرنے کا انہیں موقع ملا ۔ مدرسین کو چاہئیے کہ طلبہ کے ساتھ مساوات کا برتاؤ کریں ۔ امیر وغریب سب پر ایک ہی نظر شفقت رہے ۔ امتیاز بھی ہو تو ذکی وغبی طلباء کے لحاظ سے مگر کند ذہن لڑکوں کو بالکل نظر انداز بھی نہ کر دینا چاہئیے طلبہ کی حق بات پر خفا نہ ہوں نہ کسی طالب علم کی اتفاقی بدزبانی کی وجہ سے اپنے دل میں ملال رکھیں ۔ ع

جس سینے میں کینہ ہو وہ سینہ نہیں اچھا

یہ زیبا نہیں کہ کسی طالب علم نے کچھ بے ادبی کر دی تھی ۔ کوتاہ بیں استاد لے وقتیہ سزا کے علاوہ دو سال کے بعد اپنا مدفونہ غصہ اس طرح نکالا کہ یا تو امتحان سالانہ میں اس کو ناکام کر دیا یا نمبر کم دیئے ۔ استاد کو شفیق باپ کی طرح رہنا چاہئیے ۔ معصوم بچوں اور طالب علموں سے

غم وغصہ کیا اور دلی دشمنی کیسی ؎

بفرمان براں برشہ داد گر | پدر وار خشم آورد بر پسر
گہش می زند تا شود دردناک | گہے می کند آبش از دیدہ پاک

طلبہ کے ساتھ فیاضی وخوش خلقی سے پیش آنا بھی مدرس کا فرض ہے۔ حضرت امام اعظم رح کے شاگرد رشید امام ابو یوسف رح کو ان کے والد بوجہ غربت تحصیل علم سے روکتے اور محنت ومزدوری سے پیسہ کمالانے پر مجبور کرتے۔ یہاں تک کہ امام صاحب کے حلقہ درس میں سے اپنے بچے کو زبردستی اُٹھالے جاتے مگر امام اعظم وقتاً فوقتاً ابو یوسف کو آہستہ سے سو سو روپیوں کی تھیلیاں دیا کرتے کہ اپنے ابا کو دے دو اور تم بے فکری سے تحصیل علم میں مشغول رہو اسی فیاضی کا اثر تھا کہ ابو یوسف نے تمام علوم میں کمال حاصل کیا اور استاد وقت بن گئے ان ہی فیاضیوں وہمدردیوں کے نتائج تھے کہ پہلے زمانے کے تلامذہ اپنے اساتذہ پر ان جان قربان رہا کرتے تھے۔ آج ہمارے شاگرد مدرسے سے خارج ہوجانے کے بعد ہمیں سلام کرنے تک کسر شان خیال کرتے ہیں۔ امام تقی الدین رح جب اپنے استاد کے گھر حاضر ہوتے تو اپنے رخسار زمین پر ملتے اور فرماتے کہ میں اُس زمین سے برکت حاصل کرنا چاہتا ہوں جس پر میرے استاد نے قدم رکھے ہوں۔ اُستادانہ فیاضی کا تذکرہ کرنے سے میرا یہ مطلب نہیں کہ آپ سب صاحبین طلبہ کو روپیہ پیسہ دیا کریں بلکہ غرض یہ ہے کہ کم از کم خوش خلقی اور تا بہ مقدور ہمدردی سے آپ دریغ نہ کریں۔ مدرسین کو اپنی زبان کی اصلاح کی بھی سخت ضرورت ہے۔ بچوں کے ساتھ مدرس کی گفتگو نہایت مہذب ہونی چاہئے طالب علم استاد سے نہ صرف علم حاصل کرتا ہے بلکہ طرز گفتگو بھی سیکھتا ہے۔ ہمارے حیدرآباد کے ایک امیر کبیر کا حال مشہور ہے کہ معمولی خدمت گار سے بھی وہ آپ آپ سے خطاب کیا کرتے اور فرماتے کہ میں اپنی زبان کو درست رکھنا چاہتا ہوں۔

مدرسین کا فرض ہے کہ اپنی معلومات میں ترقی کرتے رہیں۔ مطالعہ جاری رکھیں

خصوصاً اپنے مفوضہ فن سے بخوبی واقف ہوں۔ یہ بھی کہ جو بات انہیں معلوم نہ ہو طالب علم سے صاف صاف کہہ دیں کہ بعد تحقیق تبلا دی جائے گی ایک بڑے امام سے جب کہ وہ برسر منبر خطبہ دے رہے تھے، ایک شخص نے چالیس مسئلے پوچھے۔ امام نے چار کا تو جواب دیا چھبیس مسئلوں کے متعلق کہہ دیا کہ پھر جواب دوں گا۔ پوچھنے والے نے کہا کہ جب تمام مسائل یاد نہیں تو آپ منبر پر کیوں کھڑے ہیں۔ جواب دیا کہ اسی لئے منبر پر کھڑا ہوں۔ اگر تمام مسائل سے واقف ہوتا تو عرش اعلیٰ پر کھڑے ہونے کے قابل ہوتا۔ ائمہ کرام کا تو یہ حال اور مدرسین کی یہ کیفیت کہ اپنی ہمہ دانی ثابت کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں کسی بات میں بھی اپنی عدم واقفیت کے اظہار کو ذلت خیال کرتے ہیں حالانکہ بڑی رسوائی تو یہ ہے کہ کسی لفظ یا فقرے کے معنے یا کسی شعر کا مطلب طالب علم کو سمجھا دیا جائے اور وہ صحیح تصور کرے مگر بعد میں وہ غلط ثابت ہو۔

جسمانی سزا کے متعلق چونکہ مفصل تقریر کل آپ ایک بلند پایہ مقرر سے سن چکے ہیں اس لئے میں صرف اتنا عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ مدرس کو چاہیئے کہ طلبہ کو قابل بنانے کے لئے سزا دیا کرے نہ کہ اپنا دل ٹھنڈا کرنے کے لئے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ بعض اساتذہ اس شدت و بے رحمی سے مارتے ہیں گویا سخت مجرمین کو سزا دے رہے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طلبہ میں بے حیائی اور استاد سے تنفر پیدا ہو جاتا ہے۔ کبھی تو تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق لڑکے بے باکانہ طور سے زبان درازی کرنے لگ جاتے ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ مدرس تنبیہ کرے ہی نہیں بلکہ اس طرح مارے کہ جو چھڑی کسی طالب علم کے مارنے کو اٹھائی گئی ہے اگر اس وقت اس کے نیچے اس مدرس کے لخت جگر صاحبزادے کا ہاتھ لایا جائے تو یہ بید اسی شدت سے پڑے جتنی طالب علم پر پڑتی۔ ورنہ ظاہر ہے کہ یہ سزا محبت کی سزا نہیں بلکہ غصہ اور بے دردی کی ہے جن مدرس صاحب کے عوض دار العلوم میں میرا تبادلہ ہوا تھا اُن کا وقت جماعت صغیر میں بھی تھا اس لئے مجھے بھی دو تین مہینے جماعت صغیر میں تعلیم دینے کا اتفاق ہوا

صرف پنسل کی مار بچوں کے لئے کفایت کرتی اور وہ اچھی طرح سبق یاد کر لیتے تھے میں انھیں دوست پکارا کرتا وہ میرے ساتھ مودبانہ محبت سے رہتے۔ اب جب کہ اس کو چھ سات سال کا عرصہ ہو چکا ہے استحاد کا یہ حال ہے کہ اس جماعت کے طلبہ اس وقت کسی جماعتیں زیر تعلیم ہوں مجھ سے مخلصانہ ملاقات کر لیا کرتے ہیں۔ پہلے ہی والدین علم اور اُستاد سے طالب علموں کو وحشت زدہ بنا کر مدرسہ لاتے ہیں۔ حالت یہ ہے کہ کم سن بچہ روتا یا کچھ ضد کرتا ہے تو اُس کو ماں باپ کہا کرتے ہیں کہ خاموش رہ ورنہ مدرسہ روانہ کر دیا جائے گا اُستاد سے کہہ کے تجھے سزا دلائی جائے گی۔ گھر میں جب کبھی بچے نے کچھ شرارت کی کہہ دیا جاتا ہے کہ چل پڑھنے کے لئے بیٹھ جا۔ غرض ہر طرح علم اور معلم سے خوف زدہ رکھا جاتا ہے اب مدرسے میں لڑکا داخل ہوتا ہے تو اُستاد کی غضب ناک صورت، زبردست آواز زور زور کی مار اس کے لئے وحشت زدگی کی تکمیل کا باعث ہو جاتی ہے۔ اور وہ کتابوں اور ان کے پڑھانے والوں سے سخت نفرت کرنے لگ جاتا ہے اس لئے مدرس کا فرض ہے کہ اپنی نیک مزاجی اور خوش خلقی سے طالب علم پر یہ ثابت کر دے کہ علم نہایت مفید اور لذیذ چیز ہے اور علم سکھانے والا استاد اس لڑکے کے لئے والدین سے زیادہ شفیق و مہربان اور اس کا بہی خواہ ہے کہ وہ تو جسم کی پرورش کیا کرتے ہیں اور یہ روح کی تربیت کرتا ہے۔

مدرسین کرام کو اپنی اخلاقی و معاشرتی حالت بہت ہی درست رکھنے کی سخت ضرورت ہے تاکہ ان کی تقلید سے لڑکے درست حالت میں رہیں بلکہ یہ کیفیت ہونی چاہیے کہ علم و اخلاق کی جو باتیں بھی لڑکا اپنی کتاب میں پڑھے اس کا عملی نقشہ اپنے مدرس صاحب میں دیکھ لے۔ مدرس صاحبین کے لئے ضروری ہے کہ باوجود استطاعت کبھی کبھی چھوٹے سے چھوٹا کام بھی اپنے ہاتھوں سے انجام دیا کریں تاکہ طلبہ میں بھی اپنا کام آپ کر لینے کی عادت ہو اور وہ معمولی کاروبار کی انجام دہی کو عار نہ سمجھیں۔ انتہائی امانت و دیانت کی بھی بے حد ضرورت ہے

تاکہ طلبہ دیانت داری کا کافی طور پر سبق حاصل کر سکیں۔ یہ تو خدائے تعالیٰ کا فضل ہے کہ طبقۂ مدرسین کے لئے بد دیانتی وغیرہ کے اسباب بڑی حد تک ناپید ہیں۔ تاہم کسی مدرس صاحب کو حق نہیں ہے کہ ذاتی کام کے لئے مدرسہ کا ذرا سا کاغذ تک خرچ کریں۔

وظیفہ تعلیمی و غربت کے لئے طلبہ کا انتخاب کرتے وقت بھی حضرات مدرسین کو خاص احتیاط کی سخت ضرورت ہے۔ یہ مناسب نہیں ہے کہ ہم اپنے عزیز و اقارب یا دوست احباب کے بچوں کو ناواجبی طور پر وظیفہ خوار بنا دیں۔ بعض طالب علم نہایت واجب الرحم اور علم کے شوقین ہوتے ہیں مگر وظیفہ نہیں پاتے۔ ایک طالب علم اپنے کو غریب بتلاتا ہے اور اس کی غربت کسی طرح ثابت بھی ہو جاتی ہے مگر وہ سیکل پر مدرسہ آتا جاتا ہے یہ طالب علم وظیفہ پانے کا اس لئے مستحق نہیں ہے کہ سو پچاس روپیے کا مالک ہے کہ جو سیکل خرید لی اس سے تو وہ پیدل چلنے پھرنے والا طالب علم زیادہ حق دار ہے، جو غریب ہو۔ اگرچہ اس کے والد کی آمدنی بہ ظاہر پہلے طالب علم کے والد سے کسی قدر زیادہ ہی کیوں نہ ہو۔ غرض سیکل فارغ البالی کی بدیہہ دلیل ہے جو ہر مدرس کو علانیہ معلوم ہو سکتی ہے یہ تو میں نے مثالاً پیش کیا ہے لباس وغیرہ سے بھی اسی طرح غربت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

حضرات۔ بالآخر ادباً گزارش یہ ہے کہ آپ سب صاحبین بچوں اور بڑوں کے لئے ہر حیثیت سے بہترین نمونہ بنے رہیں اور جو بچہ بھی آپ کے مدرسہ میں داخل ہو وہ علم عمل اور اخلاق و عادات کے لحاظ سے بہترین فرد ہو کر نکلے۔

مدارس میں اردو کی تعلیم

جناب مولوی ابو ظفر عبدالواحد صاحب ایم اے لکچرار سٹی کالج حیدرآباد دکن

ہندوستان میں تمام علمی اور سیاسی اصلاح کی بسم اللہ اتحاد عمل اور رواداری سے ہوتی ہے، لیکن خاتمہ "تو تو میں میں" پر ہوتا ہے۔ ایسی حالت میں راقم الحروف کی ساعی اس کلیہ سے کس طرح مستثنیٰ ہو سکتی تھیں۔ انجمن اساتذہ کے دوسرے سالانہ جلسے میں جس مضمون پر اور جن قیود کے ساتھ مجھے اپنے اظہار خیالات کا موقع دیا گیا تھا اس کو میں جانتا ہوں یا میرا دل۔ حالانکہ مضمون پڑھنے سے پہلے میں نے صاف صاف کہہ دیا تھا کہ "قلت وقت" کا پھندا میری گردن میں کچھ اس طرح ڈالا گیا ہے کہ مضمون کو شرح و بسط کے ساتھ بیان کرنے کی قطعی گنجایش نہیں ہے۔ لہذا ان مجبوریوں کے تحت میں نے صرف ایسے امور پر اکتفا کیا تھا جن کا جاننا ایک کامیاب طرز تعلیم کے لئے ضروری ہے اور میں نے اس امر پر اپنے مضمون میں زور دیا تھا کہ استاد کو کلاس میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے ضرورت ہے کہ وہ ادب کے اعلیٰ مقاصد، نیز جدید ادبی معلومات اور اطلاعات سے باخبر رہے۔ تاکہ طلبہ کی استعداد کے مطابق وہ ان کے معلومات میں اضافہ کر سکے۔ یہ بھی بتلایا گیا تھا کہ ان تمام چیزوں کے علاوہ طلبہ کے ساتھ نرمی اور آشتی کا برتاؤ ملحوظ رکھا جائے۔ بہر حال میں مضمون کے نکات کا اعادہ کرنا نہیں چاہتا اگر میرے معترضین ان تمام واقعات کو پیش نظر رکھتے ہوئے "حیدرآباد ٹیچر" کے اوراق میں مضمون کا پھر مطالعہ فرمائیں گے تو معلوم ہوگا کہ میں نے بحث بیجا سے احتراز کیا ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ شرح و بسط کے ساتھ بحث ناممکن تھی اس لئے کہ جس تنگی وقت میں جو کچھ میں نے بیان کیا ہے اگر کہیں ایسی مجبوری کا انہیں سامنا کرنا پڑتا تو مجھ سے زیادہ انہیں وقت درپیش ہوتی۔

حضرات! انگریزی کی ایک مشہور کہاوت ہے کہ شاعر پیدا ہوتا ہے' بنایا نہیں جاتا۔ ہندوستان میں اب بھی یہ عام خیال ہے کہ شاعری ایک اکتسابی چیز ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر شاعری میں استادی اور شاگردی کی رسم کب ہی کی اٹھ گئی ہوتی۔ لطف تو یہ ہے کہ اور اکتسابی علوم کی طرح ہندوستان میں شاعری بھی سکھائی جاتی ہے۔ اور شعرا نے ملک کے چپہ چپہ میں اپنے اپنے اکھاڑے قائم کر رکھے ہیں۔ لیکن یہ امر ایک زبردست مغالطہ پر مبنی ہے۔ اس لئے کہ محض کلام کو موزوں کر لینا اور کسی خیال کو خوش سلیقگی کے ساتھ بامحاورہ زبان میں ادا کر دینا' شاعر ہونے کی دلیل نہیں ہے۔ چنانچہ اہل بصیرت خوب جانتے ہیں کہ موزوں کلام یا یہ کہ عبارت میں ایک وزن موسیقی یا وزن عروضی پیدا کرنا' شاعری کا خارجی پہلو ہے' واقعہ یہ ہے کہ شاعری دراصل جذبات کی موزونی اور واردات قلبی کی تصویر کھینچنے کا کام ہے۔ شاعر کو اس بات کی ضرورت نہیں ہے کہ قواعد زبان اور عروض کا پابند ہو۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ اصول قواعد و عروض کو ملحوظ رکھے اس کی مثال ایسی ہی جیسی کہ زبان اور قواعد زبان کی۔ زبان سے قواعد بنتی ہے زبان قواعد سے نہیں بنتی۔ یہ قواعد کا کام ہے کہ وہ اپنے ضوابط کو زبان کی وقت بوقت کی تبدیلیوں کے ساتھ بدل لے۔ بلبل نغمہ پیرا ہوتی ہے' تو اس لئے کہ گانا اس کی فطرت میں داخل ہے۔ جب وہ عالم سرمستی اور خوش کیفی میں بے ساختہ چہکنے لگتی ہے تو اسے اس کی سدھ بدھ نہیں رہتی کہ وہ اپنے نغمہ کو بحر رمل میں موزوں کرے یا بحر ہزج میں۔ بلکہ وہ آپے سے باہر ہو کر گاتی ہے جس میں بیدل کی دقت پسندی اور ناسخ کی صنعت کاری کو کچھ دخل نہیں۔ اس کی آواز سے مختلف اوقات میں مختلف قسم کے نغمے نکلتے ہیں اب سمجھنے والے اپنے سمجھنے کی خاطر اوزان یا پیمانے بنا لیں کہ آیا یہ نغمہ بحر خفیف میں ہے یا بحر کامل میں۔ مطلب میرا اس بحث سے یہ ہے کہ شاعر چند خدا داد جوہر اپنی آفرینش کے ساتھ لے کر آتا ہے۔ اسی طرح میرا خیال ہے کہ ایک مقرر اور مدرس بھی چند فطری قابلیتیں

ے کر پیدا ہوتا ہے۔ الغرض یہ کہ شاعر کی طرح مدرس بھی پیدا ہوتا ہے بنایا نہیں جاتا۔

لہٰذا طرز تعلیم کے بارہ میں میرا یہ خیال ہے کہ کسی تعلیمی اصول یا نظام کے تحت ایک شخص جس میں یہ فطری صلاحیتیں نہ ہوں اُستاد بنایا نہیں جا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ محض سی۔ ٹی یا بی ٹی ہونا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ ایک شخص کامیاب مدرس ثابت ہوگا۔ لیکن جس طرح زبان کے قواعد کا پابند ہونے کے بعد ایک انسان صحیح زبان بول سکتا ہے یا یہ کہ عروض و بیان پر حاوی ہونے کے بعد کلام موزوں کر سکتا ہے اور ناظم بن سکتا ہے اسی طرح چند تعلیمی تجربے یا اصول ایسے پیش کئے جا سکتے ہیں جن کی بدولت درس و تدریس میں بڑی حد تک مدد ملے۔ گو اس میں شک نہیں کہ ان اصول پر سختی سے کاربند ہونے کی تلقین نہیں کی جا سکتی، اس لئے کہ خاص واقعات اور حالات کے تحت اس میں اس بات کی ضرورت ہے کہ اُستاد عقل سلیم سے بھی کام لے۔ ورنہ یہی اُصول جو تعلیمی مشکلات کا حل پیش کرتے ہیں خود وبال جان ہو جائیں گے۔ میں اس خیال کو ایک تمثیل سے واضح کروں گا۔

ماہران فن اس کو خوب جانتے ہیں کہ فوجی سپاہیوں کو اپنے پیشے پر چست و چالاک رکھنے کے لئے فوجی کرتب اور مصنوعی جنگ میں ان اُصول کو برتنے کے گر سکھائے جاتے ہیں۔ لیکن محض مصنوعی جنگ میں کامیاب ہونا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ ایک سپاہی لازمی طور پر میدان جنگ کی قتل گاہ میں بھی اسی طرح کامیاب نکلے گا۔ اس لئے کہ بڑا فرق ہے فتح میدان کی پریڈ گرونڈ اور فرانس کے میدان کارزار میں۔ بڑے بڑے سورما سپاہی جنھوں نے یہاں بڑے کرتب دکھائے، اصلی معرکہ گاہ میں کچھ اس طرح سے چوکڑی بھولے کہ ان سے تو مصنوعی جولان گاہ کے پھسڈی بازی لے گئے۔ پس اسی طرح بی ٹی یا سی ٹی میں طرہ امتیاز حاصل کرنا اس امر کو ثابت نہیں کرتا کہ اسکول کی چار دیواریوں میں جب کہ مختلف ذہنیتوں اور جھٹے ہوئے طالب علموں سے سابقہ

پڑتا ہے' ماسٹر صاحب یا ملاجی اسی طرح کامیاب نکلیں گے۔ ایسے مواقع پر تو اصول وضوابط و نظائر تعلیمی کے علاوہ کچھ جراءت' معاملہ فہمی' استقلال' تحمل اور تدبیر کی ضرورت درپیش ہوتی ہے۔ بعض شوخ طبیعت طالب علم مدرس کی آزمائش کی خاطر ایسے ایسے نکات نکالتے اور بحث سے ہٹا دینے والے سوالات کرتے ہیں کہ اگر مدرس حکمت عملی اور استقلال کو کام میں نہ لائے تو ساری جماعت کے سامنے شرمندہ ہونا پڑے۔ یہ مواقع ایسے ہیں کہ محض کتابی معلومات اور اصول تعلیم سے کام نہیں چلتا ہے بلکہ حکمت سے جو محض اکتسابی چیز نہیں ہے ایک حد تک فطری بھی ہے حاصل کلام یہ کہ جس طرح یہ لازم نہیں کہ علم منطق سے واقف ہونے کے بعد ایک منطقی بحث و مباحثہ میں غلطی نہیں کرسکتا' لیکن منطق سے واقف ہونا انسان کو ایک حد تک مغالطہ سازیوں اور الٹی بحثوں سے مصئون رکھتا ہے۔ اصول تعلیم یا طرز تعلیم سے باخبر ہونا بھی اسی طرح بہتیری مشکلات سے ایک مدرس کو محفوظ رکھتا ہے۔ چنانچہ آج اس موضوع پر خیال آرائی سے میری یہی غایت ہے۔

موجودہ تعلیمی دنیا میں ماہران تعلیم کے تجربوں اور نظریوں سے ایک انقلاب عظیم پیدا ہوگیا ہے۔ اور ان اصول پر احتیاط کے ساتھ عمل پیرا ہونے کے بعد بہتیری سہولتیں پیدا ہوگئی ہیں اور ہوتی جارہی ہیں۔ جس سے ایک حد تک تعلیمی مشکلات کا سد باب ہوتا جاتا ہے۔ خود ہندوستان میں بیس پچیس سالہ تعلیمی جدوجہد اس بات کا پتہ دے رہی ہیں کہ تربیت یافتہ اساتذہ غیر تربیت یافتہ مدرسین سے کہیں زیادہ مفید ثابت ہورہے ہیں۔ اس لئے کہ تعلیمی مشکلات اور اس کے حل نیز طلاب کی ذہنیتوں اور نفسیاتی پیچیدگیوں سے بے خبر نہیں ہوتے۔ لیکن جہاں تک دیسی یا ملکی زبانوں کی تعلیم و تدریس کا تعلق ہے' اساتذہ کو یا تو اس قسم کا موقع ہی نہیں دیا جاتا کہ وہ آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ ادر ہم پیشہ لوگ کیا کررہے ہیں۔ اور (یہ ایک حد تک زیادہ درست ہے) مولوی صاحبان اپنے قدیم ڈگر سے بال برابر ہٹنا نہیں چاہتے۔ اور باوا آدم کے زمانے سے

جو اصول تعلیم بتا رہے ہیں، ان میں سر مو تبدیلی ایسا ہی تصرف بیجا جانتے ہیں جیسا کہ قرآنی آیات میں اعراب کا ادھر سے ادھر ہٹا دینا۔ لیکن واقعات حالیہ اس امر کے متقاضی ہیں کہ اس امر کی طرف تعجیلی توجہ عمل میں لائی جائے اس لئے ڈنڈے بازی کے زور سے لڑکوں پر رعب جمانا اپنے اصول تعلیم کی خامیوں کی تلافی کرنا نہایت خطرناک ہے! ور اس کے تحفظ کو بخوبی جانتے ہیں اور بے جا سختی کو گوارا نہیں کرتے' تو مدرسوں کے طالب علم تو کہیں زیادہ روشن خیال ہوتے ہیں وہ اس قسم کی بے جا سختی کا اگر بھولے سے بھی استاد کو مرتکب پائیں گے تو اس طرح پیچھا کریں گے کہ خیر شیطان سے لاحول پڑھ کر چھٹکارا پانا ممکن ہے لیکن ان معصوم شیطانوں سے بچنے کا کوئی چٹکلہ بڑے سے بڑا بھی پیش نہیں کرسکتا۔ اور حقیقتاً ان ہی مواقع پر استاد کی آزمایش ہے سب سے پہلے طلاب کی ذہنیتوں کا مطالعہ ضروری ہے اور پھر اس بات کی ضرورت ہے کہ اپنا ذاتی وقار اس طور پر قائم کیا جائے جو محتاج عصائے مولوی نہ ہو! اگر اس موقع پر استاد کی ہوا اکھڑ گئی تو پھر پھر وہ کتنا ہی بڑا عالم وفاضل اپنے وقت کا کیوں نہ ہو لیکن اس کی تعلیم سے لڑکوں کو کوئی فائدہ نہ ہوگا اور ملفت میں اپنی اوقات بھی تلخ ہوگی۔

لہٰذا اس تنبیہ کے بعد درس وتدریس کے بارہ میں چند باتیں پیش کی جاتی ہیں۔

یہاں بھی زبان دانی اور ادبی اطلاعات کی حد تک استاد کو چند جدید رجحانات سے باخبر ہونے کی ضرورت ہے محض لغت پر حاوی ہونا ادب یا زبان پر عبور حاصل ہونے کی دلیل نہیں ہے۔ اگر تعلیم کا یہی مقصد ہے کہ طالب علم کلاس میں استاد سے چند نامانوس الفاظ کے معنے پوچھ لے چند پیچیدہ عبارات کی ترکیب استاد اس کے ذہن نشین اس طرح کرادے کہ اس کا تعقل دشوار نہ ہو تو ایسی تعلیم تو طالب علم گھر بیٹھے بھی حاصل کرسکتا ہے۔ دو چار روپیہ کی ایک لغت اس کو دلادی جائے تو نامانوس الفاظ وغیرہ کے معنے اُسے یوں معلوم ہو جائیں گے دیکھئے پھر استاد کی ضرورت ہی ایک سرے سے

باقی نہیں رہتی اور ساٹھ ستر لاکھ روپیہ کی رقم جو ہماری ریاست کو تعلیمی معاملات کے ضمن میں صرف کرنی پڑتی ہے وہ صاف بچ جائے گی۔ لیکن آپ خوب جانتے ہیں کہ لڑکا اسکول میں اس طرح وقت ضائع کرنے کے لئے نہیں آتا بلکہ وہ تو اس لئے آتا ہے کہ اضافہ لغت کے علاوہ جو اس کو مطالعہ کتب سے حاصل ہو سکتا ہے ایسی باتیں بالخصوص معلوم کرے جس سے اس کی اخلاقی اور ذہنی حالت درست ہو سکے، زندگی کے واقعات کو صحیح طور پر دیکھنے اور مشکلات دہر کا مردانہ وار مقابلہ کرنے کی اس میں رفتہ رفتہ صلاحیت پیدا ہو۔ آپ کی شخصیت یا یہ کہ شخصی نفوذ سے دوچار ہونے کے بعد اس کے ننھے وجود میں بھی ایسے خوابیدہ جوہر جو پوشیدہ ہیں ابھریں تاکہ وہ سمجھے کہ حقیقتاً یہ معلومات جو اُسے ملی ہیں محض امتحان پاس کرنے کی خاطر نہیں ہیں بلکہ ان سے بہت کچھ مشکلات زندگی کا سدباب ہو سکتا ہے اور یہی چیزیں آیندہ ترقی اور تکمیل حیات کی راہ میں شمع ہدایت بنیں گی لیکن ان چیزوں کو ذہن نشیں کرنے کے لئے اور لڑکوں کو ان کی استعداد اور حوصلہ کے مطابق روشناس کرنے کے واسطے اساتذہ کی ضرورت ہے کہ خود اساتذہ صاحبان زبان اور ادب کے بارہ میں جدید معلومات حاصل کریں عام طور پر قدامت پسند حضرات کا ادب اور بالخصوص زبان کے متعلق یہ خیال ہے کہ یہ بے کار چیزیں ہیں ادب کا مطالعہ اس لئے ضروری ہے کہ زبان دانی کا دائرہ بغیر اس کے وسیع ہو نہیں سکتا۔ زبان اس لئے ضروری ہے کہ اس پر عبور حاصل ہوے بغیر طراری اور لفاظی حاصل ہو نہیں سکتی جب یہ نہ ہوا تو پھر وعظ اور مولود کی محفلیں کیسے گرمائی جاسکتی ہیں۔

لیکن حضرات! ان جزئی فوائد سے قطع نظر زبان اور خصوصاً ادب کا انسانی زندگی سے بہت گہرا تعلق ہے۔ زندگی کا اثر ادب پر پڑتا ہے اور ادب کا اثر زندگی پر۔ اس طرح ادب اور زندگی کا ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہے۔ ادب انسانی زندگی کا ترجمان ہے ادب انسانی زندگی کا آئینہ ہے۔ کسی قوم کے دلی مقاصد، رجحانات، احساسات، جذبات،

اور تخیلات کو ٹٹولنا چاہو تو اس کے ادب کا مطالعہ کرو لیکن کتنے افراد ایسے ہیں ہمارے ہاں جو ادب کو اس نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں کتنے ہیں جو اوروں کو اس قسم کا مطمح نظر اختیار کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ بہتیرے ہم میں ایسے ہوں گے جنہیں اس کی بھی خبر نہ ہوگی کہ حافظ کا زمانہ پہلے کا ہے یا سعدی کا۔ حافظ یا سعدی کے زمانہ میں ادبی، سیاسی رجحانات سعدی کی شاعری حافظ سے کیوں ملتی جلتی نہیں، میر تقی کب پیدا ہوئے؟ اُن کے زمانہ میں ہندوستان کی سیاسی فضا میں کس قسم کا انتشار تھا۔ اور اس کی جھلک کہاں تک ان کے کلام اور اُن کی داستانِ درد میں پائی جاتی ہے برخلاف اس کے سودا اور انشا کے ہاں یہ بہروپیا پن کہاں سے آیا؟ اور اس کے کیا اسباب تھے، اِن چیزوں کے متعلق ہمارے معلومات ایسے ہیں جن کو ریاضی کی زبان میں بیان کرنا چاہیں تو غالباً صفر بھی ادا نہ کر سکے۔ میرا تو یہ خیال ہے کہ غزل کے خاتمہ پر تخلص کی مہر لگی نہ ہو تو شائد ہم داغ اور حالی کے کلام میں بھی تمیز نہ کر سکیں۔ لہٰذا خیال فرمائیے کہ استاد کا جب یہ حال ہو تو شاگردوں سے کیا توقع کی جائے۔

الغرض ادبی انقلابات اور رجحانات سے باخبر ہونے پر اُستاد کو طرز تعلیم میں بہت مدد مل سکتی ہے اور کتابی مبحث کے علاوہ طلاب کو دوسری چیزیں بھی معلوم ہوتی رہیں تو یقین ہے کہ اُن کی دلچسپی اضافہ معلومات کے ساتھ ساتھ اور بڑھتی جائے گی لیکن ہاں اس میں اعتدال شرط ہے۔ مثلاً مڈل کلاس کے طالب علم کو وہی حد تک نئی باتیں بتلائی جائیں جہاں تک اس کی استعداد علمی اس کی متحمل ہو نہ یہ کہ ہمہ دانی کے جوش میں آکر ایسا لکچر پلا دیا کہ جس کے سمجھنے کی توقع ایف اے کے طالب علموں سے بھی کم کی جا سکتی ہے۔

علاوہ بریں کلاس میں ہمیشہ استاد کو چاہیے کہ مہا تما بدھ کی سنجیدگی اختیار کرنے سے احتراز کرے لڑکے تو خیر لڑکے ہی ہیں دنیا کے شیریں و تلخ کو انہوں دیکھا ہی کیا ہے۔ زندہ دل اور عیار تو انہیں ہونا بھی چاہیے۔ ذرا اُن صحبتوں پر نظر دوڑائیے تو معلوم ہوگا کہ

آدمی جو ظریف، خوش طبع اور شگفتہ مزاج ہوتا ہے۔ کس طرح ہر جگہ پیش پیش رہتا ہے۔ پس کلاس میں تو اس کی بہت زیادہ ضرورت ہے کہ ظریف نہ سہی تو خیر اس لئے کہ ہر شخص بذلہ سنج ہو نہیں سکتا، جب تک کہ دست قدرت نے اُس کو حیوان ظریف نہ بنایا ہو۔ لیکن ہر ایک حیوان ناطق کو ہنسمکھ اور زندہ دل ہونا چاہیئے اور مدرس کو تو ضرور ہونا چاہیئے۔ بلکہ میں یہ کہوں گا کہ میرے بس کی بات ہوتی تو یہ کرتا کہ کسی استاد کو اگر ہشاش بشاش نہ پاتا تو اُس کو اضافہ تدریجی سے محروم رکھتا۔ اے کاش اس انجمن کے ارباب حل وعقد کو میرے اس مشورہ سے اتفاق ہو اور اس کا عملدرآمد ہو جائے تو خود کو بڑا خوش قسمت سمجھوں۔ بہرحال میرے کہنے کا یہ مطلب ہے کہ لڑکوں کے ساتھ زیادہ سنجیدہ اور خشک مزاج رہنا ٹھیک نہیں ہے بہت سے مسائل ہنسی مذاق میں آسانی سکھائے جا سکتے ہیں اور لڑکوں سے تو ہنسا بہلا کر جتنا چاہو کام لے لو مثل مشہور ہے

مزدور خوش دل کند کار بیش

پس مزدور ہی پر کیا منحصر ہے کیا لڑکوں پر یہ تمثیل صادق نہیں آتی؟

(باقی)

دَورِ مسعُود

عنوان بالا کے تحت ہمارے لائق مقالہ نگار نے نواب مسعود جنگ بہادر کی دوازدہ سالہ کارگزاری کو جن مختصر اور جامع الفاظ میں قلم بند کیا ہے وہ کسی تفصیل کی محتاج نہیں قارئین کرام غور فرمائیں کہ کس درجہ پبلک کے خیالات کی ترجمانی کی گئی ہے۔

شریک مدیر

تعلیمی نقطۂ نظر سے عموماً ہندوستان اور خصوصاً علیگڈھ کو سرسید علیہ الرحمۃ کے نام نامی سے جو نسبت ہے، بالکل وہی مناسبت جناب نواب مسعود جنگ بہادر کے اسم گرامی کو خطۂ دکن سے ہے۔ اگر ان دونوں جلیل القدر ہستیوں کے دور دورے کے حالات پر ایک اجمالی نظر بھی ڈالی جائے تو یہ امر حقیقت پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے گا کہ ہر دو مقاماتِ مذکورہ میں ایک ہی نوعیت کی تعلیمی پستی رونما تھی۔ نیز جد بزرگوار کو جس قسم کی مشکلات کا سامنا ہوا، نبیرہ محترم کو بھی کم و بیش ایسے ہی سوانحات کا مقابلہ کرنا پڑا اور بالآخر دونوں نے نیّت خیر و حسنِ عمل کی بدولت ملک و مالک سے خراج تحسین حاصل کیا۔

خالق اکبر نے نواب صاحب ممدوح کو حسنِ صورت و سیرت کے ساتھ خاندانی فضیلت و برتری بھی عطا فرمائی ہے جو سونے پر سہاگے کا مصداق ہے۔ چنانچہ آپ کا سیّد ہونا اس تقدس کا ضامن ہے جس کا قابل سلسلہ آن حضرت صلعم کی ذاتِ مقدس سے ملتا ہے۔ آپ کا اعلیٰ خاندان نہ صرف دولتِ علم و عمل سے مالا مال نظر آتا ہے بلکہ اس پر شانِ امارت

دانسری بھی نمایاں طور پر پائی جاتی ہے۔ چنانچہ سلطنتِ مغلیہ کے دورِ حکومت کی تاریخ شاہدِ حال ہے کہ اس خاندان کی دستارِ فضیلت خطاب عالیہ و منصب جلیلہ کے طرۂ امتیاز سے مزین بھی۔ اور تو اور ہندوستان کے آسمانِ تعلیم کے نیر اعظم سرسید علیہ الرحمۃ کا مشہور آفاق نام کیا کم باعث فخر و مباہات ہے۔ کونسا تعلیم یافتہ دل ایسا ہے کہ جس میں اس معلّم اول کی یاد تازہ نہ ہو اور کونسی زبان ایسی ہے کہ جو اُن کے احسانِ عظیم کے اعتراف سے آشنا نہ ہو خدا نے نواب صاحب کو جس پائے کا جدِ بزرگ عطا فرمایا اسی رتبے کے باپ کا بیٹا بھی بنایا۔ جسٹس سید محمود صاحب مرحوم کی خداداد قانونی قابلیت مقننینِ وقت سے اس طرح اپنا لوہا منوا چکی ہے کہ آج تک قانونی دنیا میں آپ کا نام نامی ضرب المثل ہے۔

آپ ۱۸۸۵ء میں بمقام علیگڈھ پیدا ہوئے اور اپنے مُصلحِ قوم جدِ محترم کی آغوشِ تربیت میں پرورش پائی مگر افسوس ہے کہ ہوش سنبھالنے سے بہت پہلے ہی آپ کے جدِ امجد اور والد ماجد ہر دو کا سایہ آپ کے سر سے اُٹھ گیا لیکن اس دُرِ یتیم کی تعلیم و تربیت برابر جاری رہی اور اس میں سر مو فرق نہ آیا۔ چنانچہ آپ نے علیگڈھ کے مشہور مدرسے میں تعلیم کے ابتدائی مدارج طے کرنے کے بعد ۱۹۰۵ء میں میٹرک کا امتحان کامیاب کیا اور دورانِ تعلیم میں ہونہاری اور شغف علمی کے کچھ ایسے جوہر دکھائے کہ سر تھیوڈ ماریسن کی کوشش اور سرکار عظمت مدار کی توجہ عالیہ سے آپ بہ غرض تعلیم انگلستان روانہ ہوئے اور مسٹر فشر کی نگرانی میں نیو کالج آکسفورڈ سے ۱۹۱۰ء میں بی اے (آنرس) کی ڈگری لی اور فن تاریخ میں اپنے ہم چشموں میں نمایاں امتیاز حاصل کیا۔ نیر وحید العصر پروفیسر کی نظروں میں اپنا وقار و منزلت پیدا کی، جس کے سبب استاد و شاگرد کے شریفانہ تعلقات بہت جلد مبدل بہ دوستی ہوگئے اور آپ کو کالج کی تقاریب میں نہایت ممتاز حصہ ملنے لگا مزید برآں آپ نے اپنے والد محترم کے معزز پیشہ وکالت کی ناقابل فراموش یاد کو تازہ کرنے کی غرض سے بیرسٹری کی سند بھی حاصل کی۔ نہ صرف درس و تدریس میں آپ کی شہرت و توقیر ہوئی، بلکہ عموماً

مختلف کھیلوں اور خصوصاً ٹینس میں آپ کو ایسا یدطولیٰ حاصل ہوا کہ آپ کی شاطری کالج کے لئے باعث فخر ہو گئی۔ چنانچہ آپ اپنے زمانۂ قیام میں نمایندگی کے قابل رشک فرائض برابر ادا کرتے رہے آپ کی موجودہ عمدہ صحت اور متین جسامت، چشم بد دور۔ خود اس امر حقیقت کی دلیل ہے کہ آپ نے دماغی تعلیم کے ساتھ جسمانی ورزش کا خیال بھی بدرجۂ اتم رکھا ہے کہ صحیح الدماغ ہونے کے لئے صحیح الجسم ہونا لازمی ہے۔ خلق و مدارت اور حسن گفتار نے آپ کی ہر دل عزیزی کو اس قدر عام کر دیا تھا کہ احباب تو احباب اغیار بھی بجا طور پر آپ کے ثنا خواں تھے۔ بالآخر آپ فارغ التحصیل و فاتح المرام ہو کر ۱۹۱۲ء میں مراجعت فرمائے ہندوستان ہوئے۔

ہندوستان آنے کے بعد عملی زندگی کے وسیع میدان میں قدم رکھنے سے پہلے جد امجد اور والد ماجد کی دو مختلف العمل راہیں پیش نظر تھیں اور آپ میں ہر دو کی کما ینبغی قابلیت و موزونیت موجود تھی۔ آخرکار آپ نے والد بزرگوار کے نقش قدم پر چلنے کی ٹھان لی اور پٹنہ میں وکالت شروع کر دی۔ ابھی زیادہ عرصہ نہ گزرا تھا کہ

نہفتہائے پدر از پسر شود پیدا

کی صداقت ظاہر ہونے لگی اور دولت و شہرت کا ذریعہ بن گئی۔ بایں ہمہ کچھ تو حکومت انگریزی کی خواہش اور زیادہ تر جد امجد کی مقدس علمی وراثت کی لاج نے آپ کو آئی۔ ای۔ ایس۔ (انڈین ایجوکیشن سروس) میں داخل ہونے پر مجبور کیا اور آپ نے پٹنہ کالجیٹ ہائی اسکول کی صدارت قبول کر لی۔ ۱۹۱۵ء میں بہ صلۂ حسن کارگزاری آپ کٹک کالج میں فن تاریخ کے پروفیسر اور وائس پرنسپل بھی مقرر ہوئے اور فرائض منصبی بوجہ احسن انجام دیئے۔

۲۵؁ ف میں شہریارِ دکن کی مردم شناس و معارف نواز نظر نے نظامت تعلیمات سرکار عالی کے معزز و اہم ترین عہدے کے لئے آپ کا انتخاب فرمایا۔ اس زمانے میں دکن کی تعلیم پر کچھ ایسا جمود و خمود ساری وطاری تھا کہ اصلاح حال اور امید افزا صورت کے پیدا ہونے کے لئے کم از کم ربع صدی درکار تھی۔ چنانچہ تعلیمات کا موازنہ صرف سترہ لاکھ تھا

اور کالج و مدارسِ فوقانیہ و وسطانیہ و تحتانیہ و ابتدائیہ کی تعداد نہایت محدود تھی نیز معلمین و متعلمین کے اعداد و شمار بہت ہی قلیل تھے جس کی تفصیل اس حالیہ سپاسنامے میں بہ کمال صحت درج ہے جو منجانب سررشتہ جناب ممدوح کی خدمت میں پیش کیا گیا ہے اور جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مسائل تعلیم کی نہایت مختص اہمیت و نزاکت کے مدنظر صرف بارہ سال کی مدت قلیلہ میں ساڑھے لاکھ موازنے سے خفیف ترین شعبے میں بھی المضاعف سے کہیں بڑھ کر ترقی ہوئی۔ جس کا حقیقی استحکام آیندہ کی مزید ترقی کا حامل و ضامن ہے۔ نہ صرف ذکور بلکہ طبقہ اناث کی اعلیٰ تعلیم بھی خاص طور پر آپ کی رہین منت ہے۔ مختلف شعبوں میں با اصول و مستحکم تنظیم آپ کے ماہرانہ تدبر کی زندہ دلیل ہے۔ بہ لحاظ مراتب مدارس کا اسکیل مقرر کرنا آپ کی دانشمندی کا گہرا ثبوت ہے اسکاؤٹنگ کی ترویج ورزش جسمانی کی تحریص۔ معائنہ طبی کا آغاز، ٹریننگ کی تعلیم کی بہتات نیز ناظر قرأت کا تقرر، دور مسعود کی زندہ جاوید یادگاریں ہیں۔ عثمانیہ یونیورسٹی کی تاسیس اور اس کے نشو و نما میں آپ نے جو گہری دلچسپی عملاً ظاہر فرمائی وہ بہ ہر نوع نہایت گراں قدر ہے۔ کئی ایک فوقانیہ مدارس میں ایف۔اے کی تعلیم کا انتظام نہ صرف جامعہ کی تقویت کا سبب ہوا بلکہ متعلمین کو بھی وطن اور قرب وطن میں رہ کر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا کم خرچ بالانشین موقع ملا۔ اگر جاگیرداران کالج کے قیام اور اس کے بہترین انتظام سے امراء کو زیور علم سے آراستہ ہونے کا موقع دیا گیا تو غرباء کے لئے بھی اس دریا دلی سے کام لیا گیا کہ نہ صرف وظائف ترغیبی و تعلیمی کی کثرت و اشاعت سے تعلیم پانے میں بڑی سہولت پیدا کر دی بلکہ ابتدائی تعلیم کی فیس یک لخت معاف کر کے اس طبقے پر احسان عظیم کیا حالات و ضروریاتِ ملک کے مدنظر فی الحال بلدے کی حد تک ابتدائی تعلیم کو جبری قرار دینے کا نہایت نازک و اہم ترین مسئلہ اور اس کے مکمل اصول طے پا چکے ہیں۔ صرف وقت نفاذ کا انتظار ہے۔ خدا کرے کہ وہ ساعت مسعود جلد آئے اور ملک و ملت کے لئے فال نیک ثابت ہو۔ متعدد و مختلف تعلیمی و اصلاحی انجمنوں کو آپ کے فیض توجہ سے

جو علمی و مالی اَن گنت فوائد پہونچے ہیں ان کی تفصیل بہت طولانی ہے۔ مشتے نمونہ از خروارے انجمن ترقی اردو اورنگ آباد کو آپ کے چند سطری خطوط یا زبانی چند کلماتِ خیر پر ہزاروں روپیوں کی نہایت گراں بہا امداد مل چکی ہے۔

دورانِ کیمپ میں اسکاوٹ ماسٹر کو اپنے لڑکوں کی چال چلن جانچنے کے بہترین موقع ملتا ہے اور لڑکے بھی اپنے اُستاد کے عمدہ خصائل سے واقف ہوتے ہیں۔ چوں کہ اُن میں نقل کرنے کا مادہ ہوتا ہے، اس لیۓ وُہ اُستاد کو بہترین نمونہ سمجھ کر اُس کے نقشِ قدم پر چلنے لگتے ہیں۔

اسکاوٹنگ صرف بچّوں ہی کے لیۓ نہیں ہے، بلکہ اساتذہ بھی اس سے مُستفید ہو سکتے ہیں۔ جو اُستاد اسکاوٹ ماسٹر بنتا ہے، اگر اُس میں ایثار اور ہمدردی ہو تو بچّے اُس کے گرویدہ ہو جاتے ہیں، اُس کی قدر کرتے ہیں اور اُس کا ہر ایک حکم بلاعذر بجا لاتے ہیں۔ جماعت میں بھی

اُس کے مطلع رہتے ہیں اور جو کچھ وہ پڑھائے اُس کو خوشی سے سیکھتے ہیں۔ کیا یہ اس سے بہتر نہیں کہ بچے اُستاد کی اطاعت اُس کے ڈر سے کریں؟ وہ ضبط، جو خوشی سے قائم ہو اُس ضبط سے کہیں بہتر ہے، جو جبر و تشدد سے قائم کیا جائے! اس طرح اسکاؤٹنگ کی بدولت اساتذہ ایک نیا طرزِ تعلیم اختیار کر سکتے ہیں اور مدرسے کے بہترین مدرس بن سکتے ہیں۔

ہر صدر مدرس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اسکاؤٹنگ کی حقیقت سے مطلع ہو اور کوشش کرے کہ اُس کے مدرسے میں بھی اسکاؤٹ ٹروپ قائم کئے جائیں تاکہ طلبہ کو علاوہ کتابی تعلیم کے اخلاقی تعلیم سے بھی بہرہ مند ہونے کا موقع ملے!

یہاں یہ کہہ دینا نامناسب نہ ہوگا کہ اسکاؤٹ کس کو کہتے ہیں اور اسکاؤٹنگ کے ذریعے ہمارے مُلک میں کس قسم کے باشندے تیار ہوں گے، جن سے ہم کیا توقع رکھ سکتے ہیں۔

اسکاوٹ اُس لڑکے کو کہتے ہیں۔ جو اپنی عزت کو دُنیا کی سب سے بڑی دولت سمجھے اور اُس کو جان سے زیادہ عزیز رکھے وہ اپنے فرضِ منصبی کو بخوبی محسوس کرتا اور خوشی کے ساتھ اُن تمام ذمے داریوں کو انجام دیتا ہے، جو اُس کے فرائض میں داخل ہیں۔

اسکاوٹ وہ لڑکا ہے، جو اپنے نفس پر قابو پانے کی کوشش کرتا ہے۔ کیونکہ اُس کو معلوم رہتا ہے کہ جو لوگ دُنیاوی معاملات پر حاوی ہونا چاہتے ہیں اُن کو پہلے اپنے نفس پر حاوی ہونا چاہیئے۔

اسکاوٹ وہ لڑکا ہے، جو خطرے کے وقت جھجکتا نہیں کیونکہ اُسے یہ معلوم رہتا ہے کہ نازک موقع پر اُس کا کیا طریقۂ کار ہونا چاہیئے۔ وہ اپنی حفاظت سے بڑھ کر دُوسروں کی حفاظت کا خواہاں رہتا ہے۔

اسکاوٹ وہ لڑکا ہے، جو کسی حادثے کے وقت فرار نہیں ہوتا بلکہ کسی کے چوٹ آگئے، تو اُسے معلوم رہتا ہے کہ کس طرح خون روک دیا جائے اور کیونکر مرہم پٹی کی جائے۔ بہرحال اس کی فہرست تو طول طویل ہے۔ جن اصحاب کو مزید معلومات حاصل کرنے ہوں وہ اسکاؤٹنگ پر کوئی ایک رسالہ پڑھ کر حاصل کر سکتے ہیں۔ مگر ہمدرد اصحاب سے یہ گذارش ہے کہ وہ اِس تحریک کو ترقی دینے میں امداد فرمائیں۔ نوجوان حضرات اس تحریک میں حصّہ لے کر اپنے قوم کی مدد

فرما سکتے ہیں اور جو اپنے کو اس کام کے لئے موزوں تصور نہیں کرتے، وُہ کم سے کم اس کی اہمیت کو بچّوں کے ذہن نشین کر کے اُنھیں اس تحریک میں حصّہ لینے کی ترغیب دلا سکتے ہیں۔

ابھی تک ہمیں وُہ ترقی حاصل نہیں ہوئی جیسی کہ ہونی چاہیئے تھی۔ اس کا سبب یہ ہے کہ اکثر اصحاب نے اس طرف توجہ نہیں فرمائی اور اکثر نے مہمل اعتراضات کر کے عوام میں غلط فہمیاں پیدا کر دیں۔ لیکن ہم مایوس نہیں ہوئے ہیں بلکہ اُمید رکھتے ہیں کہ ایک نہ ایک روز اس تحریک کی اہمیت سب پر روشن ہو جائے گی اور غفلت و جہالت کے پردے آنکھوں سے اُٹھ جائیں گے۔

موجودہ مدارس اور جدید طرز تعلیم*

انسان کا خاصہ ہے کہ وہ اپنے زمانے کو ایک خاص اہمیت دیتا ہے اور ایک نیا دَور خیال کر کے کہتا ہے کہ بس یہی انقلاب اور ہل چل کا زمانہ ہے۔ ایک حد تک یہ خیال بجا ہے اور تاریخ بھی اس کی شاہد ہے۔ دنیا کی حالت ایک بحرِ مواّج کی سی ہے، جس میں ہمیشہ مد و جزر اُٹھتے رہتے ہیں۔ اگر ایک قوم ایک زمانے میں اپنی بیداری، محنت اور جفا کشی کی بدولت بامِ عروج پر پہنچ کر اپنا نام چار دانگ عالم میں روشن کرتی ہے تو چند روز بعد اُسی قوم کے افراد میں غفلت پیدا ہو کر اُس کی پستی اور انحطاط کا دَور شروع ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ رفتہ رفتہ وہ قوم اپنی گمراہی کی وجہ سے قعرِ مذلت میں جا پڑتی ہے۔ لیکن جس طرح سمندر میں کبھی کبھی ایک غیر معمولی تلاطم بپا ہو جاتا ہے اور اپنے جوش و خروش کے باعث معمولی مد و جزر پر ایک خاص فوقیت رکھتا ہے اُسی طرح زمانہ بھی کبھی کبھی زبردست پلٹے کھاتا ہے اس زمانہ کے ایام معمولی ایام سے ممتاز ہوتے ہیں۔ تاریخ یورپ میں نشاۃ جدیدہ (RENAISSANCE) اس قسم کے زمانے کی ایک واضح مثال ہے۔

اتنا عرض کرنے کے بعد یہ مسئلہ نہایت پیچیدہ اور نازک ہے کہ آیا ہمارا زمانہ بھی دَورِ جدید میں شمار کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔ ہم جب اپنے ملک کے پچھلے دس بارہ سال پر نظر ڈالتے ہیں اور اس وقت

*یہ مضمون انجمن اساتذہ بلدہ کے دوسرے سالانہ جلسے میں پڑھا گیا تھا۔

کی تعلیمی حالت کا موجودہ حالت سے مقابلہ کرتے ہیں تو ہم کو بین فرق نظر آتا ہے۔ صنعتی اور حرفتی اسکول، طبیہ کالج سیول انجینیرنگ اسکول، عثمانیہ یونیورسٹی اور ٹرمینگ کالج سے قطع نظر اگر معمولی مدارس اور اُن کی تعداد کا جو اُن میں زیر تعلیم ہیں دس سال گزشتہ کی تعداد طلبہ اور تعداد مدارس سے مقابلہ کیا جائے تو ہم کو زمین آسمان کا فرق نظر آتا ہے۔ اس زمانے کی سب سے بڑی تعلیمی کامیابی اور ترقی کا ثبوت اردو کا ذریعہ تعلیم قرار پانا ہے۔ علاوہ ازیں آئے دن ترقی تعلیم کے متعلق نئی نئی قسم کی تحریکات پیش ہوتی رہتی ہیں متعدد تعلیمی رسالے شائع ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں اس کے علاوہ مختلف تعلیمی تحریکات، مختلف نظریے اور تعلیمی کانفرنسوں کا انعقاد، اس کا پتہ دے رہے ہیں کہ آج کل ہمارے ملک میں ایک نئی روح پھونکی ہوئی ہے۔ یہ امر باعث مسرت ہے کہ نہ صرف محکمہ سے متعلق اصحاب ہی سرگرم ترقی ہیں بلکہ پبلک میں بھی ایک گونہ بیداری پیدا ہو چلی ہے اور اکثر روشن خیال اصحاب تعلیمی معاملات میں دلچسپی لینے لگے ہیں۔ یہ سب کچھ ہمارے اعلیحضرت سُلطان العلوم کی ادنیٰ توجہ کا نتیجہ ہے اگر ہم اس زمانے کو دور جدید کہیں تو کچھ بیجا نہ ہوگا۔ پھر بھی باوجود ہماری سرگرمی کے مغرب سائنس، فلسفہ اور دیگر علوم کی طرح فن تعلیم میں ہم سے بھی بہت آگے بڑھا ہوا ہے۔ ہم تو ابھی اُس کی نقط ریس کر رہے ہیں مگر اس خیال سے مایوس نہ ہونا چاہیئے۔ اگر ہم جاپان سے سبق حاصل کریں اور خُذ ما صفا ودع ما کدر کے اصول پر عمل پیرا ہو کر تن دہی سے کام کریں تو جاپان کی طرح تعلیمی ترقی کی دوڑ میں ہم مغرب کے قدم بہ قدم ہو سکتے ہیں یہاں اس خطرے سے خوب خبردار رہنا چاہیئے کہ ہم مغربی طرز تعلیم کی اندھا دھند تقلید نہ کریں بلکہ اپنی طرز معاشرت، تمدن اور ملکی ضرورتوں کو مد نظر رکھیں۔ تاریخ تعلیم سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ یورپ میں مختلف زمانوں میں مختلف قسم کی طرز معاشرت، تمدن اور ضرورتوں کے مد نظر مختلف معیار اور اُصول تعلیم رہے ہیں۔ ہمارے ہندوستان میں پہلے تلوار کی تیزی تھی اس کے بعد قلم کا زور ہوا۔ ایک ماہ شماکو بی۔ اے کا سودا ہوا۔ لیکن مدتیں گزریں اور زمانہ ہو گیا کہ سیف زنگ آلود ہو چکی اور اب قلم بھی فرسودہ ہو چلا۔ موجودہ زمانے میں فقط خالی ہاتھ ہے، جس کے لئے کسی اور قسم کے اوزار کی ضرورت ہے۔ اوزار تلاش کرنے سے پیشتر ہم کو اپنے تمدن، طرز معاشرت اور ملکی ضرورتوں پر ایک گہری نظر ڈال کر یہ دیکھنا چاہیئے کہ موجودہ

اوزار کارآمد ہیں یا ناکارہ ہو چکے ہیں اور اگر ناکارہ ہو چکے ہیں، تو اُن کی وجہ سے ہم میں کیا عوارض پیدا ہو گئے ہیں، تاکہ اُن کا خاطر خواہ علاج دریافت کیا جائے۔ سب سے زیادہ مہلک وبا جو ہم کو ہلاک کئے ڈال رہی ہے، وُہ فرقہ واری تعصبات اور تنازعات ہیں۔ مشکل سے کوئی ایسا مبارک دن ہوتا ہو گا جو اخبار میں یہ خبر درج نہ ہو کہ آج فلاں مقام پر ہندو مسلمان میں لاٹھی چل گئی اور کل ہڑتال ہو گئی یہ منافرت غلط طریقہ تعلیم کا نتیجہ ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ وبا ہماری ریاست سراپا خیر و برکت میں بہت دبی ہوئی ہے۔ لیکن تعلیم و ترقی کے فروغ کے لئے اس کا جڑ سے نیست و نابود کرنا نہایت ضروری ہے۔ ملی اتحاد کی ترویج اور استحکام کے لئے مدارس سے بڑھ کر کوئی اور جگہ موزون نہیں ہو سکتی۔ ہم اپنی عملی زندگی سے بچّوں کے دلوں میں یہ بات دل نشین کر دیں کہ ہر ایک اپنے مذہب میں بغیر کسی کے احساسات کو ٹھیس لگائے پکا بن سکتا ہے۔ ان مناقشات اور تعصبات کی بدولت مختلف مذاہب کے افراد میں میل جول رُکا رُکا سا ہے۔ ہماری سوسائٹی بلحاظ مذہب، ثروت اور تمدن مختلف طبقوں میں منقسم ہے، جہاں ایک طبقے کا دُوسرے سے میل ملاپ کا دائرہ نہایت محدود ہے۔ اگر ہم اس بات کے متمنی ہیں کہ ہماری سوسائٹی ترقی کرے تو ان بندشوں سے آزادی حاصل کی جائے اور مختلف طبقوں کے افراد کو آپس میں میل جول بڑھانا چاہیئے۔ کچھ دن پہلے یورپ کا بھی یہی حال تھا لیکن اب وہاں اس کے اثرات بہت کم رہ گئے ہیں اس غرض کی تکمیل کے لئے مدارس میں مختلف قسم کی بچوں کی انجمنیں قائم کی جائیں، تاکہ مختلف مذہب و ملت کے بچّوں میں ربط ضبط اور اتفاق و اتحاد بڑھے۔ میرے مدرسے میں بچوں نے خود اپنی خوشی سے ایک چائے خانہ کھولا ہے اس میں بچے اپنی فرصت کے اوقات میں کام کرتے ہیں۔ ہندو مسلمان ایک ہی جگہ کھاتے پیتے ہیں۔ اس کا چوتھائی منافعہ نادار بچوں کی تعلیمی اغراض کے لئے وقف ہے۔ اس کی بدولت بچے عملی زندگی سے واقفیت کفایت شعاری ہمدردی و ایثار وغیرہ کے من جملہ آپس میں محبت و یگانگت کا عملی سبق سیکھتے ہیں۔ دُوسرا مرض جو تعلیمی نقطہ نظر سے قابل غور ہے وہ مسئلہ اقتصادی ہے افلاس کی گھٹا عوام پر چھائی ہوئی ہے۔ دنیا میں کسی ملک کے لوگ یہاں سے زیادہ عسرت سے بسر نہیں کرتے۔ آبادی کا بہت بڑا حصہ ایسی حالت میں زندگی کے دن کاٹتا ہے، جو حفظان صحت

کی رُو سے نہایت مضر ہے جس کا نتیجہ ظاہر ہے کہ ریاست میں تندرست اور توانا اشخاص مشکل سے نظر آتے ہیں۔ عام طور پر لوگوں کے قویٰ کمزور مضمحل ہیں جب اطمینان اور فارغ البالی ہی میسر نہیں تو وہ کیا خاک دماغی ریاضت کر سکتے ہیں۔ ان میں کسی قسم کی زندہ دلی قائم نہیں رہ سکتی۔ آبادی کے ساٹھ فیصدی حصّے کو دن میں صرف ایک مرتبہ روکھی سوکھی نصیب ہوتی ہے۔ حال آں کہ اوسط درجے کی خوراک والے کو دن میں چار مرتبہ کھانے کی ضرورت ہے۔ ستم تو یہ ہے کہ زراعت معدنیات اور دستکاری سے ہماری ریاست مالا مال ہے پھر افلاس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟ بات دراصل یہ ہے کہ ہمارا طرز معاشرت کچھ اس ڈھب کا واقع ہوا ہے کہ ایک کمانے والا ہے اور دس کھانے والے پھر ایک بہت بڑا طبقہ انسان نما جونکوں کا ہے جو ریاست کے سپوتوں کا خون چُوس رہا ہے۔ اس طبقے میں نکمے ہٹے کٹے فقیر اور ایسے افراد ہیں جو یا تو مذہب کی آڑ میں بے کار زندگی بسر کرتے ہیں اور اگر کچھ کرتے ہیں تو فساد برپا کرتے ہیں۔ اُن کے علاوہ مستورات کی ایک بہت بڑی تعداد ہے جو مردوں کی دست نگر ہے۔ اگر ہم تمام اوصاف کے افراد سے فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہم کو چاہیئے کہ سوسائٹی کے جملہ افراد کو اُن کے استعداد اور فطری لگاؤ کی مناسبت سے تمام معاشرتی اور ذہنی شُعبوں اور شاخوں میں تقسیم کردیں۔ ہم اپنے تعلیم یافتہ طبقے کا رجحان صرف ایک طرف دیکھتے ہیں۔ ہر ایک ملازمت کا خواہاں ہے ملازمت کہاں تک اور کس کس کو ملے گی۔ نتیجہ یہ ہے کہ لوگوں کی قوتیں مقابلے کی وجہ سے رائگاں جا رہی ہیں۔ اس لئے اس مقابلے کو توڑ کر ان میں تعاون اور اشتراک عمل کی اسپرٹ پیدا کی جائے صنعت و حرفت کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا حال آں کہ اس میدان میں ابھی بے انتہا وسعت ہے۔ اگر چند افراد کرتے بھی ہیں تو نہایت بھدّی اور بدرونق چیزیں تیار کرتے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ بچپن میں وہ ایسے ماحول میں پرورش پاتے ہیں جہاں نفاست اور حُسن کا کال ہے۔ عام گھروں کی حالت تو میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں اب مدارس کی بھی سُن لیجئے۔ ہمارے مدارس میں سوائے بے ڈول بنچوں اور حفظان صحت کے منافی عمارتوں کے ایسی چیزیں شاذ ہوتی ہیں جس سے بچّوں میں بدصورتی اور خوب صورتی میں تمیز کرنے کا مادہ پیدا ہو۔ مدارس میں نہ اچھے

قسم کا فرنیچر ہے، نہ چمن ہیں، نہ عجائب خانے۔ اب عمدہ قسم کی اشیاء تیار ہوں تو کیونکر!۔
اس میں شک نہیں کہ محکمہ تعلیمات میں بہت کچھ ترقی ہوئی ہے لیکن اب بھی ہمارا تعلیمی نظام
بے ڈھنگا ہے۔ آبادی کا بہت بڑا حصہ ادنیٰ طبقے سے تعلق رکھتا ہے اور یہ جہالت کی
تاریکی میں پڑا ہوا ہے اوسط طبقے کے لوگ اپنے بچوں کو ثانوی اور اعلیٰ ادبی تعلیم دلانے
کے شائق ہیں، جو ہماری ضرورتوں کے اعتبار سے مناسب نہیں۔ طبقہ تحتانیہ کی تعلیم ناقص
ہے بچوں کی ایک بہت بڑی تعداد صرف تین چار سال مدرسے میں تعلیم پاتی ہے اس کے
بعد وہ اپنے دھندوں سے لگ جاتے ہیں اور جو کچھ انہوں نے سیکھا تھا وہ کھو بیٹھتے
ہیں۔ اعلیٰ طبقے کے تمام افراد یونیورسٹی کی تعلیم کے دلدادہ ہیں اور تعلیم سے فارغ ہوتے ہی
ملازمت کا فکر دامن گیر ہوتا ہے۔ اس وجہ سے تمام محکمے پُر ہو گئے ہیں اور کہیں بھی قدم رکھنے
کو جگہ باقی نہیں رہی ہے۔ لیکن صنعتی اور حرفتی تعلیم کی طرف کسی کو رغبت اور شوق پیدا نہیں ہوا۔
ان خرابیوں کے دُور کرنے کے لیے سب سے پہلے ہم کو طبقہ تحتانیہ کی تعلیم جبری کر دینی چاہیئے
پھر تعلیم بالغان پر زور دیا جائے اور اس کی تکمیل کے لئے جا بجا شبینہ مدارس قائم کرنے
چاہئیں تاکہ ملک کا کوئی فرد ایسا باقی نہ رہے جو نوشت و خواند سے بے بہرہ ہو۔ اس کے
علاوہ نظام تعلیم کو جو نہایت تنگ اور محض درس اور تدریس تک محدود ہے، نہایت وسیع
اور ہمہ گیر کرنا چاہیئے تاکہ وہ ہماری زندگی کے تمام شعبوں پر حاوی ہو۔ اس نصاب کو دو
حصوں میں تقسیم کیا جائے ایک لازمی اور دُوسرا اختیاری۔ لازمی نوشت و خواند۔ معلومات
عامہ۔ حساب ادب دینیات اور تعلیم جسمانی پر مشتمل ہو یہ مضامین تمام مدارس میں یکساں ہوں۔

دُوسرے حصہ میں زراعت تجارت صنعت و حرفت ڈرائنگ سائنس اور فنون
لطیفہ ہوا۔ نصاب کا یہ حصہ بالکلیہ ہر جگہ یکساں نہ ہو بلکہ خوب لچک دار ہو تاکہ جہاں جہاں
جن جن چیزوں کی خاص ضرورت ہو وہاں انہی پر زور دیا جائے اور غیر ضروری چیزوں کو
چھوڑ دیا جائے۔ مدارس کا ماحول مصنوعی ہے اور باہر کی گوناگوں زندگی سے اس کو کوئی
تعلق نہیں ہوتا اس لئے جب بچہ مدرسہ سے فارغ ہو کر دُنیا میں قدم دھرتا ہے تو اپنے تئیں
ایک نئی دُنیا میں پاتا ہے مثلاً ایک کاشت کار کا بچہ جب پڑھ لکھ کر فارغ ہوتا ہے تو اُسکی

تعلیم اپنے آبائی پیشہ کے لئے بے کار ہوتی ہے اور برادری سے باہر ہونا پڑتا ہے ایک طرف تو اس کو برادری سے کچھ فائدہ نہیں پہنچتا اور دوسری طرف خود اس لڑکے کو کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ ممکن ہے کہ موجودہ نصاب یونیورسٹی کی تعلیم میں مدد معاون ہو لیکن طلبہ کا ایک بہت بڑا حصہ اپنی تعلیم یونیورسٹی پہنچنے سے پیشتر ہی ختم کر دیتا ہے اور یونیورسٹی کا مجوزہ نصاب ان طلبہ کی ضرورتوں کے مطابق نہیں ہے ہماری تمام کوشش اور اصلاح اس بارہ میں ہونی چاہیئے کہ بچے کی فردیت اور شخصیت کی نشو و نما کی جائے اور دباؤ کے نیچے کام کرانے کی عادت ترک کرا کر ان کو ایک حد تک آزادی دی جائے صحیح تعلیم کے ہر ایک مقبول طریقے کو ہر ایک سب بچے کی فطری لگاؤ اور سوسائٹی کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر رواج دیا جائے۔ اس کے علاوہ چھوٹے بچوں، لڑکوں اور نوجوانوں کو ایک ہی لاٹھی سے نہ ہانکا جائے۔ بچپن کھیل کود کا زمانہ ہے ان کی تعلیم بطور کھیل کود اور کہانیوں کے ذریعے سے ہونی چاہیئے۔ لڑکپن اور جوانی میں طلبہ کی طبیعت حقیقت حس اور جذبات کی طرف مائل ہوتی ہے اس لئے ان کی تعلیم میں انہی خصوصیات کو مدنظر رکھا جائے۔ غرض ہر قسم کی کوشش اور طریقے کو کام میں لانا چاہیئے جس کے ذریعہ استاد بچے کو عملی زندگی سے گہری واقفیت پیدا کرائے۔ بچوں میں آزادانہ طور پر تبادلہ خیالات کرنے کے لئے مختلف قسم کی انجمنیں قائم کی جائیں۔ درس و تدریس پر ہی اکتفانہ کی جائے۔ کتابیں اسی وقت کار آمد ہو سکتی ہیں جب کہ ان کے ساتھ ساتھ عملی تجربات بھی ہوتے رہیں۔ مدرسے کو ایک چھوٹی سی دنیا بنا دینا چاہیئے کہ بچوں کو مدرسے اور گھر کی زندگی میں کوئی فرق نہ معلوم ہو۔ بچے مدرسے میں ہر قسم کی زندگی بسر کرنا سیکھیں علاوہ ازیں مدرسے کا تعلق ان سوسائٹیوں سے بھی ہونا چاہیئے جو بچے کی زندگی پر اثر ڈالتی ہیں۔

مدرسین کو بچوں کے والدین سے تعلقات وسیع کرنا چاہیئے بچوں کے والدین کو مدرسہ میں مختلف کھیل اور تعلیمی موقعوں پر مدعو کیا جائے اور اس وقت اساتذہ ان سے بچوں کے تعلیمی معاملات پر تبادلہ خیالات کریں مختصر یہ کہ بچے کی فردیت کو نہ کچلا جائے بلکہ جس طرف اس کا میلان طبیعت ہے اور وہ فن ایسا ہے کہ جس سے سوسائٹی کو بجز فائدہ کسی قسم کا

نقصان نہیں پہنچتا۔ اس کو اسی فن میں ترقی دینے کے لئے پورے پورے موقعے دئے جائیں تاکہ ہر ایک اپنے اپنے فن کا استاد اور کامل بن سکے۔ اس اصول سے ایک طرف تو خود بچے کا فائدہ ہوگا اور دوسری طرف اس کی لیاقت کی وجہ سے سوسائٹی کو نفع پہنچے گا۔ آج کل اُسی شخص کی قدر کی جاتی ہے جو کوئی کمال رکھتا ہو مدرس کا کام بچوں کے اخلاق اور رویہ درست کرنا اور ان کا علمی اور معلومات عامہ کا دائرہ عملی طور سے وسیع کرنا ہے تاکہ وہ دنیا میں کامیاب زندگی بسر کرسکیں۔ اس غرض کی تکمیل میں ہمارا موجودہ طریقہ امتحانات سد سکندری سے کچھ کم نہیں۔ عام طور پر میٹرک کے ممتحن صاحبان اور غالباً بعض اوقات مڈل کے ممتحن صاحبان ایسے حضرات ہوتے ہیں جن کا تعلق مدارس سے نہیں ہوتا اس لئے اکثر اوقات امتحانات میں اس قسم کے سوالات دئے جاتے ہیں جو طلبہ کے معیار کے مطابق نہیں ہوتے لیکن مدرس کی قابلیت کا معیار بچے کو کسی نہ کسی طرح امتحان میں پاس کرانا ٹھیرا ہے۔ امتحانوں کا عجیب بچوں پر بہت برا اثر پڑ رہا ہے۔ تعلیم نہایت ناقص اور اُدھوری ہوتی ہے۔ مدرسین اسی ٹوہ میں لگے رہتے ہیں کہ تاریخ کا ممتحن کون ہے اور انگریزی کا کون تاکہ اُسی کے خیالات کے بموجب بچوں کو رٹوائیں نتیجہ یہ ہے کہ امتحان بچوں کے لئے نہیں رہا بلکہ بچے امتحانوں کے لئے بن گئے ہیں۔ سوائے بچوں کی قوت حافظہ کے قوت عمل، جدت، فردیت ایسے امتحان سے نہیں جانچی جا سکتی۔ شروع ہی سے حافظے پر اس قدر زور ڈالا جاتا ہے کہ بچوں کا دماغ کھوکھلا ہو جاتا ہے اُس پر طرہ یہ کہ بچوں کو امتحان گاہ پر بار بار حملے کرنے کے باوجود کامیابی نصیب نہیں ہوتی اور ان کی عزیز عمریں اور ان کے والدین کے گاڑھے پسینے کی کمائی بلا وجہ برباد ہوتی ہے۔ ایسی باتیں جو زندگی میں حقیقی طور پر مفید یا سوسائٹی کیلئے ضروری ہیں امتحان میں نہیں پوچھی جاتیں۔ امتحانوں کی بدولت تعلیم درس و تدریس تک محدود ہے۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ امتحانوں کا زور کم کر دیا جائے اور مڈل کا امتحان موقوف کر کے صرف مہتمم صاحبان کے معائنہ پر اکتفا کیا جائے حضرات میں نے جو کچھ ترقی تعلیم کے بارے میں عرض کیا اور جو نظام تعلیم پیش کیا ہے اس کو عملی جامہ پہنانے اور فروغ دینے کے لئے مدرس اور مہتمم، دو اہم جز ہیں۔ اگر ہمارے نوجوان زندگی کی تگ و دو کے قابل

دہ نہیں تو قصور اُن اصحاب کا ہوگا تعلیمی سائیکل کے یہ دو پہیے ہیں اگر پہیے ایک دوسرے سے مخالف سمت میں چلیں یا اُن میں سے کسی ایک میں بھی خرابی ہو تو سائیکل کا چلنا ناممکن ہے۔ اس سائیکل کا پچھلا پہیہ مدرس ہے کیونکہ سائیکل کے چلانے میں بڑا کام پچھلے پہیے کا ہوتا ہے اور اگلا پہیہ پچھلے کی رہبری کرتا ہے۔ مدرس اہم ترین جزو ہے اور اسی کا اثر طلبہ کی زندگی پر براہ راست اور گہرا پڑتا ہے اس سے لئے خوبی (EFFICIENCY) کی سخت ضرورت ہے اگر اس کی اصلاح نہ کی جائے گی تو تعلیمی ترقی معدوم۔ ہمارے مدرسین کی جو حالت ہے وہ محتاج بیان نہیں اس قسم کے نظام کے لئے ٹرینڈ اور اپنے فن سے حقیقی دل چسپی رکھنے والے ہمدرد اصحاب کی ضرورت ہے اس لئے محکمے میں کوئی ایسا مدرس نہ ہونا چاہیئے جو فن تعلیم کے ضروری عملی اصولوں سے واقفیت نہ رکھتا ہو۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مدرسین کی اتنی بڑی فوج فوراً کس طرح تیار ہو جائے۔ ٹریننگ کالج تو دے گئے ایک ہی نظر آتا ہے اور اگر ہو بھی گئے تو ان لوگوں کی یہ شکایت باقی رہ جاتی ہے کہ تنخواہیں قلیل ہیں اس میں شک نہیں کہ ان کی شکایت بجا ہے۔ ممکن ہے کہ ارباب صدر کا یہ خیال ہو کہ آج کل گریجوئٹس خوشی خوشی چالیس پینتیس پر چلے آتے ہیں تو پھر یہ شکایت کیسی میں یہ عرض کرتا ہوں کہ محکمے کو ممکن ہے کہ اس سے بھی سستے گریجوئیٹس مل جائیں لیکن اُن کی دل چسپی اور اطمینان کا حال اگر انہیں سے پوچھا جائے تو وہ خود ہی بتائیں گے مگر اُن کے ہاتھوں بچوں کی تعلیم کا جو حشر ہوگا وہ ظاہر ہے۔ میری ناقص رائے میں اس خرابی کے دور کرنے کے لئے دو باتیں ضروری ہیں پہلے یہ کہ مدرسین کی تنخواہوں میں معقول اضافہ کیا جائے تاکہ وہ اطمینان اور دل جمعی سے اپنے مفوضہ کام میں حقیقی دل چسپی لیں اور اُن کی نیت ڈانواں ڈول نہ ہو۔ دوسری ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام مدرس ٹرینڈ ہوں اگر وقت واحد میں یہ بات ممکن نہ ہو تو جس طرح دوسرے محکموں میں ڈپارٹمنٹل امتحان ہوتے ہیں اسی طرح محکمۂ تعلیمات میں ڈپارٹمنٹل امتحان ہوا کرے۔ اس امتحان کے لئے نصاب ایسا ہو جس سے واقفیت ہر ایک مدرس کے لئے ضروری ہے وہ بہت لمبا چوڑا نہ ہو بلکہ مختصر اعلیٰ اور ادنیٰ تعلیم یافتہ دونوں کے لئے مساوی ہو اس کی تیاری کے لئے کسی خاص ٹریننگ کالج

کی ضرورت لاحق نہ ہو بلکہ خود خانگی طور پر تیاری کی جا سکے۔ اس امتحان میں کامیابی ملازمت کی پہلی شرط ہو دوسری شرط یہ کہ محکمہ ہر ایک کامیاب شدہ اُمیدوار کو ایک سال کی آزمایش کی شرط پر ملازم رکھے۔ اس عرصے میں ایک طرف محکمہ یہ معلوم کرے گا کہ مدرس اس کام کا ہے یا نہیں اور دوسری طرف خود وہ شخص اس بات کا فیصلہ کرلے گا کہ آیا میں اس پیشے کے قابل ہوں یا نہیں۔ ان دونوں سوالوں کا جواب پہلے ہی سال اثبات یا نفی میں طے ہو جائے گا اور جو مُدرس اپنے پیشے کو خاطر خواہ بنا نہیں سکتا اس کا اس پیشے کو خیرباد کہدینا مناسب ہے۔ ایسا مدرس جہاں تعلیم اور متعلمین کے لئے غیر مفید ثابت ہوگا وہاں خود اس کی زندگی اجیرن ہو جائے گی۔

تجمل حسین صاحب بی اے صدر مدرس
مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج

آغوشِ مادر

(میں)

بچّے کی تعلیم و تربیت

ذیل کا مضمون، "ایرانشہر" کے فاضل مُدیر آقائے حسین کاظم زادہ کی تصنیف "راہ نَو در تربیت و تعلیم" کے ایک باب کا ترجمہ ہے۔ فاضل موصوف نے خوشی کی بات ہے کہ فنِ تعلیم پر قلم اُٹھایا ہے؛ اُن کی یہ کوشش نظرِ استحسان سے دیکھے جانے کے قابل ہے اس کتاب کو موصوف نے تین جلدوں میں ختم کیا ہے متین صاحب کے زیرِ ترجمہ ہیں۔ اگر یہ ترجمہ مُفید ثابت ہو تو ہم اس کی دُوسری قسطیں بھی پیش کریں گے۔

(شریک مُدیر)

آپ جانتے ہیں کہ بچّہ جس وقت دنیا میں قدم رکھتا ہے، نہایت نحیف و ناتوان ہوتا ہے۔ وہ احتیاج کو رفع کرنے، تکلیف کو دور کرنے، بھُوک کی ضرورت ظاہر کرنے اپنے رنج و درد کا اظہار کرنے کے لئے، سوا آنسوؤں اور اپنی نگاہوں کے کوئی اور ذریعہ نہیں رکھتا۔ اس کے جسم کے اعضا کمزور اور اس کی ہڈیاں نرم اور لچلچی ہوتی ہیں۔ نہ وُہ بات

کرنی جانتا ہے اور نہ وُہ رستہ چل سکتا ہے۔ وہ ایک عاجز و ناتواں ہستی ہے جو محض مہر و شفقت کے لئے پیدا کی گئی ہے! اِس آخری زمانے میں اجرمانیہ میں ایک دردناک واقعہ پیش آیا، جو ہمارے لئے ایک اچھی اور سبق آموز مثال ہے۔ جرمانی روزناموں کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ وہاں کے کسی شہر میں، ایک ماں اپنے بچے کو جو پُورے تین مہینے کا نہ تھا گھر میں چھوڑ کر کہیں باہر چلی گئی تھی، گھر آنے کے بعد کیا دیکھتی ہے کہ ایک چوہے نے بچے کی کھوپڑی میں سوراخ کر کے اُس کا بھیجا کھا لیا ہے۔

جس وقت کوئی شخص، ایک نومولود بچے کی اس ناتوانی، برہنگی، اور بیچارگی کی حالت کا تصوّر کرتا ہے تو وہ بڑے گہرے فکر میں پڑ جاتا ہے کہ اس کپکپا دینے والے، کمزور وجود سے کیا کیا کچھ بڑے اور حیرت میں ڈالنے والے کام ظاہر ہوں گے یا! جس وقت ہم اپنی حالت کا، اسی بچے کی حالت سے اندازہ کرتے ہیں تو ہم آج اُس کو قطرہ اور اپنے آپ کو دریا، اُس کو ذرہ، اور خود کو آفتاب تصوّر کرتے ہیں اور اُس کی اسی حالت کی حفاظت کرتے ہیں؛ یہ وُہ وقت ہے کہ شانِ کبریائی کے متعلق ہماری زبان، ہماری روح اور قلب کی ترجمان ہو کر کہتی ہے۔

ستایش بداں آفرینندہ باد   کہ ایں نیروے اندر تن و جان نہاد

واقعی! یہ ننھا اور کمزور وجود اور یہ گوشت کا لوتھڑا اور ہڈیوں کا ڈھانچہ کس قدر بھادد بھرا ہے اور کس طرح ترقی کی راہیں طے کرنے اور کمال حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے؟ اور کامیاب بھی اس طریقے سے ہوتا ہے، گویا وُہ ایک اور دُنیا سے غیر معمولی استعداد اور قوتیں اپنے ہمراہ لے آیا ہے۔ کیوں نہ ہو! اِس دنیا کے گشت لگانے والے سیاح نے رستے کا توشہ اپنے جسم کے چرمی تھیلے میں رکھ لیا ہے اور یہ دُنیا کا سفر کرنے والا سوداگر اپنے ہمراہ ایک بڑا سرمایہ رکھتا ہے؛ اِس سے مُراد اُس کی رُوح ہے، جس کا جمال، فطری، نسلی اور آبائی استعدادوں کے صفحات پر چمکتا نظر آئے گا۔ پھر یہی کمزور مسافر آگے چل کر، ایک دُنیا کو قبضہ میں لاتا اور گران قدر متاع کا مالک ہو جاتا ہے اور اِنہیں کے وسیلے سے دُنیا کو اپنے قبضے و اقتدار میں لاتا اور دریاؤں، سمندروں، دَروں، پہاڑوں اور کرّہ

ہوا پر مسلط ہو کر ان تمام اختراعات، وسائل صنعتوں، مشینوں اور ہنروں کو وجود میں لاتا ہے بلا شبہ یہ تمام کام اسی ناتواں وجود کے ذریعے ظاہر ہوئے۔ یہ سارے کام نکالے ہوئے اور بنائے ہوئے اُسی چھوٹے سے جرم کے ہیں جس کا نام انسان ہے اور جس میں ایک بڑی دنیا پوشیدہ ہے۔

یہ بڑی دنیا جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے، روح ہے اور اس کی تجلیات سے مراد وہ استعداد اور وہ قوت ہے جو بچے کی ذات میں فطرۃً موجود ہے اور یہی وہ سرمایہ ہے، جو خالق کی طرف سے اُس کو دیا گیا ہے تاکہ وہ اس کے ذریعے زندگی کے بازار میں لین دین کرے۔ اور اپنی اصلی اور اولیں منزل پر لوٹنے کے لیے، کوئی زاد راہ یا کوئی تحفہ حاصل کرے۔

اسی اصول کے مد نظر، اس سرمائے کی حفاظت کرنا اور اس کو کام میں لانا آدمی کے فرائض میں سب سے پہلا فریضہ ہے اور فن تربیت بھی ہم کو یہی تعلیم دیتا ہے۔ کیوں کہ تربیت ایک علم ہے جو جسمانی قوتوں اور استعدادوں کی پرورش اور حفاظت کے طریقے ہم کو سکھاتا ہے۔ جیسا کہ افلاطون نے کہا ہے: "فن تربیت ان قاعدوں کا مجموعہ ہے جو ہماری روح (نفس) اور جسم کو درجۂ کمال پر پہونچا دیتا ہے۔"

جس دن سے بچہ دنیا میں قدم رکھتا ہے اس کی پرورش کا آغاز اُسی دن سے ہوتا ہے اور اسی روز سے وہ بڑھنے لگتا ہے اور اس کی تعلیم و تربیت بھی اُسی دن سے ہونی چاہیئے۔ اسی وجہ سے پیغمبر اسلام نے فرمایا ہے: "پیدا ہونے کے دن سے مرنے کے دن تک علم کی طلب میں رہو"[1]

جب کہ نومولود بچے کی دیکھ بھال اور نگرانی ماں کے ذمے کر دی جاتی ہے تو ماں ہی کو بچے کا سب سے پہلا معلم سمجھنا چاہیئے اور ماں بچہ کو جیسی کچھ تعلیم دے گی اور جس طریقے سے اس کو پرورش کرے گی بچے کی نشو و نما بھی اُسی طریقے پر ہوگی اور وہ اُسی نہج پر بار آور ہوگا، جس سے ماں کے فریضے کے مقدس و اہم ہونے کا ثبوت ملتا ہے

---

[1] اطلبوا العلم من المھد الی اللحد کا ترجمہ ہے ۱۲ (متین)

یہی وجہ ہے کہ بچے کی آئندہ قسمت یعنے اُس کی خوش نصیبی اور بدنصیبی ماں کی فہم و ادراک کے ساتھ وابستہ ہے، اُس کی اچھی یا بُری تربیت، جو وُہ اس کو دے گی، اُسی سے متعلق رہے گی۔

خوش قسمتی کی بات ہے کہ خدا نے جس محبت کی آگ کو ماں کے دل میں روشن کردیا ہے وُہ ایک ایسی آگ ہے جسے بیماریوں اور مصیبتوں کی گرد نہ بجھا سکتی ہے اور نہ معدوم کر سکتی ہے۔ حقیقتہً یہ کیا ہی قوی اور آتشیں عشق ہے یہ وہی ماں کی ماتا ہے جس کو بیسیوں قسم کے عذاب اور تکلیفات، اور بیسیوں قسم کی حرماں نصیباں، بھوک، بیماری، برہنگی اور رنج و درد اُس دل سے دُور نہیں کر سکتے۔

کیا ہی دل خراش اور عبرت انگیز وہ سرگزشتیں ہیں اور کیا ہی حیرت میں ڈالنے والے وُہ معجزے ہیں، جن میں ماں کی محبت کا ذکر زمانے کے صفحات پر بطور یادگار کے قائم ہے! کیسی خون کے آنسوں رلانے اور رقت پیدا کرنے والی وُہ داستانیں ہیں اور کیسی شیریں و روح پرور وُہ حکایتیں ہیں، جو ماں کے ایک صبر آزما دل کے متعلق بیان کی گئی ہیں، در آں حالیکہ وہ ابھی بالکل اُدھوری ہیں!

اگر یہ بھڑکتی آگ اور جگمگاتی شعاعیں ماں کے دل میں موجود نہ ہوتیں تو کیا انسان کمال کی اِس موجودہ حد پر پہنچ سکتا اور موجودہ ارتقاء کا ہزارواں حصہ کامیابی حاصل کر سکتا تھا؟ میرے عقیدے کے اعتبار سے یہ بات ناممکن ہے! آیا سوائے ماں کے کسی سے یہ ممکن ہے کہ راتوں کو جاگے، بھوک پر صبر کرے اور گرمی اور جاڑے میں بچے کو اپنی گود میں پالے اور اُس کو سُلائے؟

بہتیری جانیں ایسی ہیں، جو فقط ماں کی ماتا کی ذرا سی پرچھائیں پر تلف کرنے والے ہاتھوں سے رہائی پا جاتی ہیں، بہتیرے گھر ایسے ہیں جو صرف ماں کی محبت کی وجہ تباہی اور اور بربادی سے بچ گئے ہیں۔ ماں کا دل جماعتِ انسانی کے گھاؤ کے لئے مرہم ہے اور خاندانی زندگی کی عمارت کے لئے مضبوط بُنیاد۔ ماں کا دل اولاد کی آرزؤں کا کعبہ ہے اور اولاد کی محبت ماں کے دل کا قبلہ! اگر صرف اس خیال کی بنا ء پر کہ عورت البشری دُنیا میں

جس خدمت کو انجام دیتی ہے انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ عورت کے مقدس وجود کا کیا درجہ ہے اور کہاں تک اس کا رتبہ حرمت و پرستش کے قابل ہے
باوجودیکہ ماں کی محبت کس قدر پاک، گہری، حرارت والی اور پائدار ہے مگر اولاد کی تربیت اور اس کو نیک بختی اور کمال کے رستے پر لانے کے لئے کافی نہیں۔ اس وجہ سے کہ زندگی کے جس ابتدائی دور میں بچّے کے جسم اور جان کا اختیار ماں کے ہاتھ میں دے دیا گیا ہے۔ ہزاروں قسم کے داخلی و خارجی اثر و نفوذ بچے کے لئے حدود اور اس کی ممکنات کا تعین کرتے ہیں۔

اس زمانے میں، خانگی زندگی کے طور و طریق اور شرائط، بچے کے قوائے دماغی، روح اور قلب پر بہت گہرا اثر ڈالتے ہیں۔ بچّے کا نفس، دل اور دماغ اتنے پاک و صاف اور روشن ہوتے ہیں کہ ذرا سی گرد و غبار اس کو گدلا، داغ دار اور تاریک بنا سکتا ہے۔ اسی وجہ سے بڑی سے بڑی تکلیفوں اور دشواریوں کو، ماں یا وہ شخص، جو اس کا قائم مقام ہوتا ہے، فرض سمجھتا ہے۔ ماں کو چاہیئے کہ ان باتوں کو سمجھے اور ان کو اسی محبت مادری کے ذریعے بجالائے!

ہم بچوں کے اخلاق اور ان کی آئندہ قسمتوں کے بارے میں، خانگی تربیت کے مؤثر ہونے کو ثابت کرنے کے لئے مجبور ہیں اور اسی کے متعلق کچھ مطالب بھی بیان کریں گے اس وجہ سے کہ کنبہ یا خاندان، ایک ایسے کارخانے کی مانند ہے جہاں بچے کے اخلاق اور اس کی آئندہ قسمت سانچے میں ڈھالی جاتی ہے اور وہ سانچہ جس شکل کا ہوگا بچہ بھی اسی کا ایک نمونہ ہوگا۔ بڑا ہونے کے بعد اس شکل کا بدلنا بہت مشکل ہے۔ اسی لحاظ سے زندگی کے شرائط اور خانگی طرز تربیت پر نظر غائر ڈالنی چاہیئے اور یہ بھی دیکھنے کی ضرورت ہے کہ وہ شرائط کس طرح بچے کے جسمانی، ذہنی، اخلاقی قوٰی پر اثر ڈالتے ہیں۔

اس وجہ سے کہ بچے کے پاکیزہ دماغ اور اس کے صاف اور ستھرے دل کے سامنے جو چیز بھی پیش کی جاتی ہے وہ فوراً قبول کر لیتے ہیں اور اپنے آپ کو اس کے ذریعے

غذا اور قوت پہنچاتے ہیں۔ اسی خیال کے مدنظر، جو چیز، جو فکر، جو حرکت، جو بات اور جو رفتار اُس کے دماغی اور روحی قویٰ میں ایک خاص اثر قائم کرے گی اُسی کے اثرات آپس میں مل کر اُس کے اخلاق، عادات اور صفات کو ایک خاص قسم کی شکل میں ڈھالیں گے!

اسی خیال کے نظر کرتے خانگی زندگی کے شرائط کا نظر انداز کرنا نہایت مشکل ہے اور ان ہی شرائط کی رو سے کسی ایک بچہ کے اخلاق کو روشنی میں لایا جا سکتا ہے اور اس کی آئندہ قسمت کی حد میں بھی قائم کی جا سکتی ہیں جس کے لئے چند امور غور طلب ہیں۔

(۱) گھر پر بچے کی خوراک اور پوشاک کا مناسب انتظام ہے۔ خوراک میں اس بات کو دیکھنا چاہیئے کہ آیا چکنی چیزی اور حیوانی غذاؤں مثلاً دودھ، مکھن، گھی، گوشت وغیرہ کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے یا نباتی غذاؤں مثلاً ترکاری، غلہ، پھل وغیرہ کو۔ لباس میں حفظان صحت کے اصول کو ملحوظ رکھا جاتا ہے یا نہیں، بچوں کی کافی طور پر دیکھ بھال ہوتی ہے یا نہیں۔ ماں اپنے بچوں کو اپنا دودھ پلاتی ہے یا نہیں۔ کس وقت بچے سے دودھ چھڑایا جاتا ہے۔

(۲) والدین نے اپنے بچوں کی آئندہ زندگی کے بارے میں کیا سوچ رکھا ہے، اور اُن کا کیا پیشہ ہے اور وہ بچوں کو بچپن ہی میں اپنے پیشے کے سیکھنے پر مجبور کرتے ہیں یا نہیں؟ یہ بات یقین کرنے کے قابل ہے کہ والدین کے پیشے کے اعتبار سے بہت کچھ آلات، اوزار اور ہتیار گھر میں موجود ہوتے ہیں اور بچہ خواہی نخواہی اُن سے کھیلتا ہے۔ یا کم سے کم روزانہ والدین کو اُن کے ذریعے کام کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔ اس کے دل میں اُس پیشے اور کام کی نسبت کچھ نہ کچھ شوق پیدا ہو کر اس کو اپنی طرف کھینچ لیتا اور اُس کے قوٰے کو بچپن ہی سے کام کے قابل بنا دیتا ہے۔

(۳) گھر میں قسم قسم کے کھیل اور کھلونے بھی بچے کی ممکنات پر بہت کچھ اثر ڈالتے ہیں مثلاً: کھلونے زیادہ عمل سے تعلق رکھتے ہیں یا ذہن او فکر سے؟ کون سے کھلونے اعضاء جسمانی اور قوائے دماغی میں سے کسی ایک کو بہت زیادہ کام میں لگاتے ہیں اور وہ کس درجے تک حفظان صحت کے اصول کے موافق ہیں۔ یہ کھلونے زیادہ ترغیبوں کے درمیان کھلی

ہوا میں کھیلے جاتے ہیں یا کمروں کے اندر۔ یہ کھیل علمی، فنی اور اخلاقی نقطۂ نظر سے کس پایہ کے ہیں؟

۴۔ گھر میں سزا و جزا کے لئے کیا طریقے مقرر ہیں۔ آیا بچے کو بھوت، پریت اور ہیجا کے خیالی شکلوں کے ذریعے ڈرایا جاتا ہے یا۔ لکڑی یا بید کی قسم کی چیزوں سے مارا جاتا ہے یا۔ اس کو کسی اور ذرائع سے سزا دی جاتی ہے۔ تحسین و آفرین کے موقع پر پیسے اور کھانے کی چیزیں لینے کی عادت ڈالی جاتی ہے یا۔ فنی اور اخلاقی کھلونے اور کتابیں وغیرہ دی جاتی ہیں یا۔ اُس کو تاریک اور مرطوب کمروں میں بند تو نہیں کیا جاتا ہے؟ مہربانی کے وقت اُس کو پیار کرتے اور گود میں لیتے ہیں یا نہیں، سزا اور جزا کے موقع پر کس قسم کے بُرے الفاظ اور کس قسم کی خوش کرنے اور دل بڑھانے والی باتیں کہی جاتی ہیں۔

(۵) خاندان میں کس قسم کے عقائد اور کس قسم کے رسم و رواج تربیت کے متعلق رائج ہیں۔ اس میں ذرا شبہ نہیں کہ ہر وہ ماں باپ، جن کا تعلق خواہ کسی فرقے سے ہو۔ کچھ نہ کچھ عقیدے اور طریقے تربیت کے متعلق رکھتے ہیں مثلاً: کہتے ہیں کہ بچے سے زیادہ لاڈ نہ کرنا چاہیئے۔ بچے کو والدین کے روبرو زیادہ رہنے کا موقع نہ ملے اور وہ اُن سے زیادہ گفتگو بھی نہ کرنی پائے۔ ایسے ہی مہمان کے آنے اور جانے کے موقع پر کیا آداب مقرر ہیں، بولنا شروع کرنے کے زمانے سے لے کر مکتب میں، داخل ہونے کے زمانے تک، خاص خاص اوقات میں، عیدوں، جشنوں، ماتموں اور ضیافتوں میں بچے پر کس قسم کی پابندیاں عائد کی جاتی ہیں، والدین ان آداب کو کس طریقے اور اُصول کے ساتھ سکھلاتے ہیں۔

(۶) والدین دراصل بچے کے متعلق کس قسم کے خیالات رکھتے ہیں۔ بچہ اُن کی نظروں میں کیا ہوتا ہے اور وہ کیا قدر و قیمت رکھتا ہے۔ آیا اس کے لئے تعلیم و تربیت کو ضروری سمجھتے ہیں یا نہیں اور اگر سمجھتے ہیں تو کس حد تک۔ آیا وہ لڑکے اور لڑکی کی تعلیم کے درمیان کچھ فرق رکھتے ہیں یا نہیں۔ بچے سے دوسروں کے مقابل کس طور پر مخاطبت کی جاتی ہے والدین غصے کی حالت میں اپنے بچوں کو کس طرح پکارتے ہیں اور اس باب میں ہر طبقے کے آدمیوں کا کیا مسلک رہا ہے۔

(۷) والدین یا سرپرستوں نے تربیت کا مفہوم کیا سمجھ رکھا ہے، وہ کس طرح ہونی چاہیئے اور اُس کی غرض و غایت کیا ہے؟ مثلاً: آیا وہ چاہتے ہیں کہ بچہ خود دار، سنجیدہ، ملنسار، باحیا، شرمیلا، کم خوراک ہو اور کھیل کا راغب (کھلنڈرا) چلبلا اور شریر نہ ہو محض نیک رہی نیک ہو یا کسی اور طریقے پر؟

(۸) خاندان کی معاشرت اور اُن کے عادات و اخلاق میں یکسانیت ہے یا نہیں خاندان کو زیادہ تر کن صحبتوں اور کن سوسائیٹیوں میں نشست و برخاست کا اتفاق ہوتا ہے اور وہ لوگ کس طبقے اور کس مذہب کے ہیں، اُن کا اس خاندان کے بچوں کے ساتھ کس قسم کا برتاؤ رہا ہے اُن کے اور بچے کے والدین کے عقائد اور اخلاق میں کیا فرق ہے اور اسی طرح تربیت و اخلاق اور آداب کے خصوص میں والدین کے مابین کچھ اختلاف تو نہیں ہے؟ ان دونوں میں کون سی چیز بچے کی تربیت کے بارے میں بہت زیادہ اثر رکھتی ہے۔ اسی طرح پڑوسی، احباب اور رشتے دار، خاندان کے کاروبار اور بچوں کی تربیت میں کس حد تک دخل اور اثر رکھتے ہیں۔

(۹) خاندان بچے کو زندگی کی کس راہ اور کس میدان کے لئے تیار کرتا ہے مثلاً ایک دُنیا پرست یا ایک زاہد، عابد اور گوشہ نشین چاہتا ہے کہ روپیہ جمع کرے، تمام لوگوں اور اہل دُنیا کے ساتھ میل جول بڑھائے یا۔ قناعت، درویشی اور آدمیوں سے ترک تعلق کی تعلیم دے۔ بچے کو آبائی مسلک اختیار کرنے یعنے باپ کا جانشین بننے کے لئے تیار کرتے ہیں یا۔ اس کو اپنی اختیار کردہ راہ پر چلنے کے لئے کھلے بندوں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ بچے کو اپنی زندگی خاندان کے مابین کتنے عرصے تک گزارنا پڑتا ہے۔ اور پھر الگ ہونے کے بعد ایک دوسرے کے ساتھ کس طریقے پر ملتے ہیں اور اُن میں کس طرح کی راہ و رسم رہتی ہے؟

(۱۰) خاندان کے عقائد اجتماعی، سیاسی اور ذہنی تربیت کے بارے میں کیا ہیں اور کن چیزوں کے ذریعے سے بچے کو اُن سے واقف کرانا چاہیئے مثلاً: آیا والدین بچے کو جس طریقے پر تربیت دینا چاہتے ہیں وہ آپ مستقل مزاج، صاحب فکر اور ہونہار ہو کر اپنے مفاد کو پیش نظر رکھتا ہے اور کسی ایک کے فائدے کو اجتماعی اور قومی فائدوں پر مقدم رکھتا ہے

یا نہیں ، اسی طرح خاندان کے مذہبی اور سیاسی عقیدے، حکومت کے استقلال اور آزادی اور وطن کی خدمات اور اُس کے حقوق کے متعلق کیا ہیں، نیز اخلاقی تربیت سے وہ کیا مراد لیتا ہے، بشری احساسات میں کن کو زیادہ اہمیت دیتا ہے۔ آیا اُس کی نظر میں دماغی قوی کی زیادہ قدر وقیمت ہے یا قلبی حیات کی، وہ بشری دنیا کے متعلق عموماً کیا عقیدہ رکھتا ہے، اپنے آپ کو بنی نوع کا خدمت گزار سمجھتا ہے یا نہیں۔ اُس کی نظر میں رُوحی اور اجتماعی توقعات اور فضائل و برکات کی راہ میں صداقت و فداکاری کی محبت کا احساس کیا قدر وقیمت رکھتا ہے، وہ اپنے ان تمام افکار و معتقدات کو کن ذرائع سے پرورش کرنا چاہتا ہے!

زندگی کے ان چند شرائط اور گھر کی تربیت کے اُن خاص خاص محرکات کے مطالعے سے، جو بچّوں کی آیندہ زندگی اور اُن کے اخلاق کے متعلق استعمال کیے جا سکتے ہیں، گھر کی تربیت کی اہمیت اور ذمّے داری کا بخوبی پتہ چل سکتا ہے اور سمجھا جا سکتا ہے کہ قریب قریب اُس زمانے کے جب کہ بچّہ بڑا ہو کر مدرسے میں داخل ہوتا ہے یا۔ وُہ ابھی مدرسے نہ جا کر اتنا بڑا ہو گیا ہے کہ خاندان کے آغوش سے اُترتے ہی اپنی راہ لیتا ہے، پھر اُس کی ممکنات کا تعین ہو جاتا ہے اور اُس کی آیندہ قسمت اس کے ماتھے پر لکھ دی جاتی ہے۔ اس لیے کہ ہم نے جن تمام امور کا، محرکات اور قوتوں کے زیر اثر ذکر کیا ہے، درآں حالے کہ بچّہ پیدا ہونے کے دن سے لے کر والدین سے جُدا ہونے کے دن تک اپنے والدین کے زیر سایہ پرورش پاتا ہے، ممکن ہی نہیں کہ وُہ اُن کو چھوڑ کر چلا جائے۔ اُس کی آیندہ قسمت ایک مقررہ و مخصوص قالب میں پڑی ہوئی ہے اور وہ سوائے تقدیر پر راضی رہنے کے کوئی علاج نہیں رکھتا، لیکن اس تقدیر کے تعین کا باعث والدین ہیں نہ کہ خدا!

اسی لحاظ سے، اگر ماں اس قدر ذکی، عقلمند اور صاحب ارادہ ہو، جو ان امور کو سمجھے اور فنِ تربیت کے قواعد کی اہمیت و ذمّے داری کی عظمت معلوم کرے تو اپنی اولاد کو اس طور پر تربیت دے گی، جو اُس کی اپنی زندگی ہی میں تندرست، اشراف،

صاحب عزم، سلیم الطبع، کارگذار، بے لوث اور زندہ دل افراد بن جائیں گے!

ہم یہاں جزئی امور سے بحث کرنا نہیں چاہتے البتہ یہ ثابت کرنے والے ہیں کہ ہم نے اوپر جن چیزوں کا ذکر کیا ہے ان میں ایسے کون سے کام اور محرکات ہیں، جو زیادہ مفید و مؤثر ثابت ہو سکتے ہیں، چوں کہ ان مسائل کے متعلق ایک ہی پہلو پر روشنی ڈالنے والے جواب نہیں دئے جا سکتے اس لئے آئندہ فصلوں میں تفصیل کے ساتھ ان مسائل پر بحث کی جائے گی۔ صرف ہم یہاں اس قدر ظاہر کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ جب تک ہماری مائیں اور بیٹیاں صحیح تربیت کے فیض سے فائدہ نہیں اُٹھائیں گی ہم اپنی اس اجتماعی فریضے کی ذمے داری سے سبکدوش نہیں ہو سکتے۔ لڑکیوں کو تربیت سے روک دینا، ایران ہو یا ہندوستان، نوع انسانی کی نسلوں کے ساتھ بڑی خیانت ہوگی۔ ہم بچوں کی خانگی تربیت کے شرائط کے باب میں تفصیلات کو داخل نہیں کر سکتے اور صرف چند نکات بچوں کے نفس کے حالات کی نسبت بیان کرنا چاہتے ہیں تاکہ مائیں، معلمیں اور سرپرست ہمیشہ اُن کو پیش نظر رکھ کر اُن کے میلانات کے بموجب عمل کریں اور یہ سمجھ رکھیں کہ بچوں کی تربیت کے متعلق معلومات بہم پہنچانے کی اولیں شرط اُن کے نفس کی حالتوں کا پتہ چلانا ہے۔ (باقی)

(ماخوذ از فارسی) از ابوالمحاسن محمد محسن خاں متین
(مدرس فارسی، وسطانیہ مستعد پورہ)

جدید روس میں تعلیم کا طریقہ

جدید روس کا مطالعہ آج ہمارے لئے مختلف حیثیتوں سے دلچسپی رکھتا ہے لیکن ایک ہندوستانی کے لئے سب سے زیادہ دلچسپ اور مفید پہلو روس کی تعلیمی پالیسی، بالخصوص جہالت کے خلاف اس کے دلیرانہ جہاد کا اعلان ہے۔ بڑے بڑے زراعتی رقبے ہیں جن میں جاہل اور ان پڑھ کسانوں کی کثیر تعداد بستی ہے۔ بعینہٖ یہی حالت آج ہمارے ہندوستان کی بھی ہے لیکن اس دشواری کا حل جو آج روس نے اپنے لئے سوچا ہے، وُہ ہمارے لئے ایک درسِ عبرت ہے۔

تعلیم کی اہمیت جدید روس کے اس مطالعے سے سب سے پہلا خیال جو ہمارے دِل میں پیدا ہوتا ہے وُہ یہ ہے کہ رُوسی لیڈروں اور اُن کے بڑے بڑے اشخاص نے نوجوانوں کی تعلیم پر کس درجہ زور دیا ہے۔ تمام دُنیا میں آج یہ خیال پیدا ہو رہا ہے کہ سوسائٹی کی بہتر حالت بغیر تعلیم کے ناممکن ہے۔ رُوس کے بڑے بڑے اشخاص نے یہ طے کر لیا ہے کہ سوسائٹی کا مستقبل کیا ہونا چاہئیے اور انہیں مقاصد کو پیش نظر رکھ کر انہوں نے عمل کرنا شروع کر دیا ہے انہوں نے اپنی توجہ کا سب سے بڑا حصّہ نوجوانوں کی تعلیم پر صرف کرنا شروع کر دیا ہے اور ان کی قوم کے بہترین اشخاص نے اس کام کو اپنے ذمے لیا ہے۔ اکتوبر ۱۹۱۷ء کے انقلاب میں جب کہ پیٹروگراڈ کے اندر خانہ جنگی کی آگ بھڑک رہی تھی اور ہر شخص یہ کہہ رہا تھا کہ روسی تباہ ہو جائیں گے، انہوں نے صرف چند دنوں کے اندر اپنا تعلیمی پروگرام بنا کر شائع کر دیا۔ اس سے بھی زیادہ حیرت کی بات یہ ہے کہ انہوں نے یہ اعلان کر دیا کہ وہ اس دس سال کے اندر تمام ملک سے جہالت کو مٹا کر رہیں گے۔ یہ اُن کی صرف خواہش ہی خواہش نہ تھی۔ انہوں نے باقاعدہ طور پر ایک پروگرام نہ صرف نوجوانوں کی تعلیم کا بلکہ اس جہالت کو دور کرنے کا بھی بنایا۔ لیکن اُنہیں اپنی اس کوشش میں پوری کامیابی نہ ہوئی بُقسمت ان کے خلاف تھی خانہ جنگی برابر جاری رہی۔ دُشمنوں کے محاصرہ نے ان کی حالت کو بہت قابل رحم بنا دیا

تاہم اگرچہ وہ جہالت کو بالکل نہ مٹا سکے پھر بھی اس دس سال کے اندر انہوں نے نہایت حیرت انگیز کامیابی کا ثبوت دیا ہے۔

تعلیم کا زندگی سے لگاؤ | جدید روس کی تعلیم میں ایک سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ وہاں کے مدارس اور روزمرہ کے معاملات میں ایک گہرا تعلق پایا جاتا ہے۔ تعلیم کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو فضائے آسمانی میں ہو اور جس کا طالب علم کی زندگی یا بہ حیثیت شہری کے اس کی آئندہ زندگی سے کوئی تعلق نہ ہو۔ حقیقی تعلیم وہ ہے جو بچے کے ماحول اور گرد و پیش کے حالات و واقعات پر مبنی ہو اور جو اس کام کے لائق بنا دے، جسے وہ اپنی آئندہ زندگی میں اختیار کرنا چاہتا ہے۔ لہذا ایک مفید اور با معنی نصاب تعلیم تیار کرنے کی غرض سے وہاں کے ایک بڑے ماہر تعلیم نے سب سے پہلے صنعتی اور زرعی علاقوں کا ایک گہرا مطالعہ کیا نیز ہمیشہ اساتذہ پر یہ زور دیا جا رہا ہے کہ وہ اپنے شاگردوں کے حالات زندگی سے پوری واقفیت اور لگاؤ رکھیں تاکہ نصاب تعلیم ان ضروریات سے ہٹنے نہ پائے۔

مختلف ذرائع تعلیم | اس غرض کے لئے یہ بھی لازمی ہے کہ ذریعہ تعلیم مادری زبان ہو جمہوریہ روس میں اقوام اور زبانوں کا اس سے کہیں زیادہ اختلاف ہے جتنا کہ ہندوستان میں ہے۔ لیکن باوجود مشکلات کے اُصول میں سر مو فرق نہیں آیا ہے۔ جمہوریہ کے ماتحت جتنے مدارس ہیں، اُن میں ہر زبان بولنے والی جماعت اپنی زبان استعمال کرتی ہے بعض صورتوں میں ایسا بھی ہے کہ ایک ہی شہر کے مختلف اسکولوں میں ذریعہ تعلیم مختلف ہے۔ کوشش اس امر کی کی جاتی ہے کہ ہر حصے کی مقامی زبان ترقی کرے۔ مختلف صوبوں کے سرکاری کام مختلف زبانوں میں ہوتے ہیں۔ سرکاری اخبارات اور کتابیں ان زبانوں میں شائع ہوتی ہیں۔ لینن گراڈ اور ماسکو وغیرہ میں اُستادوں کے علاوہ ان زبانوں کے سکھانے کی غرض سے متعدد مدارس قائم کئے گئے ہیں۔ اس قسم کے مدارس کی تعداد اس وقت تک ۴۵ ہے بڑی بڑی یونیورسٹیاں ان قلیل التعداد جماعتوں کی زبانوں کے لئے مستقل انتظام رکھتی ہیں۔ روس میں اقلیتوں کی تہذیب و تمدن کو ترقی دینے کی

یہ خواہش اس درجہ ترقی پر ہے کہ جن حصوں میں صرف بولیاں تھیں اور ان کا کوئی خاص رسم خط نہ تھا، اُن کے لئے نئے نئے رسم خط ایجاد کئے گئے ہیں۔ جب ہم ماسکو کا محکمہ تعلیم دیکھنے گئے تو ہمیں بہت سی ایسی درسی کتابیں دکھائی گئیں جو مختلف رسوم خط میں تھیں اور ان میں سے بعض رسم خط عربی سے ملتے جلتے تھے اور باقی ایسے تھے جسے ہم بالکل ہی نہیں پہچان سکتے تھے۔

اقلیتوں کے تہذیب و تمدن کی حفاظت کا حکومت کہاں تک خیال رکھتی ہے، اس کا بہترین اندازہ صرف ایک مثال سے ہو سکتا ہے۔ سائبیریا کے علاقہ ارکٹسک میں ایک چھوٹی سی قوم ہے جس کا نام "کیر اگاس" ہے اور جس کی مجموعی تعداد مع کمسن بچوں کے (۴۰۵) ہے۔ یہ لوگ ایک قسم کی ترکی زبان بولتے ہیں اور خانہ بدوشوں کی طرح رہتے ہیں جن کا ذریعہ معاش صرف شکار ہے لیکن حکومت نے اس جماعت کے بچوں کی تعلیم کا بھی انتظام کیا ہے اور ایک خاص اسکول اس غرض کے لئے کھولا ہے۔ یہ اسکول صرف جاڑوں کے موسم بھر جاری رہتا ہے اس لئے کہ گرمی میں بچے اپنے والدین کے ساتھ ادھر اُدھر چلے جاتے ہیں۔ ایک دوسری قوم "جیپسی" کی ہے جن کے لئے تین مدارس ہیں۔ ان میں کوشش اس بات کی کی جا رہی ہے کہ ان کے لئے لفظوں کے ہجے کا باقاعدہ اُصول بنا دیا جائے لیکن دقت یہ ہے کہ ان کے پاس حروف ہجے نہیں ہیں۔ اسی طرح پچاسوں اور دوسری قلیل التعداد جماعتیں ہیں جن کی زبان و تہذیب کے تحفظ کا حکومت پورا پورا خیال رکھتی ہے۔

اسی زمانہ میں لینن گراڈ کی مجلس سائنس نے بدھ تہذیب کی تحقیق و مطالعہ کے لئے ایک ادارہ قائم کیا ہے۔ یہ ادارہ بدھ مذہب پر ایک دائرۃ المعارف مرتب کر رہا ہے اور عنقریب بدھ تمدن کی تحقیق و مطالعہ کے لئے ایک بین الملی کانفرنس بھی منعقد ہونے والی ہے۔

یہ معلوم کر کے بھی دلچسپی ہوگی کہ جمہوریہ کی بعض ریاستوں میں ان عورتوں نے جو اب تک پردہ میں رہا کرتی تھیں، بہ حیثیت معلمہ کے مدارس میں تعلیم دینے کا کام شروع کر دیا ہے۔

تعلیم عوام کے لئے نظام ایک تیسری سب سے بڑی خصوصیت روس کی تعلیم کی یہ ہے کہ اس کا تمام نظام تعلیم عوام کے لئے ہے۔ اکثر ممالک میں بہترین قسم کی تعلیم اُن خوش حال لوگوں کے بچوں کی ہوتی ہے جو اپنے خاص مدارس رکھتے ہیں۔ لیکن روس میں اس قسم کی تعلیم سے ہر شخص کو بہرہ ور کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ چنانچہ اس کی اصل بنیاد اس اصول پر ہے کہ تعلیم اجتماعی اور اشتراکی ہونی چاہیئے یعنی یہ کہ اصل غرض انفرادی طور پر صرف حصول علم اور کسب کمال ہی نہیں ہے بلکہ دوسروں کو دینے اور اُن سے لینے کی صلاحیت پیدا کرنی ہے۔

عام اور مفت تعلیم سب سے پہلے احکام جو حکومت نے تعلیم کے متعلق نافذ کئے وہ اسکولوں کے کلیسا سے علیٰحدہ کئے جانے، لڑکوں اور لڑکیوں کو ایک ساتھ تعلیم دیے جانے اور غیر روسی قومیتوں کو اپنی زبانوں کے مدارس قائم کرنے کے متعلق تھے۔ یہ اصول بھی رکھا گیا کہ اسکول میں داخل کئے جانے سے پیشتر تین سال سے لے کر سات سال تک اور پھر اُس کے بعد آٹھ سال سے بارہ سال تک ابتدائی تعلیم، تیرہ سال سے سولہ سال تک ثانوی تعلیم یہ سب مفت، لازمی اور عام ہونی چاہیئے۔ اور اس کے علاوہ یہ بھی قرار پایا کہ ہر روسی شہری اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا حق رکھتا ہے یہ بھی سمجھا جاتا ہے کہ پندرہ سولہ سال تک تمام بچوں کی تعلیم کا دینا خاندان کا نہیں بلکہ ریاست کا فرض ہے۔

شیر خوار بچوں کی تعلیم اس بنا پر تعلیم تین ہی سال سے شروع ہو جاتی ہے۔ اس سے قبل بچہ محکمہ حفظان صحت کی ذمہ داری میں ہوتا ہے۔ ایسی کام کرنے والی عورتیں جو حاملہ ہوتی ہیں، انہیں وضع حمل سے تین چار روز قبل اور بعد تمام کام سے بری کر دیا جاتا ہے اور پوری اُجرت دی جاتی ہے۔ انہیں بوقت ضرورت ہر طرح کی طبی امداد بھی بہم پہونچائی جاتی ہے۔ بچہ ہونے کے بعد بھی دوران کام میں انہیں کافی وقت دیا جاتا ہے کہ وہ بچہ کی اچھی طرح سے خبر گیری کر سکیں۔ ہر کارخانہ اور ٹریڈ یونین اس غرض کے لئے کچھ نہ کچھ مالی امداد دیتا ہے جس سے شیر خوار بچوں کی تربیت کے لئے اسکول، کنڈر گارٹن اور دوسرے کھیل کود کے سامان مہیا کئے جاتے ہیں۔ بچوں کو اسکول میں

داخل کئے جانے سے پیشتر اُن کی صحت وصفائی، غذا و آسائش پر خاص توجہ رکھی جاتی ہے اور ان کی تعلیم کے نصاب میں کھیل اور قصّے کہانیاں تفریحی مجلسیں اموسیقی اور ڈرامے بھی داخل سمجھے جاتے ہیں۔ گذشتہ چند سالوں کے اندر اس قسم کے تقریباً دس ہزار اسکول کھولے گئے ہیں جو پھر بھی ملک کی وسیع ضروریات کے لحاظ سے ناکافی ہیں۔

بالغوں کی تعلیم کے لئے ٹریڈ یونین بھی اپنی آمدنی کا دس فیصدی دیتی ہیں اور مالکان کارخانہ سے بھی ایک معاہدہ اس قسم کا ہوا ہے جس کی بنا پر وہ مجموعی اُجرت کا ایک فیصدی اس فنڈ میں داخل کرتے ہیں۔

صحت کا خیال | ابتدائی اور ثانوی تعلیم ایک ساتھ دی جاتی ہے اور ایسے اسکول کو یونی فائیڈ لیبر اُسکول، کہتے ہیں۔ اس کے دو حصّے ہوتے ہیں، پہلی منزل اور دُوسری منزل، پورا کورس سات سال سے نو سال تک ہوتا ہے۔ اس اسکول کی بعض خاص خصوصیتیں بھی ہوتی ہیں مثلاً داخلہ کا کوئی امتحان نہیں ہوتا اور ترقی سال بھر کا کام دیکھ کر دی جاتی ہے جس کا اندازہ ہر جماعت کے مجموعی کام کے لحاظ سے کیا جاتا ہے۔ تمام اسکولوں میں لڑکے اور لڑکیاں ساتھ پڑھتی ہیں۔ تھوڑے تھوڑے عرصہ کے بعد طبی معائنے بھی ہوتے ہیں اور ہر لڑکے پر الگ الگ توجہ کی جاتی ہے۔ جو لڑکا کمزور ہوتا ہے اُس سے زیادہ کام نہیں لیتے جن لڑکوں کی نگاہیں کمزور ہوتی ہیں۔ ان کو اگلی صف میں بٹھایا جاتا ہے تعلیم میں عام طور سے ڈیلٹن کا طریقہ رکھا گیا ہے جس میں لکچروں کی ضرورت نہیں ہوتی۔

حکمرانی کی تعلیم | طلبہ کو حکومت کرنے کا طریقہ سکھانے کے لئے خاص خیال رکھا جاتا ہے اچنانچہ اس غرض کے لئے اُن کی انجمنیں ہیں۔ خود اُسکول کا نظام اوقات بنانے میں طلبہ کا کافی حصہ ہوتا ہے۔ لیکن جہاں تک مدارس کا تعلق ہے لینن کی بیوی کروپسکایا کا خیال ہے کہ "طلبہ کی حکومت خود اختیاری بڑے لوگوں کی زندگی کا نمونہ نہ ہونا چاہئے۔ اس لئے کہ بچوں کی زندگی میں جماعتی کشمکش یا جماعتی تفوق نہیں چل سکتا۔ اسکول آئندہ سوسائٹی کا ایک نمونہ ہے جس میں جماعتیں نہیں ہوں گی"۔

بغیر کتابوں کے تعلیم | تفریحی مشاغل کا طریقہ اِن اسکولوں میں بہت عام ہے۔ اس کی

ایک وجہ غالباً یہ ہے کہ ابتداءً ان کے پاس کتابیں اور دوسرے ضروری سامان پورے نہ تھے چنانچہ اب بھی طلبہ کو بڑی بڑی ٹولیوں میں عجائب خانوں، تاریخی جگہوں، تصویر خانوں اور قدرتی مناظر کی سیر کرانے کی غرض سے لے جایا جاتا ہے۔ بعض اوقات یہ تفریحی سفر دور دور جگہوں کے ہوتے ہیں اور اگر سرمایہ کافی نہیں ہوتا تو راستہ میں روپیہ پیدا کرنے کی تدبیر کی جاتی ہیں۔

ایک عجیب طریقہ | تعلیم کا ایک اور خاص طریقہ یہ ہے کہ کوئی ایک چیز لے لی جاتی ہے۔ اور اسی کے گرد و پیش تمام توجہ رکھی جاتی ہے، مثلاً گاؤں کو لے لیا تو گاؤں کی زندگی، فصلیں اور پیداوار، گاؤں والوں کی صحت و صفائی اور ان کی معاشرتی زندگی وہاں کی مقامی تجارت، گاؤں اور شہر کا باہمی تعلق، دیہاتی زندگی کے نقائص، اُن کے اسباب اور طریقہ علاج گاؤں کی حکومت اور گاؤں کی ترقی کے لئے دوسرے لوگوں کے اتحاد عمل کی ضرورت، غرض گاؤں سے متعلق تمام مسائل ہوتے ہیں جن پر توجہ کی جاتی ہے اس سلسلہ میں تمام طلبہ کو دیہاتوں میں کام کرنا پڑتا ہے اور ان کے جو جو خیالات ہوتے ہیں، ان کو عمل میں لانے کا یہ ایک بہترین موقع ہوتا ہے۔

اسی طرح صحت کو لیجئے تو اس سلسلہ میں انفرادی، خانگی اور قومی ہر قسم کی صحت پر غور و فکر کیا جاتا ہے، اور طلبہ پر یہ زور ڈالا جاتا ہے کہ افراد کی اور خاندان کی صحت کا بہت کچھ دار و مدار قوم کی صحت پر منحصر ہے جسم، غذا اور ہاضمہ وغیرہ سے متعلق جملہ مسائل پر بحث کی جاتی ہے اور شراب و دیگر منشیات کے نقصانات طلبہ کو بتائے جاتے ہیں۔

ان مسائل کے لئے مختلف تعلیمی پروگرام استاد کے نام سے شائع کئے جاتے ہیں نیز اسی کے ساتھ یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ یہ صرف ان کی عام ہدایت کے لئے ہیں۔ اس سے زیادہ مفصّل پروگرام انہیں خود دوسرے اساتذہ اور طلبہ کے مشورہ سے بنانا ہے۔ یہ بھی کہہ دیا جاتا ہے کہ مصنوعی میلانات پیدا کرنے یا صرف پند و وعظ سنانے سے حتی الوسع احتراز کیا جائے بلکہ جہاں تک ہو سکے، طلبہ میں خود یہ صلاحیت پیدا کی جائے کہ وہ اپنے نتائج آپ نکال سکیں۔

اسکولوں پر اپنے قرب وجوار کے ماحول کا بہت اثر ہوتا ہے اور یہی ماحول ان کے لئے معمل یا دار التجربہ کا کام دیتا ہے۔ دیہاتوں میں تو یہی زندگی کا اثر غالب رہتا ہے۔ اگر کوئی اسکول کسی کارخانہ کے قریب واقع ہے تو اس کارخانہ کا اس پر بہت اثر نظر آئے گا اور جغرافیہ، سائنس، حساب اور دوسرے ایسے مضامین پڑھائے جائیں گے جن کا کارخانہ میں بہت کام پڑتا ہو۔

شہری علاقوں میں تو تعلیم بالکل عام کر دی گئی ہے لیکن ابھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ دیکھ کر مسرت ہوتی ہے کہ کاشتکاروں نے تعلیم کے عام کرنے کی طرف بہت کچھ دلچسپی کا اظہار کرنا شروع کر دیا ہے اور بعض مقامات پر انہوں نے خود مدارس قائم کئے ہیں۔ ایک اور دلچسپ بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ اوسطاً کاشتکاروں کے بچے شہر کے بچوں سے زیادہ ذہین اور تیز ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ ان کا قدرت سے زیادہ قریبی تعلق ہوتا ہے اور ان کی اس قدرتی ترقی میں ان کا نصاب تعلیم مزید معاون ہوتا ہے۔

روس کے بعض حصوں میں زمین اتنی زرخیز نہیں ہے جس سے کسانوں کی گزران ہو سکے لہذا ایسی صورت میں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ کوئی اور کام کریں۔ یہ کام سب سے زیادہ بننے تننے کا ہے اور گھر کے کچھ آدمی جن میں بچے بھی شامل رہتے ہیں برابر معمولی کرگھوں پر بننے کا کام کرتے ہیں۔

گاؤں کی تعلیم کا کسی قدر اندازہ اس سے بھی ہو سکتا ہے کہ ۱۹۱۳ء میں تمام گاؤں کے اندر (۲۸۰۰) لیٹر بکس تھے لیکن ۱۹۲۶ء میں ان کی تعداد (۶۴۰۰) ہو گئی جو دورہ کرنے والے ڈاک خانوں کے لیٹر بکسوں کے علاوہ ہے۔ ان دورہ کرنے والے ڈاک خانوں کے کوچبان زراعتی معلومات کی چیزیں بھی تقسیم کرتے ہیں۔ ایک کسانوں کا اخبار جو ۱۹۲۳ء میں نکلنا شروع ہوا تھا، اس کی اشاعت اس وقت دس لاکھ ہے اور اس میں کسانوں سے متعلق ہر قسم کے معلومات سے بحث کی جاتی ہے ہزاروں خطوط اس اخبار کے نام آتے ہیں جن میں مختلف نوعیت کے استفسارات، حکام کے متعلق شکایات اور دوسرے

امور درج ہوتے ہیں۔ ان شکایات کی باقاعدہ تفتیش ہوتی ہے اور ضرورت ہوتی ہے تو
ان پر مناسب کارروائی بھی کی جاتی ہے۔

(ماخوذ از ہمدرد دہلی)

صوبہ گلبرگہ شریف میں سیر مقامات

(۱)

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ کی پہلی سالانہ کانفرنس میں، سیر و تفریح پر انگریزی اور اردو میں مبسوط
تقریریں ہوئیں اور ایک پروگرام بھی پیش کیا گیا تھا کہ حیدر آباد کے طلبہ کن کن تاریخی اور تفریحی مقامات
کو بہ آسانی دیکھ سکتے ہیں اور تاریخ و جغرافیہ وغیرہ کے مسائل کس طرح مفید طریقے پر سمجھائے
جا سکتے ہیں۔ چنانچہ مدارس بلدہ میں اکثر پروگرام کے مطابق عمل کیا گیا اور سفر ایلورہ اور سیر
گول کنڈہ کے عنوان سے "ٹیچر" کی پچھلی اشاعتوں میں مضامین بھی چھپ چکے ہیں۔ ہماری
انجمن کے سرگرم ممبر مولوی عبد السلام صاحب ناظر مدارس و معتمد انجمن اساتذہ صوبہ گلبرگہ نے،
جو کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں، "المعلم" ۱۳۳۷ف کے ایک نمبر میں اسی بحث پر مضمون لکھنے
کا وعدہ کیا تھا، جو اب پورا فرمایا ہے۔ ہم ذیل میں موصوف کا فراہم کیا ہوا مواد درج کرتے
ہیں۔ یہ سب واقعات نو سال پہلے کے ہیں! مگر بقول لائق مقالہ نگار اس سے ایک طرف
تحریک کی قدامت اور گزشتہ کام کا ظاہر کرنا مقصود ہے تو دوسری طرف تاریخی واقعات
کی اشاعت کے ساتھ، اُس کی حفاظت مدنظر ہے۔ تیسرے ان دونوں سے اہم منشا یہ
ہے کہ آئندہ عمل کے لئے مدارس میں تازہ شوق اور حرکت پیدا ہو۔

(شریک مدیر)

(۱) **شوراپور** | قصبہ شوراپور ایک پہاڑی مقام ہے۔ پہاڑوں کا سلسلہ مشرق و مغرب میں
چار میل تک چلا گیا ہے۔ پہاڑ کے مختلف مقامات میں متعدد کھنڈر پائے
جاتے ہیں اور شمال و جنوب میں پہاڑوں پر دو قلعے بنے ہوئے ہیں، جن کے درمیان ایک
تالاب ہے، اس کا بند ان دونوں کو ملاتا ہے اور اُس کے اوپر سے دونوں میں آمد و رفت

ہوتی ہے۔ ان قلعوں کے دامن اور تالاب کے بائیں جانب جنوب و مغرب میں ایک موضع ہے، جس کا نام داگن گیرہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ قدیم زمانے میں جب کہ شوراپور موجودہ مقام پر آباد نہیں ہوا تھا، یہ مقام قدیم راجگان بیڈر کا جائے پناہ و سکونت گاہ تھا۔

نیا قلعہ جو دوسرے پہاڑ پر ہے اُس کی عمارت شاندار و قابل دید ہے۔ اُس کی فصیل سنگیں اور نہایت پختہ ہے۔ اس قلعے کے درمیان میں ایک بہت بڑا پتھر ہے جس کے اوپر ایک چھوٹی سی مسجد ہے گویا اس قلعے کی تخت گاہ یا بالاحصار ہے۔ اس میں کئی تہ خانے اور دو فصیلیں ہیں۔ ایک بیرونی اور دوسری اندرونی۔ بیرونی فصیل نہایت پختہ و مضبوط ہے اور اس کے پتھر نہایت عمدہ تراشے ہوئے ہیں۔ اُن کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حال میں یہ بنی ہے۔ بیرونی فصیل کے دروازے کے باہر ایک شاہ نشین گنبد نما ہے۔ یہاں سے قلعے کی سیڑھیاں جو داگن گیرہ یا دوسرے قلعے کو جانے کی شروع ہوتی ہیں تالاب کے بند تک چلی گئی ہیں۔ یہ بھی تراشے ہوئے پتھر کی ہیں۔ اُن کی کشادگی و پختگی کو دیکھ کر تعجب ہوتا ہے کہ باوصف ویرانی قلعہ یہ ایسی دکھائی دیتی ہیں کہ جیسے حال ہی میں بنی ہوں۔ اس قلعے پر کھڑے ہو کر مغرب و شمال کی جانب فصل ربیع و خریف کے موسم میں نظارہ کیا ہی بھلا ہے! کئی میل تک ہرے بھرے کشت زار کو دیکھ کر بے حد فرحت حاصل ہوتی ہے۔ ان مقامات سے تاریخی حالات راجگان شوراپور اور فصیل، برج، خندق، تخت، کھنڈرات، پرانا شہر، شاہ راہ، مواقع مورچہ بندی، شاہ نشین، تہ خانہ، دروازۂ شہر، مینار، میگزین، چھاؤنی وغیرہ کے نمونہ جات معلوم ہوتے ہیں۔ شوراپور سے قلعہ داگن گیرہ تک اثنائے راہ میں، جو تین چار میل کا فاصلہ ہے، تمام جغرافی اصطلاحات کے نمونے جیسے سلسلہ کوہ، جھیل، چوٹی اور دامن کوہ وغیرہ مشاہدے میں آتے ہیں۔ علاوہ اس کے نباتات سے جھڑبیری اور درختوں کے جھنڈ وغیرہ بھی بخوبی مشاہدہ کرائے جا سکتے ہیں۔ مدرسہ ہذا کے طلبہ نے بمعیت اساتذہ صاحبان، بہمن ۲۹ ف کو ان تمام مقامات کی سیر کی۔ اثنائے راہ میں جاتے اور آتے ہوئے طلبہ ترانۂ حمد گاتے رہے۔

ہم سب شام کے (۸) بجے شوراپور واپس ہوئے۔

(منقول از مراسلہ مولوی محمد یوسف صاحب مرحوم صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شوراپور)

یوں تو ہر کم زور طالب علم کم استعداد سمجھا جاتا ہے مگر حقیقت میں کم زوری کا اطلاق صرف اسی طالب علم پر ہونا چاہیئے جو اگر نیچے کی جماعت میں رکھا جائے تو بہ لحاظ استعداد مجموعی اس جماعت کی تعلیم اس کے لئے تحصیل حاصل کا مصداق ہو اور اگر اوپر کے درجے میں تعلیم دی جائے تو وہ بعض مضامین کی تدریس سے بہ سبب کم زوری پوری طرح استفادہ نہ کر سکے اور یہ کم زوری فطرتی ہو یا عارضی ایسے کم استعداد طلبہ تو بہت ہی شاذ ہوا کرتے ہیں اور ہونا بھی چاہیئے مگر اس کے برخلاف ہر مدرسہ کی ہر جماعت میں ایسے طلبا زیادہ پائے جاتے ہیں جو مجموعی استعداد کے لحاظ سے صرف نیچے کی جماعت میں مناسب حال تعلیم پانے کے اہل ہوتے ہیں لیکن کسی نہ کسی سبب سے اوپر کے درجے میں شریک کر لئے جاتے ہیں جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف اپنا نقصان آپ کرتے ہیں بلکہ ہمدرس طلبہ اور مدرسین کے لئے بھی موجب زحمت و زیاں ہوتے ہیں۔

کم استعداد طلبہ کی عمومیت و کثرت کے اسباب و علل مختلف و متعدد ہیں بعض طلبہ محض اس وجہ سے کم زور ہوتے ہیں کہ مدرسے کی تفہیم و تدریس کو کافی طور پر پیوست کرنے کے لئے مکان میں جس قدر وقت کی ضرورت ہوتی ہے وہ آئے دن کی خانگی اٹل مصروفیت کے سبب میسر نہیں آتا اور اگر خواب و خور کے ناگزیر اوقات کا کچھ حصہ اس کی نذر کیا جاتا ہے تو صحت جواب دینے لگتی ہے عام طور پر ہمارے طلبہ کی صحت جیسی کچھ ہے وہ ظاہر ہے گویا صلاح نہ شد بلا شد کا مقولہ صادق آتا ہے اس طرح کم زوری بڑھتی جاتی ہے جس سے تعلیم متاثر ہوئے بغیر رہ نہیں سکتی یہ ایسی خامی ہے جو مدرس کی دسترس سے قطعاً باہر ہے اور جس کی تمام تر ذمہ داری طلبہ کے سرپرستوں پر عائد ہوتی ہے کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ طلبہ علالت یا اور کسی وجہ سے مہینوں مدرسہ نہیں آتے یا اکثر غیر حاضر رہا کرتے ہیں اور ایام غیر حاضری میں کتب کی طرف عموماً متوجہ بھی نہیں ہوتے چونکہ اجرت تعلیم ہر ماہ ادا کردی جاتی ہے اس لئے نام خارج ہونے نہیں پاتا مگر جب مدرسہ آتے ہیں تو لازماً کم زور ہوتے ہیں گزشتہ طویل مدت کی غیر حاضری کے نقصان کی تلافی کی کوئی قابل اعتبار صورت پیدا نہیں ہوتی اور موجودہ حالت میں جماعت کا ساتھ دینا بھی مشکل ہو جاتا ہے یہاں بچارے مدرس کو دو مشکلات کا سامنا ہوتا ہے ایک تو پچھلے کی تلافی کرنی اور دوسرے حالیہ درس سے پورا پورا استفادہ کرانا ورنہ یہ تازہ خامی بجائے خود مزید کم زوری کا پیش خیمہ ہوگی ایسی صورت میں لے دے کے مدرس کو کامل ذمہ دار تصور کرنا قرین انصاف نہیں ہو سکتا جماعت بندی اور داخلے کے وقت سفارشوں کے زور سے طلبہ ایسی جماعتوں میں شریک کرلئے جاتے ہیں جن میں تعلیم پانے کی پوری صلاحیت نہیں ہوتی۔ خود والدین اور سرپرست بھی یہ کہہ کر صدر مدرس کو مجبور کرتے ہیں کہ مکان پر خانگی تعلیم کا معقول انتظام کر دیا جائے گا اور خانگی اوقات کی بھی پوری نگرانی کی جائے گی مگر یہ صرف کہنے کی باتیں ہوتی ہیں اور عملی صورت اکثر مفقود ہوتی ہے بالفرض اگر باور بھی کر لیا جائے کہ وعدے کی پابندی کی جائے گی تو بھی یہ حقیقت کسی طرح نظر انداز نہیں ہو سکتی کہ جو طالب علم حاضر باشی کے باوجود جس جماعت کے سالانہ امتحان میں ناکام ہوا ہو وہ خانگی تعلیم اور اوقات کی نگرانی کے سبب اوپر کے درجے میں ترقی پانے کی بجائے موعودہ امداد کے ساتھ اسی جماعت میں ایک سال اور

خواب کہلوائے جائیں۔ چونکہ خواب خیالات کا آئینہ ہوتے ہیں۔ اس لئے ان سے روحانی اضطراب کی ٹوہ لگتی ہے۔ اکثر خواب کے ذکر ہی سے رفع خلل ہو جاتا ہے۔ مگر بہت سے بچے ایسے ہوتے ہیں جو خواب کے بیان کرنے میں لجاتے ہیں اس لئے ان کو ہپناٹزم کے ذریعہ بے ہوش کر دینا مناسب ہوتا ہے جب شعور کا دربان سو جاتا ہے تو غیر شعوری دماغ کے زندان تاریک سے وہ بانی شر و فساد نکل بھاگتے ہیں جنہوں نے روح کے سکوں کو برباد کر دیا ہے۔ تیسری تدبیر تحلیل النفس ہے جس سے مراد یہ ہے کہ نفس کا تجزیہ اور تشریح کر کے سراغ لگایا جائے کہ فساد و خلل کا مرکز کہاں ہے۔ ازالہ خلل کیلئے خصوصی ترغیب کی قوت کافی ہوتی ہے

اس میں شک نہیں کہ ہمارے مدارس میں نہ تو ایسے موزون کمرے اور نہ مناسب فرنیچر ہے کہ طریق بتا دیہ پر عمل ہو سکے اور نہ لوچدار ٹائم ٹیبل ممکن ہے۔ پیمائش ذہن اور تحلیل النفس بھی سر دست یورپین ماہرین تعلیم کا اجارہ معلوم ہوتی ہے لیکن جب کبھی بھی یہ صورتیں ممکن ہوں گی اس وقت ہمیں یقین ہے کہ کم زور طلبا کی تعلیم کا مسئلہ بڑی حد تک حل ہو جائے گا۔

ملعیہ

یوں تو ہر کم زور طالب علم کم استعداد سمجھا جاتا ہے مگر حقیقت میں کم زوری کا اطلاق صرف اسی طالب علم پر ہونا چاہیئے جو اگر نیچے کی جماعت میں رکھا جائے تو بہ لحاظ استعداد مجموعی اُس جماعت کی تعلیم اس کے لئے تحصیل حاصل کا مصداق ہو اور اگر اوپر کے درجے میں تعلیم دی جائے تو وہ بعض مضامین کی تدریس سے بہ سبب کم زوری پوری طرح استفادہ نہ کر سکے اور یہ کم زوری فطرتی ہو یا عارضی ایسے کم استعداد طلبہ تو بہت ہی شاذ ہوا کرتے ہیں اور ہونا بھی چاہیئے مگر اس کے برخلاف ہر مدرسہ کی ہر جماعت میں ایسے طلبا زیادہ پائے جاتے ہیں جو مجموعی استعداد کے لحاظ سے صرف نیچے کی جماعت میں مناسب حال تعلیم پانے کے اہل ہوتے ہیں لیکن کسی نہ کسی سبب سے اوپر کے درجے میں شریک کر لئے جاتے ہیں جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف اپنا نقصان آپ کرتے ہیں بلکہ ہمدرس طلبہ اور مدرسین کے لئے بھی موجب زحمت و زیاں ہوتے ہیں۔

۳۔ استعداد طلبہ کی عمومیت و کثرت کے اسباب و علل مختلف و متعدد ہیں بعض طلبہ محض اس وجہ سے کم زور ہوتے ہیں کہ مدرسے کی تفہیم و تدریس کو کافی طور پر مؤثر ثابت کرنے کے لئے مکان میں جس قدر وقت کی ضرورت ہوتی ہے وہ آئے دن کی خانگی اٹل مصروفیت کے سبب میسر نہیں آتا اور اگر خواب و خور کے ناگزیر اوقات کا کچھ حصہ اس کی نذر کیا جاتا ہے تو صحت جواب دینے لگتی ہے عام طور پر ہمارے طلبہ کی صحت جیسی کچھ ہے وہ ظاہر ہے گویا صلاح نہ شد بلا شد کا مقولہ صادق آتا ہے اس طرح کم زوری بڑھتی جاتی ہے جس سے تعلیم متاثر ہوئے بغیر رہ نہیں سکتی یہ ایسی خامی ہے جو مدرس کی دسترس سے قطعاً باہر ہے اور جس کی تمام تر ذمہ داری طلبہ کے سرپرستوں پر عائد ہوتی ہے کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ طلبہ علالت یا اور کسی وجہ سے مہینوں مدرسہ نہیں آتے یا اکثر غیر حاضر رہا کرتے ہیں اور ایام غیر حاضری میں کتب کی طرف عموماً متوجہ بھی نہیں ہوتے چونکہ اجرت تعلیم ہر ماہ ادا کر دی جاتی ہے اس لئے نام خارج ہونے نہیں پاتا مگر جب مدرسہ آتے ہیں تو لازماً کم زور ہوتے ہیں گزشتہ طویل مدت کی غیر حاضری کے نقصان کی تلافی کی کوئی قابل اعتبار صورت پیدا نہیں ہوتی اور موجودہ حالت میں جماعت کا ساتھ دینا بھی مشکل ہو جاتا ہے یہاں بچارے مدرس کو دو مشکلات کا سامنا ہوتا ہے ایک تو پچھلے کی تلافی کرنی اور دوسرے حالیہ درس سے پورا پورا استفادہ کرانا ورنہ یہ تازہ خامی بجائے خود مزید کم زوری کا پیش خیمہ ہوگی ایسی صورت میں لے دے کے مدرس کو کامل ذمہ دار تصور کرنا قرین انصاف نہیں ہو سکتا جماعت بندی اور داخلے کے وقت سفارشوں کے زور سے طلبہ ایسی جماعتوں میں شریک کر لئے جاتے ہیں جن میں تعلیم پانے کی پوری صلاحیت نہیں ہوتی۔ خود والدین اور سرپرست بھی یہ کہہ کر صدر مدرس کو مجبور کرتے ہیں کہ مکان پر خانگی تعلیم کا معقول انتظام کر دیا جائے گا اور خانگی اوقات کی بھی پوری نگرانی کی جائے گی مگر یہ صرف کہنے کی باتیں ہوتی ہیں اور عملی صورت اکثر مفقود ہوتی ہے بالفرض اگر باور بھی کر لیا جائے کہ وعدے کی پابندی کی جائے گی تو بھی یہ حقیقت کسی طرح نظر انداز نہیں ہو سکتی کہ جو طالب علم حاضر باشی کے باوجود جس جماعت کے سالانہ امتحان میں ناکام ہوا ہو وہ خانگی تعلیم اور اوقات کی نگرانی کے سبب اوپر کے درجے میں ترقی پانے کی بجائے موعودہ امداد کے ساتھ اپنی جماعت میں ایک سال اور

تعلیم پانے کا بدرجہ اولٰے محتاج ہے۔ سند ترک مدرسہ کی بنا پر ایک مدرسے سے دوسرے مدرسے میں طلبہ کی شرکت بھی کمزور طلبہ کی موجودگی کا سبب ہوا کرتی ہے کیونکہ اس کی رو سے ایک کمزور طالب علم بھی اپنے آپ کو اس جماعت میں شریک ہونے کا اہل اور مستحق تصور کرتا ہے جس جماعت کی سند اس کے پاس ہوتی ہے اُس کے انسداد کے لئے بعض مدارس میں یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ سند ترک مدرسہ کے موجود ہوتے امتحانِ داخلہ لیا جاتا ہے اور ہر مدرس متعلقہ سے مضمون مفوضہ کی نسبت تحریری رائے لی جاتی ہے مگر مدرسین اظہار حقیقت میں کوتاہی کیا کرتے ہیں اور قطعی وفیصلہ کن رائے کا اظہار کرنے کی بجائے موہوم توقعات وغیر ضروری مشروط قیاسات ظاہر کرتے ہیں جس کے سبب انسداد کی یہ تدبیر مطلوبہ کارگر نہیں ہوتی چنانچہ شاید ہی کوئی مدرسہ کسی سند ترک مدرسہ رکھنے والے طالب علم کو امتحان داخلہ کی بنا پر محولہ جماعت میں شریک کرنے سے انکار کر دیتا ہو کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ بڑی عمر کا لحاظ کرکے طلبہ استعداد سے بالا جماعتوں میں شریک کرلئے جاتے ہیں حالانکہ عمر و استعداد میں کچھ بھی مناسبت نہیں ہے بعض وقت امتحان سالانہ کے بعد اور داخلہ کے موقعہ پر بھی طلبہ کو مشروط ترقی دی جاتی ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اگر طالب علم مدت معینہ میں اہل ثابت نہ ہو تو نیچے کے درجے میں منتقل کر دیا جائے مگر باوجود نا اہل ثابت ہونے کے اس کی نوبت نہیں آتی اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طالب علم اُسی جماعت میں شریک رہ کر فائدہ کی بجائے نقصان اٹھاتا ہے۔ اگر بفرض محال منتقلی عمل میں آتی بھی ہے تو بعد از وقت ہونے کے سبب نقصان دہ ہوتی ہے کیوں کہ ترقی معکوس کے بعد وہ لازماً بددل اور بے توجہ ہو جاتا ہے چنانچہ اُس کے غیاب میں مختلف مضامین کے جو حصے پڑھا دئے جاتے ہیں اُن میں وہ بالکل کورا رہتا ہے اور جاریہ اسباق میں اس وجہ سے کافی توجہ نہیں کرتا کہ اس نے اُن کو ایک بار ختم کر دیا ہے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ دوسرے امتحان میں بھی یا تو ناکام ہو جاتا ہے یا بہت ہی کم نمبر حاصل کرکے ادنیٰ درجے میں کامیاب ہوتا ہے حالانکہ دوسرے سال اس کی کامیابی نہایت ممتاز ہونی چاہیئے تھی اکثر اوقات غیر مستحق طلبہ دہری ترقی پا کر کمزوری کا شکار ہو جایا کرتے ہیں خصوصاً ایسی صورت میں یہ امکان زیادہ قوی ہو جاتا ہے

جبکہ طلبہ کو اس جماعت کے جدید مضامین میں کم مدت میں زیادہ معلومات حاصل کرنے پڑتے ہیں ظاہر ہے کہ دل و دماغ پر زیادہ بار ڈالنا قویٰ کو پژمردہ کر دیتا ہے اور یہی پژمردگی بالآخر کمزوری کی صورت اختیار کر لیتی ہے جس طرح طلبہ بعض اُصول و مسائل میں امتحان دے کر کامیاب تو ہو جاتے ہیں لیکن یہ کامیابی اس امر کی دلیل نہیں ہوتی کہ انہوں نے اُن کو بخوبی سمجھ بھی لیا ہے اِسی طرح بہت ممکن ہے کہ یہ دُہری ترقی پانے والا طالب علم اس جماعت کے امتحان میں کسی طرح کامیاب ہو جائے مگر یہ کامیابی اس حقیقتِ حال کی تردید نہیں کر سکتی کہ اس میں کمزوری موجود نہیں ہے اضافۂ تعداد طلبہ کی کوشش بھی بعض وقت کمزوری کا سبب ہوا کرتی ہے جب کسی مدرسے میں طلبہ کی تعداد گھٹ جاتی ہے تو مجبوراً طلبہ کی استعداد کو بڑی حد تک نظر انداز کر کے انہیں اونچی جماعتوں میں شریک کرنا پڑتا ہے کبھی ایسا اتفاق بھی ہوتا ہے کہ جب کسی ایک جماعت میں طلبہ کی تعداد کم ہو جاتی ہے اور توفیر تعداد کے لئے تشدد کیا جاتا ہے تو مدرس جماعت کمزور سے کمزور طالب علم کو بھی آنکھ بند کر کے شریک کر لیتا ہے۔

چونکہ با استعداد اور کمزور طلبہ کی تعلیم مشترک ہوتی ہے اس لئے ایک کا دوسرے سے متاثر ہونا لازمی ہے مثلاً کسی مسئلہ کے ذہن نشین کرانے میں اگر با استعداد طلبہ کو مجمل تفہیم کافی ہوتی ہے تو کمزور طلبہ کے لئے تفصیل بلکہ تکرار کی ضرورت ہوتی ہے ایسی حالت میں با استعداد طلبہ غیر متوجہ ہونے کے عادی بن جاتے ہیں اور رفتہ رفتہ بے توجہی مستحکم ہونے لگتی ہے جس کے بعد اُستاد کی مختصر و مفید تفہیم بھی منفعت بخش نہیں ہوتی۔ الصحبۃ تاثر و لو کان ساعۃً یوں تو کمزور طلبہ کے سبب سے مقدار سبق میں خود بخود کمی ہوتی ہے مگر اکثر اوقات عمداً بھی ایسا کرنا پڑتا ہے اور جب نصاب کا ختم شدنی حجم زیادہ اور مدت تعلیم کم ہوتی ہے تو مدرس صرف نصاب ختم کرنے کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور بالآخر اس کو ایسا کرنا ہی پڑتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ با استعداد طلبہ بھی کما حقہٗ استفادہ کرنے سے قاصر رہتے ہیں

کمزور طلبہ کا اثر نہ صرف با استعداد طلبہ پر پڑتا ہے بلکہ اس سے مدرسین متعلقہ بھی متاثر ہوتے ہیں جس کی تائید میں محض خیالات کے اظہار کی بجائے صرف ایک واقعہ بیان کرنا

بہت کافی ہوگا۔ ایک مدرسے کی سوم جماعت میں توفیر تعداد طلبہ کے مدنظر کم زور طلبہ زیادہ تعداد میں جمع ہوگئے تھے اور بدقسمتی سے داخلے کے وقت محض چھوٹی جماعت کا خیال کرکے کم زوری کا اہم مسئلہ قطعاً نظرانداز کردیا گیا تھا جب ختم سال تعلیمی کے قریب افسر معائنہ کنندہ نے اِس جماعت کا امتحان لیا تو نتیجہ نہایت خراب برآمد ہوا جس کے سبب مدرسین متعلقہ کی کارگزاری پر ناخوشنودی کا اظہار کیا گیا جن میں خصوصاً اُردو پڑھانے والے مدرس صاحب ٹرینڈ محنتی قابل۔ فرض شناس اور نہایت کارگزار تھے جنہوں نے نہ صرف صدر مدرس وقت کو اپنے کام سے ہر طرح مطمئن کر رکھا تھا بلکہ افسرانِ بالا بھی اُن کو بجا طور پر کارگزار تصور کرتے تھے چنانچہ کتاب الرائے اس حقیقت پر شاہد تھی۔ طرفہ یہ کہ چہارم و پنجم میں ان ہی مدرس صاحب کی دہی اُردو تعلیم قابل ستایش ثابت ہوئی۔ کیا اس تفاوت سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ انہوں نے جماعت سوم میں کام نہیں کیا ہرگز نہیں کام تو تینوں جماعتوں میں یکساں انہماک کے ساتھ کیا گیا مگر جس طرح کوئی زمین تخم ریزی کے باوجود کہیں کہیں پودے اُگانے سے عاری ہوتی ہے بالکل اُسی طرح بعض کم زور طلبہ بھی لایق و محنتی اُستاد کی تفہیم سے استفادہ کرنے سے قاصر ہوتے ہیں ظاہر ہے کہ یہ تخم ریزی کا نقص نہیں بلکہ زمین کی خامی ہے۔

اگر کسی جماعت میں ایسے کم زور طلبہ زیادہ تعداد میں جمع ہوجائیں کہ جن کی اصلاح سے مایوسی ہوجائے اور جن کا وجود دوسرے بااستعداد طلبہ پر اثرانداز ہونے لگے تو اُس کے انسداد کی بہترین صورت یہی ایک ہوسکتی ہے کہ امتحان لے کرنا کام طلبہ کا ایک درجہ تنزل کردیا جائے اس طرزِ عمل سے اگر یہ خدشہ پیدا ہوجائے کہ طلبہ واویلا مچائیں گے تو گوناگون فوائد کے مدنظر اس کی مطلق پروا نہ کرنی چاہیے نادان مریض تو مہلک دنبل پر بھی خفیف عمل جراحی کرانے سے ہمیشہ ناراض ہی رہے گا مگر حقیقت شناس طبیب کبھی اُس پر ملتفت نہیں ہوسکتا اور اس کو جو کچھ کرنا ہوتا ہے وہ کرگزرتا ہے ظاہر ہے کہ حکیم کے مشورے کے خلاف مریض کی ہر رائے مریض ہی ہوا کرتی ہے۔

بعض طلبہ بعض مضامین فطرتاً کم زور ہوا کرتے ہیں اور فطرتی کمزوری عموماً اندرونی خلل پر مبنی ہوتی ہے جس کی اصلاح مدتوں کی لگاتار کوشش کے بعد بھی کماحقہ نہیں ہوسکتی ایسی

حالت میں اساتذہ کو صرف اس بات کی کوشش کرنی چاہیئے کہ طلبہ کسی طرح کامیاب ہو جائیں اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے انہیں لطائف الحیل کو چارہ کار بنانا پڑے گا جن کی نوعیت مضمون اور طالب علم کی کم زوری کے لحاظ سے مختلف ہوگی مثلاً اگر کسی طالب علم کا دماغ حساب میں فطرتاً کم زور ہے اور وہ عبارتی سوالات کی معمولی پیچیدگی کو بھی حل نہیں کرسکتا ہے تو ایسے طالب علم کو سالانہ امتحان میں پوچھے جانے والے غیر عبارتی سوالات مثلاً کسرات کی تحویل اور مقسوم علیہ اعظم وغیرہ نیز ایسے عبارتی سادہ سوالات جو زیادہ از زیادہ ایک یا دو اصول کے تابع ہوں مثلاً تجارت مفرد و مرکب وغیرہ کی زیادہ تر مشق کرانی چاہیئے تاکہ وہ پورے پرچے میں کامیابی کے نمبر حاصل کرسکے۔

مضمون کے لحاظ سے کم زور طلبہ کی اصلاح کا طریقہ اصولاً مختلف ہوگا مثلاً تاریخ و ادب کہ تاریخ کا تعلق زیادہ تر قوتِ حافظہ سے ہوتا ہے اور مضمون ادب کا راست واسطہ قوت فہم سے ہے چونکہ حافظہ اور فہم دو مختلف قوتیں ہیں اس لئے اِن کی کم زوری کی اصلاح کی تدابیر بھی مختلف ہوں گی تاریخ کے سبق کے دوران میں عموماً اور اختتام پر خصوصاً کم زور طلبہ سے چند سوالات اس مقصد سے کرنے چاہئیں کہ سبق حتی الامکان یاد ہو جائے ابتدائی سوالات محذوفی ہوں تاکہ طلبہ فوری جوابات دے سکیں اور اس طرح اُن کی ہمت افزائی اور درمیانی و اختتامی سوالات کے جوابات دینے کی رغبت و اہلیت پیدا ہو۔ مزید براں پورے سبق پر حاوی چند موزون سوالات کے جوابات کا مکان سے لکھ لانا بھی مفید ہوگا اِن جوابات کی نہ صرف جانچ کرنی چاہیئے بلکہ اِس امر کا اطمینان بھی کر لینا بہت ضروری ہے کہ اپنی عبارت میں لکھے ہوئے جوابات طالب علم کو یاد بھی ہیں یا نہیں۔ ادب میں کم زوری کی مثال یوں فرض کیجیے کہ ایک طالب علم اشعار کا مطلب بہ مشکل تمام سمجھ سکتا ہے اس کی اصلاح کے لئے مناسب ہوگا کہ پہلے اُستاد شعر اس طرح پڑھے کہ سمجھنے میں غیر معمولی سہولت پیدا ہو جائے پھر طالب علم سے دو تین بار اِس انداز سے پڑھوائے اور نثر کراتے وقت محذوفات بھی بشرطیکہ موجود ہوں داخل کرائے اس کے بعد مطلب دریافت کرے اور دوران بیان میں غلطی کی اصلاح کرائے بالآخر کسی قدر وضاحت سے

دل چسپ پیرایے میں خود مطلب بیان کر کے ضروری تمثیلات سے اس کو ذہن نشین اور مستحکم کرے نیز ایسے طالب علم کو تاکید کرنی چاہیئے کہ وہ پڑھائے جانے والے اشعار مکان میں بہ غور پڑھ کر آیا کرے تاکہ جماعت میں سبق کے دوران میں پیش آنے والی مشکلات کسی قدر آسان ہو جائیں اور تفہیم میں زیادہ وقت صرف نہ ہو۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جس مضمون میں طلبہ کم زور ہوتے ہیں اُس کی طرف کم متوجہ ہوتے ہیں اور حصول کامیابی کے چند فرضی طریقوں کو چارہ کار بنانے پر اکتفا کرتے ہیں حالانکہ ضرورت اِس طریق عمل کے برعکس ہوتی ہے ایسی صورت میں اُستاد کو چاہیئے کہ سبق کو خاص طور پر دل چسپ بنائے تاکہ توجہ میں زیادتی اور انہماک پیدا ہو جائے۔

بعض طلبہ کم زور مضمون میں ناجائز مدد کے طالب ہوتے ہیں جس کے سبب کم زوری اور بھی بڑھ جاتی ہے اگر اُستاد اِس طریقۂ کار سے واقف نہ ہو تو یہی ناجائز طلب مبدل بہ عادت ہو جائے گی جس کے بعد اصل کم زوری کا رفع کرنا مشکل بلکہ محال ہو جائے گا۔ اُستاد کو چاہیئے کہ مکان اور جماعت میں کئے ہوئے کاموں کا باہم مقابلہ کرکے طلبہ کی ناجائز مدد کا پتہ لگائے اور جماعت میں خاص طور پر نگرانی کرے تاکہ ناجائز مدد دینے کا موقع نہ ملے نیز مکان پر کئے جانے والے کام میں ایسی سہولتیں بہم پہونچائے کہ طلبہ ناجائز مدد کے بغیر بذات خود کام کرنے پر قادر ہو جائیں مگر اس کا خیال بھی رہے کہ اِن سہولتوں میں رفتہ رفتہ مناسب کمی کر دی جائے تاکہ طلبا اس احتیاج سے مستغنی ہو جائیں۔

اکثر مدرسین کم زور طلبہ پر نسبتاً زیادہ خفا ہوا کرتے ہیں جس سے طلبہ میں خوف اور بے توجہی پیدا ہونے کا احتمال ہوتا ہے اور یہ دونوں کیفیتیں کم زوری کے لئے سخت مضر ہوتی ہیں۔ ظاہر ہے کہ حکیم کا مریض پر غصہ ہونا اصلاح کی بجائے خرابی کا موجب ہوتا ہے اسی طرح طلبہ کو بار بار جھپانا اور جھنجوڑنا بھی مفید نہیں ہوتا کیونکہ اِس سے اُن میں بد دلی اور نفرت کے سوا ڈھٹائی بھی پیدا ہو جائے گی جس کے بعد اچھے اثرات کو جلد قبول کر لینے کا مادہ لازماً مفقود ہو جائے گا اور کم زوری کو بار بار محسوس کرانے کی مضر کوشش کا نتیجہ انتہائی نا اُمیدی ہوگا

بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ کم زور طلبہ سے بلالحاظ مضمون زیادہ کام لیا جاتا ہے جو بجائے خود نقصان دہ ہوتا ہے مثلاً اگر کسی طالب علم کا حافظہ کم زور ہے اور وہ تاریخی واقعات یا اشعار کو یاد نہیں رکھ سکتا تو ایسے طالب علم کو حفظ کرانے کے لئے زیادہ کام دینا صریح غلطی ہے کیونکہ جو دماغ تھوڑے سے بار کو بھی بہ مشکل برداشت کر سکتا ہو اُس پر مزید بار ڈالنا کسی طرح مفید نہیں ہو سکتا۔

جب اُستاد کم زور طلبہ کی اصلاح غلط طریقے پر کرنے لگتا ہے تو نتیجہ اُمید افزا ہونے کی بجائے مایوس کُن ہوتا ہے ظاہر ہے کہ جس مریض کا نسخہ بدقسمتی سے غلط مرتب کیا گیا ہو اس کو اُس دوا سے فائدہ نہیں پہنچ سکتا بلکہ اُس کے برخلاف "مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی" کا مصداق ہوتا ہے۔ بالآخر اُستاد مایوس ہو کر اس طالب علم کی طرف کماحقہٗ توجہ نہیں کرتا جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طالب علم کی حالت بد سے بدتر ہو جاتی ہے۔

عموماً کم زور طلبہ شرح کے ذریعہ اپنی کمزوری کو رفع کرنا چاہتے ہیں۔ یوں تو شرح کا استعمال کم از کم وسطانیہ طبقے کے لئے ہر صورت میں نقصان رساں ہے مگر کم زور طلبہ کے لئے تو سمِّ قاتل کا اثر رکھتا ہے۔ بہت ممکن ہے کہ پہلے پہل خود طالب علم اور استاد دونوں رفع کم زوری اور اصلاح حال کو محسوس کریں لیکن چونکہ اس احساس کی بناء غیر مستحکم ہوتی ہے اس لئے بہت جلد طالب علم نہ صرف اپنی سابقہ کم زوری کے درجے سے اور بھی نیچے گر جائے گا بلکہ اُس میں شرح کے استعمال سے بعض اور خرابیاں مثلاً تن آسانی تفہیم سے بے توجہی۔ لغات کے مطالعہ سے اغماض وغیرہ پیدا ہو جائیں گی۔

جہاں کم زوری کو رفع کرنے کے لئے بہت سے غلط طریقوں پر آنکھ بند کر کے عمل کیا جاتا ہے وہاں بدقسمتی سے لالچ اور خوف سے بھی کام لیا جاتا ہے۔ لالچ اور خوف سے جو نتائج برآمد ہوتے ہیں وہ یقیناً ناپائدار اور عارضی ہوا کرتے ہیں۔ اس میں ایک بڑی خرابی یہ بھی ہے کہ جب طلبہ اس کے عادی ہو جاتے ہیں تو پھر وہ دوسرے کام کو بھی جس میں لالچ اور خوف کو دخل نہیں ہوتا یا تو کرتے ہی نہیں اور کرتے بھی ہیں تو بالکل بے توجہی سے جو نہ کرنے سے بدتر ہوتا۔

کم زور طلبہ بدرجۂ اولیٰ مستحق ہیں کہ اُن کے ساتھ نسبتاً زیادہ رعایت کی جائے اور دل جوئی و حسنِ سلوک سے کام لیا جائے تاکہ وہ کمزوریوں کی اصلاح سے مایوس نہ ہونے پائیں اور اُستاد کا حسنِ سلوک اُن کو زیادہ محنت و توجہ کی طرف راغب کرے۔ اگر اس کے ساتھ سبق میں دلچسپی اور تفہیم میں طلبہ کو متوجہ کر لینے کی صفت پیدا ہو جائے تو کامل وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ کمزوری یقیناً رفع ہو جائے گی۔

سید غلام محمود
صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ عثمانیہ دارالشفاء بلدہ

میسور کا نظامِ تعلیم

اوآخر ۳۲ء میں سررشتہ تعلیمات سرکار عالی کی جانب سے سید علی اکبر صاحب ایم اے صدر مہتمم تعلیمات بلدہ و اطراف ریاست میسور تشریف لے گئے تھے تاکہ وہاں جبری تعلیم جن اصول و ضوابط کے تحت نافذ و رائج ہے ان کا مطالعہ فرمائیں۔ اس سلسلہ میں آپ نے تقریباً دو درجن مدرسوں کا معائنہ فرمایا اور حیدرآباد واپس آنے پر ایک بسیط رپورٹ مرتب فرمائی جس میں ہمسایہ ریاست کی تعلیمی خصوصیات پر وضاحت سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ ذیل کا مضمون اسی رپورٹ کا مختصر مگر جامع خلاصہ ہے۔

مدیر

ریاست میسور کا رقبہ (۲۹۵۲۸) مربع میل اور آبادی (۶۵۵۷۳۰۲) ہے آمدنی تقریباً ساڑھے تین کروڑ روپیہ ہے۔ کالج اور مدارس کی تعداد (۷۰۹۰) ہے جن میں (۲۰۱۵۰۶) طلبا زیر تعلیم ہیں۔ تعداد طلبہ قابل تعلیم کے منجملہ فی صدی (۲۹.۳۵) طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ اگر صرف لڑکوں کا شمار کیا جائے تو فی صدی تعداد (۵۷.۲۱) اور اگر صرف لڑکیوں کا شمار کیا جائے تو (۱۴.۱۶) ہوتی ہے سالانہ اخراجات تعلیم (۶۰) لاکھ ہیں جس میں سے سوا چھ لاکھ یونیورسٹی۔ ساڑھے پانچ لاکھ مدارس

فوقانیہ دس لاکھ مدارس وسطانیہ اور بیس لاکھ پرائمری مدارس پر صرف ہوتے ہیں۔

نہ صرف مدارس تحتانیہ بلکہ مدارس وسطانیہ میں بھی تعلیم مفت ہے۔

یونیورسٹی کی تعلیم ریاست میسور میں دو فرسٹ گریڈ کالج ہیں اور چار انٹرمیڈیٹ کالج ہیں۔ انٹرمیڈیٹ کالجوں میں صرف دو جماعتیں ہوتی ہیں۔ جونیر انٹرمیڈیٹ اور سینیر انٹرمیڈیٹ۔ ان کالجوں کے قیام کی ایک غرض یہ ہے کہ جو طلبہ اعلیٰ تعلیم کے اہل ہوں یونیورسٹی کے لئے انکا انتخاب کر لیا جائے۔ اور باقی طلبہ دو سالہ کورس ختم کر کے اپنے رجحان کے مطابق انجینیرنگ کالج یا میڈیکل کالج میں شریک ہو جائیں۔ یا کسی اور پیشہ کی تعلیم حاصل کریں۔ یونیورسٹی میں داخلہ کے لئے انگریزی کا معیار بلند رکھا گیا ہے۔

تعلیم فوقانیہ مدارس فوقانیہ کی تعداد ۲۳ ہے۔ جن کے منجملہ ۱۶ سرکاری ۵ امدادی اور ۲ مسلمہ سرکار ہیں۔ مدارس فوقانیہ میں صرف تین جماعتیں ہوتی ہیں۔ فورتھ ففتھ اور سکستھ فارم۔ فورتھ فارم میں ایسے طلبہ شریک کئے جاتے ہیں جنہوں نے امتحان لوئر سکنڈری میں انگریزی بطور زبان لازمی لے کر کامیابی حاصل کی ہو۔ امتحان سکنڈری اسکول لیونگ سرٹیفکٹ میں انگریزی زبان ملکی یا کوئی کلاسیکل زبان (یعنی عربی۔ فارسی سنسکرت) ریاضی۔ سائنس ابتدائی جس میں طبیعات اور کیمیا کے علاوہ نباتات اور حیاتیات شامل ہیں۔ تاریخ ہند اور جغرافیہ دنیا لازمی ہیں اس کے علاوہ دو اختیاری مضامین لینے پڑتے ہیں جس میں ایسے طلبہ کے لئے جو یونیورسٹی میں شریک نہیں ہونا چاہتے ہیں، کامرس، مصنوعات، زراعت جیسے مضامین شامل کئے گئے ہیں۔ بنگلور میں جو لڑکے مصنوعات بطور اختیاری مضمون کے لیتے ہیں۔ وہ عملی تعلیم کے لئے انجینیرنگ اسکول کو جایا کرتے ہیں۔

ہائی اسکول کی تعلیم کی جس قدر مانگ ہے اس کے لحاظ سے موجودہ تعداد مدارس کم ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ موجودہ مدارس میں تعداد کی کثرت ہے۔ سنہ ۱۹۲۷ء میں تقریباً ڈھائی ہزار لڑکے سکنڈری اسکول لیونگ سارٹیفکٹ میں کامیاب ہوئے۔

کامیاب اُمیدواروں کی اسناد میں اس امر کی صراحت کی جاتی ہے کہ آیا وہ کالج میں شریک ہونے یا محض ملازمت کے قابل ہیں۔

مدارس وسطانیہ | ریاست میسور میں دو قسم کے مدارس وسطانیہ قائم ہیں۔ مدارس وسطانیہ کنٹری
مدارس وسطانیہ اُردو۔ اول الذکر مدارس میں ذریعۂ تعلیم کنٹری ہے اور آخر الذکر مدارس میں اُردو۔
مدارس وسطانیہ کنٹری کی تعداد (۲۱۴) اور مدارس وسطانیہ اُردو کی تعداد (۲۱) ہے اس کے علاوہ
(۲۴۱) کنٹری اور (۴۸) اُردو مدرسے ہیں۔ جہاں صرف سال اول اور سال دوم کی جماعتیں قائم
ہیں۔ (۹۰) فیصدی مدارس وسطانیہ شاہی ہیں اور صرف ۱۰ فیصدی امدادی۔ مدارس وسطانیہ میں
صرف چار جماعتیں ہوتی ہیں اور حسب ذیل مضامین کی تعلیم دیجاتی ہے۔

اخلاقیات۔ انگریزی۔ کنٹری یا اُردو۔ ریاضی۔ تاریخ ہند۔ جغرافیہ۔ نیچر اسٹڈی یا ابتدائی
سائنس۔ ڈرائنگ اور دستی کام (لڑکیوں کو بجائے ابتدائی سائنس کے امور خانہ داری اور
سوزن کاری کی تعلیم دی جاتی ہے)

سنسکرت۔ فارسی۔ حفظان صحت۔ زراعت۔ عملی تعلیم (پراکٹیکل انسٹرکشن) اور سائنس
(طالبات کے لئے) اختیاری مضامین ہیں۔

زراعت اور عملی تعلیم کا انتظام ہر مدرسۂ وسطانیہ میں نہیں، بلکہ خاص خاص مدارس میں کیا
گیا ہے۔ عملی تعلیم میں نجاری، خیاطی، پتیل کا کام، آہنگری، پارچہ و بید بافی وغیرہ شامل ہیں۔

مدارس تحتانیہ | ریاست میسور میں مدارس تحتانیہ کی مجموعی تعداد (۶۳۶۲) ہے جس کے منجملہ
(۴۲۹۶) شاہی (۸۶) میونسپل یا لوکل فنڈ اور (۱۹۸۱) امدادی مدارس ہیں۔ مدارس تحتانیہ اُردو ذکور
کی تعداد (۶۶۰) اور مدارس تحتانیہ اُردو نسوان کی تعداد (۱۸۸) ہے پست اقوام کے طلبہ کے لئے
(۶۲۸) مدارس قائم ہیں۔

مدارس تحتانیہ میں چار جماعتیں ہوتی ہیں اور مدت تعلیم چار سال ہے۔ نصاب حسب ذیل
مضامین پر مشتمل ہے۔

کنٹری یا اُردو، اخلاقیات، حساب، نیچر اسٹڈی، سبق الاشیاء، ڈرائنگ، دستی مشاغل،
تاریخ و جغرافیہ، گانا (صرف کنٹری مدارس میں) اور قصہ گوئی (پہلی اور دوسری جماعت میں)
مدارس تحتانیہ میں سوائے مادری زبان کے کسی اور زبان کی تعلیم مطلق نہیں دی
جاتی ہے۔

جبری تعلیم | ریاست میسور میں جبری تعلیم کا قانون ۱۹۱۳ء میں نافذ ہوا۔ اس وقت ۲۴۰
مرکزوں میں جبری تعلیم رائج ہے۔ لڑکوں اور لڑکیوں ہر دو کے لیے جبری تعلیم کی عمر ، سے
۱۱ سال تک رکھی گئی ہے جبری تعلیم کے لئے ، سال کا سن زیادہ ہونے کا ثبوت یہ ہے کہ
اکثر مدارس تحتانیہ میں اس سے کم عمر کے لڑکے اور لڑکیوں کی ایک کثیر تعداد موجود ہے۔
ابتداء میں جبری تعلیم کے جملہ اخراجات کا بار خزانہ شاہی نے برداشت کیا۔ لیکن چند
سال ہوئے کہ گورنمنٹ نے یہ پالیسی اختیار کی ہے کہ میونسپلٹیاں اور لوکل فنڈ کی کمیٹیاں اس
ذمہ داری کو اپنے سر لیں چنانچہ اسی غرض سے ان کو تعلیمی سس وصول کرنے کا اختیار دیا
گیا ہے۔ اب تک صرف بنگلور کی میونسپلٹی نے پرائمری تعلیم کی ذمہ داری پورے طور پر لی ہے
اخراجات کا ایک ثلث میونسپلٹی اور دو ثلث گورنمنٹ ادا کرتی ہے۔ مدارس کی نگرانی اور جبری
تعلیم کے انتظام کے لئے میونسپلٹی کی جانب سے ایک سپرنٹنڈنٹ مقرر ہے۔ لیکن مدارس کا
معائنہ حسب سابق سررشتہ تعلیمات کے تفویض ہے۔ بنگلور میں ، اور ۱۱ سال کے لڑکوں
اور لڑکیوں کی مجموعی تعداد تقریباً دس ہزار ہے جن میں سے ساڑھے آٹھ ہزار زیر تعلیم ہیں۔
بقیہ ڈیڑھ ہزار کے لئے موجودہ مدارس میں کافی گنجائش نہیں ہے اور جدید مدارس کا افتتاح
زیر غور ہے۔ شہر میسور میں پرائمری تعلیم کے جملہ اخراجات (۹۱۰۰۰) ہیں جس میں سے صرف
(۱۵۰۰۰) میونسپلٹی ادا کرتی ہے۔ میونسپلٹی چاہتی ہے کہ پرائمری تعلیم اس کے تفویض کی جائے۔
لیکن ابھی اس کی مالی حالت ایسی نہیں ہے کہ اخراجات کا ایک ثلث برداشت کرے۔ میسور
میں جبری تعلیم کا انتظام ایک مددگار مہتمم تعلیمات کے ذمہ ہے بنگلور اور میسور کے علاوہ اضلاع
میں بھی بعض مقامات پر جبری تعلیم رائج ہے۔ ایسے مقامات عموماً ضلع یا تحصیل کے مستقر ہیں۔
ضلع کے مستقر پر مددگار مہتمم تعلیمات اور تحصیل کے مستقر پر مقامی مدرسۂ وسطانیہ کا صدر مدرس
جبری تعلیم کے لئے اٹنڈنس افسر (افسر برائے انتظام حاضری طلبہ) کے فرائض انجام دیتا ہے۔
ٹرننگ اسکولز | گراجوئیٹس کی ٹرننگ کا انتظام یونیورسٹی میں کیا گیا ہے۔ انڈر گراجوئیٹس
کی ٹرننگ کے لئے سررشتۂ تعلیمات کے تحت ایک کالج ہے اور مڈل کامیاب مدرسین کی
ٹرننگ کے لئے (۹) نارمل اسکول قائم ہیں۔ جن میں سے ایک مدارس تحتانیہ اردو کے

اساتذہ کے لئے ہے۔ انڈر گراجوئیٹس کا کورس ایک سالہ اور مڈل کامیاب مدرسین کا کورس دوسالہ ہے۔ زمانہ ٹرننگ میں سرکاری مدارس کے اساتذہ کو پوری تنخواہ ایصال کی جاتی ہے۔

مشاہرات مدرسین | مدارس فوقانیہ کی صدارت پر یا تو یورپ کے ڈگری یافتہ اور ٹرینڈ اشخاص یا ہندوستان میں تعلیم پائے ہوئے تجربہ کار ٹرینڈ گراجوئیٹس معقول مشاہرات پر مامور ہیں۔ مددگاری کی جائداد ول پر ٹرینڈ گراجویٹ۔ گراجوئیٹ اور سنسکرت اور فارسی و عربی کی تعلیم کے لئے امتحانات پنڈت یا مولوی میں کامیاب شدہ اشخاص کا تقرر کیا جاتا ہے۔

مدارس وسطانیہ کی صدارت پر عموماً ٹرینڈ گراجویٹ اور مدارس تحتانیہ کی صدارت پر ٹرینڈ میٹرکیولیٹ مقرر ہیں نان گزٹیڈ ملازمین سررشتہ کی تنخواہوں کا اسکیل بمقابلہ ممالک محروسۂ سرکار عالی کے کم ہے چنانچہ مدارس ثانویہ میں ٹرینڈ گراجوئیٹ کو زیادہ سے زیادہ ([illegible] ۔ [illegible] مار [illegible]) گراجوئیٹ کو ([illegible] ۔ [illegible] ۔ [illegible]) ایف اے کو ([illegible] ۔ [illegible]) ٹرینڈ میٹرکیولیٹ کو ([illegible]) اور میٹرکیولیٹ کو ([illegible]) ایصال ہوتے ہیں۔ مدارس تحتانیہ میں قابلیت اور مدت ملازمت کے اعتبار سے ([illegible] سے [illegible]) اور بعض صورتوں میں ([illegible]) تک تنخواہ دی جاتی ہے۔

تعلیم نسواں | مدارس نسواں کی تعداد (۸۸ ۷) ہے جن میں تقریباً (۳۸۰۰۰) طالبات زیر تعلیم ہیں۔ علاوہ ان طالبات کے تقریباً (۲۴۰۰۰) لڑکیاں مدارس ذکور میں شریک ہیں۔ لڑکیوں کے لئے ایک کالج ۵ مدارس فوقانیہ انگریزی ایک مدرسۂ فوقانیہ کنڑی (۲۲) کمپلیٹ مڈل اسکول اور (۷۰۵) مدارس تحتانیہ قائم ہیں۔ نہ صرف ہندو بلکہ مسلمان لڑکیاں بھی تعلیم میں اچھی ترقی کررہی ہیں۔ مسلمان طالبات زیر تعلیم کی تعداد (۱۳۰۰) ہے جس میں سے ۳ کالج ۹ مدارس فوقانیہ (۲۷۴) مدارس وسطانیہ اور باقی مدارس تحتانیہ میں شریک ہیں۔ مسلمان لڑکیوں کو ہائی اسکول کی تعلیم کی غرض سے علی گڈہ جانے کی ترغیب دلانے کے لئے ڈھائی ڈھائی سو روپیہ کے دو وظائف دینے کا سال گذشتہ گورنمنٹ نے اعلان کیا تھا لیکن کوئی درخواست وصول نہیں ہوئی۔ تعلیم نسواں کے انتظام میں ناظم تعلیمات کی امداد کے لئے دفتر نظامت تعلیمات میں ایک لیڈی اسسٹنٹ مامور ہے۔ مدارس نسواں کنڑی کے معائنہ کے لئے چار

مددگار مہتمات اور مدارس نسواں اُردو کے معائنہ کے لئے دو مددگار مہتمات مامور ہیں بنجملہ (۹) نارمل اسکولوں کے نارمل اسکول مُعلمات کے لئے ہیں جن میں سے ایک میں مدارس نسواں اُردو کی مُعلمات ٹریننگ حاصل کرتی ہیں۔

مدارس نسواں اُردو میں سوزن کاری اور ڈرائنگ اور مدارس نسواں کنڑی میں علاوہ ان دو مضامین کے موسیقی کی جانب خاص توجہ کی جاتی ہے۔ تین مدارس نسواں میں چرخے کی جماعتیں بھی قائم کی گئی ہیں تاہم نصاب میں طالبات کی ضروریات کا جیسا لحاظ ہونا چاہیے نہیں کیا گیا ہے۔

پست اقوام کے طلبہ کی تعلیم۔ اکثر دیہات میں پست اقوام کے بچوں کے لئے علیحدہ مدارس تحتانیہ قائم ہیں۔ ان مدارس کے طلبہ کو منجانب سرکار سامان نوشت وخواند اور فی طالب علم ایک جوڑ کپڑا سالانہ دیا جاتا ہے۔

پست اقوام کے طلبہ کے لئے چار مدارس وسطانیہ قائم ہیں۔ جن میں سے تین میں دارالاقامہ جات بھی ہیں اور عام مدارس وسطانیہ اور فوقانیہ میں جو پست اقوام طلبہ زیر تعلیم ہیں ان کو معقول وظائف دئے جاتے ہیں۔ میسور میں ایک مدرسہ ہے جہاں ایسے طلبا کو لوئر سکنڈری امتحان کے لئے تیار کرنے کے علاوہ ان کو مختلف مقامی صنعتوں یعنی خیاطی، نجاری، پارچہ بانی، بوٹ وشوز سازی کی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

مدرسہ کور وگنگ اندھے اور گونگے اور بہرے بچوں کے لئے میسور میں ایک مدرسہ اچھے پیمانہ پر قائم کیا گیا ہے گونگے اور بہرے بچوں کو خاص طریقہ پر لکھنا اور حساب سکھایا جاتا ہے ہر ایک بچہ کو حسب ذیل صنعتوں میں سے کم از کم دو صنعتیں سیکھنی پڑتی ہیں تاکہ کورس ختم کرنے کے بعد حصول معاش میں اس کو کوئی دشواری نہ ہو۔

بید بانی - نجاری - پارچہ بانی - خیاطی

اندھے بچوں کو اسی طریقہ پر پڑھنا سکھایا جاتا ہے جو یورپ اور برٹش انڈیا کے مدارس میں رائج ہے۔ تختہ اوقات تعلیم میں سب سے زیادہ وقت موسیقی کے لئے رکھا گیا ہے کیونکہ انھوں کی معاش کا یہی ایک ذریعہ ہے۔

ورزش جسمانی وبارے اسکاوٹنگ۔ مدارس تحتانیہ میں ٹرینڈ اساتذہ ڈرل اور دیسی کھیل سکھاتے ہیں مدارس فوقانیہ اور بعض مدارس وسطانیہ میں ڈرل ماسٹر مقرر ہیں مدارس میں تعلیم جسمانی کی نگرانی اور اصلاح کرنے کے لئے حال میں دو انسپکٹر مقرر کئے گئے ہیں۔ ایک کا مستقر بنگلور اور دوسرے کا میسور ہے۔ یہ دونوں انسپکٹر گراجوئیٹ ہیں اور وائی ایم سی۔ اے اسکول آف فزیکل کلچر مدراس کے تربیت یافتہ ہیں۔

طبی معائنہ مدارس ریاست میسور میں تقریباً ایک سال سے طلبہ کے طبی معائنہ کا انتظام کیا گیا ہے۔ بنگلور میں یہ کام دو پورے وقت کے ڈاکٹروں کے سپرد ہے۔ مدارس تحتانیہ میں طبی معائنہ کے اخراجات کا ایک ثلث منجانب میونسپلٹی اور دو ثلث خزانہ شاہی سے ادا ہوتا ہے۔ ہر مدرسہ کا معائنہ سال میں ایک دفعہ ہوتا ہے اور اس کے لئے مدارس تحتانیہ میں فی طالب علم چار آنے اور مدارس ثانویہ میں آٹھ آنے فیس لی جاتی ہے۔ میسور میں صرف ایک ڈاکٹر مقرر ہے۔ اضلاع میں جہاں ڈاکٹر موجود ہیں وہاں طبی معائنہ کا انتظام کیا جا رہا ہے۔

میجک لانٹرن کے ذریعہ تعلیم۔ ہر مدرسہ فوقانیہ کو ایک میجک لانٹرن دیا گیا ہے جس کو مدرس لکچروں کے لئے استعمال کرتا ہے۔ اور اس کام کے لئے اس کو دس روپیہ ماہانہ الاؤنس دیا جاتا ہے۔

دفتر نظامت تعلیمات سے سلائیڈز مختلف مدارس فوقانیہ میں گشت کرائے جاتے ہیں۔ میلوں اور تہواروں کے موقع پر میجک لانٹرن ڈسٹرکٹ بورڈ کے حوالہ کیا جاتا ہے تاکہ اس کے ذریعہ وہ عوام کو مفید معلومات بہم پہونچانے کا انتظام کرے۔

مدارس شبینہ مدارس شبینہ کی تعداد (۵۲۳) ہے جن میں (۱۱۶۹۰) بالغ العمر اشخاص زیر تعلیم ہیں۔ کنڑی مدارس شبینہ میں اب کوشش کی جا رہی ہے کہ طلبہ تین مہینہ کی مدت میں لکھنا پڑھنا اور معمولی روزمرہ کا حساب سیکھ لیں۔

فنی تعلیم مدارس صنعت وحرفت کا تعلق محکمۂ صنعت وحرفت سے ہے ان کی تعداد (۱۹) ہے جن میں تقریباً ڈیڑھ ہزار طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۂ انجینرنگ بنگلور میں سول میکانکل

اور الکٹریکل انجینیرنگ کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ۵ تجارتی مدارس بھی ہیں۔ جن میں (۵۰۰) طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔

میسور کے نظامِ تعلیم کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ مدارس فوقانیہ میں محض فوقانیہ اور مدارس وسطانیہ میں محض وسطانیہ جماعتیں قائم ہیں۔ نیز بہ خلاف ممالک محروسہ سرکارِ عالی کے جہاں طبقہ تحتانیہ میں ۵ اور طبقہ وسطانیہ میں تین جماعتیں ہوتی ہیں۔ میسور میں طبقہ تحتانیہ اور طبقہ وسطانیہ چار چار جماعتوں پر مشتمل ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ تحتانیہ مدارس میں انگریزی مطلق نہیں پڑھائی جاتی۔ بلکہ مدارس وسطانیہ کی پہلی جماعت سے طلبہ انگریزی بطور زبان دوم شروع کرتے ہیں۔ باوجود اس کے جو طلبہ امتحان لوئر سکنڈری کامیاب ہوکر فورتھ فارم میں شریک ہوتے ہیں۔ انگریزی میں ان کی استعداد ہمارے ہاں کے ان طلبہ سے کسی طرح کم نہیں ہوتی جو امتحان مڈل کامیاب کرکے فوقانیہ پری میٹرک یا فورتھ فارم میں داخل ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میسور کی سرکاری زبان انگریزی ہے۔ اور وہاں کے طلبہ کو انگریزی سننے اور بولنے کا زیادہ موقع ملتا ہے۔ یونیورسٹی اور مدارس فوقانیہ میں ذریعہ تعلیم انگریزی ہے۔ لیکن کنڑی کو ذریعہ تعلیم قرار دینے کی تحریک کو روز بروز تقویت ہو رہی ہے۔ جماعت مڈل تک ذریعہ تعلیم یا تو کنڑی ہے یا اُردو۔ اور اس وجہ سے اردو اور کنڑی کے علٰحدہ علٰحدہ مدارس قائم ہیں۔ اس تقسیم کا نتیجہ یہ ہے کہ ہندو اور مسلمان لڑکے جُدا جُدا مدارس میں پڑھتے ہیں غالباً یہی وجہ ہے کہ بہ مقابلہ ممالک محروسہ سرکارِ عالی میسور میں ہندو اور مسلمان طلبہ میں زیادہ اجنبیت ہے۔

میسور کی تعلیمی ترقی کا راز یہ ہے کہ اولاً وہاں کی رعایا تعلیم کی شوقین ہے اور تعلیم کی اہمیت اور ضرورت کا احساس نہ صرف شہروں بلکہ دیہات کے باشندوں کو بھی ہے۔ اور ثانیاً رعایا کے علاوہ دیگر محکمہ جات اور خصوصاً محکمہ مال کے عہدہ دار سررشتہ تعلیمات کی امداد کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ ہر سال میسور اکامانک کانفرنس میں جس میں مختلف سررشتہ جات کے نمایندوں کے علاوہ غیر سرکاری اراکین بھی شریک ہوتے ہیں بورڈ آف ایجوکیشن کی جانب سے پوری ریاست اور اسسٹنٹ کمشنروں (اول تعلقداروں) کی جانب سے مختلف اضلاع کی تعلیمی حالت پر رپورٹیں پیش ہوتی ہیں جن پر بحث ہونے کے بعد سال آیندہ کے لئے پروگرام تیار کیا جاتا ہے۔

بورڈ آف ایجوکیشن نے حال میں پرائمری تعلیم کی مزید اشاعت کے لئے ایک اسکیم مرتب کی ہے۔ جو اس وقت گورنمنٹ کے زیر غور ہے۔ اگر یہ اسکیم منظور ہو جائے تو پوری ریاست میں جبری تعلیم رائج ہو جائے گی۔

سیّد علی اکبر

بچّوں کا نفس

(سلسلہ کے لئے شمارہ ۲ جلد ۳ ملاحظہ ہو۔)

ذیل میں "راہ نو" کے ایک دوسرے باب کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے اس باب میں آقا حسین کاظم زادہ نے قوانین نفسیات اور ان کے طریق استعمال پر بحث کی ہے۔ ہمیں امید ہے پہلی قسط کی طرح یہ قسط بھی مفید ثابت ہوگی۔

شریک مدیر

توارث کا اصول ہے کہ ہر ایک بچہ چند نسلی آبائی اور فطری استعداد و خواص لے کر پیدا ہوتا ہے جو آیندہ زندگی میں اپنی پُر قوت تاثیرات کے ذریعہ کم و بیش اس کی ممکنات پر اثر ڈالیں گے یہ بات ہر مربی (تربیت دینے والے) کے فریضہ میں داخل ہے کہ وہ ایسی چیزوں کو دریافت کرکے صحیح طریقہ پر اُن کی تربیت کرے۔

یہ صفتیں اور استعدادیں جو نسلی اور آبائی ہیں۔ اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ تمام بچوں میں یکساں نہیں پائی جاتیں اور نہ اُن کے لئے عام طور سے کوئی حکم دیا، یا قانون وضع کیا جاتا ہے، بلکہ اُن کو دریافت کرکے کام کے قابل بنانا، اُس مُربّی (معلم) کی معلومات اور تجربہ سے متعلق ہوتا ہے جو بچہ کا معنوی طبیب ہے۔ لیکن بعض طبائع اور صفات ایسی بھی ہیں جو فطری اور جبلّی ہونے کے اعتبار سے تمام بچوں میں پائی جاتی اور زندگی کے مختلف دور میں ظاہر ہو کر غائب ہو جاتی ہیں اور یہ تمام کی تمام ایک خاص اہمیت رکھنے والی ہوتی ہیں جن کا تعلق بچوں کی آئندہ قسمت سے وابستہ ہے۔ یہاں پر ہم اُن

صفات اور طبائع کے بارہ میں، جو بچوں کی نفسیات کا آئینہ ہیں، چند امور۔ کہ اُن کو کس طور پر وجود میں لایا اور کارآمد بنایا جاسکتا ہے۔ بیان کرتے ہیں:۔

(۱) بچہ کا نفس (باعتبار جذبی کیفیتوں کے) تمام جذبات سے زیادہ غرور کا جذبہ رکھتا ہے جس کو لوگ انانیت (خودی) کہتے ہیں اور یہی انانیت ہم سے احترام کی طالب ہوتی ہے۔

(۲) بچہ ہٹ، خودسری اور آزادی کو دوست رکھتا ہے۔

(۳) بچہ میں تحقیق اور دریافت کا جذبہ۔ اس وجہ سے کہ ہر ایک چیز اُس کے لیے نئی اور تازہ ہوتی ہے ۔ بہ غایت پایا جاتا ہے اور اس طرح معلوم ہوتا ہے کہ کسی نقاش نے بچہ کی آنکھ کی تپلی کو جو اُس کے نفس کی حالت سے خبر دیتی ہے استفہامی علامت "؟" کی شکل میں کھینچا ہے۔

(۴) بچہ میں تقلید کا جذبہ بے حد ہوتا ہے اور یہی ایک وہ جذبہ ہے جو شرائط زندگی کے سیکھنے میں مدد دیتا ہے۔

(۵) بچہ کا حافظہ دائم الحرکت واقع ہوا ہے جو ہمیشہ اپنے آپ سے کسی نہ کسی شغل میں لگا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ بہت جلد تمام چیزوں کو سیکھ جاتا اور اُن کو بہت دیر تک یاد رکھتا ہے۔ خاص کر اُن چیزوں کو جو آئے دن اُس کے استعمال میں آتی رہتی ہیں۔

(۶) بچہ جان دار اور حرکت کرنے والی چیزوں جیسے حیوانات وغیرہ کو زیادہ پسند کرتا ہے۔ وہ شوخ اور بھڑک دار رنگوں کو۔ خصوصاً جو سبز، زرد اور سرخ ہوتے ہیں، ۔ زیادہ پسند کرتا ہے؛ لیکن دھندلے خط، سیاہ رنگ اور نقش کار چیزوں میں سایہ و روشنی اور غیر مرئی چیزوں کا شروع شروع میں اُس کو بہت کم درک ہوتا ہے جن کی نقل اُتارنے سے وہ قاصر رہتا ہے۔

(۷) بچہ کے نفس پر ما فوق الفطرت، بے ڈول، سخت، کھردری، عجیب و غریب، نظر فریب چیزوں کا بہت گہرا اثر ہوتا ہے۔ وہ اس باب میں وحشی قوموں کی سی حالت رکھتا ہے کیونکہ وہ بھی اسی قبیل کی حسیات اور صفات رکھتی ہیں جیسا کہ اُن کی موسیقی اور نقاشی،

خوراک اور پوشاک، آرائش اور زیبائش سے، اُن کے دوقیات کا پتہ چلتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ بھدے ڈول، کھردری اور بھدی شکل کی چیزیں مٹی اور لکڑی سے بناتے ہیں اور اُن کو بے حد عزیز رکھتے ہیں۔

(۸) تخیل کا زور بچہ کے نفس میں بلا کا ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے اُس کے تمام خیالات اور کاموں میں مبالغہ اور افراط و تفریط پائی جاتی ہے۔ اس کا تخیلہ ڈراونی اور اچنبھے میں ڈالنے والی شکلوں کو وجود میں لاتا ہے، وہ معمولی سے معمولی واقعہ کو ایک طولانی قصہ بنا دیتا ہے اور اسی قسم کے قصوں اور افسانوں کو زیادہ پسند کرتا ہے۔

(۹) بچہ ظلم اور زیادتی کو دوست رکھتا ہے، وہ رحم دلی اور عفو سے بالکل ناآشنا ہوتا ہے، اس کو دوسروں کی تکلیف و تاثر سے حظ ملتا ہے، اُس کے آگے ناممکن چیز وجود نہیں رکھتی، وہ ہمیشہ اس بات کی کوشش کرتا ہے کہ سب پر غالب آئے۔

(۱۰) بچہ اپنی آرزوں، فکروں اور کاموں کے قائم و برقرار رکھنے سے قاصر رہتا ہے۔ وہ جلد تھکتا اور اُکتا جاتا ہے، اس کی اُمنگوں اور خواہشوں میں جلد سے جلد تبدیلی ہوتی رہتی ہے، وہ کسی ایک خیال یا کام کے جاری رکھنے سے۔ اگرچہ وہ کھیل ہی کیوں نہ ہو۔ تکان محسوس کرتا ہے۔

یہ حالتیں اور صفتیں وہ ہیں جو کم و بیش ہر ایک بچہ میں پائی جاتی ہیں۔ اُن کی تربیت عمدہ طریقہ سے جاری رکھنا، خاص کر بچوں کی اخلاقی درستی کے لئے، جاننا اور اُن کو درجہ کمال پر پہنچانا ایک دشوار کام ہے۔

انہی امور کو پیش نظر رکھتے ہوئے، بچہ کی تربیت اس طور پر ہونی چاہیئے جس سے اُس کی ان استعدادوں میں خرابی اور انحطاط نہ پیدا ہو، بلکہ اس کے اخلاق اور احساسات کی تربیت کے لئے اِن سے ہی مدد لینی چاہیئے۔ ان استعدادوں کی رہبری و پرداخت کے لئے بہترین طریقے یہ ہیں کہ اسباب اور حوادث کے نتائج سے بچہ کو عملی تعلیم دینی چاہیئے یعنے بچہ کو اتنی آزادی دے رکھیں کہ اپنے کاموں کے نتائج کا وہ آپ مشاہدہ کرے، اُن کو اچھی طرح دیکھے بھالے اور اپنے اعمال کی جزا و سزا، بھی آپ ہی بھگتے مثلاً: کسی چیز

کے بڑے مسئلے کو، بغیر کسی کی رہنمائی اور شوق دلانے کے، تجربے اور ادراک کے ذریعہ وہ خود سمجھ لے، آپ ہی اشیاء کے خوب وزشت اور ان کی خوبصورتی وخوشنمائی کا پتہ لگالے یعنے بچپن ہی سے مشاہدے اور تجربے کی عادت ڈالے اور اُن کے نتائج پر غور کرنے کی خو پیدا کرے۔

اب آپ کہیں گے، کہ بچہ کو کس طرح آزاد اور کھلے بندوں چھوڑ دینا چاہیئے کہ وہ تمام چیزوں کا آپ ہی آپ مشاہدہ کرسکے جب کہ وہ ابھی ادراک اور فہم میں پختگی نہیں رکھتا نیک و بد اور خوب وزشت کا باہمی فرق نہیں بتا سکتا، اگر اس کو آزادانہ اپنی حالت پر چھوڑ دیں تو وہ اپنے آپ کو خطرات میں ڈال دے گا، ممکن ہے وہ بیمار ہلاک بھی ہو جائیں مثلاً پانی میں گر پڑیں، آگ میں جل جائیں، لڑکیوں کے کٹھرے سے الٹ پڑیں، زہریلی چیزیں کھالیں، کاٹنے، کترنے کی چیزیں اور پھاڑ کھانے والے جانوروں کے ساتھ کھیل شروع کر دیں۔ خلاصہ یہ کہ ہر ہر منٹ پر خود کو ہزاروں قسم کے خطرات میں ڈال دیں۔

یہ سب کچھ صحیح، مگر اس سے ہماری غرض یہ ہے کہ باوجود اس کی کامل حفاظت وپرداخت کے، اُس کے قوئی اور استعدادوں کو بالکل آزاد نہ چھوڑ دینا چاہیئے، تربیت کے مسئلہ کی نزاکت واہمیت کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ اس کام کو کس طرح انجام دیں۔ بات تو یہی ہے اور اسی وجہ سے ہم یہاں اس کا اعادہ بھی کر رہے ہیں کہ فن تربیت تمام فنون میں افضل اور انسان کے مقدس ترین فرایض میں شمار کیا جاتا ہے جس کو ہم یہاں ایک مثال کے ذریعہ کہ اس فریضہ کو کس طرح انجام دینا چاہیئے، واضح کریں گے۔

عجائب خانوں میں جو یورپ کے عظیم ترین شہروں میں کثرت سے موجود ہیں جانوروں کے رہنے کے لئے بہت بڑے فطری قطعات زمین بنائے گئے ہیں جو ایک جانب تو ان حیوانات کے مقامات سے جن میں وہ زندگی بسر کرتے ہیں بہت مشابہت رکھتے ہیں مثلاً اونٹ کے رہنے کے لئے ریتیلے میدان، شیر، تیندوے اور دیگر اقسام کے درندوں کے لئے وسیع جنگل اور اسی طرح پرندوں کے لئے کشادہ ہوادار مقامات بنے ہوئے ہیں جو ایک باغ کی مانند درختوں، پھولوں اور نہروں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ دوسری

جانب سے ان تمام جگہوں کے اردگرد، دیواروں میں لوہے کی اونچی اونچی سلاخیں لگی ہوئی ہیں تاکہ وہاں سے یہ جانور، پرندے اور مچھلیاں نہ نکلنے پائیں۔ آخر کس لئے اہل یورپ نے اس قسم کی محنتیں اٹھائی ہیں اور کس لئے یہ تمام اخراجات برداشت کئے ہیں؟ اس لئے کہ ان جانوروں کو جنہیں قید رکھا گیا ہے اُن کے اپنے فطری و مانوس وطن سے علٰحدہ کرکے یہاں لایا گیا ہے جہاں وہ بآسانی اس تازہ زندگی کے عادی ہو جاتے ہیں اور اپنے نئے اور پرانے وطن کے درمیان کچھ بڑا فرق نہ پاکر، بہت جلد مدگی کے ساتھ تازہ زندگی کے خوگر ہو جاتے ہیں اور نئی آب و ہوا اُن کے موافق آجاتی ہے؛ یہاں تک کہ گرمی سردی اور کمی و زیادتی ہوا کی ایک خاص حد اور خوراک بھی انہی کی طبیعت اور مزاج کی مناسبت سے مقرر کی گئی ہے ورنہ یہ جانور اور پرند بہت جلد مرجاتے۔ اور جس ملک کی آب و ہوا اُن کے مزاج کے موافق نہ ہوتی وہاں زندہ نہ رہنے پاتے۔ اسی اعتبار سے، یہ ایک طرف تو قیدی ہیں جو پہلے کی بہ نسبت حرکت کرنے، اُڑنے اور شکار کرنے میں آزاد نہیں ہوتے لیکن دوسری طرف اُن وسیع مقامات اور بڑے بڑے پنجروں کے درمیان جو مقام اُن کے لئے مقرر ہوا ہے حرکت کرنے، چلنے، قلانچیں بھرنے اُڑنے اور بولنے میں پوری آزادی رکھتے ہیں اس طور پر کہ وہ اسیری اور غربت کا احساس نہیں کرنے پاتے! ہر ایک اپنی استعداد اور طبعی خواہشات کے ظاہر کرنے میں آزاد رہتا ہے ا

بچہ کا حال بھی بالکل اسی طرح ہے۔ وہ فطری استعدادیں اور خاصیتیں جو بچہ رکھتا ہے ایک طرف تو مقتضی ہیں کہ اُن کی روانی عمل (فعلیت و انفعالیت) میں فرق نہ آنے دیں اور دوسری طرف عمدہ طریقہ کے ساتھ اُن کی نگرانی اور خدمت گزاری کا اپنے اوپر لازم کر لینا بھی اس امر کا مقتضی ہے کہ ہم اُن کے دائرۂ عمل کو محدود کرکے کس طور پر ان دونوں کاموں میں ربط پیدا کریں؟ بے شک! یہاں بھی وہی طریقہ جو ہم نے بیان کیا ہے اختیار کرنا چاہیئے۔ ہم تھوڑی دیر کے لئے یہ فرض کرتے ہیں کہ دو دائرے ہیں:۔

(۱) بڑا (۲) دوسرا چھوٹا، اس طور پر کہ چھوٹا بڑے کے اندر واقع ہے۔ چھوٹا دائرہ بچہ کے مرکز احساس کا پتہ دیتا ہے اور بڑا دائرہ اُس کے محیط احساس کی حدوں کا، اور یہی حدیں

ماں کی توجہ ارادی کا محل ہیں۔ اسی اعتبار سے بچہ کو باوجود بڑے دائرے کے احاطہ میں گھرا رہنے کے چھوٹے دائرے کے اندر آزاد رہنا چاہیئے اور اسی دائرہ میں بلحاظ اس کی وسعت کے ہاتھ پاؤں مار کر اپنی شخصیت، مجبوری اور آزادی کو محسوس کرے یہاں تک کہ وہ اپنی فطری استعدادوں اور قوتوں کو ترقی دینے میں کامیاب ہو جائے۔

اسی خیال کے مدنظر، ماں اتنی ذکی و فہیم اور فن تربیت کے رموز و قواعد سے واقفت ہونی چاہیئے جو یہ جانتی ہو کہ کب اور کہاں بچہ کو کھلے بندوں چھوڑے اور کس موقع پر اس کو کسی کام کے جاری رکھنے سے روکے۔ بلاشبہ ماں کو ایک ماہر طبیب کی مانند ہونا چاہیئے جو اس بات کو سمجھے کہ کونسی چیز بیمار کے لئے مفید ہے اور کونسی مضر۔ اس کو ہر وقت بیمار کے جسم، مزاج، ہاضمہ اور طاقت کا اندازہ کرنا چاہیئے!

جن مقامات پر جان کا خطرہ یا کسی بڑے ضرر کا اندیشہ نہ ہو بچہ کو کھلے بندوں چھوڑ دینا چاہیئے۔ اگرچہ اس کے ذرا سی چوٹ اور تکلیف بھی پہنچتی ہو مثلاً: اگر بچہ اپنا ہاتھ آگ کی طرف بڑھاتا ہو، درآں حالے کہ ماں متوجہ ہے، نہ روکے بلکہ بڑھانے دے تاکہ بچہ آپ آگ کی سوزش کا درک حاصل کرے۔ اس وقت خود بچہ بغیر ماں کی اجازت یا ممانعت کے اپنا ہاتھ ہٹائے گا۔ لیکن اس تلخ تجربہ کے بعد پھر وہ اپنا ہاتھ۔ اگر وہ اکیلا بھی رہے۔ آگ کی طرف نہ بڑھائے گا۔ لیکن اگر بچہ کسی جنگلہ دار کھڑکی کے قریب جا کر اس سے اپنے آپ کو گرا دینا چاہے تو ایسی صورت میں ماں کو نہ چاہیئے کہ اس کو تجربہ کرنے کے لئے چھوڑ دے۔ لیکن جب وہ کھیل یا راہ چلنے کے وقت زمین پر گر کر رو دیتا ہے تو اس کو جھٹ پٹ اپنی گود میں اٹھا لینا اور پیار کرنا یا مٹھائی اس کے ہاتھ میں دینا مناسب نہیں بلکہ اس کو تھوڑی دیر تک روتا چھوڑ دینا چاہیئے یہاں تک کہ وہ اپنے آپ سے خاموش ہو جائے ورنہ وہ اس کا عادی ہو جائے گا۔ جب کبھی وہ زمین پر گرے گا اس بات کا منتظر رہے گا کہ کوئی شخص اس کو اٹھا لے اور اس پر مہربانی کرے اور کچھ چیز اس کو دے۔ یہ طریقہ کسی قدر عجیب معلوم ہوگا لیکن یہی اس کا اصول ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا کہ بچہ کو جن کاموں اور حرکتوں میں کوئی خطرہ نہ پیش آتا ہو تو اس کو آزاد چھوڑ دینا چاہیئے تاکہ وہ امکان کی

حد تک سب، اپنے اعمال کے نتیجوں کو خود معلوم کرے اور خود اس کا تجربہ حاصل کرے

یہ موضوع اہم اور بہت مشکل ہے، سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ اس کے تمام جزئیات بیان میں نہیں آسکتے۔ (تاہم) اس کی مثالیں اور نمونے اس کثرت سے موجود ہیں کہ ان سب کا شمار ناممکن ہے اُن میں سے ایک ایک کا بیان بھی کہ کس موقع پر بچہ کو کھلے بندوں چھوڑ دینا اور کس حالت میں اُس کو امر و نہی کے زیر فرمان رکھنا چاہیئے ان حالتوں کی جانچ، ماں کے فہم و ادراک اور اُس کے فن تربیت کی قواعد سے متعلق معلومات پر جن کا ذکر آئندہ فصلوں میں بھی آئے گا موقوف ہے۔ یہاں صرف یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ بچوں کو بعض صفتوں اور حالتوں کا توارث ہوتا ہے۔ یہ توارث یا تو نسلی ہوتا ہے یا تو آبائی۔

(۱) نسلی، اس طور پر کہ ہر قوم، چند ایسی ظاہری و مخصوص صفتیں رکھتی ہے جن کی وجہ سے وہ پہچانی جاتی ہے۔

(۲) آبائی، اس طرح کہ بچے بعض صفتیں اور طبیعتیں اپنے والدین اور اجداد سے وراثۃً پاتے ہیں جیسے بعض بیماریاں اور اخلاقی صفتیں — مثلاً بخل، بہادری، تحمل، جرأت ...... وغیرہ — ہوتی ہیں، لیکن یہ جاننا چاہیئے کہ بچے اچھی بری دونوں قسم کی صفتوں کی استعداد سے متوارث ہوتے ہیں۔ اگر ہم اُس کو ابتدا ہی میں دریافت کرکے صحیح راستے پر نہ لگائیں گے تو بہت ممکن ہے کہ اُس کا نمو بے قاعدہ طریقہ پر ہو جن کا راہ راست پر لانا ایک مشکل کام ہوگا۔ یہاں اس نکتہ کا واضح کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہم استعداد کا لفظ جو اس موقع پر استعمال کر رہے ہیں اس سے ہمارا مفہوم یہ ہے کہ بچے اپنے ہمراہ بعض صفتیں اور طبیعتیں جوں کی توں نہیں لے آتے بلکہ ان میں ایک فطری قابلیت موجود ہوتی ہے جو ان کے حاصل کرنے پر قادر ہوتی ہے۔ شاید ہی یہ بات باور کرنے کے قابل ہو کہ جو بچے مریض والدین سے پیدا ہوتے ہیں وہ اُن سے مرض کو بھی وراثۃً پاتے ہیں۔

اسی خیال کو پیش نظر رکھتے ہوئے، سب سے پہلے انہی استعدادوں اور ذہنی

و اخلاقی قابلیتوں کو ایک طبیب حاذق کی طرح دریافت کرنا اور بری صفتوں کی تشخیص کرکے معالجہ میں مصروف رہنا چاہیئے۔ یہ معالجہ نہایت سخت ہوتا ہے لیکن بے نتیجہ نہیں اور فن تربیت کی قدرت اور اعجاز اسی معالجہ میں ظاہر ہوتا ہے۔ اگر فنِ تربیت اخلاق وطبائع کی اصلاح اور ان میں تبدیلی کرنے اور نفس انسانی کے میلانوں اور ان کی استعدادوں کے راستوں کو بدلنے پر قادر نہ ہوتا تو روئے زمین شر و فساد سے بھر جاتی اور نوعِ انسانی بھی وحشی جانوروں کا نمونہ بن جاتی۔ بڑی خوش قسمتی کی بات ہے کہ فنِ تربیت نے انہی باتوں کی روک تھام کی ہے اور کر رہا ہے۔

بچہ اخلاق وطبیعت کے اعتبار سے ، غالباً عام صفتوں اور طبیعتوں مثلاً: ذکاوت، موقت، متانت، محاکمہ، حافظہ، تخیل اور استقامت...... وغیرہ کو اپنے والدین سے وراثۃً حاصل کرتا ہے اور پھر انہی استعدادوں کو اچھے برے کاموں میں لگاتا ہے یعنی یہی صفتیں اور قوتیں اس کی خوش نصیبی و ترقی کا باعث ہوتی ہیں اور یہی اُس کی بدنصیبی و سیاہ کاری کا سبب۔ ورنہ بچہ تولد کے وقت خاطی، گنہ گار اور بدبخت یا حکیم، فاضل، اور نیک بخت پیدا نہ ہوگا، بلکہ اس کی قابلیت واستعداد دونوں صفتوں پر حاوی ہوگی یعنی دو قوی راہیں اس کے سامنے ہوں گی جن میں سے کسی ایک کا اختیار کرنا اُس کی ممکنات کی تعیین کرے گا۔ یہ کام بچے کے والدین اور اُس کے مربی کے اختیار میں ہے، کیونکہ بچے کی استعدادیں اور طبیعتیں انہی کے قبضہ واقتدار میں ہوتی ہیں۔ مربی (معلم) اور بچے کے باہمی تعلق کا حال اس شخص کی حالت سے ملتا جلتا ہے جس کے ہاتھ بہت بڑی دولت لگی ہو۔ دولت اپنی ذات سے کوئی بری اور نقصان رساں چیز نہیں ہے لیکن عاقل و نیک آدمی کے ہاتھ میں خیر و برکت کا باعث ہوتی ہے اور بے عقل و غیر تربیت یافتہ آدمی کے ہاتھ میں شر و فساد کا موجب ہوتی ہے۔ اس کے مدنظر دولت سے خیر یا شر کا حاصل کرنا اس کے استعمال پر منحصر ہے نہ کہ دولت کے وجود پر۔

یہی حال ہے موروثی استعدادوں اور اخلاقی و ذہنی میلانوں کا جو موروثی ہوتے ہیں۔ ان سعادتوں اور شقاوتوں کے ہونے کے اسباب درِ اصل اُن کے طرزِ استعمال پر

موقوف ہیں۔ یہی بات لوگوں میں ہم روزانہ دیکھتے ہیں جیسا کہ بعض آدمی نیک لوگوں کی صحبت وہمنشینی اختیار کرنے سے نیک دل اور عمدہ اخلاق والے ہو جاتے ہیں اور بُرے آدمیوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے اور رہنے سہنے کی وجہ، بُرے عادات وخصائل سیکھ جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ ہم ایک شخص میں یہ بات بھی دیکھتے ہیں کہ وہ ایک زمانہ تک پاک دل وپاک باز آدمیوں کے ساتھ رہ کر عفت وعصمت اور حسن اخلاق کا پتلا بنا ہوا ہے اور چند سال گزرنے کے بعد پھر ہم اُس کو اس حالت میں پاتے ہیں کہ بدذات اور شیطان صفت آدمیوں کے ہم پیالہ وہم نوالہ رہنے کے باعث، اُس نے انہی کی سی عادت ووضع اختیار کی ہے۔

اسی لحاظ سے، جس صورت میں کہ عاقل وبالغ آدمی ایک حد تک صحبت وہمنشینی کے زیر اثر حالت وماہیت کو بدل دیتے ہیں، بچہ بھی، باوجود اُس فرمان پذیرانہ حالت کے، صرف عمدہ طریقہ کے ذریعہ مُربّی اور والدین کے ہاتھوں میں اپنی حالت کو بدل سکتا ہے۔ اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ والدین بچہ کے خالق ہوتے ہیں۔

سب سے اچھا طریقہ بچوں کی حالت کے درست کرنے کا یہ ہے کہ خواہ ماں ہو یا مربّی، پہلے بچے کی موروثی استعدادوں اور صفتوں کو دریافت کرے اور اُنکی دو قسمیں قرار دے: (۱) وہ صفتیں جن کو ترقی دی جاسکتی ہے اور (۲) وہ صفتیں جن کو ترک کیا جاسکتا ہے۔ پھر اُن امور کو اُصول اور عمل کے ذریعہ انجام دے۔ اس مسئلہ میں بچوں کی حالتوں اور اُن کی ذہنی کیفیتوں سے (جن کا ذکر ہم نے اوپر کیا ہے) فائدہ اُٹھائے۔ اُن کو بُری اور نقصان پہنچانے والی راہوں میں کام کرنے کے لئے نہ چھوڑے۔

باقی

مترجمہ ابو المحاسن محمد حسن خان متین مدرس فارسی

مدرسہ سلطانیہ مستعد پورہ

حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس

پہلا جلسہ ۳ تا ۵ ساعت شام

۹ اسفندار ۱۳۳۵ف کو (۳) بجے ٹاؤن ہال میں حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کا نواں اجلاس منعقد ہوا جلسہ کی کارروائی کم سن بچوں نے مناجات سے شروع کی۔ نواب فخر یار جنگ بہادر نے صدر مجلس استقبالیہ کی حیثیت سے تقریر کرنے کے بعد جلسہ کی صدارت کے لئے نواب صدر یار جنگ بہادر کا نام تجویز فرمایا اس کی تائید جناب مولوی محمد اصغر صاحب بیرسٹرایٹ لا نے فرمائی۔ زاں بعد نواب صدر یار جنگ بہادر نے کرسی صدارت کو زینت بخشی اور اپنا عالمانہ خطبہ پڑھا

اختصار خطبہ صدارت

آج سے دس برس پہلے جامعہ عثمانیہ سے جو امیدیں وابستہ کی گئی تھیں وہ شاہ جمجاہ کے زیر سایہ پوری ہو رہی ہیں اور ملک علمی فیض سے مالامال ہو رہا ہے ۱۳۳۶ف کے اعداد سے واضح ہے کہ ممالک محروسہ میں ایک زنانہ، (۵) مردانہ کالج ہیں اور کل طلبہ (۶۹۴) ہیں جو مختلف علوم و فنون کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ بعد تکمیل تعلیم ہونہار طلبہ کو یونیورسٹی کی جانب سے یورپ بھیجا جاتا ہے کئی ایک طالب علم بعد حصول علم یورپ سے واپس آچکے ہیں اور چند ایک ابھی وہاں زیر تعلیم ہیں۔ نتائج امتحان میں یہ امر موجب اطمینان ہے کہ ایک سے زائد بیرونی ممتحن علماء نے ہمارے طلبہ کا معیار فہم ہندوستان کی دوسری یونیورسٹیوں کے معیار سے زیادہ تسلیم کیا ہے اور ہندوستان کی اکثر یونیورسٹیوں نے جامعہ عثمانیہ کو تسلیم کر لیا ہے اور انگلستان میں آکسفورڈ، کیمبرج، لندن، کی یونیورسٹیاں یہاں کے طلبہ کو اسی رعایت سے اپنے ہاں داخل کرتی ہیں جس طرح دوسری یونیورسٹیوں کے طلبہ کو۔ اور حکومت ہند نے انگلستان کے انڈین سیول سروس کے امتحان میں جامعہ کے طلبہ کا داخلہ منظور فرمالیا ہے۔ اس جامعہ نے ملکی زبان میں تعلیم دینے کا جو صحیح اصول

اختیار کیا ہے اس کے ضمن میں یہ امر قابل مسرت ہے کہ کلکتہ میں کانگریس کے نامور صدر پنڈت موتی لال نہرو نے اُردو کا نیشنل زبان ہونا تسلیم فرما لیا ہے اور دہلی میں ہز ہائی نس آغا خان نے اُردو کا دنیا کی ان وسیع ترین زبانوں میں شمار کیا ہے جو ذریعہ تعلیم ہیں، یونیورسٹی کے لئے کتابیں تیار کرنے کی غرض سے ایک دار الترجمہ بھی قائم ہے۔ اس نے اب تک مختلف علوم و فنوں کی ایک سو گیارہ کتابیں شائع کی ہیں اور ستر زیر نظر ثانی اور ۶۵ زیر ترجمہ ہیں۔ دار الترجمہ میں ایک ناظر مذہبی بھی مقرر ہیں جو اس امر پر خاص نگرانی رکھتے ہیں کہ ترجمہ شدہ کتاب میں کوئی ایسی بات نہ ہو جس سے کسی دوسرے فرقہ یا مذہب کی دل آزاری یا توہین ہو۔ سال گذشتہ جامعہ عثمانیہ کا موازنہ گیارہ لاکھ ستاون ہزار ایک سو پینتیس تھا (۱۱۵۷۱۳۵) صرف دس سال کے قلیل عرصہ میں جو ترقی ہماری جامعہ نے کی ہے وہ شاہانہ عزم و سرپرستی کی نمایاں مثال ہے ۱۳۲۶ف میں جملہ مدارس کی تعداد (۳۲۲۴) تھی اور کل طلبہ کی تعداد ایک لاکھ بیاسی ہزار نو سو ستائیس تھی ۱۳۳۶ف میں جملہ مدارس کی تعداد (۴۲۲۴) تھی جن میں سے (۱۷۷) امدادی ہیں سرکاری مدارس میں سے (۳۰۴۶) مردانہ اور (۴۰۰) زنانہ مدارس ہیں اور ایک انگریزی کالج کے علاوہ (۵) عثمانیہ کالج (۸) انگریزی ہائی سکول اور (۱۹) عثمانیہ فوقانیہ مدارس ہیں پرائمری مدارس کی تعداد تقریباً (۳۰۰۰) ہے ان میں تعلیم مفت دی جاتی ہے اور طلبہ کی تعداد (۲۱۹۶۳۸) ہے کل موازنہ چوراسی لاکھ اڑسٹھ ہزار (۸۴۶۸۰۰) ہے۔ اس طرح دس برس میں مدارس کی تعداد میں بقدر (۱۰۰۰) اور طلبہ کی تعداد میں بقدر (۳۶۲۴۲) کا اضافہ ہوا ہے۔ اور موازنہ تقریباً چھ گنا ہو چکا ہے جو کل موازنہ کا دس فیصدی ہے۔

دیوانی قواعد مدارس خانگی کے متعلق آپ نے یہ فرمایا کہ۔ سرکار عالی نے منجانب سررشتہ تعلیمات ایسے قواعد نافذ فرمائے ہیں جن کے ذریعہ سے خانگی مدارس میں تعلیم پانے والے بچے ایسی تعلیم و تربیت سے جو مضر صحت و اخلاق ہو یا دہنی نشو و نما میں خلل انداز ہو محفوظ رہیں گے یہ سرکار عالی کی رعایا نوازی ہے کہ قواعد

بالا کے ذریعہ سے محکمہ کے ماہرین کے فیض کو خانگی درسگاہوں تک بھی پہنچایا ہے ان قواعد میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس سے تعلیم میں رکاوٹ ہو۔
سررشتہ تعلیمات کی ترقیون کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ اُس سررشتہ کی ترقی میں نواب مسعود جنگ بہادر سابق ناظم تعلیمات کی جانفشانی اور فن تعلیم کا زبردست ہاتھ نمایاں ہے یہ امر باعث مسرت ہے کہ نواب مسعود جنگ بہادر کے جانشین جناب خان فضل محمد خاں صاحب ہوئے ہیں آپ کی ذات سے مزید تعلیمی ترقیوں کی اُمید ہے۔
کانفرنس نے سالانہ اجلاسوں کے ذریعہ سے شوق تعلیم میں سرگرمی پیدا کرنے کی کوشش کی ہے اور ہونہار نادار طلبہ کی مالی امداد میں ساٹھ ہزار سے زیادہ روپیہ خرچ کیا گیا ہے جس سے صدہا طلبہ فیض یاب ہو چکے ہیں۔
ہر تحریک کے آغاز میں جوش کا مظاہرہ ہوتا ہے جس سے تحریک مذکور کی کامیابی آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے رفتہ رفتہ یہ جوش و خروش ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور ہماری انجمنیں اور ادارے نیم مردہ زندگی بسر کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اس کا اصلی سبب تشنگی تدقی کا فقدان ہے۔ حصول مقاصد کے لئے باہم مل کر کام کرنے کی خواہش جس کا دوسرا نام اتحاد عمل یا کوآپریشن ہے وہ مختلف الرائے افراد کو ملائے رکھتی ہے وہ مخالف رائے ظاہر تو کرتے ہیں ان پر اصرار بھی کرتے ہیں مگر روٹھتے نہیں ایک دوسرے کو چھوڑ نہیں دیتے خود اس کام ہی کو برباد کر دینے کا تہیہ نہیں کر بیٹھتے خلاصہ یہ ہے کہ بلا ہمدردانہ اتحاد عمل کے بلند پایہ مقاصد کا حاصل ہونا دشوار ہے۔
آپ نے فرمایا کہ بغیر حکومت کی مدد اور بلا پیسے کے بھی ہم ملک کی فلاح و بہبود کے لئے بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ مثلاً ہم کو ملک و ملت کے سب سے بڑے دشمن جہالت کا مقابلہ کرنا ہے اگر ہم میں سے ہر شخص اپنے اوپر لازم کر لے کہ اپنی بساط کی حد تک وہ اس دشمن کو تباہ کر دے گا تو چند ہی مرحوم شناہاییان کے

بعد تعلیم یافتہ اشخاص کی جو فیصدی کمی ہمارے ملک کے لئے سرمایۂ عار ہے ہم دور ہو جائے گی۔ متمدن و مہذب ممالک میں بڑے بڑے وزراء اور کاروباری لوگ تعطیلوں کے ایام میں بالالتزام ملک کے دور افتادہ گوشوں میں چلے جاتے ہیں اور مدرس بن کر اپنے سرمایۂ علم سے وہاں کے باشندوں کو مستفید فرماتے ہیں کیا ہم یہ نہیں کر سکتے؟ کیا اس سے بڑھ کر کوئی حسنات ہے؟ یورپ اور امریکہ کے وزراء سے تو زیادہ ہم عدیم الفرصت نہیں؟

بہت سے گھر ہیں جن میں اخبار رسالے کتابیں موجود ہیں اگر ایک محلے کے لوگ باہمی ہمدردی سے مل کر اپنا اپنا یہ علمی سرمایہ نکال کر کسی ایک مکان میں جمع کریں اور فالتو بیکار فرنیچر اپنے اپنے یہاں سے وہاں لے آئیں ساتھ ہی پابندی کے ساتھ وقت واحد میں تھوڑی دیر کے لئے اخوت کی شان میں وہاں جمع ہو جائیں اخبار پڑھیں کتابیں دیکھیں جو پڑھے لکھے نہ ہوں ان کو سنائیں ہمدردانہ تبادلۂ خیالات کے ساتھ باہمی اصلاح کی کوشش کریں تو میں نہیں کہہ سکتا کہ چند روز میں وہ محلہ کیا سے کیا ہو جائے"۔

صدر نشین صاحب کے خطبہ کے بعد جناب مولوی شبیر حسن خان صاحب جوش نے "فرشتے کی سیر" کے عنوان سے ایک دلکش نظم موثر انداز میں پڑھی جس سے حاضرین بہت مسرور ہوئے اس کے بعد پہلا جلسہ برخاست ہوا۔ دوسرا جلسہ ۹ تا ۱۲ ساعت صبح ۱۰ اسفندار کو ٹھیک ۹ بجے دوسرا جلسہ منعقد ہوا پہلے جناب مولوی خورشید علی صاحب آنریری سکرٹری نے سالانہ رپورٹ پڑھی اس کے بعد تحریک (۱) جو مولٰنا مرتضٰی مرحوم کی یادگار کے قیام سے متعلق تھی اس کو جناب مولوی حسین عبدالمنعم صاحب نے پیش فرمایا اس کی تائید جناب مولوی مرزا محمد بیگ صاحب افسر معاوضہ اراضی نے فرمائی ہر دو صاحبوں نے مرحوم کی بے لوث خدمات و اوصاف حمیدہ کا ذکر کر کے یادگار کا سرمایہ جلد فراہم کئے جانے کی ضرورت بتلائی اس کے بعد صدر نشین صاحب نے فرمایا کہ ہم یہ رقم جمع کر کے ان کی یادگار میں اُن کے ورثاء کو دینا نہیں چاہتے

اور نہ ان کے یادگار کے لیے کوئی مکان بنایا جائے گا بلکہ یہ رقم ملک کے نادار طلبہ کی امداد کے لئے وقف کی جائے گی اگر ایک ایک سو روپے ایک سو آدمی دیں تو دس ہزار روپے جس کی درخواست کی گئی ہے جمع ہو جائیں گے کیا حیدرآباد میں ایسے سو آدمی نہیں ہیں ؟ جو سو روپے سے اس یادگار میں حصہ لیں اگر نہیں ہیں تو پھر اس تحریک کے کامیاب ہونے اور موجودہ مجتمعہ رقم چھ سو سے سات سو ہونے کی توقع نہیں اس کے بعد جناب مولوی ابوالحسن صاحب مہتمم تعلیمات اور جناب مولوی محمد عبدالسلام صاحب نے تحریک کی تائید میں تقریریں کیں بالآخر تحریک باتفاق آراء منظور ہوئی اور اسی جلسہ میں مولانا مرتضیٰ مرحوم کی یادگار فنڈ کے لئے تقریباً (۹۰۰) کے وعدے ہوئے اور (۸۰) نقد وصول ہوئے۔

اس کے بعد جناب مولوی محمد حسام الدین صاحب فاضل نے علم و عمل پر فصیح و بلیغ نصیحت آمیز تقریر فرمائی آپ نے نظائر و شواہد سے یہ واضح فرمایا کہ فی زمانا لوگ علم حاصل کرتے ہیں اور ان کو اپنے علم پر دعویٰ بھی ہوتا ہے مگر افسوس کہ عمل کچھ بھی نہیں کرتے اور وقتیکہ ہم عمل کو اپنا شعار نہ بنائیں ہماری دینی و دنیوی فلاح و فوز غیر ممکن ہے۔

تحریک (۲) جو تعلیم نسواں سے متعلق تھی نواب ناظر یار جنگ بہادر نے پیش کی آپ نے فرمایا کہ ذکور و اناث کے نصاب تعلیم میں فرق کا رکھا جانا ضروری ہے کیونکہ قدرت نے عورتوں کو بعض ایسے مخصوص افعال کے لئے پیدا کیا ہے جن کے لیے مرد پیدا نہیں کئے گئے ہیں اسی طرح مردوں کو بعض ایسے افعال کے لئے پیدا کیا گیا ہے جن کے لئے عورتیں پیدا نہیں کی گئی ہیں۔ یورپ میں ذکور و اناث کے نصاب تعلیم میں فرق نہیں رکھا جاتا ہے بلکہ دونوں کو ایک ہی تعلیم دی جاتی ہے جس کا نتیجہ ہے کہ یورپ کی عورتیں امور خانہ داری سے متنفر نظر آتی ہیں اور وہاں کی عدالتوں میں طلاق کے مقدمات کثرت کے ساتھ پیش ہوتے ہیں اور عورتوں کو شوہر کا ملنا دشوار ہو گیا ہے۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں اس بات کی ضرورت ہے کہ نسوانی ضرورتوں اور ملکی خصوصیتوں کا لحاظ رکھ کر نصاب مقرر کیا جائے اس غرض سے ایک تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر کیا جانا ضروری ہے اس کی تائید مولوی اکبر علی خاں صاحب بی اے ایل ایل بی (لندن) نے فرمائی اور تحریک منظور ہو گئی۔

اس کے بعد مولوی محمد عبدالرزاق صاحب حیدہ بی اے نے "انگریزی زبان کے حیدرآبادی شاعر" کے عنوان پر انگریزی میں تقریر فرمائی جس میں نواب عماد الملک بہادر، نواب نظامت جنگ بہادر، مسز سروجنی نائڈو، مسٹر جیوپادیہہ وغیرہ کے کلام پر نقد و تبصرہ کیا گیا تھا۔

تحریک (۳) جو حرفتی اور فنی تعلیم کو ممالک محروسہ میں وسعت و سرعت کے ساتھ رائج کرنے سے متعلق تھی جناب بابو للت موہن کرجی صاحب نے پیش کی اور آپ نے فرمایا کہ سرکار عالی خود حرفتی اور فنی تعلیم کو ملک میں رائج کر رہی ہے چنانچہ انجینیرنگ کالج کا اسکیم منظور ہو گیا ہے مگر ہماری درخواست سرکار سے یہ ہے کہ اور وسعت و سرعت کے ساتھ اسی تعلیم کو ملک میں عام کیا جائے اس کی تائید جناب مولوی بہادر خانصاحب نے کی اور آپنے جاپان کا حوالہ دیتے ہوئے فرمایا کہ بغیر صنعتی اور حرفتی تعلیم کے ملک کی ترقی ناممکن ہے اس کے بعد مولوی عبداللہ صاحب المدوسی نے یہ ترمیم پیش کی کہ صنعتی اور حرفتی تعلیم کو عام کرنے کے ساتھ ساتھ ملک میں کارخانے بھی کھولے جانے کی سخت ضرورت ہے ورنہ بے کاروں کی تعداد میں اور اضافہ ہو جائے گا مگر اصل تحریک بلا ترمیم منظور ہو گئی۔

تیسرا جلسہ ۲ تا ۵ ساعت شام

تحریک (۴) جس میں درسی کتب اور سامان تعلیم کی ارزانی کے لئے منجانب سررشتہ خاص تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا تھا جناب مولوی سید ہاشمی صاحب اصل محرک کی عدم موجودگی کی وجہ سے جناب مولوی خورشید علی صاحب آنریری سکرٹری نے پیش فرمائی اس کی تائید مولوی فضل اللہ صاحب بی اے نے کی عمر فاروق صاحب متعلم نے کہا کہ اگر تحریک کے اصل محرک مولوی سید ہاشمی صاحب ہوتے تو میں صاحب موصوف سے کہتا کہ سب سے زیادہ گراں آپ ہی کی کتابیں ہیں براہ کرم ان کی قیمتوں میں آج ہی سے تخفیف فرمائیے۔ عمر فاروق صاحب نے یہ بھی کہا کہ جامعہ عثمانیہ کی کتابیں بھی گراں ہے اس پر جناب مولوی عبدالرحمن خانصاحب صدر کلیہ جامعہ عثمانیہ نے فرمایا کہ تمام یونیورسٹیوں کی کتابیں گراں ہوتی ہیں ہماری یونیورسٹی کی شائع کردہ کتابوں کی قیمتیں دوسری یونیورسٹیوں کی

کتابوں کے مقابلہ میں ارزاں ہیں، بعض انگریزی کتابوں کی قیمت تو پچاس پچاس شلنگ ہوتی ہے میں اس تحریک کی تائید کرتا ہوں ساتھ ہی یہ کہتا ہوں کہ بُری چیز کو بُرا کہو مگر خواہ مخواہ اچھی چیز کو بُرا نہ کہو اس کے بعد نواب فخر یار جنگ بہادر نے فرمایا کہ یونیورسٹی نے کتابوں کی وہی قیمت رکھی ہے جو اصل لاگت ہے یونیورسٹی کا مقصد کتب فروشی سے روپیہ کمانا نہیں ہے بلکہ طلبہ کو سہولت پہنچانا ہے بالآخر یہ تحریک بھی باتفاق آرا منظور ہو گئی۔
اس کے بعد جناب مولوی یعقوب حسن صاحب لیڈر مدراس نے "ہندوستانی کلچر" پر فاضلانہ مدلل تقریر فرمائی پہلے آپ نے کلچر کی لغوی و اصطلاحی تعریف بیان کی اس کے بعد فرمایا کہ کلچر کی تشکیل میں قوم کی تاریخ اور اس کی روایات، تہذیب، احساسات، مرز بوم کو بڑا دخل ہے۔ کلچر اور مذہب کا براہ راست تعلق نہیں ہے البتہ مذہب کا اثر تمدن پر پڑتا ہے اور تمدن کا اثر کلچر پر ہوتا ہے اس لئے کسی کلچر کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ مذہبی کلچر ہے مثلاً لکھنؤ کے شاعر امیر اور فسانہ آزاد کے مصنف میں کوئی تمدنی و کلچری فرق نہیں ہے خود حیدر آباد میں دیکھئے، سر آسمان جاہ بہادر، سر مہاراجہ کشن پرشاد بہادر نے کیا اچھا کلچر اختیار کیا ہے یہ کلچر نہ مسلمانوں کا ہے اور نہ ہندوؤں کا بلکہ دونوں قوموں کی مشترکہ تعلیم و تربیت کا نتیجہ ہے جس کو ہندوستانی کلچر کہا جا سکتا ہے۔ جب مسلمان ہندوستان میں آئے تو ان کے تمدن کا اثر ہندوؤں کے تمدن پر ہوا اور اس طرح ایک نئی قومیت کی بنیاد پڑی چنانچہ ہندو اور مسلمان آداب و اخلاق و نشست و برخاست میں یہاں تک کہ لباس میں بھی ایسے مشابہ تھے کہ ایک کو دوسرے سے تمیز کرنا مشکل تھا نتیجہ یہ کہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے میل جول سے ایک نئی زبان پیدا ہوئی اس زبان کو اردو کہیئے یا ہندوستانی مگر ہندوستانی کہنا اس لئے زیادہ مناسب ہے کہ اس کا اطلاق لفظ فرنچ کی طرح زبان پر بھی ہو سکتا ہے اور قوم پر بھی۔

چونکہ کلچر کے پھیلانے میں زبان کو بڑا دخل ہوتا ہے اس لئے ہم کو بھی ہندوستانی کلچر پھیلانے کے لئے ایک ترقی یافتہ زبان کی ضرورت ہے یہ صلاحیت آج خدا کے فضل سے اردو زبان میں ہے۔

قومی یونیورسٹیاں بنائی گئیں تو ہم نے کیا کیا وہی غلامی اور وہی تقلیدکی علی گڑھ یونیورسٹی یا بنارس یونیورسٹی میں وہی انگریزی زبان ہے، وہی انگریزی دستور ہے اور دستوری اثر سے (BLA 8K MEN) سیاہ انگریز پیدا کئے جارہے ہیں۔

سب سے پہلے کلچر، زبان، قومیت و ملت کے لحاظ سے اگر کوئی یونیورسٹی بنی ہے تو وہ عثمانیہ یورسٹی ہے جس طرح ہندوستان کا پایۂ تخت دہلی ہے اسی طرح ہندوستانی کلچر کا پایہ تخت حیدرآباد ہے،

جس قومیت و ملت اور جس کلچر کے لئے سارا ہندوستان کوشش کررہا ہے اوس کی نشوونما کا بہترین سامان ہز اگزالٹیڈ ہائی نس کی توجہ سے حیدرآباد میں ہورہا ہے

بعد از ان جناب مولوی سید محمود عالم صاحب بی۔ اے۔ بی۔ یس۔ سی نے مغربی تمدن و ہند پر دل چسپ تقریر کی تعلیم نسوان کے ضمن میں آپ نے کہا کہ یورپ میں ہر ماں تعلیم یافتہ ہے اس لئے اولاد کی تربیت اچھی ہوتی ہے افسوس ہے کہ ہندوستان اس خصوص میں بہت پیچھے ہے، تعلیم نسوان کو ملک میں وسعت و سرعت کے ساتھ رائج کرنے کی سخت ضرورت ہے مگر ہماری عورتوں کی تعلیم بالکل مغربی اصول پر نہ ہونی چاہیئے بلکہ ایسی تعلیم ہونی چاہیئے کہ جس سے خاندانی روایات اور ملکی خصوصیات بھی باقی رہ سکیں۔ پردہ کے متعلق آپ نے کہا کہ ہندوستان کا پردہ بہت سخت ہے اس میں اصلاح کی ضرورت ہے اس کے یہ معنی نہیں کہ عورتیں بالکل بے پردہ ہوجائیں اگر ایسا ہوگا تو ہندوستان کی معاشرت کے نظر کرتے بہت سی سماجی برائیاں پیدا ہوجائینگی بلکہ بتدریج پردہ کی ناجائز جکڑبندیوں میں اصلاح کرکے ایک اعتدالی حالت پیدا کی جانی چاہیئے۔ آپنے معلم و متعلم کے تعلقات کے متعلق فرمایا کہ یورپ میں استاد و شاگرد کے مابین دوستانہ تعلقات ہوتے ہیں استاد شاگرد کو مساوات کی نظر سے دیکھتے ہیں اور شاگرد استاد کو عزت کی نظر سے دیکھتے ہیں مگر ہندوستان میں استاد شاگرد کے مابین ایسے تعلقات بہت کم ہوتے ہیں وغیرہ۔

تحریک (۵) جو اضلاع میں کانفرنس کی شاخیں قائم کرنے سے متعلق تھی جناب:

مولوی حافظ محمد مظہر صاحب نے پیش فرمائی اس کی تائید مولوی سید محمود احمد صاحب نے کی اس کے بعد جناب مولوی عبد الکریم صاحب وکیل نے یہ ترمیم پیش کی کہ کانفرنس کے مقاصد کی اضلاع میں اشاعت کرنے کے لئے چار پانچ اراکین کی ایک کمیٹی بنائی جائے اس کے بعد محمد سلطان نے کہا کہ کانفرنس کے اجلاس کا سال میں ایک مرتبہ شہر میں منعقد ہونا ملک کی جہالت دور کرنے کے لئے کافی نہیں ضرورت ہے کہ اضلاع میں کانفرنس کی جو شاخیں قائم کی جائیں ان کے ارکان مختلف طبقوں کے لوگوں سے اشتراک عمل کرکے کانفرنس کے مقاصد و اغراض کی ملک کے طول و عرض میں اشاعت کریں اور ہر حصہ ملک میں علم کی روشنی پھیلائیں اور پروپگنڈہ کرنے کے لئے چند آدمیوں کا مقرر کیا جانا بھی مناسب ہے، بالآخر تحریک ترمیم کے ساتھ منظور کر لیگئی۔

تحریک (۶) جس میں کانفرنس کی سابقہ تحریکات پر سررشتہ متعلقہ کی توجہ ان کی عملی کارروائی کے لئے مبذول کرائی گئی تھی جناب مولوی سید محمد حسن صاحب بلگرامی نے پیش فرمائی اس کی تائید مولوی محمد عبد السلام صاحب نے فرمائی اور یہ تحریک بھی منظور ہوگئی۔ اس کے بعد جناب پروفیسر سید عبد اللطیف صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ نے یونیورسٹی کی حقیقی تعلیم کے عنوان پر ایک گھنٹہ تک عالمانہ تقریر فرمائی۔

تحریک (۷) جو دیہی مدارس کے بچوں کے طبی معائنہ سے متعلق تھی جناب مولوی غلام احمد خاں صاحب اول تعلقدار نے پیش کی اس کی تائید جناب مولوی حکیم مقصود علی خان صاحب نے فرمائی اس کے بعد جناب مولوی قادر محی الدین صاحب نے ترمیم پیش کی کہ معائنہ طبی کو شہری مدارس کی حد تک بھی وسعت دیجائے مگر تحریک بلا ترمیم منظور ہوگئی۔

صدر نشین صاحب کی اختتامی تقریر کے بعد مولوی اکبر علی صاحب مہتمم صحیفہ روزانہ نے کانفرنس کی جانب سے صدر نشین صاحب المقررین اور ادراور حاضرین وغیرہ کا شکریہ ادا فرمایا اور اس نوبت پر کانفرنس کا نواں اجلاس خیر و خوبی سے ختم ہوگیا۔

محمد سلطان

معلم اُردو مدرسہ فوقانیہ ناپلی

سزائے جسمانی*

از

جناب مارماڈیوک پکتھال صاحب

پرنسپل چادر گھاٹ ہائی اسکول

میں سزائے جسمانی کے اصول کا مخالف نہیں بلکہ اس کے بے دردانہ استعمال کا۔ جس طرح تعزیرات ہند میں سزائے موت ہے اسی طرح سزائے جسمانی کو محفوظ میں رہنا چاہئے لیکن اس کا استعمال شاذ ہو۔ غصہ میں یا انتقام کے طور پر سزا دینا کسی طرح جائز نہیں۔ ایسی حالتوں میں جبکہ یہ خوف ہو کہ بچہ چڑچڑا یا بوکھلا جائے گا سزائے جسمانی دینا قطعی نامناسب ہے اکثر اساتذہ اسے لازمۂ تعلیم سمجھتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ اگر تشدد کا حق نہ ہو تو نہ تو وہ پڑھا سکتے ہیں اور نہ مدرسہ میں ضبط قائم رہ سکتا ہے۔ اپنے مدرسہ میں، میں سررشتہ کے اس زرین دفعہ پر عمل کرتا ہوں کہ صرف صدر مدرس سزائے جسمانی دے لیکن اس طرز عمل کی وجہ سے مجھے ایک خطرناک انقلاب پسند خیال کیا جاتا ہے جسنے نظم ونسق کی جڑیں کاٹ کر غریب اور فرشتہ صفت مدرسین کو ظالم اور شریر النفس لڑکوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے۔ جب میں نے احکام سررشتہ کی تعمیل کے لئے نوٹس جاری کیا اور یہ بھی بتلا دیا کہ کونسی سزائیں دینے کا استاد کو حق حاصل ہے تو مجھ سے کہا گیا کہ اگر طلبہ کو اس کا علم ہو گیا تو مدرسہ کا ضبط بگڑ جائے گا۔ یہ ایک عجیب بات تھی کیونکہ سرکار عالی مدارس میں ایسا ضبط قائم کرنا نہیں چاہتی جس کی بنا سراسر سختی اور اندھا دھند تشدد پر ہو۔ میرے مدرسہ کا ضبط یعنی ضبط کے جو معنی میں لیتا ہوں اس میں ذرا بھی فرق نہیں آیا۔ اگر طلبا پہلے سے کم پژمردہ نظر آتے ہیں تو یہ ان کے لئے تعلیمی حیثیت سے نفع بخش ہے

---

* یہ اس تقریر کا ترجمہ ہے جو دوسری حیدرآباد ٹیچرز کانفرنس کے موقع پر انگریزی میں گوش گذار حاضرین کی گئی تھی

جو اساتذہ بیشتر تشدد سے کام لیتے تھے اگر اب وہ بلا تشدد جماعت کو سنبھال سکتے ہیں تو ان کی حالت بھی روبہ اصلاح ہے اپنے قلیل و محدود تجربے میں جو حیدرآباد میں حاصل ہوا میں کبھی بھی کسی ایسے لڑکے سے دوچار نہیں ہوا جس کو زدوکوب کی ضرورت ہو۔ کبھی کبھی کسی شریر بچے کو دو ایک بید لگانا پڑتا ہے تاکہ وہ اپنی شرارت سے باز آئے لیکن صدر مدرس کے پاس بھیجا جانا ہی بڑی سزا ہے اور ملامت کے دو میٹھے بول خاطی کو راہ راست پر لے آتے ہیں۔ اکثر ذرا سختی سے گفتگو کرنے کے بعد میں لڑکے سے عہد واثق لے لیتا ہوں کہ آیندہ کوئی نازیبا حرکت سرزد نہ ہو لیکن ایسے اساتذہ موجود ہیں جو یہ سوچیں گے اور کہیں گے کہ پرنسپل نے ان کی توہین کردی کیونکہ جس لڑکے کو انھوں نے سزا کے لئے بھیجا تھا اس کو سزا نہیں دی گئی۔

میں پرانے طریقہ سے تھوڑا بہت واقف ہوں کیونکہ میں ایسے مدرسہ کو بھیجا گیا تھا جہاں جسمانی سزا کا رواج تھا اور اب بھی ہے۔ لیکن یہ مدرسہ ذرا بڑے گھرانوں کے موٹے تازے، بے فکرے اور بدتمیز لڑکوں کے لئے تھا اور اگر ان کو پیٹ پاٹ کر درست نہ کیا جاتا تو وہ اپنے اُستادوں کو اپنا غلام سمجھنے میں تکلف نہ کرتے۔ اب انگلستان میں سزائے جسمانی تمام مدرسوں میں ممنوع ہوگئی ہے البتہ ان بالاخرچ مدرسوں میں جن کو غلطی سے پبلک اسکول کہتے ہیں اور جہاں زیادہ تر دولت مند لوگوں کے لڑکے آتے ہیں اب بھی مار پیٹ ہوتی ہے یعنی سزائے جسمانی صرف امرا تک محدود ہے میں اپنے طالب علمی کے تجربہ سے کہتا ہوں کہ ہم لوگ اسے دل لگی سمجھتے تھے اس سزا کی ہم کو پرواہ نہ تھی کیونکہ تکلیف تھوڑی دیر کی تھی لگر جو اُستاد بید کھلانے کے واسطے لڑکوں کو بار بار صدر مدرس کے پاس بھیجتا تھا اس کو ہم اُن اُستادوں کے مقابلہ میں بے وقوف سمجھتے تھے جو ہمیں برخاست مدرسہ کے بعد روکتے یا کام کرنے کو دیتے۔ اور جو اساتذہ لڑکوں سے واقفیت پیدا کرتے یعنی جو ان کی خصوصیات کا مطالعہ کرتے اور ان کے دلوں میں جگہ کرتے تھے۔ اور ایسے اساتذہ متعدد تھے۔ صرف انہیں کی ہم عزت کرتے تھے اور انہیں سے ہمیں فیض پہونچتا تھا۔ حیدرآباد کے غریب، بھوکے اور نہایت فرمانبردار لڑکوں کو جو

سرکاری مدارس میں بھرے پڑے ہیں، سزا دینا انتہائی بربریت ہے۔

اگر ہم بچوں کا سامنا نکتہ چینی، عیب جوئی یا سزادہی کے خیال سے کریں تو ہماری تعلیم کی چاشنی شروع ہی سے جاتی رہے گی کیوں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم جماعت سے نا اُمید ہوگئے ہیں اور ہماری نا اُمیدی یقینی طور پر بچوں کو متاثر کرتی ہے۔ اُستاد کو ہمیشہ پر اُمید رہنا چاہیئے کیونکہ طلبا رسے اساتذہ کو جو اُمیدیں ہوتی ہیں وہ بچے کی ترقی اور اُستاد کے اثر کے لئے ضروری ہیں۔ آپ حضرات نے سنور سولینی مختار اطالیہ اور غازی مصطفےٰ کمال پاشا ترکی کے رہبر و پیشوا کے متعلق سُنا ہوگا۔ یہ جلیل القدر لوگ ممکن ہے کہ جفا پیشہ و ستم کیش ہوں۔ ممکن ہے کہ ان کے طرز عمل کے خلاف بہت کچھ کہا جا سکے لیکن ان دونوں نے وہ کام کیا ہے جس کی وجہ سے ان کا نام ابد الآباد تک اکابر معلمین میں شمار ہوگا۔ انہوں نے خستہ حال قوموں کو جن کا شعار یاد ماضی ہوگیا تھا مستقبل کی طرف متوجہ کر دیا۔ انھوں نا اُمیدوں کو اُمید دلائی۔ وہ ایک نئے مذہب کی تلقین کر رہے ہیں کہ دنیا ابھی نوخیز ہے نہ کہ بیرزال جیسا کہ ان کے ظہور سے پہلے اٹلی اور ترکی کے تمام لوگ خیال کرتے تھے۔ وہ ایسے لوگوں کی ستائش کرتے ہیں جو ہمیشہ نشانۂ ملامت رہا کرتے تھے وہ قسم کھا کھا کر ان سے کہتے ہیں کہ جو کام قدیم رومیوں اور ترک بزرگواروں نے کیا ہے تم میں اس کے برابر بلکہ اس سے زیادہ کرنے کی صلاحیت ہے۔ اور یہی ہو بھی رہا ہے۔ یہ دونوں قومیں حیرت انگیز سرعت کے ساتھ ترقی کر رہی ہیں۔

ہندوستان بہت قدیم ہے۔ ہمارا حیدرآباد قدیم ہندوستان کی یادگار ہے ہندوستان اور حیدرآباد دونوں پر دنیا بھر کی دقیانوسی خامیوں اور کوتاہوں کا الزام لگایا جاتا ہے۔ اگر تم ہندوستان اور حیدرآباد کے لوگ بھی نوجوانوں کو مخاطب کرتے وقت نا اُمیدی کا لب و لہجہ اختیار کرو تو ہماری حالت فی الحقیقت ناگفتہ بہ ہو جائے گی۔ ہندوستان اور حیدرآباد دونوں کا ماضی شاندار ہے۔ آپ لوگ اپنی تعلیم میں بڑے فخر و مباہات سے ان باتوں کا ذکر کرتے ہیں ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بتاتے ہیں کہ ہم لوگ کس قدر روبہ انحطاط ہوگئے ہیں۔ ہر قوم کے نوجوانوں کا جو مطمح نظر ہونا چاہیئے یہ سب اس کے منافی ہے ہم تشریت

کے واسطے دنیا نئی بنتی ہے۔ اسلاف موجودہ زمانہ والوں سے زیادہ باعظمت نہ تھے انہوں نے صرف اپنے موقعے ڈھونڈھے اوران کو کام میں لائے۔ ہر غلط چیز کی اصلاح ہوسکتی ہے جو لوگ اپنا وقت بے کار گنوا رہے ہیں وہ بیدار ہوسکتے ہیں اور اچھے کام کرسکتے ہیں اور صرف نئی پود ہی حیدرآباد کو اپنے تاجدار، ہندوستان اور سلطنت برطانیہ کے لئے مایۂ افتخار بناسکتی ہے۔ بچوں کے ساتھ یہ طرز کلام انسب ہے۔

اسی طرح مدرسہ کے معمولی کام اور مدرسہ کی زندگی میں ہیں دو کلمۂ تحسین کہنا اور جہاں ممکن ہو چشم نمائی سے باز رہنا پسند کرتا ہوں۔ کیا آپ لوگوں نے وہ بات معلوم کی ہے جو میں نے ہندوستان میں آتے ہی معلوم کی کہ اس ملک کے لوگ نہایت حساس ہیں بلکہ دوسرے ملک کے لوگوں سے زیادہ۔ کوئی شہسوار ہمیشہ لگام دبا کر کسی حساس گھوڑے پر سوار نہیں ہوتا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ ایسا کرنے سے گھوڑا خراب ہوجائے گا اور یا تو منہ زور یا شریر ہوجائے گا۔ بچوں کو ہمیشہ ملامت کرنا یا ہمیشہ زجر و توبیخ کرنا گھوڑے کی لگام دبانے سے بھی زیادہ برا ہے۔ حساس لوگ اپنی صلاحیتوں کو صرف خوش گوار فضا میں ظاہر کرسکتے ہیں۔ سخت برتاؤ اور مخالفانہ نکتہ چینی سے الجھ کر وہ فسق و فجور، شراب و کباب اور دوسری بری لتوں سے اپنی اشک شوئی کرتے ہیں۔ اس لئے وہ بداطوار معلوم ہوتے ہیں ہم کو چاہیئے کہ آزمائشی طور پر اپنے مدرسہ کے نوجوانوں اور بچوں کو خوش و خرم رکھنے کی کوشش کریں اور ہر ایسے لفظ اور فعل سے اجتناب کریں جو ان کی زندگی کے آغاز سفر میں ان کو پست ہمت کردے قبل اس کے کہ وہ باد مخالف کا مقابلہ کرنے کے قابل ہوجائیں اگر ہندوستان کے ہر مدرسہ میں یہ تجربہ ایک پشت تک کیا جائے تو مجھے یقین ہے کہ دنیا کو یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہندوستان کے متعلق اس کی موجودہ تشخیص بالکل غلط ہے اور یہ کہ ہندوستان نہ اتنا بگڑا ہوا اور نہ اتنا گیا گذرا ہے جتنا کہ فرض کیا گیا ہے البتہ ہندوستان درد دکھ کا مارا ہوا ہے

مترجمہ عبدالشکور صاحب بی۔اے
مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل

مدرسۂ وسطانیہ عثمانیہ چنچل گوڑہ حیدرآباد دکن

(میں)

نئی تحریکات و تجربے

جب میں تحریکات کو "نئی" کی صفت سے موصوف کرتا ہوں تو میرا مفہوم یہ نہیں ہوتا کہ ان کی ایجاد کا سہرا میرے سر ہے بلکہ میری مراد یہ ہے کہ یہ تحریکیں یا تو اس مدرسہ میں پہلے پہل شروع کی گئی ہیں یا یہ کہ ان کو پہلے بھی رواج دینے کی کوشش کی گئی تھی مگر چند ہی روز میں یہ تحریکیں اپنا زور کھو بیٹھیں اور رفتہ رفتہ فراموش کردی گئیں۔ بعض صورتوں میں میرا اور میرے شرکارِ کار کا صرف اتنا حصہ ہے کہ ہم نے بیجان تحریکوں کو زندہ کیا اور ان کو سہارا دے کر بتدریج اپنے بل بوتے پر کھڑا ہونے کے قابل بنایا۔ البتہ بعض امور ایسے ہیں جن کی طرف اب تک کسی نے توجہ نہ کی تھی، جن کے متعلق خیال کیا جاتا تھا اور ہے کہ یہ باتیں ہوائی اور زینتِ اوراق ہیں یا اگر بفرضِ محال ممکن العمل بھی ہیں تو وہ مغرب کی آب و ہوا ہی میں بارآور ہوسکتی ہیں۔ اور ہندوستانی فضا ان کے لئے کسی طرح موزوں نہیں۔ مانا کہ بعض بزرگوں کا قول صحیح ہے کہ ہر قوم کے آداب و طرزِ معاشرت، تہذیب و تمدن، آئین و رسوم، ذہنیت و صلاحیت الگ الگ ہیں اور ایک قوم کے اصول کو دوسرے قوم کی زندگی پر چسپاں کرنا بے سود ہوتا ہے مگر پھر بھی کسی کو انکار نہیں ہوسکتا کہ ان اصول کو ملک کی آب و ہوا اور مقامی حالات کے لحاظ سے کچھ ردو بدل کے ساتھ اختیار کیا جائے تو ناکامی کا خطرہ باقی نہیں رہتا۔ اسی طرح بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یورپ و امریکہ کے طریقہ ہائے تعلیم، اصولِ ضبط اور دوسری تحریکیں اس سرزمین میں پنپ نہیں سکتیں۔ اکثر صورتوں میں یہ صحیح ثابت ہوتا ہے لیکن بات یہ نہیں ہے کہ مغربی تحاملہ ہندوستان میں کامیاب نہیں ہوسکتے بلکہ ناکامی کا سبب یہ ہے کہ ہم مغرب کے طریقوں پر آنکھ بند کر کے عمل کرنا چاہتے ہیں اور اس شرط کو نظرانداز کر دیتے ہیں کہ ان کی کامیابی کا دار و مدار بہت کچھ مقامی حالات پر ہے۔ اگر ہم مقامی خصوصیات کا لحاظ رکھیں اور فقط اصول کو لیکر

اس خاکہ کی رنگ آمیزی کرتے وقت یہ خیال رکھیں کہ یہ ہندوستان ہے یورپ وامریکہ نہیں تو یقیناً ہم کامیاب ہوں گے۔

مجھے ہمیشہ ان اصحاب سے اختلاف رہا ہے جو نہ تو ترقی کی خود کوئی تدبیر سوچتے ہیں اور نہ ان تدبیروں سے کام لیتے ہیں اور نہ لینے دیتے ہیں جو غیر ملک والوں نے دماغ سوزی اور جگر کاوی سے سوچی ہیں اور یہ کہہ کر سسٹم کام چلاتے ہیں کہ بھئی یہ ہندوستان ہے اور یورپ کے طریقے اور اصول یہاں محال ہیں۔ گو ہندوستان نہایت خستہ اور دوسرے ملکوں سے ہر میدان میں بہت پیچھے ہے مگر ہندوستانی ذہنیت اور ہندوستانی دماغ میں کوئی نقص نہیں ہے اور بظاہر جو نقص معلوم ہوتا ہے وہ فطری نہیں بلکہ اکتسابی اور متعدی ہے ہم ایک خاص عمر کو پہونچنے پر اس جذبہ کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں جو ہمیں ترقی کی راہ پر آگے بڑھنے نہیں دیتا ہمارا یہ ایمان ہو جاتا ہے کہ ہندوستانی کسی کام کو عمدگی سے نہیں کر سکتے ان میں قیادت ایجاد و اختراع، تدبیر و تدبر حتی کہ تقلید کا بھی مادہ نہیں ہے۔ اس جذبۂ کمتری کا نتیجہ ہمیشہ مہلک ہوتا ہے ہم لکیر کے فقیر بنے رہتے ہیں اور ترقی و کمال کی راہیں ہم پر بند ہو جاتی ہیں۔

پست ہمتی کا یہ عالم ہے کہ جب میں نے کسی نئی تحریک کا نام لیا تو لوگ کانوں پر ہاتھ دھرنے لگے جب میں نے کسی نئے تجربہ کا ذکر لیا تو لوگ تھرا گئے جب میں نے خیال ظاہر کیا کہ تمام طلباء کے لئے ایک رنگ کا لباس مناسب ہوگا تو میرے بعض دوستوں نے قہقہہ لگایا اور کہا کہ میں خیالستان میں رہتا ہوں۔ جب میں نے تذکرہ کیا کہ میں نے اپنے مدرسہ میں بعض جماعتوں کو منشور آزادی عطا کیا ہے تو میرے مہربانوں کے چہروں پر معنی خیز تبسم کی چمک دوڑ گئی اور آنکھوں ہی آنکھوں اشارہ ہو گیا کہ میں سرخ روس کا وظیفہ خوار ہوں مذاکرہ کے لئے ہندوستانی بچوں کو نااہل قرار دیا گیا اور بزم تمثیلی کے نام پر صلواتیں بھی گئیں غرضکہ مادر ہند کے سپوتوں کی نظر میں کوئی طریقہ، کوئی کام اور کوئی شئے نہ تو ہندوستان کے لئے موزوں ہے اور نہ ہندوستانی اس کے اہل ہیں۔ جب عام طور سے یہ رجحان خیال ہے تو مدارس میں شاذ ہی کسی تجربے یا تحریک کا آغاز کرنے کی جرأت کی جاتی ہے۔

اگر انہیں کسی شامت کے مارے نے کوئی تجربہ شروع کیا تو ناکامی ہاتھ باندھے سامنے کھڑی رہتی ہے اور اگر کسی تحریک کی سلسلہ جنبانی کی تو کچھ ہی عرصہ کے بعد زور ٹوٹ جاتا ہے۔ تحریکیں تہ میں بیٹھ جاتی ہیں اور ان کی جگہ کچھ لہریں جنبش کرتی ہیں اور پھر پانی کی سطح برابر ہو جاتی ہے۔

بہر حال ممکن ہے کہ میرا خیال ٹھیک ہو ممکن ہے کہ غلط ہو لیکن ایک بات تو سبھی تسلیم کریں گے۔ وہ یہ ہے کہ جب ہم کو معلوم ہے کہ مغرب والوں نے ایک خاص کام کو کامیابی کے ساتھ کیا ہے تو اس میں کوئی قباحت نہیں کہ ہم کوشش کرکے دیکھیں تو سہی آیا یہاں بھی کامیابی ہو سکتی ہے یا نہیں۔ ذاتی طور پر میں کوشش کرنے میں ہچکچانا گناہ سمجھتا ہوں۔ چنانچہ اپنے مدرسہ میں میں نے چند تجربے کیے اور تحریکوں کی داغ بیل ڈالی۔ اور باوجود ابتدائی ناکامیوں کے، باوجود مخالفتوں کے اور باوجود حوصلہ شکنیوں کے میں اپنے ارادہ میں جما رہا۔ مجھے ایک بات سے تسلی ہوتی تھی۔ مجھے یقین تھا کہ عادت پڑتے پڑتے پڑے گی اور جس طرح رفتہ رفتہ پتھر پر گڑھا پڑ جاتا ہے اسی طرح یہ تحریکیں جن کو ابھی لوگ ترچھی نظر سے دیکھتے ہیں آہستہ آہستہ ان کے دلوں میں جگہ کر لیں گی۔

ذیل میں میں اپنے انہیں تجربوں کو کچھ تو اس خیال سے پیش کرتا ہوں کہ حیدرآباد بھر کی ایک نمایت پوری ہوتی ہے لیکن ان تحریکوں اور ان کو کامیاب بنانے میں جو جو دقتیں مجھے پیش آئیں اور جو طریقے بھلے یا برے میں نے اختیار کیے ان کے ذکر سے میرا خاص مقصد یہ ہے کہ دوسرے بھائیوں کے نزدیک ان میں اگر کوئی کام کی بات ہو تو اس سے فائدہ اٹھائیں خود بھی تجربہ کرکے دیکھیں اور جہاں میں نے ٹھوکر کھائی ہے وہاں قدم سنبھال کر رکھیں اور کامیاب ہوں۔

یونیفارم جب سے صدر مدرسی کا کام میرے سپرد ہوا تب سے غیر حاضری کے بعد، جس چیز کو دیکھ دیکھ کر میرا دل کڑھتا رہا وہ بچوں کی کثافت ہے مجھے کیا بلکہ جن حضرات کو بھی مدرسہ کی تمام جماعتوں سے سابقہ پڑتا ہے انہیں اچھی طرح علم ہے کہ میلے گندے بدبودار کپڑے پہنے ہوئے بچوں کی کمی کسی مدرسہ میں نہیں ہے۔ بعض تو اس میں شک

نہیں کہ بہت غریب ہوں گے اور کپڑا تو بعد کا سوال ہے ان کو پیٹ بھر کھانا بھی میسر نہ آتا ہوگا لیکن بہت سے ایسے بھی ہیں جو خوش حال ماں باپ کی اولاد ہیں لیکن محض لاپرواہی یا بدسلیقگی کی وجہ سے صاف وستھرے رہنے کے عادی نہیں ہیں۔ جن بچوں کی شیروانیوں پر منوں گرد اٹی ہے بٹن کچھ کھلے کچھ غائب ہیں ٹوپی کے کنارے پر میل کی گوٹ لگی ہے۔ پائجامہ کا لنگلاٹ چھینٹ بن گیا ہے، جوتے کے ٹانکے کھسیں نکالے ہیں اور دوڑیاں یا تو ہیں نہیں یا ایک آدہ سوراخ میں اٹکی ہوئی ہیں دامن پر خاک گریبان چاک ہے۔ یقین مانئے کہ وہ لازمی طور سے غریب نہیں ہیں بلکہ کھاتے پیتے لوگوں کے نور نظر اور اچھے گھروں کے چراغ ہیں ان دو قسموں میں سے کوئی ہو۔ غریب یا امیر خواہ اس کے پاس بہت سے جوڑے ہوں خواہ ایک یا دو۔ خواہ کپڑے ریشمی اور ثابت ہوں یا سوتی اور پھٹے ہوئے۔ مگر میں جانتا ہوں کہ دونوں صاف رہ سکتے ہیں۔ اگر امیر کا لڑکا نوکر کی مدد سے اپنی صفائی کا اہتمام کر سکتا ہے تو غریب بچوں کو خدا نے دو ہاتھ دئے ہیں بالکل چھوٹے بچوں کے والدین ذرا سی توجہ سے ان کو کثافت گندگی اور میلے پن کی عادت سے بچا سکتے ہیں۔ ہفتہ میں ایک یا دو مرتبہ حمام کرا دینا کچھ مشکل کام نہیں اگر بچوں یا ان کے والدین کو کپڑے خود اپنے ہاتھ سے دھونے پڑیں تو کوئی مضائقہ نہیں البتہ یہ بڑی شرم کی بات ہے کہ بچے غلیظ کپڑے پہنے ہوئے باہر نکلیں یا مدرسہ آئیں۔

میں نے پہلے تو صفائی کا ہفتہ واری معائنہ شروع کیا لیکن چونکہ لڑکوں کے مدرسہ کے کپڑے اور ادھر اُدھر پہنکر جانے کے کپڑے ایک ہی تھے اس لئے نتیجہ خاطر خواہ نہیں نکلا۔ مجھے خیال ہوا کہ اگر مدرسہ کے کپڑے بالکل علحدہ کر دئے جائیں تو غالباً بچے مدرسہ کو صاف وستھرے آیا کریں۔ اس طرح سب سے پہلے میرے دل میں یونیفارم یعنی یکرنگی لباس کا خیال پیدا ہوا۔ لیکن سوال یہ تھا آیا لوگ اس تحریک کو مانیں گے اور کیا وہ یہ نہ کہیں گے کہ بغیر یکرنگی لباس بچوں کا صاف وستھرا آنا ممکن ہے؟ واقعہ تو یہ ہے کہ یہ سوال مجھ سے کسی نے کیا نہیں۔ میں نے خود ہی یہ سوال اپنے دل سے کیا اور خود ہی جواب دیا کہ ہاں یہ ممکن ہے لیکن برسوں کے تجربہ سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اگر گھر اور مدرسہ کا لباس

ایک ہی رہے تو بچے اسے بڑی بے دردی سے استعمال کرتے ہیں لیکن جو لباس مدرسہ کے لئے مخصوص ہو اس کو صاف و ستھرا رکھنے میں کافی احتیاط کی جائے گی۔

لیکن یونیفارم کا صرف یہی ایک فائدہ نہیں ہے۔ اگر ایک طرف اس سے صفائی قائم ہوتی ہے تو دوسری طرف ایک رنگ کے لباس میں بچوں کے گروہ اور قطاریں بے حد بھلی معلوم ہوتی ہیں۔ مزید برآں بچوں میں ہندو مسلمان کا امتیاز باقی نہیں رہتا۔ ایک لباس میں سب کے سب بھائی بھائی معلوم ہوتے ہیں اور مدرسہ بھر کے بچوں میں برادرانہ جذبہ نشو و نما پاتا ہے۔ ان کو اور کچھ خیال نہیں رہتا سوائے اس کے کہ وہ سب ایک ہی مدرسہ کے طالب علم ہیں گویا کہ ایک ماں کے بچے ہیں۔ اس طرح ہم رنگی لباس سے ملی ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے اور ہندو مسلم اتحاد میں اس سے بہت بڑی مدد مل سکتی ہے۔ مجھے تو ایک فائدہ یہ بھی معلوم ہوا کہ مدرسہ برخاست ہونے پر نیلی شیروانیوں سے بچے شناخت کر لئے جاتے ہیں اور ایک حد تک ان پر نگرانی رہتی ہے۔

باوجود ان تمام خوبیوں کے یونیفارم کا مسئلہ بالکل نیا تھا میں نے کہا نیا یعنی ہمارے لئے۔ درحقیقت یہ کوئی جدت نہیں ہے۔ غیر سررشتوں مثلاً فوج پولیس، عدالت وغیرہ میں یونیفارم مروج ہے۔ خود سررشتہ تعلیمات میں اسکوٹ طلبا رضاکی یونیفارم زیب تن کرتے ہیں۔ قدیم زمانہ میں اسلامی جامعات میں ایک قسم کا چوغہ استعمال ہوتا تھا جس کو اب مغربی یونیورسٹیوں نے اپنے ہاں گوں کی شکل میں رائج کیا ہے۔ یورپ کے مدارس اور ہندوستان کے یوروپین مدارس میں تمام بچوں کے لئے یونیفارم ہے حتیٰ کہ جو مدارس انگریزی لڑکیوں کے لئے ہیں مثلاً ریلوے آفیسرز گرلز اسکول کلکتہ، ان میں بھی یونیفارم مقرر ہے۔ ہندوستانی مدارس میں جہاں تک مجھے معلوم ہے صرف علی گڈھ کالج ایسا ہے جہاں سیاہ یا نیلے رنگ کے ترکش کوٹ (اب شیروانی بھی یونیفارم میں داخل ہے) بطور یونیفارم پہنے جاتے ہیں۔ لکھنؤ میں جوبلی ہائی اسکول میں (جو اب گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج ہو گیا ہے) مسٹر ہیری مینڈ مبدی بی اے آنجہانی کے زمانہ صدارت میں سیاہ ٹوپی، سفید کالر سیاہ شیروانی یا کوٹ، سفید پائجامہ، سیاہ موزہ، سفید کینوس کے جوتے یونیفارم میں داخل تھے۔

میں اب لکھنؤ کے متعلق نہیں کہہ سکتا لیکن علی گڈھ میں یونیفارم زندہ قانون ہے چند روز ہوئے فلسطین کے عربوں نے اپنے بچوں کے لئے نکر اور قمیص تجویز کیا ہے۔ ہمارے پڑوس ہی میں مہاراجہ کالج میسور کے لڑکوں نے بھی اپنی خوشی سے یونیفارم اختیار کی ہے لیکن یہ لڑکے رہیں جھونپڑی میں اور خواب دیکھیں محلوں کا کے مصداق ہیں۔ ان کی بلند خیالی نے انہیں اجازت نہ دی کہ وہ بلیزر کے سوائے کسی اور کپڑے کو زیب بدن کریں اور چونکہ یہ کپڑا قیمتی اور ہر طالبعلم کی دسترس سے باہر ہے اس لئے معاملہ ادھورا رہ گیا۔

ہمارے یہاں دراصل یک لخت تبدیلی کا سوال پیدا نہیں ہوتا کیا ہندو کیا مسلمان حیدرآباد میں رومی ٹوپی اکثر لڑکوں کے سروں پر نظر آتی ہے۔ میرے مدرسے میں صرف دس پندرہ لڑکے تھے جن کے پاس رومی ٹوپی نہ تھی۔ پائجامے تو سبھی پہنتے ہیں اور دھوتی اور پائجامے والے یکساں طور پر شیروانی استعمال کرتے ہیں۔ اس لئے ہمارے پیش نظر شیروانی اور کوٹ کا جھگڑا نہ تھا یہ تو بالکل طے تھا کہ اسکول کے تمام لڑکے شیروانی ہی پہنیں گے مگر رنگ کون سا ہو؟

رنگ کے انتخاب نے عرصہ تک حیران رکھا۔ ضرورت ایسے رنگ کی تھی جس میں سرد و گرم کپڑے مختلف قیمتوں کے مل سکیں تاکہ وہی کپڑا جاڑا گرمی دونوں موسموں میں امیر و غریب سب کے لئے یکساں طور پر کام آسکے یہ خصوصیتیں صرف دو رنگوں میں تھیں، سیاہ و نیلا سب سے پہلے نظریں سیاہ رنگ پر پڑیں کیونکہ علی گڈھ و لکھنؤ دونوں جگہ سیاہ رنگ کا یونیفارم ہے۔ لیکن اس میں خرابی یہ ہے کہ یہ جاذب شعاع شمسی ہے جس کا استعمال موسم گرما میں ناقابل برداشت تکلیفوں کا سبب ہوتا۔ سفید اور دوسرے ہلکے رنگ اس وجہ سے رد کر دئے گئے کہ وہ جلد میلے ہو جاتے ہیں اور سردی میں کام نہیں آسکتے۔ چاکلیٹ اور دوسرے گہرے رنگوں میں بڑی خامی یہ ہے کہ وہ ہلکی قیمتوں میں نہیں آتے اور ان رنگوں میں سوتی کپڑے بالکل چھچھورے معلوم ہوتے ہیں۔ خاکی رنگ شیروانی کے لئے ناموزوں ہے۔ البتہ نیلا رنگ سیاہ رنگ کے عیبوں اور دوسرے رنگوں کی کوتاہیوں سے بچا ہوا ہے اور اس میں تمام دیگر سہولتیں موجود ہیں۔ نیلے سوتی کپڑے ۸ آنہ سے (عہ) فی گز تک اور

ادنی عہاں سے دس روپیہ فی گز تک بلکہ اس سے بھی زیادہ قیمت کے بآسانی ملتے ہیں
اس لئے بالآخر نیلے رنگ ہی کی رائے قرار پائی۔ بعض حضرات کی رائے تھی کہ گرمی کے لئے
کوئی دوسرا ہلکا رنگ مقرر ہو۔ گو یہ اچھا ہوتا اور اس صورت میں ہم کوئی سا بھی رنگ منتخب
کر سکتے تھے لیکن مجھے خوف ہے کہ دوہری یونیفارم کے لئے زمین تیار نہ تھی اور نہ ہے
اور یقیناً دشواریاں بڑھ جاتیں۔

ترویج یونیفارم میں مجھے کوئی حقیقی دقت پیش نہیں آئی۔ ہر تحریک میں رکاوٹیں پیدا
کرنے والے عنصر عموماً چار ہوتے ہیں۔ (۱) مدرسین (۲) سررشتہ (۳) طلبا (۴) اولیاء طلبا۔
میرے اسٹاف والے بالعموم ہر کام میں میرا ہاتھ بٹاتے ہیں اور یونیفارم کے معاملہ میں
جس یکجہتی دلچسپی اور جوش سے انہوں نے حصہ لیا ہے وہ واقعی قابل تحسین ہے انہوں نے
دامے، درمے، سخنے۔ قدمے غرضکہ ہر ممکنہ طریقہ سے یونیفارم کی تحریک کو فروغ دینے میں
میری مدد کی اور کبھی نہ تو مخالفت معروف اور نہ مفاومت بزدل کی صورت پیدا ہوئی۔
سررشتہ کی مخالفت عام طور سے تجاہل عارفانہ کی شکل اختیار کرتی ہے یعنی مدرسین کو جس
حوصلہ افزائی اور سرپرستی کی ضرورت ہے وہ نصیب نہیں ہوتی مجھے تو اس کا رونا ہی نہیں۔
کیونکہ جب میں سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ سے ترویج یونیفارم کا ذکر کیا تو انہوں نے
مسرت و تعلق ہم کا اظہار کچھ ایسے پرجوش و ہمدردانہ الفاظ میں فرمایا جس نے میرے دل و دماغ میں ایک نئی قوت دی
اس برقی قوت سے لدا پھندا میں مدرسہ پہونچا اور سارے مدرسہ کو برقناک کر دیا محض یہ
علم کہ یونیفارم صدر مدرس کی سنک نہیں ہے بلکہ افسر بھی اس کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے
ہیں جوش کو دوبالا کرنے کے لئے کافی تھا۔

دراصل خود رکاوٹ نہیں پیدا کرتے اور نہ کر سکتے ہیں خصوصاً لباس کے بارہ
میں ان کے دلپر صرف وسواس الخناس کا اثر ہوتا ہے اور وہ بے فکر ہو جاتے ہیں خناس
سے مقررین خواہ کچھ مراد لیں۔ لیکن میرے نزدیک خناس وہ لوگ ہیں جو ہر نئی تحریک کے
خلاف بےچینی و شورش پیدا کرانا بیکاری کا شغلہ سمجھتے ہیں جب میرے شاگرد شروع شروع
بس نیلی شیروانیاں پہنکر نکلے تو انہی حضرات نے ان معصوموں پر آوازے کسے اور یتیم خانے

بچے اور جیل گوڑہ کے قیدی کی پھبتیاں اڑائیں خیر یتیم خانے تو دور تھے لیکن مخالفین کی بدقسمتی سے ہر ماہ مدرسے کے سامنے سے فوج جاتی ہے اور جیل کے قیدی بھی گذرتے ہیں۔ بچے دونوں کو دیکھتے ہیں اور بخوبی جانتے ہیں کہ اول الذکر یتیموں کا لشکر نہیں ہے اور نہ موخر الذکر نیلی شیروانی پہنتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جو اب لاجورد پوشوں کو کن آنکھوں سے دیکھتے اور دست حسرت ملتے ہیں۔ اب رہے والدین جن سے مخالفت کا خطرہ ہوتا ہے۔ حالانکہ یونیفارم میں کوئی عفریت نہ تھی لیکن چونکہ ایک خاص چیز کے لئے اصرار تھا اس لئے خوف تھا کہ شرفا ر کی خود دار طبیعتیں مدرسہ کے حکم کو یکبارگی ماننے کے لئے شاید تیار نہ ہوں۔ اس لئے میں نے وقتاً فوقتاً طلبا ر کے والدین اور سرپرستوں کو کسی نہ کسی بہانے سے بلایا اور اثنائے گفتگو میں استمزاج کر لیا۔ مجھے تو یاد نہیں کہ کسی نے کبھی اختلاف یا اعتراض کیا ہو اور چند روز کے بعد جب بچوں کے ہاتھ میں ایک ایک نوٹس دیدیا گیا تو برقی سرعت کے ساتھ تیاریاں ہونے لگیں۔ پارچہ فروشوں پر حملے ہو گئے اور درزیوں کی دکانوں پر دھاوا بولدیا گیا۔ تاریخ مقررہ پر چند غریبوں کے سوا سب کی یونیفارم تیار تھی۔ البقیہ نے دوسری تنخواہ پر بنوالی جو بالکل غیر مستطیع تھے ان کے لئے پور فنڈ سے انتظام کر دیا گیا۔ اکثر بچے جنہوں نے پہلے کبھی شیروانی نہ پہنی تھی نیلپوش ہو کر اترانے لگے۔ اس سلسلہ میں اولیا ر طلبا کی گرمجوشی قابل قدر ہے انہوں نے جس فراخ حوصلگی سے میری خواہش کی تکمیل کی اس کی مثال مشکل سے ملیگی۔ میں خاصکر ان مجتہدین مہدویہ کا رہین منت ہوں جنہوں نے اپنے بچوں کو رسم ورواج کے خلاف محض احکام مدرسہ کی پابجائی کے لئے رومی ٹوپی اور بوٹ پہنایا اور دوسروں کیلئے نظیر قائم کی حالانکہ شملہ جادۂ ارشاد کا لازمہ ہے۔

گرمی کی آمد نے ایک نئی دشواری پیدا کر دی۔ جن حضرات نے اپنے بچوں کے لئے سرج وغیرہ کی شیروانیاں بنائی تھیں ان کو ڈرل پسند نہ تھی۔ اسپنسر کمپنی سے خط و کتابت کرنے پر ایک دوسری ڈرل کا نمونہ آگیا جو نیلے رنگ کی اور نرم تھی۔ اس کے علاوہ نیلے پاٹمین اور نیلے آلپکا کی دستیابی نے دقتوں کا خاتمہ کر دیا اور رنگ و کپڑے کا قضیہ ہمیشہ کیلئے طے ہو گیا۔

ہر روز جب آخری گھنٹہ کی آواز تیسری منزل سے ہوا میں گونجتی ہے تو نیلپوش لڑکے ہر گلی و کوچہ میں پھیل جاتے ہیں اور نہایت دل فریب منظر پیش کرتے ہیں۔ ان ہم رنگ طلباء میں باہمی خلوص و اخوت کا جذبہ بھر گیا ہے۔ ان کو اپنے مدرسہ سے قلبی لگاؤ اور اپنے کھوبی لباس پر بیحد ناز ہے۔

آج کل لوگ نہایت بے چینی کے ساتھ ایک دوسرے سے پوچھ رہے ہیں کہ دوسرے مدارس کیا کریں گے ؟ کیا وہ بھی یونیفارم اختیار کریں گے ؟ کیا سب مدارس کی یونیفارم کا رنگ یکساں ہوگا یا الگ الگ ؟ میرے خیال میں دوسرے مدارس کے لئے یونیفارم ناگزیر ہے یونیفارم کی دیدہ زیبی ایک متعدی مرض ہے جس سے لڑکے متاثر ہو چکے ہیں۔ یونیفارم کے خیال کو جس اسکول کا جی چاہے ٹھکرائے لیکن میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اس بڑھتے ہوئے طوفان کے آگے ایک دن سب کو سر جھکانا پڑے گا لیکن کیا وہ بھی نیلپوش ہوں گے ؟ یہ ضروری نہیں ہے۔ گو اس میں شک نہیں کہ اگر تمام مدارس ایک ہی رنگ کا لباس پہنیں تو نیلے کپڑوں کی دستیابی میں سہولت اور قیمتوں میں کفایت ہوگی۔ اور ممکن ہے کہ سستے داموں بہتر کپڑے ملنے لگیں۔ بر خلاف اس کے علحدہ علحدہ رنگ اختیار کرنے میں مختلف مدارس کے بچوں میں امتیاز رہیگا۔ اس امتیاز سے بچوں میں پاکیزہ رقابت و رشک پیدا ہوگا جو ترقی کے لئے بیحد ضروری ہے۔ علاوہ ازیں بچوں کو مدرسہ بدلنے میں اتنی آزادی و سہولت نہ رہے گی اور اس طرح ممکن ہے کہ کم زوری طلباء کا ایک سبب زائل ہو جائے رنگ تو خیر صدر مدرسین کے صوابدید پر منحصر ہوگا لیکن ایک عام غلط فہمی کا ازالہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اکثر حضرات کو یونیفارم پر یہ اعتراض ہے کہ اولیاء طلبہ مخالفت کریں گے یہ خیال ذہنیت عامہ کی غلط تعبیر ہے کون سا باپ جس کے دل میں شفقت پدری ہے اور کون سی ماں جس کے کوکھ میں مامتا ہے اپنے نور نظر اپنے لال سے زیادہ کوئی شئے عزیز رکھتی ہے ؟۔ والدین اپنے جگر گوشوں پر مصارف سے دریغ نہیں کرتے لیکن وہ رسم رواج میں کچھ ایسے لتھ پتھ ہیں کہ چند گھنٹوں کی دھوم دھام کے لئے اشرفیاں لٹا دیتے ہیں لیکن ضروری کاموں کے لئے کوئلہ پر مہر لگاتے ہیں۔ انہیں ضروری اور غیر ضروری میں

امتیاز نہیں اس لئے ہمارا فرض ہے کہ ان کو ان کے فرائض سے آگاہ کریں انہیں بتائیں کہ بچوں کے لئے کیا کرنا چاہیئے جس طرح مرض میں وہ ڈاکٹروں سے رجوع ہوتے ہیں اور قانونی مسائل میں وکیل کی رہنمائی چاہتے ہیں اسی طرح تعلیمی معاملات میں وہ ہمارے محتاج ہوتے ہیں۔ وہ خود تعلیمی امور اور ضرورتوں کے متعلق کچھ نہ سوچتے ہیں نہ سمجھتے ہیں۔ وہ ہم پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اگر ہم انہیں تعلیمی معاملات میں مناسب طور وطریق سے مشورہ دیں تو وہ ہمارا دم بھرنے لگیں گے اور ہر کام میں ہمارا ہاتھ بٹائیں گے۔ (باقی)

سیّد فخر الحسن

تعلیم ——— ایک خواب

ذیل میں ڈاکٹر جی ایس ارنڈیل صاحب ایم اے ایل ایل بی کا خطبہ صدارت ہے جو انھوں نے آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز کے چوتھے اجلاس میں بمقام بمبئی پڑھا تھا ڈاکٹر صاحب فرنگی نژاد ہیں لیکن اب ہندوستانی ہوگئے ہیں۔ آپ کا تعلق اس عالمگیر ادارہ سے ہے جو تھیوسوفیکل سوسائٹی کے نام سے مشہور ہے اور جس کی غرض وغایت بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ دنیا کے عام مذاہب وملل کی اصولی خوبیوں کو لے کر ایک ایسے اخوت کی بنیاد ڈالی جائے جس سے فرقہ داری منافرت وملی جتھہ بندی کا خاتمہ ہو جائے۔ مگر اس خطبہ کو پڑھ جانے کے بعد یہ خوف ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب اپنے عقائد کو بھول گئے۔ بجائے ہندوستانیوں کو یہ مشورہ دینے کے کہ وہ دنیا سے الگ تھلگ رہیں اور اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد جدا تعمیر کریں یہ کہیں زیادہ سودمند ہوتا اگر وہ اپنی مغربی نشو ونما اور اپنی مشرقی بود وباش کی بنا پر یہ بتاتے کہ مشرق کو مغرب سے کون کون سی باتیں لینا چاہیئے اور کون سی نہیں۔

بہر حال ڈاکٹر صاحب کا خطبہ فلسفیانہ بلاغت کا اعلیٰ نمونہ ہے اور اس میں

شاعرانہ بلند پروازی کوٹ کوٹ کر بھری ہے۔ اگر ہمیں کسی خیال سے اتفاق نہ ہو یا کوئی بات ناقابل عمل معلوم ہو تو ہمیں ڈاکٹر صاحب کے آخری فقروں کو نہ بھولنا چاہیئے کہ "آج ہم اور آپ ایک نہایت دلفریب خواب دیکھ رہے ہیں لیکن ممکن ہے کہ آنے والی نسل ہمارے خوابوں کو بلکہ ان سے بھی زیادہ شاندار خوابوں کو عملی جامہ پہنا پڑے"!

مُدیر

ہماری تعلیمی جولانگاہ میں دوسروں کے تجربے نہایت دلچسپ اور گراں قدر ثابت ہو سکتے ہیں لیکن پیشۂ تعلیم کے حق میں ایک معلم کا نہایت گراں بہا عطیہ خود اس کی ذات، اس کا ذاتی انہماک اور اس کا شخصی اثر ہے۔ نہ کہ اوروں کی سنی سنائی بیجان تقلید۔ خواہ اس قسم کی تقلید کسی غیر معمولی ہستی کا تجربہ ہی کیوں نہ ہو۔ ہم دوسروں کے تعلیمی تجربوں سے جو ترقی تعلیم کی راہ میں زبردست اہمیت رکھتے ہوں بیحد فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن ہم صحیح معنے میں تب ہی مستفید ہو سکتے ہیں جبکہ ہم خود انہیں کے نقش قدم پر اسی استقلال اور استحکام کے ساتھ گامزن ہو سکیں۔

اپنے طلبار کے لئے اگر کوئی اُستاد بہترین نمونہ پیش کر سکتا ہے تو خود اپنی زندگی کا اس لئے کہ جو خاطر نشینی آپ بیتی کتھا میں ہے وہ جگ بیتی میں نہیں۔ اگر استاد ہی نے میاں مٹھو کی لی تو لڑکے کیا خاک نکلیں گے۔ مطلب یہ ہے کہ استاد کو نقال نہ ہونا چاہیئے اس لئے کہ طلبار کی نظریں استاد کی جذابیت۔ اس کی تپش دروں اور اس کے خلوص کی متلاشی رہتی ہیں۔ اور یہ نہ ہوا تو پھر کچھ نہیں۔ استاد کو خوددار، مستقل مزاج، شوقین، جذبات سے پُر اور ان کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ہر طرح تیار رہنا چاہیئے۔ یہی وجہ ہے کہ استادی کی خدمت نہایت ہی اہم ہوتی ہے اُستادیں اپنے شاگردوں کے جذبات کی قدر ہونی چاہیئے۔ اس میں ایسا جوش ہونا چاہیئے کہ وہ طلبار میں ایک ہیجان ڈالدے اور وہ ہر کام کو پورا کر سکیں اس میں کسی طرح کی کمی نہ ہونی چاہیئے۔ اس میں مُردنی نہ ہو۔ دنیا سے بیزاری نہ ہو، بیخودی نہ ہو اور نہ وہ ناامیدی اور غم کا مجسم نمونہ ہو۔ بلکہ اسے سر سے پیر تک ایک

مسرت کی جیتی جاگتی تصویر ہونا چاہیئے۔ اسے ایک شعلہ کے مانند ہونا چاہیئے جو اس کے ہر طالب علم کے چراغ کو روشن کر دے۔ اسے ایک ایسا پُر نور جادوگر ہونا چاہیئے۔ جو اپنے جادو سے اپنا نور تمام طلبار میں پھیلا دے۔ ایک استاد جو خود پُر نور ہوتا ہے وہ یقیناً اپنے نور سے اپنے طلبار کو بھی منور کر دے گا۔ اور جو مضامین وہ پڑھاتا ہے وہ گویا نالیاں ہیں جن کے ذریعہ وہ اپنی تڑپ اور پیاس طلبار میں منتقل کرتا ہے جو طلبار میں داخل ہو کر ان کی خوابیدہ تڑپ اور پیاس کو جگاتی ہے۔

تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ تعلیم کا مقصد کیا ہے؟ میرے خطبہ کے لئے جو تعریف مجھے موزوں معلوم ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ تعلیم کا مقصد متعلم میں اس صلاحیت کا پیدا کرنا ہے جس سے وہ ہر بیرونی چیز سے اپنے لئے مفید باتیں معلوم کرلے اور اپنی روشنی کو ان روشنیوں سے اکٹھا کر کے مزید روشنی عطا کرے۔ تاکہ یہ روشنی اس کے اطراف پھیل کر ہر چیز کو روشن کر دے مختصر یہ کہ آپ پر نور ہوا اور دنیا کو بھی پر نور کر دے تعلیم کے معنے ابتدار سے لے کر انتہا تک تاریکی کو دور کرنا ہے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ اندرونی روشنی اور بیرونی روشنی میں بہت فرق ہے۔ دنیا میں سوائے روشنی کے اور کچھ نہیں۔ زندگی کا جزو روشنی ہے۔ تو کیا پھر استاد کا فرض ان رابطوں سے اتحاد کر کے شاندار مقاصد کو قریب تر کر دینا نہیں ہے! ہمارے نصاب کے مضامین، ہمارے پر تکلف ساز و سامان ہمارے طریقے، طرزیں اور قاعدے ہمارے تمام مصطلحات خواہ وہ کچھ ہی ہوں، ہمارے امتحانات، ہماری قدامت پسندی سب کا اصول اور انتہائی مقصد یہی ہے گو مجھے اندیشہ ہے کہ رنگوں کے پھیر میں ہم اکثر شاندار تصویر کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔

ان اعلیٰ مقاصد کے مدنظر میں سب سے پہلے استاد سے صداقت شعاری کی توقع رکھتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ خود فریبی کا شکار نہ ہو۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ کسی طرح دوسرے کا دست نگر نہ رہے۔ اور ہر طرح محسوس کرلے کہ اس کا مقصد اولین اصلاح روح ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ ہمیشہ اپنے بل بوتے پر مردانہ وار کھڑا رہنا سیکھے۔ اور

دوسروں کا سہارا نہ ڈھونڈے۔ بہرحال میرا مقصد یہ ہے کہ اپنی راستبازی کے احساس
کے ساتھ ساتھ وہ اس امر کو محسوس کرے کہ معلم کا ایک گران بہا عطیہ (اگر فی الحقیقت اس
قسم کا اطلاق صحیح ہے) یہ ہے کہ وہ بہ طیب خاطر اپنے طلباء کو بھی اس قسم کا موقع دے کہ
وہ بھی راستبازی کے حصول میں کامیابی حاصل کرسکیں۔ اور صداقت شعاری کا ولولہ
ان کے ننھے دلوں میں پیدا ہو۔ یکتا استاد وہی ہے جو کہے "میں اپنے رنگ میں یکتا ہوں
تم اپنے رنگ میں یکتے بنو۔ میری تقلید تمہیں لازم نہیں۔ وہ یہ کبھی نہیں کہے گا کہ میں ایک
فرد ہوں یا یہ کہ کسی زبردست اصل کی نقل ہوں اور تم میری طرح اصل کی نقل یا نقل النقل بنو"
استاد کو بہت اچھی طرح جاننا چاہیئے کہ تعلیم کا مقصد صرف صداقت ہے۔ اور صداقت کے
سوائے کچھ نہیں۔ تاریخ جو ہمارے سامنے ہے وہ مکمل نہیں ہے۔ جہاں تک کہ واقعات
اس میں درج ہیں وہ صحیح ہیں۔ لیکن یہ تمام واقعات بالکلیہ صحیح نہیں۔ یہی حال جغرافیہ، ریاضی
سائنس، علم ادب، فلسفہ اور ان تمام علوم کا ہے جو ترقی کے ماخذ ہیں۔ وہ بحیثیت کلی ہمارے
سامنے نہیں ہیں۔ بلکہ ان میں سے اکثر مشتے از خروارے ہیں بہت سے ایسے ہیں جن میں صحت
بہت ہی کم پائی جاتی ہے۔ اگر کچھ ہے تو وہ ایک جھلک سے زیادہ نہیں۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ
جس حد تک ہم جانتے ہیں وہ بہت ہی اعلیٰ درجہ کے ہوں لیکن پھر بھی ہم دعویٰ نہیں کرسکتے
کہ وہ بالکل صحیح اور مکمل ہیں۔ لہذا ہمیں ان اصولوں کو چھوڑ دینا چاہیئے جو صداقت کی تلاش
کے مانع ہوں۔ مجھے ڈر ہے کہ ہمارے تعلیمی اصول اس "خار زار" بستر کے سے ہیں جس کا برتاؤ
دوست و دشمن دونوں کے ساتھ ایک ہوتا ہے۔ ہمیں اپنے اصول پر حد سے زیادہ
اعتبار ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہم علم کی روشنی سے مالامال نہیں ہوتے۔ ہمارا یہ قول
ہوگیا ہے "کہ اگر اس بات کو مانتے ہو تو اچھا ہے ورنہ ہمارے پاس سے دور ہو جاؤ کیونکہ
جو کچھ ہم تم کو دے سکتے ہیں وہ یہی ہے۔ اگر تم نے اس کو قبول کرلیا تو یہ تم کو پرنور کردے گا
اور اگر تم نے اسے حاصل نہ کیا تو پھر تم ہمیشہ ضلالت میں گھرے ہوگے۔ اگر تم نے ہمیں یہ بتلادیا
کہ اس روشنی کو تم نے اپنا خضر راہ بنالیا ہے (جو امتحان کے ذریعہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ
آیا تم نے واقعی ایسا کیا ہے یا نہیں) تو ہم تم کو اپنے اصول کے ماننے کے صلے میں سندیں

اور ڈگریاں دینگے۔ اس امتحان میں اگر تم نے ہماری بتائی باتوں کو دُہرا دیا تو تم کامیاب ہو گئے اور اگر نہیں تو ناکام۔ اور پھر تمہارا خدا ہی حافظ ہے اس وجہ سے کہ ہم تمہارے لئے کچھ نہیں کر سکتے۔"

ان ناکاموں میں سے چند ایسے ہیں جو پھر اسی اصول کے تحت رہتے ہیں اور چند ایسے باقی بچتے ہیں کہ وہ اس ناکامی پر خدا کا شکر ادا کرتے ہیں کہ وہ اس منحوس اصول کے شکنجہ سے نکل گئے لیکن خدا کے لئے آپ یہ نہ سمجھیں کہ میں تمام اصولوں کو مٹانا چاہتا ہوں۔ مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ تعلیمی زندگی میں اصولوں کا کیا کام ہے۔ لیکن ہمیں چاہیئے کہ ہم ہر وقت ہوشیاری سے عزت، آزادی، جدت کو اصول کی غلامی سے بچائے رکھیں۔ ممکن ہے کہ ہم کو مجبور کر کے ضرورت سے زیادہ کام کرایا جائے لیکن ہم کو چاہیئے کہ ہم اس وقت بیحد احسان مند ہوں جبکہ ہمیں کوئی ایسا موقع ملے کہ ہم اس زیادتی سے کسی طرح بچ سکیں۔ خواہ وہ انقلاب ہی کی حالت کیوں نہ ہو۔ ہمیں اس چیز پر بہت ہی غور کرنا چاہیئے جو ہم کو پرانی لکیر سے جدا کر رہی ہو خواہ اس سے ہمیں کتنا ہی نقصان پہنچے۔ لیکن یہ خطرناک چیز اس آہستہ رفتار سے تو بہتر ہے کیونکہ اس میں ترقی کی اُمید ہے معلم جن بھیدوں سے واقف ہوتا ہے اس کا فرض ہے کہ ان سے اپنے طلباء کو آگاہ کرائے لیکن قبل اس کے کہ وہ تبلائے ان پر خوب غور کر لے۔ اسے چاہیئے کہ وہ اپنی ہی معلومات پر اکتفا نہ کرے بلکہ طلباء میں تلاش اور بحث کی خو پیدا کرے اور خاص کر ان مضامین میں جو نہایت سخت گیر ہیں۔ جیسے تاریخ، فلسفہ، مذہب اور اخلاقیات میں اساتذہ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ طلباء کے یہ ذہن نشین کر دیں کہ تمام قوانین صرف مفروضات ہی ہیں خواہ انہیں مانو یا رد کر دو لیکن یہ اسی وقت کیا جا سکتا ہے جب کہ خوب چھان بین کر لیجائے حقیقی معنوں میں جو اساتذہ ہوتے ہیں وہ کبھی یہ نہ کہیں گے کہ "فلاں چیز صحیح ہے، فلاں غلط فلاں ناقابل رد ہے اور فلاں پر اگر تم ایمان نہ لاؤ گے تو کافر ہو جاؤ گے۔"

ہمیں معلوم ہے کہ بہت سی چیزیں بے کار ہیں لیکن ہم کو مجبوراً پڑھنا پڑتا ہے۔ طالب علم ایک ایسی جگہ سے دنیا میں آتا ہے کہ اس جگہ کو جانتا ہی نہیں۔ لہذا ہمارا

فرض ہے کہ ہم اس کو اس دنیا کے حالات سے آگاہ کریں۔ اور ان تمام باتوں کو بتلائیں جو اس کے آنے سے پہلے گزر چکی ہیں۔ ہمیں اچھی طرح اس کے ذہن نشین کر دینا چاہیئے کہ ہماری معلومات بہت ہی کم ہیں اور تم جتنا بھی معلوم کرتے جاؤ اتنا ہی معلوم ہوتا ہے کہ کچھ معلوم نہ ہوا۔ اور جو کچھ معلوم بھی ہو اس کی اصلاح کی بڑی ضرورت ہے۔ تعلیم جو دیجاتی ہے اس کا مقصد یہ نہیں کہ طلبا ایک مقررہ نصاب تک پہنچ کر خاموش ہو جائیں۔ بلکہ انہیں چاہیئے کہ وہ برابر علم حاصل کرتے رہیں۔ ہمیں اس بات کو کبھی فراموش نہ کرنا چاہیئے کہ بہترین شئے وہی ہے جو طلبار کو خود صداقت کے دریافت کرنے کا راستہ بتلا دے۔ اگر وہ راستہ موجودہ زمانہ کے خلاف ہو تو پرواہ نہیں انہیں کبھی روکا نہ جائے۔ استاد کا فرض یہ ہے کہ عرفان ذات میں طلبار کی مدد کریں اور ان کی ہمت بڑھائیں۔ اور طلبار کا فرض ہے کہ وہ اپنی ہستی سے واقف ہو جائیں۔

جب طالب علم اس منزل میں داخل ہو جاتا ہے تو پھر ناکامی کا خطرہ بہت ہی کم رہتا ہے۔ اس سے بحث نہیں کہ وہ کن طریقوں سے اسے حاصل کرتا ہے۔ وہ ان راستوں سے گذرے گا جن کو دنیا کے لوگ ناکامی اور تباہی خیال کریں گے۔ لیکن اگر وہ خود اپنی ہمت سے ایسا کر رہا ہے تو پھر وہ یقیناً کامیاب ہوگا۔

تعلیم اس لئے نہیں کہ انسان کو مصیبت اور تکلیف، شکست اور ناکامی سے بچائے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ انسان میں ان تمام چیزوں سے بہادرانہ مقابلہ کی طاقت پیدا کر دے۔ روک تھام اور دباؤ تعلیم کے حق میں زہر ہیں جس طرح سے کہ سزا اور احکام زہر کا کام کرتے ہیں۔ میں یہ حقیقت ذہن نشین کرانا چاہتا ہوں کہ آزادی اور باضابطگی لازم و ملزوم ہیں۔ میرے نزدیک وہ استاد کہلانے کے قابل ہی نہیں جو اپنی تعلیم منوانے کے خاطر اپنے عہدہ داروں کی مدد کا طالب رہے۔ وہ انہی چیزوں کا استاد ہوتا ہے جو اس کے نزدیک اہم ہیں یا جس کو وہ اپنی ذاتی بزرگی اور خلوص کے اظہار کا باعث جانتا ہے۔

استادوں کو یہ بات اچھی طرح معلوم ہو جانی چاہیئے کہ ان کا شاگرد ایک غیر فانی اور روح کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس کا ماضی ممکن ہے کہ بہت ہی شاندار رہا ہو اور جس کا

حال اسے ایسے شاندار مستقبل کی طرف لیجا رہا ہے وہ ابھی معلوم نہیں کر سکتا آج وہ اپنے
آپ کو جس زندگی میں سے گذرتے دیکھ رہا ہے وہ طول طویل مسافت کی پہلی منزل ہے جو
گذشتہ زمانہ کا ایک بھولا ہوا خواب اور آیندہ کا ایک دھندلا سا خاکہ ہے لڑکا جسامت
کی حد تک ایک لڑکا ہے ورنہ وہ ایک روح ہے جس کو فنا نہیں جس کی عظمت ان لوگوں
سے کسی طرح کم نہیں جو کہ اس سے عمر میں بڑے ہیں بلکہ ممکن ہے کہ نہایت ہی شاندار ہو ۔
لہذا اساتذہ سے میری خواہش ہے کہ وہ طلباء کا احترام کریں۔ اور طلبا بھی اساتذہ کا احترام
کریں اگرچہ موخر الذکر سے اس معاملہ میں اصرار نہیں کیا جا سکتا۔ ہمیں اس بات کو ذہن نشین
کر لینا چاہیئے کہ جسم کی کیفیت اور حالت روح کی گاڑی کی سی ہے۔ جو اس کا ابتداء سے
لے کر موت تک ساتھ دیتی ہے۔ اسی طرح استاد ایک کڑی ہے جو ان دونوں کو ملاتی
ہے۔ اور اس وجہ سے وہ خاص اہمیت رکھتا ہے وہ روح کا سفیر، دوست اور ساتھی ہے
اور چونکہ اس میں یہ باتیں موجود ہیں لہذا وہ بعض وقت روح کی خاطر جسم کو آزار پہنچاتا ہے۔
اور چونکہ روح اور جسم میں قریبی تعلق ہے اس لئے وہ بہت بچ بچ کر ایسا کرتا ہے تاکہ کہیں
روح بھی جسم کے ساتھ متنفر نہ ہو جائے۔ ہم تعلیم میں آزادی سے بحث کرتے ہیں۔ دنیا میں
صرف ایک ہی حقیقی معنوں میں آزادی ہے اور وہ آزادی روح کی آزادی ہے جو میرے خیال
میں نشو و نما کے لئے چھوڑی دی گئی۔ تاکہ روح بلا کسی وقت کے اپنی ضروریات اور احتیاجات
کے خاطر جسم پر حکمراں ہو جاتے۔

استاد طلباء کے لئے وہ چیزیں بہم پہنچاتا ہے جو والدین کے فرائض میں سے ہیں
ساری دنیا کا تعلق صرف جسم سے ہوتا ہے مگر اکیلا استاد ہی ہوتا ہے جس کا تعلق جسم سے نہیں
بلکہ روح سے ہوتا ہے۔

میری تمنا ہے کہ اساتذہ طلباء کو انکی ابتداء اور انجام کو معلوم کرانے میں کبھی پریشانی
کو کام میں نہ لائیں تعلیم دراصل اسی لئے ہوتی ہے کہ جس مضامین کی تعلیم دی جاتی ہے ان کو
طلباء معلوم کر سکیں۔ اگر استاد تبلانے سے اور طالب علم سمجھنے سے قاصر رہے اور وہ ابتداء
اور انجام کا حال نہ جان سکیں تو پھر دونوں اپنے فرائض کو انجام نہ دے سکے۔ کم از کم

ہیں ہر آدمی کے کردار نیک یا بد" وہی ہیں جو اُس کو اُس کے ماحول کے موافق زیادہ یا کم بناتے ہیں۔ لیکن جو چیز نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور جو چیز بدی سے باز رکھتی ہے وہ علم ہے اور علم کے سوا اور کوئی چیز نہیں اور نہ ہو سکتی ہے۔ پس حیات انسان کی ایزاد و بہبودی کے واسطے اعمال نیک کا سلسلہ یعنے کردار نیک لابد و لازم ہے۔ کردار نیک کا رہنما علم ہے۔ اسی لئے کردار نیک کے خاطر جس قدر زیادہ علم ہو اس قدر بہتر ہے۔ ہم سب سیکھنے کے لئے ہی جیتے ہیں" مگر کون سا علم حاصل کرنے میں ہم اپنی عمر صرف کرتے ہیں؟ ہر شخص کو کس علم کا طالب عمر بھر رہنا چاہیئے؟ محض وہی علم نہیں جو کتابوں یا رسالوں کے مطالعہ سے یا اساتذہ کے لکچروں سے یا تجربہ خانوں کی آزمائشوں سے حاصل ہوتا ہے اگرچہ اس قسم کا علم جس کو میں فقط نام کے واسطے "تدریسی علم" کہوں گا، نہایت اہم و ضروری ہے لیکن صرف اسی قسم کا علم اغراض حیات کے لئے کافی نہیں بلکہ ایک اور قسم کا علم بھی ہے جسکو میں "اکتسابی علم" کہوں گا، جو تدریسی علم سے بدرجہا اہم اور زیادہ ضروری ہے البتہ تدریسی علم بہترین واسطہ ہے (مگر واسطہ ہی ہے) اس اکتسابی علم کا جو ہر کس و ناکس کے روزمرہ زندگانی کے لئے جلب منفعت و دفع مضرت کے واسطے، راحت پانے اور آفت سے بچنے کے خاطر، درکار بلکہ ناگزیر ہے۔ "اکتسابی علم" ہر شخص، اپنے ماحول کے حالات سے اپنے سامنے گذرتے ہوئے واقعات سے، اپنے مشابہ اشخاص کی خاصیات سے اپنے پرائے مشاہدات سے خود اپنے جد و جہد کے تجربات سے حاصل کرتا ہے۔ اسی اکتسابی علم کی تعلیم مادام الحیات جاری رہتی ہے۔ اسی علم کی تعلیم ہر شخص اپنے آپ کو دے لیتا ہے اور اسی کا متعلم عمر بھر رہتا ہے۔ اسی کا وہ جس قدر زیادہ متعلم رہے گا اسی قدر زیادہ دنیا میں کامیاب رہے گا۔ اسی کا اچھا اثر متعلم بنانے کے لئے آپ کو جامعہ عثمانیہ نے وہ تعلیم دی ہے جس کو میں نے بالغرض "تدریسی تعلیم" سے موسوم کیا ہے۔ ہماری جامعہ کی تدریسی تعلیم کی غایت یہی ہے کہ طلبا کو اکتسابی تعلیم سہل اور اچھی طور سے پانے کا اہل بنادے تاکہ وہ اپنی عمر زیادہ تر راحت و خوشی میں بسر کریں عسرت و رنج کم تر اٹھائیں تاکہ اس دنیا میں اپنی حیات کا ثمرہ پائیں۔ .... زندگی میں کامیاب ہونے کے لئے اول لیاقت ثانیاً ہمت ثالثاً مردم شناسی چاہیئے لارڈ آورسٹن جو لارڈ ریڈنگ سے پہلے انگلستان کے چیف جسٹس تھے۔ ان کا

قول ہے کہ جب کوئی لائق آدمی ایسی ہمت والا ہو کہ کبھی اپنا کام نہ چھوڑے برابر اس میں لگا رہے تو ممکن نہیں کہ وہ کامیاب نہ ہو" اسی لئے لیاقت کے ساتھ ہمت چاہیئے جس کا لازمی نتیجہ کامیابی ہوگا۔ اگر ہمت نہ ہو تو لیاقت بیکار ہو جائے گی۔ آپ پر خدا کا بڑا فضل ہے کہ بہ طفیل جامعہ عثمانیہ آپ کو عمدہ لیاقت حاصل ہوئی ہے اب آپ کی ہمت ہی ہے جو آپ کو دنیا میں کامیابی کا تمغہ پہنا دے گی۔ لیاقت و ہمت کے لوازمات میں مردم شناسی بھی ہے جس سے ہمت بڑھتی ہے اور کام آسان ہو جاتا ہے۔ انسان کی حیات کی بہبودی یعنے زندگی کی بہتری کا انحصار رنج و آفت کی کمی پر اور خوشی و راحت کی زیادتی پر ہے۔ "راحت و آفت" "رنج و خوشی" نسبتی الفاظ ہیں جو ہر ایک کی شخصیت پر اور ہر ایک کے وقت اور موقع پر منحصر ہیں۔ کیونکہ کبھی کبھی راحت کا رنج سے مبدل ہو جانا ممکن ہے۔ بہرحال آپ جیسے تعلیم یافتہ طیلسانوں کے مدنظر اپنی راحت کی کمی بیشی کا کوئی مقیاس یا پیمانہ رہنا چاہیئے۔ اگرچہ یہ کوئی دستور العمل نہیں ہو سکتا لیکن خوش کردار کے جادہ کا اچھا رہنما ہوگا۔ خواہشات نفس لا تعداد و لا تحصیٰ ہیں۔ اور حرص بڑھانے کے لئے بہت سے اسباب موجود ہیں اور نئے نئے پیدا ہوتے جاتے ہیں انسان کی خواہشات بھی نہ صرف وسیع بلکہ تعداد از زیادہ ہوتی جاتی ہیں اور ان میں سے جتنی خواہشات پوری ہو سکتی ہیں اُن کی تعداد کم ہوتی جاتی ہے ایسی حالت میں طیلسانوں کے لئے اس سے بہتر کیا جادۂ عمل ہو سکتا ہے کہ سادہ زندگی اور بلند خیالی اختیار کریں جس طرح جامعہ عثمانیہ نے آپ کو اپنے جسم و جامہ کے مانند اپنے دل و دماغ کو صاف اور ستھرا رکھنا سکھایا ہے۔ اسی طرح آپ اپنے خویش و اقارب دوست و احباب۔ علی العموم اپنے ملک والوں کو ہر قسم کی صفائی ظاہر و باطن۔ پاکیٔ دل و دماغ کی طرف رغبت دلاتے رہنا۔ اور اس میں اُن کو حتی المقدور مدد دیتے رہنا۔ آپ کے اُس منصب کا فرض ہے جس کے لئے آپ آج طیلسان بنے ہیں۔ آپ کو دنیا کے کاروبار میں اپنے علم و عمل کے محاسن کا نور پھیلانا ضرور ہے۔ اس کو آپ کا ایثار کہیں گے۔ خود آپ کی خوش زندگی کے واسطے ایثار لازم ہے تاکہ آپ خوش رہیں اور آپ کا ماحول آپ سے خوش رہے۔ آپ کے جامعہ کی کوئی نصیحت اس سے بہتر نہیں ہو سکتی کہ "خوش رہو خوش رکھو"

علم و عمل

مجھے علم کے فضائل بیان کرنے کی چنداں ضرورت نہیں ظاہر ہے کہ انسان و حیوان میں باہمی فرق صرف علم و عقل کی وجہ سے ہے۔ علم ہی وہ قوت ہے جس کے ذریعہ انسان کائنات پر متصرف ہے۔ ہمارا شخص اور ایک جانور کی زندگی میں کچھ فرق نہیں اس لئے کہ کھانے پینے اور دوسری ضروریات زندگی کی تکمیل میں حیوان لایعقل بھی انسانِ جاہل کا سہیم و شریک ہے اب اگر تحصیل علم کی غرض صرف آسائش جسمانی کی تحصیل اور خواہشات نفسانی کی تکمیل ہی قرار دی جائے تو ع سخن شناس نہ دلبرا خطا اینجاست۔ کے سوا اور کیا کہا جا سکتا ہے۔

علم کا مفہوم اس سے بہت ہی بالاتر ہے۔ ایک اہل علم دنیا میں ہر حیثیت سے ممتاز رہتا ہے اس کی ہستی دوسروں کے لئے بہترین نمونہ ہوا کرتی ہے اس کی معاشرت بہتر اس کی ہر حرکت میں خیر و برکت مضمر رہا کرتی ہے۔ علم ہی تھا جس نے آدم کو مسجود ملائک بنادیا علم ہی کی وجہ سے انسان اشرف المخلوقات ٹھیرا ؎

علم آدمیت است و جوانمردی و ادب　　　　وَرنہ دُدی بصورت انسان مصوری

علم نے انہیں بیش بہا خوبیوں ممتاز صفتوں کی وجہ سے دوراندیش انسانوں کو اپنا گرویدہ بنالیا نتیجہ اِن پاک ہستیوں نے اس کی خاطر اپنا وطن چھوڑا عزیز و اقارب سے کنارہ کش ہوئے مصیبتیں جھیلیں جنگل کی جڑی بوٹیاں تک کھا کھا کر سفر کا رستہ طے کیا مگر طلب علم سے دست بردار نہ ہوئے۔ یادش بخیر امام بخاریؒ کو ایام طالب علمی میں ایک سفر میں تہی دستی نے اتنا مجبور کیا کہ تین دن برابر انہوں نے جنگل کی بوٹیاں کھائیں۔ ابوالمنظور نے بہت سی نئی نباتات دریافت کیں ان کا طریقہ یہ تھا کہ جو مقامات روئیدگی نباتات کے واسطے مشہور تھے مثلاً جبل لبنان (شام) ان میں پھرتے تھے اور

---

* یہ تقریر حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کے نویں اجلاس میں گوش گذار حاضرین کیگئی۔

بوٹیوں کو دیکھتے اور جانچتے۔ ایک مصور ان کے ہمراہ رہتا جس کے پاس ہر رنگ کی روشنائی مہیا رہتی۔ ابوالمنظور نباتات کا خود مشاہدہ کر لینے کے بعد مصور کو دکھلاتے اور وہ اُس کے رنگ و شاخ و برگ و بیخ کا اندازہ کر کے ہو بہو اس کی تصویر کھینچتا۔ یہ محقق طبیب ایک بار کے مشاہدے پر قانع نہ ہوتا بلکہ نشوونما کے مختلف مدارج میں نباتات کا معائنہ کرتا۔ ایام نمو و تازگی کی علیحدہ تصویر کھنچواتا اور زمانۂ کمال کی جدا۔ اور جب وہ بوٹی خشک ہو جاتی تو ایک تیسرا نقشہ لیا جاتا اسی طرح ہر بوٹی کی تصویریں اس نے اپنی کتاب میں جو ادویۂ مفردہ کے حال میں تھی درج کی تھیں جن کو دیکھ کر ناظرین کتاب ان نباتات کے مختلف اشکال صحیحہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتے تھے۔ غرض ایسی ہزاروں مثالیں ملینگی جنھوں نے علم ہی کو اپنی زندگی کا اصل مقصد قرار دیا اور اسی مبارک مشغلے میں اپنی عزیز عمریں گذار دیں مگر جس طرح جھوٹا سکہ چل نہیں سکتا بے پھل درخت زیادہ کارآمد نہیں ہوتا اسی طرح وہ علم بے کار ہے جس کے ساتھ عمل نہ ہو وہ عالم حقیقت میں جاہل ہے جو عامل نہ ہو۔ شیخ سعدیؒ نے خوب کہا ہے

بارِ درختِ علم ندانم مگر عمل　　　　با علم اگر عمل نہ کنی شاخ بے بری

ہمارا حال یہ ہے کہ مختلف علوم میں ہمیں کمال حاصل ہوتا جاتا ہے مگر عملی میدان میں ہم ناقص ہی نظر آتے ہیں۔ مثلاً معاشیات کی ہم نے تعلیم پائی مگر فکر معاش میں سرگرداں ہی رہے۔ اصول تجارت میں ہم نے کافی واقفیت پیدا کی مگر ہماری نظروں میں تجارت کا پیشہ ذلیل ہی رہا اور بہرحال ملازمت ہی کو ذہنی ترجیح حاصل رہی اور معمولی دُکان ہو کہ عالیشان شاپ دفتری کمرے پر کسی طرح فوقیت نہ لے جا سکی۔

سائنس میں ہم کامل ہو چکے مگر سائنس دانی سے فائدہ اُٹھانا ہمیں نہ آیا مثلاً تھرمامیٹر بنانے کی ترکیب ہمیں از بر ہو گئی مگر اپنے گھر کا شکستہ مقیاس الحرارت ہم سے درست نہ ہو سکا۔ ریاضی میں ہمیں پوری مشق حاصل ہو گئی مگر زندگی کے کاروبار بے حساب ہی طے ہوتے رہے۔ میرے گھر کا واقعہ ہے بوریا بنوایا گیا حساب کے وقت الف۔ اے اور کیا کیا کامیاب حضرات موجود تھے۔ میں نے اُن سے کہدیا کہ بوریا بات کا حساب

کر دیجیے وکا مل ایک گھنٹے تک دو دو چار چار تعلیم یافتہ سرگرداں رہنے کے بعد بالاتفاق آرا یہ اہم حساب اس طرح تکمیل کو پہونچا کہ مبلغ تین سو روپے میرے نام بورئے کی قیمت میں واجب الادا ٹھیرا دیے گئے میں حیران تھا کہ بار خدایا بنوایا تھا بوریا شطرنجیوں کی قیمت کس طرح ادا کروں۔ پھر غریب بوریا باف کی طرف رجوع ہوا تو اُس نے فوراً کہدیا کہ تیس بتیس روپے ہونگے اُس لئے عمداً کچھ روپئے بڑھا کر بتلائے کہ شاید تحقیق نہ ہو اور اس کو زیادہ قیمت مل جائے۔ بوریا باف کی رہبری پر ہمارے حساب داں اصحاب نے مکرر محققانہ حساب کیا تو چھبیس روپئے قیمت میں آئے۔ یہ ہے ہماری حسابی مہارت اور اس کی عملی قوت۔ ہم نے فن ڈاکٹری سیکھا مگر ادویہ کی فراہمی میں اوروں کے دست نگر ہی رہے۔

خوش قسمتی سے اگر ہمیں علم زراعت میں کچھ مہارت ہو بھی جاتی ہے تو بھی زراعت کے سرایہ فائدہ بخش پیشے سے انفرت ہی رہا کرتی ہے۔ ہم خوش ہیں کہ برقی روشنی سے ہمارے گھر منور ہوگئے مگر یہ خیال نہ آیا کہ برقی روشنی کا سامان جو وقت بے وقت ناقص ہوتا جاتا ہے اس کی درستگی تک ہم نہیں کر سکتے جدید اختراع تو درکنار۔ موٹروں کی پرشوکت سواری سیکلوں کی سبک رفتاری دیکھ دیکھ کے ہم پھولے نہیں سماتے مگر ہم نے اس پر کبھی غور کیا ہے کہ آج تک بگی یا دوسری سواریوں کے وسیلے سے پرورش پانے والے تین تین چار چار ملازمین پھر ان کے زیر پرورش نفوس اب کیا کھا رہے ہونگے کرائے کی گاڑیاں ہانکنے والے غریب کس طرح زندہ ہوں گے۔ آٹا پیسنے چھالیا کترنے غرض معمولی سے معمولی کام کے انجام دینے والی مشینیں غیر ممالک سے ہمارے پاس آگئیں اور ہماری سب حاجتیں انہیں اوزار سے پوری ہونے لگیں مگر ہمیں اس کا احساس نہ ہوا کہ چکی میں پیس کر جینے والی بیوائیں چھالیا پھوڑنے کی مزدوری سے پلنے والی غریب عورتیں اب کیا کریں گی اور کس طرح جیتی رہیں گی۔ قوم پروری کی انتہا ہوگئی کہ ہم میں ایسی ہستیاں بھی ہیں کہ صرف ڈیڑھ دو سو روپئے ماہوار مگر ان کے خرد سال بچوں کے کپڑے تک دریا پار سے سلکر آتے ہیں۔ ہم نے جو کچھ منگوایا دوسرے ملکوں سے

ہماری جو کچھ آراستگی ہوئی اوروں کے وسیلے سے۔ انصاف فرمائیے بیگانی صنعتوں پر
ہمارا ناز غیر ملکی اشیاء پر ہمارا فخر کہاں تک زیبا ہو سکتا ہے ؎
اپنی تصویر پہ نازاں ہو تمہارا کیا ہے
آنکھ نرگس کی دہن غنچے کا حیرت میری
تحصیل علم کے بعد صنعت و حرفت کو ترقی دینے کے عوض ہمارے تکلفات
اور بڑھ جاتے ہیں۔ ہماری لیاقت کے ساتھ ساتھ پُر تکلف لباس اور ظاہری بے موقع
وضعداری میں خاصی ترقی ہونے لگتی ہے مثلاً کسی طالب علم نے ادھر کوئی امتحان پاس
کیا اُدھر اس کی شان و شوکت میں ترقی کے آثار نمایاں ہو گئے غریب ماں باپ کا گھر
ان کے بنائے ہوئے کپڑے ان کے پاس کی معمولی غذا غرض سبھی چیزوں سے
نفرت سی پیدا ہو گئی بدبختی سے یہ ماں باپ کی سرپرستی میں خوش و خرم رہتا ہے نہ خود
کما کر اپنی خواہشیں پوری کر سکتا ہے اس کے لئے اس کی زندگی تلخ ہو جاتی ہے اور
یہ ماں باپ کے لئے وبال جان ہو جاتا ہے۔ صنعت و حرفت سے بے توجہی اور پیشہ وری
و ہنرمندی کو عیب سمجھنے ہی کا نتیجہ ہے کہ ایک ملازم باپ جب انتقال کر جاتا ہے تو
اس کے خاندان کی تباہی آجاتی ہے۔ خود میری آنکھوں نے بھی دیکھا ہے کہ کل جن کے
گھر دولت و ثروت کے گہوارے بنے ہوئے تھے آج اُن کے ناز پروردہ بچے نانِ
شبینہ کو محتاج پھر رہے ہیں۔ آباء صاحب اقتدار تھے صاحبزادے دربدر بھیک مانگ
رہے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آج خلیفہ مقرر ہوئے اور کل کپڑوں کی گٹھری
کاندھوں پر لئے ہوئے بازار کا ارادہ فرمایا۔ تاکہ کپڑے بیچ کر اہل و عیال کی پرورش کا انتظام
کریں۔ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے اُولوالعزم جانشین کی اس منکسر المزاجی پر غور فرمائیے
اور آج کل کی بے جا تمکنت ملاحظہ کیجئے چشم دید واقعہ ہے چار مینار کے پاس ایک تعلیم یافتہ
نے سگریٹ کا ڈبا خریدا (غور فرمائیے کیسی بھاری چیز خریدی) پھر کرائے کی گاڑی ٹھیرائی اور
سوار ہونے لگے میں نے عرض کیا آپ کا مکان یہاں سے بالکل قریب سواری کی اس وقت
آپ کو کیا ضرورت جواب دیا کہ سگریٹ کا ڈبا اٹھائے ہوئے راستہ طے کرنا کسر شان ہے
حضرات یہ کہا جاتا ہے کہ یورپ میں اعلیٰ مراتب لوگ بھی بازار جانے میں عار نہیں کرتے۔

جنوبی ہند کا سفر کرتا ہوا میں اوٹی کمنڈ گیا تھا ایک مارکیٹ میں دیکھا کہ ایک میم صاحبہ موٹر سے اتریں کچھ ترکاری خریدی اس کو رومال میں باندھ لیا پھر موٹر میں سوار ہو کر چلی گئیں حیرانی یہ ہے کہ ہم لوگ تعلیم پانے کے بعد اپنے بزرگوں کی تقلید کرتے ہیں نہ ان معاملات میں یورپ والوں کی چال چلتے ہیں ؎

عجیب وضع عجب رنگ ہے ترا کیفیؔ   نہ تجھ کو رند سمجھتا نہ پارسا کوئی

اتفاق کے فوائد ہم پڑھتے ہیں اس پر مضامین لکھتے ہیں" نااتفاق مگس نیشو دپیدا الخ"۔
بچپن سے ہمیں درو زبان ہے مگر عملی کیفیت کا یہ حال کہ ایک دفتر ایک مدرسہ ایک گھر والوں میں ایک بادشاہ کی رعایا بلکہ ایک باپ کی اولاد میں کہاں تک اتفاق سے گذرتی ہے ظاہر ہے اور ایک دوسرے کا کس قدر بہی خواہ ہے اظہر من الشمس ہے ؎

خانہ آباد جو اُجڑے ہوئے ہوں اُن کو بسا   نہ کہ یہ قصد کہ کوئی کہیں آباد نہ ہو

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے محلے میں ایک موچی رہتا تھا جو نہایت رنگین طبع اور شراب خوار تھا رات بھر اپنے ہم مشرب احباب کے ساتھ شراب خواری اور گانے بجانے میں مصروف رہتا اور اکثر یہ شعر گاتا ؎

اَضَاعُونِی وَاَیَّ فَتًی اَضَاعُوا   لِیَوْمِ کَرِیْھَۃٍ وَسِدَادِ ثَغْرٍ

(یعنی لوگوں نے مجھ کو ہاتھ سے کھو دیا اور کیسے بڑے شخص کو کھویا جو لڑائی اور رخنہ بندی کے دن کام آتا) اگرچہ اس کے یہ حرکات امام صاحب کے ذکر و شغل میں خلل انداز ہوتے مگر آپ فرط اخلاق کی وجہ سے کچھ تعرض نہ کرتے ایک رات کوتوال شہر نے اس کو گرفتار کر کے قید خانہ بھیج دیا امام صاحب کو خبر ہوئی تو فوراً کوفے کے گورنر کے پاس تشریف لے گئے اور سفارش فرما کر اپنے ہمسایہ موچی کو قید سے رہائی دلوادی اور راستے میں اس کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ" کیوں ہم نے تم کو ضائع تو نہیں کیا۔

بڑے پڑوسیوں کے ساتھ بزرگوں کی اس ہمدردی کو دیکھئے پھر اپنوں کے ساتھ ہماری بے دردی ملاحظہ فرمائیے۔

ایثار کی خوبیاں ہمارے ذہن نشین ہیں مگر عمل کا یہ حال کہ طاعون کی گرم بازاری

مخلوق کی پریشانی تمہیں جانیں جارہی ہیں مگر خوش ہونے والے خوش ہوتے ہوئے پائے گئے کہ لوگ مریں گے جائدادیں خالی ہوں گی امیدواری کا نتیجہ برآمد ہوگا ملازمت اور تجارت کا باہمی فرق ملاحظہ ہو ملازمت کے خواہاں بندگان خدا کا مرنا چاہتے ہیں کہ خود جانشین ہوں تجارت پیشہ ان کی صحت و درازی عمر کے لئے دعا کو ہیں کیونکہ اپنی تجارت بڑھے گذشتہ زمانے میں غنیم کی فوج نے چند مسلمانوں کو گرفتار کر لیا سزا یہ تجویز کی کہ مختلف چٹھیوں پر قتل یا قید وغیرہ کی مختلف سزائیں لکھدیں اور ان چٹھیوں کو ان قیدیوں میں لٹا دیا گیا تاکہ جس کے ہاتھ جس قسم کی چٹھی آئے وہی سزا اسے دیجائے ایک شخص جس کے نام پر قتل کی چٹھی آئی تھی آبدیدہ ہوا ساتھی نے وجہ پوچھی تو کہا کہ ضعیف والدہ کے لئے غمگین ہوں اس نے کہا کہ بھائی میں اکیلا آدمی ہوں مجھے ماں ہے نہ اہل و عیال اور میرے نام پر جو چٹھی آئی ہے اس میں چند سال قید کی سزا درج ہے میری چٹھی اپنی چٹھی کے معاوضہ میں لے لو تاکہ میں قتل ہو جاؤں اور تم سلامت رہو حضرات آج اوروں کی خاطر اپنی عزیز جان دینا تو درکنار ایک ہی جائداد پر ہر ایک امیدواری چاہتا ہے کہ میں مامور ہو جاؤں میرا ساتھی اگرچہ مجھ سے زیادہ لائق ہی محروم ہی رہے۔

دیانت داری فی نفسہٖ بہترین چیز ہے اس سے کسی اہل علم کو انکار نہیں ہو سکتا غور طلب یہ امر ہے کہ ہم میں کتنے ہیں جو اس بار گراں کو بدرجہ اتم اٹھائے ہوئے ہیں ایک باپ اپنے بیٹے کو ساتھ لئے ہوئے میوہ چرانے کے واسطے ایک باغ کے پاس پہنچا اور اپنے بیٹے سے کہا کہ مجھے چوری کرتا ہوا کوئی دیکھ لے تو مجھے خبر کر دینا یہ کہا اور باغ میں داخل ہوا تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ چلانا شروع کیا کہ ابا جان تمہیں ایک شخص دیکھ رہا ہے باپ گھبرایا ہوا فوراً واپس آ گیا اور پوچھا کہ وہ دیکھنے والا کون تھا بیٹے نے کہا خدائے تعالے جو تمہیں اور مجھے ہر وقت دیکھ رہا ہے۔ میرے بزرگو! آج ہم میں حقیقی طور پر خدا کو حاضر و ناظر ماننے والے کتنے اصحاب ہیں راست بازی اور دیانت داری پر اگر ہم کافی طور پر عمل پیرا ہوتے تو دفاتر وغیرہ سادر کے لئے سرکار عالی کو علیحدہ انتظام کرنے کی ضرورت لاحق نہ ہوتی اور قلم وغیرہ پر سرکاری تحریر کی نوبت نہ آتی۔ باوجود اس کے خدا جانتا ہے

دیانت داری کی پرداخت کرنے والے کتنے ہیں اور مالک حقیقی سے ڈرنے والوں کی تعداد کیا ہے۔

وفاداری کے متعلق زبانی جمع خرچ تو بہت ہوسکتا ہے حضرات! اغراض اقوال سے نہیں افعال سے ہے ایک ڈاکو نے اپنے ساتھیوں کو لے کر بادشاہ کے خزانے میں ڈاکہ مارا جب یہ اور اُس کے ہمراہیوں نے زر وجواہر پر قبضہ کرلیا اور گٹھریاں باندھ لیں تو انہیں کچھ فاصلے پر ایک سفید سی چیز نظر پڑی چاندی سمجھ کر یہ ڈاکو نزدیک گیا معلوم ہوا کچھ سفوف ہے چکھا تو اس کو نمک پایا فوراً گٹھری رکھ دی اور گٹھریاں بھی چھوڑ دیں اور خالی ہاتھ واپس ہوا۔ صبح ہوئی تو بادشاہ سلامت کو خبر پہنچی کہ خزانے پہ ڈاکہ پڑا مگر چور مال اکٹھا کرکے خلاف اُمید خزانے ہی میں چھوڑ کر چلے گئے ہیں بادشاہ نے امن کا اعلان کردیا تو چوروں کا سردار حاضر دربار ہوا بادشاہ کے استفسار پر پورا حال بیان کیا اور کہا کہ جس چیز کو چاندی سمجھا تھا وہ نمک نکلی چکھنے کے بعد خیال ہوا کہ جس کا نمک کھالیا ہے اُس کے گھر چوری نہ کرنی چاہیئے بادشاہ پر اس نمک حلالی کا خاص اثر ہوا اس کو اپنا سپہ سالار بنالیا اور وصیت کردی کہ اپنے بعد اسی کو تخت نشین کیا جائے۔ آج ہماری نمک خواری پھر وفاشعاری کی کیا حالت ہے ہر صاحب اپنے اپنے دل میں غور فرمالیں ایک آقا خربزہ تراش کے اس کی قاشیں اپنے خادم کو دیتا گیا خادم مزے لے لے کے کھاتا گیا آخر میں ایک قاش آقا نے جو چکھی اس کو نہایت تلخ پایا پوچھا اتنا کڑوا خربزہ خوشی خوشی کیوں کھالیا نوکر نے جواب دیا حضور جن ہاتھوں سے بہتیری میٹھی اور لذیذ چیزیں کھائی ہوں انہیں ہاتھوں سے کبھی کڑوی کسیلی چیز ملے تو انکار زیبا نہیں۔ آج ہمیں کسی حاکم سے ذرا ملال ہوا کہ اس کے سب احسانات بالائے طاق اسی طرح کسی ماتحت کے ذرا سے قصور پر اس کی تمام وفاداریاں برطرف۔ ہمارے پاس وہی عہدہ دار قابل تعریف ہے جو جا و بیجا صرف ہمارے لئے نفع رساں ہو۔

اطاعت کیشی نہایت ضروری چیز ہے۔ امام ابوحنیفہ رح کے متعلق بیان کیا گیا ہے کہ گورنر کوفہ نے آپ کو فتویٰ دینے سے منع کردیا۔ ایک دن گھر میں بیٹھے ہوئے تھے

آپ کی صاحبزادی نے مسئلہ پوچھا کہ میں روزے سے ہوں دانتوں سے خون نکلا اور تھوک کے ساتھ گلے سے اتر گیا روزہ جاتا رہا یا باقی ہے۔ امامؒ نے فرمایا جان پدر اپنے بھائی حماد سے پوچھ میں فتویٰ دینے سے منع کر دیا گیا ہوں۔ آج کسی حاکم نے ہمیں کسی بات سے منع کر دیا ہو اور ہمیں معلوم ہو جائے کہ ہماری خلاف ورزی کی اُس کو خبر نہ ہو سکے گی تو شاید ہی کوئی ہو گا جو پھر بھی اطاعت کو ضروری سمجھے گا۔

مذہبی احکام کی پابندی علم و عمل کے لئے روح رواں ہے اور انسان کے لئے دارین کی بہبودی کی کفیل۔ مگر افسوس کے ساتھ یہ دیکھا جا رہا ہے کہ علم و لیاقت کی ترقی کے ساتھ ساتھ مذہبی احکام سے بے پروائی بلکہ روگردانی ہوتی جاتی ہے فرسٹ فارم کا طالب علم جو نمازی باپ کا بچہ ہے نمازی رہتا ہے تو مڈل پاس طالب علم کبھی کبھی نمازی بن جاتا ہے اوپر کی جماعتوں میں صوم و صلوٰۃ کے پابند طلبہ میں خاصی کمی ہونے لگی ہے۔ ایک صاحب کا حال سُنا گیا کہ انتہائی ڈگری لینے جاتے وقت بڑے پابند اور ذاکر و شاغل بھی تھے بڑی دور سے پانچ چھ بڑی بڑی سندیں لے کر واپس ہوئے تو یہ حال ہوا کہ خدائے تعالیٰ ہی کے وجود کے متعلق ششش و پنج میں پڑ گئے۔ علم نے تواضع نہ سکھائی پیشوایان قوم کا پیرو نہ کیا بلکہ فنائیت کے عوض انانیت اور خدا بینی کے بدلے خود نمائی میں کمال حاصل ہو گیا۔ ؎

بتو شاباش کیا کہنا ترقی اس کو کہتے ہیں ۔ نہ ترشے تھے تو پتھر تھے جو ترشے تو خدا ٹھیرے

جب یہ بزرگوار جن کو مجبوراً اس زمانے کے علمائے کرام کہنا پڑتا ہے اپنی اصلاح اس طرح فرما چکے ہوں تو قوم کو راہ راست پر لانے میں ان سے کیا اُمید رکھی جا سکتی ہے۔ ع۔ کون رہبر ہو سکے جب خضر بھٹکانے لگے۔ ایک دفعہ میرے مکان میں قرآن مجید کا ختم ہو رہا تھا۔ میٹرک کے ایک طالب علم ملاقات کے لئے آئے میں نے کہا تلاوت میں شریک ہو جائیے کم فرصتی کے عذر کے بعد مجبوراً جو جزو میں پڑھ رہا تھا اُسی کے صرف دو چار سطریں پڑھنے میرے بازو بیٹھ گئے اور صرف دو سطریں اس طرح پڑھیں کہ جتنے کلمے تھے اتنی ہی غلطیاں کیں۔ مسلمان نوجوان فوقانی درجے کے طالب علم کی صرف لفظی قرآن خوانی کی یہ قابلیت مگر احکام قرآنی کے متعلق یہ میگوئیاں کرنے میں

بچے بچے کو یہ طولیٰ حاصل۔ عیدگاہ میں ایک دفعہ میرے بازو ایک عمر رسیدہ مہذب باپ مع اپنے نوجوان فرزندوں کے نماز عید میں اس وقت شریک ہوئے جب کہ ایک رکعت ہو چکی تھی۔ امام نے جب نماز ختم کی تو حضرت نے بھی سلام پھیر دیا مگر بچوں نے گئی ہوئی رکعت قضا کر لی۔ ماں باپ کی مذہبی احکام سے بے خبری کی اس حالت کے باوجود بعض حضرات کا یہ خیال کہ مذہبی تعلیم بچوں کو ماں باپ گھر پر دے لیا کریں مدارس میں تعلیم دینیات کی چنداں ضرورت نہیں کس قدر حیرت انگیز اور مصیبت خیز ہے جب کہ ماں باپ خود الف با تک بھی نہیں جانتے بچوں کو کیا سکھائیں گے۔ طرفہ یہ کہ مدرسہ ہی کے تعلیمی کام سے طلبہ کو فرصت نہیں تو یہ گھر پر دینی تعلیم کس طرح اور کس سے پائیں گے۔ غرض علم کے ساتھ عمل اور کتابی تعلیم کے ساتھ تجارت و زراعت صنعت و حرفت کی طرف توجہ لازمی ہے اور مذہبی احکام کی پابندی دینی و دنیوی مفاد کے لئے نہایت ضروری۔ اہل علم کی بے عملی ضروری امور سے عقلمندوں کی بے خبری غدانہ کرے بُرے نتائج پیدا کرکے رہے گی ؎

ستبدی لک الایام ما کنت جاہلاً
ویاتیک بالاخبار من لم تزود

محمد حسام الدین فاضل

———(۰)———

تربیت

یہ مختصر مضمون، جو "راہ نو" جلد دوم، باب اول صفحہ ۱۸۔۲۵ سے ماخوذ اور براہ راست فارسی زبان سے ترجمہ کیا گیا ہے بلحاظ اپنے اسلوب اور نوعیت کے دلچسپ ہے۔

اس کے پہلے اسی کتاب کے چوتھے اور پانچویں باب کا ترجمہ "حیدرآباد ٹیچر" کے ناظرین کی ضیافت نظر کے لئے پیش کیا گیا تھا جس کو فن تربیت کے دلدادہ بزرگواروں نے پسندیدہ نظر سے دیکھا اور آئندہ بھی اس کتاب کے دیگر دلچسپ ابواب کو بالاقساط پیش کرنے کی خواہش ظاہر فرمائی۔ اس لئے ناچیز مترجم نے بامتثال امر یہ تیسری قسط پیش کرنے کی جرأت کی ہے اور اُمید کرتا ہے کہ اگلی قسطوں کی طرح یہ قسط بھی دلچسپی کی نظر سے دیکھی جائیگی فقط

اگرچہ فنِّ تربیت کی تعریف کے باب میں مختلف عقیدے ظاہر کئے گئے ہیں لیکن چونکہ ان میں کا ہر ایک، ایک خاص نقطۂ نظر سے مخصوص ہوتا ہے اس لئے یہ بات فائدے سے خالی نہیں اگر ہم ان میں کے سب سے زیادہ اہمیت رکھنے والے عقیدے پر گہری نظر ڈالیں۔

بعض حکماء کے نزدیک، تربیت مراد ہے اُن عادتوں کی تعلیم سے، جن کے ذریعہ انسان اپنے تئیں اجتماعی زندگی کے ایک مخصوص شعبہ میں داخل کرتا ہے، جس طرح، ہر قوم اور ہر ملّت کے لوگ اپنے لئے چند مخصوص آداب، عادتیں، اخلاق اور شرائط زندگی رکھتے ہیں اُسی طرح، اُن میں کا ہر ہر فرد ــــ جیسی کچھ اُس کی تعلیم ہوئی ہے۔ اپنے آپ کو اُسی قوم یا اُسی ملّت کا ایک تربیت یافتہ جزو تصور کرتا ہے۔

انہی حکماء کی نظر میں، تربیت کا مقصد ہر ایک فرد کو اپنی مکمل زندگی کے شرائط قبول کرنے کے لئے تیار کرنا ہے۔ لیکن میرے نزدیک یہ تعریف جامع نہیں ہے

کیونکہ اگر تربیت کا مقصدِ اعلیٰ کسی ایک قوم کی عادتوں اور آداب کی تعلیم ہے تو اس کام کو ہر قوم و ملت — یہاں تک کہ وحشی اقوام بھی — انجام دیتی اور اپنے افراد کو آئے دن زندگی کے آداب و شرائط سے آگاہ کرتی رہتی ہیں۔ اس صورت میں فنِ تربیت کے وجود و تسلیم کا ادعا جائز نہیں ہوتا۔ اور ہر ایک قوم کو چاہیے کہ وہ اپنے موجودہ نظامِ تربیت پر اکتفا کرلے اور اس کے تغیر و اصلاح کی فکر میں نہ پڑے؛ اسی طرح وہ تربیت جو افراد کو ساری قوم میں پسندیدہ نظروں سے دیکھے جانے کے لیے تیار کرتی ہے، اس تعریف سے خارج ہو جاتی ہے۔ یہ تعریف صرف قومی تربیت میں شامل کیجا سکتی ہے۔ ایسی صورت میں صحیح اور کامل تربیت وہ کہلاتی ہے جو قومی و نوعی پہلو لیے ہوئے ہوتی ہے۔

بعض حکماء نے یہ بھی کہا ہے کہ تربیت ایک فن ہے جو قوائے انسانی کی نشو و نما کے ذریعہ، زندگی کے مختلف ادوار میں تناسب و اعتدال قائم رکھنے کی تعلیم دیتا ہے۔ اسی تعریف کی بناء پر ہر وہ شخص جو ایسے قویٰ کا مالک ہوتا ہے (جن کی بطور تناسب یعنے بغیر افراط و تفریط کے نشو و نما ہوئی ہو) تربیت یافتہ شمار کیا جائیگا۔

یہ تعریف فنِ تربیت کی وہ اہم شرط پیش کرتی ہے جس کی غایت اصلی قوائے انسانی کی نشو و نما میں تناسب و اعتدال کا پیدا کرنا اور ان کی نگہداشت کرنا ہے۔ درحقیقت ہم یہ بات محسوس بھی کرتے ہیں کہ وہ تمام مصیبتیں، زحمتیں اور بدنصیبیاں جو آئے دن انسان کو پیش آتی ہیں محض ان کے قویٰ کے درمیان تناسب و اعتدال قائم نہ رکھنے کا باعث ہیں یعنے افراط و تفریط کا موجب ہیں؛ جس حالت میں تربیت اس کو دفع کرنا چاہتی ہے اس کے باوجود یہ تعریف فنِ تربیت کی اصلی غایت کو پیش نہیں کرتی اور نہ یہ بتلاتی ہے کہ بطور تناسب قویٰ کی پرورش کے بعد ان کو کس راہ پر لگانا چاہیے؟ مگر یہ بات جس کو ہم بیان کرنے والے ہیں کہ جہاں کسی ایک فرد کے قویٰ نے اسی طریقہ پر پرورش و ترقی پائی ہے وہ آپ ہی ان کے استعمال کا راستہ پیدا کرلیں گے۔

فلاسفہ کی ایک اور جماعت کے نزدیک، تربیت سے مراد بذریعۂ علم کے احساسات کی پرورش کرنا ہے۔ یہ تعریف بھی ناقص ہے (۱) اولاً چونکہ یہ فن ترکیب کے موضوع کے ایک ہی حصہ کو، جس سے مراد احساسات کی پرورش ہے، بیان کرتی ہے جس صورت میں کہ انسان احساساتِ محض ہی کا نام نہیں جن کی پرورش سے مراد اُس کی تربیت بھی ہو بلکہ جسمانی و دماغی قوئ بھی وجود انسانی کے عناصر میں داخل ہیں اور ان کی پرورش بھی تربیت کی اہم الاہم شرط ہے۔ (۲) ثانیاً یہ تعریف احساسات کی پرورش کا وسیلہ سمجھی گئی ہے جس کا انحصار علم پر ہے۔ درآں حالے کہ ہم نے بہتری چیزیں شعور حیوانی[1]، تقلید اور باہمی ارتباط کے ذریعہ سیکھی ہیں جن میں علم کا بہت کم عمل و دخل ہوتا ہے لیکن وہ تمام کی تمام فن تربیت کے زیر اثر ہوتی ہیں۔

عقلاء کے ایک اور گروہ کے بیان کے مُطابق، تربیت عبارت ہے ایسے اعمال کی تعلیم سے جو انسان کو اپنی مکمل زندگی سے بہرہ مند ہونے کے لئے تیار کرتی ہے۔ اس تعریف نے ایک طرف سے اعمال کو فن تربیت کا موضوع قرار دیا ہے اور اس میں قوائے معنوی اور احساساتِ روحی[2] کے لئے کوئی مقام مقرر نہیں کیا گیا؛ جس صورت میں کہ فن تربیت تنہا ہمارے اعمال کو پرورش و ترقی ہی نہیں دیتا بلکہ ہمارے دماغی اور احساسات نفس کو بھی غذا پہنچانا اور ہدایت کرنا چاہتا ہے مگر ہم یہاں یہ بات بیان کئے دیتے ہیں کہ اگر یہ قوئ اور احساسات بھی، ہمارے اعمال کے لئے، وجود خارجی پیدا کرتے رہے ہیں تو دوسری طرف سے "زندگی کامل" کی تعبیر بھی محتاج بیان ہے جو ہر شخص کی نظر میں کچھ اور ہی قسم کے شرائط رکھتی ہے۔

یونانی فلسفی، افلاطون نے (جس کا زمانہ دو ہزار تین سو برس پہلے کا ہے) فن تربیت کی اس طرح تعریف کی ہے: تربیت عبارت ہے جسم و روح کو کمال و تناسب کے بلند ترین پایہ پر پہنچانے سے۔

---

(۱) شعور حیوانی سے مراد شعور نفس ہے جو قدیم فلسفہ کی اصطلاح ہے ۱۲ (متین)
(۲) اس سے مراد احساسات نفس ہے ۱۲ (متین)

میں اس تعریف کو دوسری تمام تعریفوں سے زیادہ کامل اور موافق پاتا ہوں اس لئے کہ اس نے سب سے پہلے، جسم اور روح کو تربیت میں شامل کیا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ اس نے تربیت کی اصلی غایت اور اس کا آخری نتیجہ، انسان کے کمال و جمال کو بلا اختصاص کسی ایک ملت، کسی ایک نسل، اور کسی ایک زمانہ کے قرار دیا ہے۔

اگر ہم، بعبارت دیگر، اسی تعریف کی جو فن تربیت کے موضوع کی روشن ترین دلیل ہے تفسیر کرنا چاہیں تو یوں کہنا چاہیئے۔

"تربیت نام ہے اعضاء جسمانی، قوائے دماغی اور احساسات روحی (جسم و روح) کی پرورش کا، اس طور پر کہ وہ نوع بشر کی خوش نصیبی کا...... سرمایہ ہو"

اس تفسیر سے، اولاً، فن تربیت کی غرض معلوم ہو جاتی ہے کہ نوع انسانی کو خوش قسمت بنانا ہے اور اس کی خوش قسمتی سے مراد اس کا مطلق کمال و جمال کے درجہ کو پہنچنا ہے۔ ہم یہاں یہ بھی بیان کر دینا چاہتے ہیں کہ محض خوش قسمتی، جو افراد انسانی کے ہر ایک فرد کے شامل ہوتی ہے، خارجی وجود نہیں رکھتی؛ اس لئے کہ خوش قسمتی بھی تمام انسانی خواص و صفات کی مانند، متوارث ہوتی ہے اور ہر فرد کے لئے ایک خاص قسم کی خوش قسمتی مخصوص ہوتی ہے؛ جس طرح ایک دیہاتی کی خوش قسمتی کسی شہر نشین کی خوش نصیبی کے بغیر نہیں ہے اسی طرح ایک تندرست و عاقل آدمی کی خوش قسمتی ایک بیوقوف و بیمار آدمی کی خوش قسمتی کے جیسی نہیں ہوتی۔ لیکن، افراد انسانی کے ہر ہر فرد کی خوش نصیبیاں مجموعی حیثیت سے نوع بشر کے لئے حقیقی خوش قسمتی ہے؛ اسی طرح، کمال و جمال سے مطلق مراد افراد انسانی کے ہر ہر فرد کے جمیع کمالات و تناسبات ہیں۔

ثانیاً، تربیت کی اس تعریف و تفسیر سے درجۂ کمال و جمال پر پہنچنے کا وسیلہ بھی سمجھا جاتا ہے اور وہ اعضاء جسمانی، قوائے دماغی اور احساسات نفس کا پرورش کرنا ہے۔

اسی تعریف کی بنا پر، ہم کہتے ہیں کہ اگرچہ دنیا کی موجودہ اقوام خواہ وحشی خواہ یا متمدن، ہر ایک اپنے ارتقائی درجہ کی نسبت سے ایک نوع کی مخصوص قومی تربیت

رکھتی اور اپنے افراد کے جسم و نفس کو پرورش کرتی ہے لیکن چونکہ یہ ان کی پرورش جیسی کہ چاہیئے۔ نوع بشر کی سعادت سے متعلق خدمت انجام نہیں دیتی، اس لئے ان کی تربیت و تمدن ناقص ہے اور اصلاح و تکمیل کا محتاج نظر آتا ہے۔

مغربی متمدن قومیں بھی، باوجود ان تمام فراواں و درخشاں ترقیوں کے، جو وجود میں لائی اور لا رہی ہیں اگرچہ ان میں سے ہر ایک، ایک خاص نوعیت کی قومی تربیت رکھتی ہے لیکن، یہ تربیت و تمدن، انسانی سعادت کا ضامن نہیں اور بہتیری خامیاں رکھتا ہے، اسی وجہ سے، میں ہمیشہ کہتا رہا ہوں کہ اہل یورپ کی کورانہ تقلید ہم کو سلامت و سعادت کے ساحل پر نہ پہنچائے گی۔ اب ہمیں اس امر کی ضرورت ہے کہ ایک خاص نوعیت کے تمدن کی بنیاد رکھیں جو افراد قوم کو بنی نوع کے نجات دلانے کے لئے تربیت کرے اور یہ کھلی حقیقت ہے کہ اس مقصد کو پہنچنے کا واحد ذریعہ، قومی تربیت کا تحفظ ہے

میں یہاں اس امر کی توضیح کر دینا چاہتا ہوں، اس وجہ سے کہ میں نے اس تعریف میں وجود انسانی کو تین قسموں یعنے اعضاء جسمانی، قوائے دماغی اور احساسات روحی پر تقسیم کیا ہے۔

جاننا چاہیئے کہ ہمارا جسم، مانند ایک مشین کے ہے جو رات دن کام کرتا رہتا ہے وہ کپڑوں کی ہر ایک مشین کی مانند، مختلف حصے رکھتا ہے، اس کا ہر ہر حصہ ایک ایک کام کے لئے مقرر ہے۔ ہمارے جسم کی یہ مشین، کام کرنے کے لئے قوت محرکہ کی محتاج ہے جس سے مراد ہمارا نفس ہے۔ اسی طرح اس مشین کی چرخیوں میں سے ہر ایک چرخی دندانے اور مختلف حصے (پرزے) رکھتی ہے جو سب کے سب ایک ساتھ کام کرتے ہیں، اگر ایک ان میں سے ٹوٹ جاتا یا بگڑ جاتا ہے تو دوسرے بھی کام نہیں دے سکتے۔ اور اس طرح سے، غالباً تمام مشین کی مشین بھی بے کار ہو جاتی ہے۔ ہمارے جسم کی مشین کی بڑی سے بڑی چرخیاں تین قسم کی ہیں۔

قسم اول میں ہمارے جسم کے اعضاء ظاہری و باطنی داخل ہیں جن میں سے ہم بعض کو اپنی آنکھ سے دیکھ سکتے ہیں مثلاً۔ ہاتھ، پاؤں، آنکھ، کان وغیرہ اور بعض کو

صرف کیمیائی تحلیل یا خوردبین کے ذریعہ، خون کے اجزاء اور باریک باریک رگوں وغیرہ کو دیکھ سکتے ہیں۔

قسم دوم میں وہ قوتیں شامل ہیں جن کا مرکز دماغ ہے مثلاً: قوتِ فکر، تصور، تخیل، تعقل، ادراک، شعور، محاکمہ، حافظہ، ارادہ وغیرہ مگر یہ وہ قوتیں ہیں جو نہ تنہا آنکھ کے ذریعہ بلکہ دوربین یا خوردبین کی وساطت سے بھی دکھائی نہیں دیتیں۔

قسم سوم میں احساسات نفس شامل ہیں: علاوہ قوائے دماغی کے ہم بعض ایسے حسیات (جذبات) بھی رکھتے ہیں کہ لوگ جن کا مرکز دل کو قرار دیتے ہیں مثلاً: محبت، بغض، کینہ، خوشی، غم، امید، خوف، حسد ان کے سوا اور بھی جذبات ہیں۔ لیکن حقیقت میں ان کا مرکز بھی دماغ ہی ہے اور جب ہمارے قلب میں ان انقباضی یا انبساطی حالات کی تولید ہوتی ہے تو ہمارا قلب بھی، جو خون کے تصفیہ و تقسیم کا مرکز ہے، ان انقباضی و انبساطی اثرات کو ہمارے رخساروں پر ظاہر کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم قلب کو احساسات و جذبات کا منبع سمجھتے ہیں۔ یونانی حکیم ارسطو (جس کو معلم اول کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے) ان تمام حالات کا مرکز قلب ہی کو سمجھتا تھا اور اب تک بھی قلب "زبان شعر و ادب"، میں، احساسات کا سرچشمہ اور عشق و الہام کی جلوہ گاہ ہے۔ لیکن آج کل اس پر عقیدہ ہے کہ ان تمام حالات کا تعلق ہمارے جہاز عصبی (تہیج) سے ہے اور یہ ہمارے مراکز دماغ میں پیدا ہو کر، ہماری روح (نفس) کو متاثر کرتا ہے جن کو ہم بھی روحی و قلبی اثرات سے تعبیر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ان کا نفوذ جسم کی مشین کو حرکت دینے میں قوائے دماغی کے نفوذ سے کم نہیں۔

اب ہم اس چیز کی تربیت کا ذکر کرینگے جو ان اعضاء، قویٰ اور احساسات کو اس طور پر ترقی دیتی اور تیار کرتی ہے تاکہ وہ ہماری اور دوسروں کی خوش نصیبی کا سرمایہ بنے۔

ان اعضاء، قویٰ اور احساسات کی پرورش یعنے تربیت، دو راہیں رکھتی ہے:۔ (۱) ایک تو وہ راہ ہے جس کی طرف فطرت خود رہنمائی کرتی ہے اور خود فطرت

ہی ہماری ہی مربی (تربیت کرنے والی) ہے۔ جس وسیلہ پر اس مربی کو قدرت حاصل ہے اس سے مراد شعور نفس ہے۔ چنانچہ بچہ کے پیدا ہونے کے دن سے یہی شعور نفس اس کو تعلیم دیتا ہے کہ وہ پستان مادر کو ٹٹولے اور چوسے۔

اسی اصول کے مدِّ نظر، بچہ جوں جوں بڑا ہوتا ہے اس کے قویٰ اور حواس بھی بیدار اور بیدار ہو کر نمو پاتے ہیں اور وہ بھی تقلید اور تکرار عمل کی وساطت سے بات کرنا، راہ چلنا، پہچاننا، کھانا اور سونا وغیرہ سیکھتا ہے۔ بہرحال، اس ترتیب کے ساتھ وہ بڑا ہوتا ہے۔ اس قسم کی تربیت کو، جس کا دینے والا سوائے شعور نفس اور ذات فطرت کے کوئی دوسرا نہیں، فطری تربیت کہتے ہیں۔ نوع انسانی اور اکثر وحشی قبائل کی اوّلیں تربیت یہی ہے۔

لیکن اگر ہم اسی پرورش و بالیدگی کو ــــ درآں حالے کہ بچہ خود رو درختوں کی مانند پرورش پا رہا ہے، ــــ شعورِ حیوانی کے سپرد کریں گے اور اس کو فطرت کی روانی اور زمانہ کے انقلاب پر چھوڑیں گے تو زندگی سے جو فائدہ اور غرض کہ ہمارے پیش نظر ہوتی ہے وہ حاصل نہ ہوگی۔ اُس بچہ کا حال اُن خود رو پھولوں کی مانند ہو گا جو تنہا آغوشِ فطرت میں پلکر بڑا ہوا ہو اور کسی قسم کی آبیاری، پرداخت، اور باغبانی (ان والدین) کی طرف سے نہ ہوئی ہو۔ جیسا کہ خود آپ نے دیکھا ہو گا کہ اس قسم کے پھول بہت جلد مرجھا کر کوڑے کرکٹ اور گھاس پھونس میں پنہاں ہو جاتے ہیں اور اپنا فطری رنگ و بو بھی کھو کر بہت جلد سوکھ جاتے ہیں۔ بیڈھنگی گھاس ان کو کمزور کر کے بالیدگی سے روکتی ہے۔

یہی طور ہے بچوں کی حالت کا، اگر ہم ان کو تربیت نہ کریں اور انہیں اُن کی اپنی حالت پر چھوڑ کر فطرت کے سپرد کریں اور اگر ان کی تربیت میں کسی نوع کی تکلیف اپنے آپ پر گوارا نہ کر کے مادرِ فطرت کی تربیت پر قانع رہیں تو اُس وقت اگلے وحشی انسانوں کی حالت کی جانب، جو حیوانات کے مقابلہ میں کچھ فرق نہیں رکھتے، عود کریں گے۔ یہاں تک کہ اگر ہم ان کی تربیت کریں گے لیکن نہ صحیح طریقہ پر اور نہ فنی قواعد کے موافق، تو

اس سے ظاہر ہے کہ ہم کو اچھا نتیجہ حاصل نہ ہوگا درآں حالیکہ اپنی اور نوع انسانی کی بدنصیبی کا سرمایہ کر رہے ہوں گے یہی وجہ ہے کہ اکثر قومیں بے تربیتی اور وحشی گری کی حالت میں رہ گئی ہیں اور تربیت میں ترقی یافتہ اقوام نیز مختلف قوموں کے طبقے کے درمیان ایک دوسرے سے دور رہ کر بڑا فرق پیدا کر رہی ہیں۔

اسی خیال کے مدنظر، اس وجہ سے کہ ہم اگلے وحشی انسانوں کی حالت کی جانب نہیں عود کر سکتے اور بخلاف اس کے کہ ہم کو موجودہ حالت سے نکل کر ترقی کرنا چاہیئے۔ یہ سادہ اور فطری تربیت، ترقی کی راہیں سمجھانے اور ضروریات پوری کرنے اور ہماری زندگی کی شرطیں بجا لانے کے لئے کافی نہیں۔ اس لئے ہم پر واجب ہے کہ خود ہم قوتِ عقل اور تجربہ کے ذریعہ ایک ایسی راہ اختیار کریں جس کے ذریعہ جلد سے جلد نہایت آسانی کے ساتھ، اس مقصد پر پہنچیں اور اس راہ سے مراد تعلیم و تدریس ہے

مترجمہ ابو المحاسن محمد محسن خان متین

مدرس فارسی مدرسہ وسطانیہ مستعد پورہ

———(۰)———

مدرس کی آواز

لائق مترجم نے ذیل میں ایک امریکی ماہر تعلیم ڈیوس صاحب کی تصنیف "دی ٹیچنگ ٹیچرس پرائمر" کے ایک باب کا ترجمہ پیش کیا ہے جو بلحاظ سلاست اور برجستگی قابل تعریف ہے چونکہ یہ کتاب ایک پختہ کار مدرس نے نوآموز مدرسین کے لئے لکھی ہے اس کا لہجہ تحکمانہ ہے، ہر جگہ حکم اور ہدایات کی بھرمار ہے۔ اس استادانہ انداز تحریر کو لائق مترجم نے شروع سے آخیر تک نباہا ہے، جو یقین ہے کہ قارئین کرام کے لئے باعث لطف ہوگا۔

شریک مدیر

مدرس ہونے کی حیثیت سے تمہاری آواز قدرتاً ایک اہم شئے ہے بغیر باقاعدہ آواز کے تم ترقی نہیں کر سکتے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا تم آواز کو بہتر سے بہتر طریقے پر استعمال بھی کرتے ہو۔ کیا تم اس پر اتنی ہی توجہ کرتے ہو جتنی کہ ضرورت ہے؟ مدرس کی آواز کے متعلق جو آسان قواعد ہیں، ان کی پابندی کو حقارت سے نہ دیکھو۔ اگر تم ان کے متعلق غور کروگے اور ان پر عمل کروگے تو اپنا بہت سا وقت بچا سکوگے۔ اور تمہارے کام میں بہت کچھ آسانی پیدا ہو جائے گی۔

تمہیں آواز کی مدد سے ضبط کے قائم رکھنے میں بھی مدد ملے گی۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ تم کو سراپا گفتگو بن جانا چاہیئے۔ نہیں۔ یہ بات تو مقصد سے کہیں دور ہوگی ضرورت صرف اتنی ہے کہ جہاں تک ہو سکے بے موقع رک جانے کو، بیچ کے وقفوں کو جن میں لڑکوں کے پاس نہ کرنے کو کوئی کام ہوتا ہے نہ دیکھنے اور سننے کو کوئی چیز ہوتی ہے ٹالنا چاہیئے۔ جس وقت تم تختہ پر لکھنے میں مشغول ہوتے ہو ظاہر ہے کہ اس وقت تمہاری نظر جماعت پر نہیں رہ سکتی ایسے موقع پر چاہیئے کہ اس کا خیال رکھو کہ تمہاری پیٹھ جماعت کی طرف نہ ہو بلکہ تم کسی قدر کج کھڑے ہو۔ عادت ڈالو کہ ترچھے ہو کر

جلد اور صاف لکھ سکو۔ اگر تختے پر لکھنے میں تمہیں کچھ دیر لگتی ہو (جیسا کہ اکثر مبتدیوں کا حال ہوتا ہے) یا بہت لکھنا ہو تو چاہیئے کہ لکھتے وقت بالکل خاموش نہ رہو بلکہ کچھ بولتے رہو جو لکھ رہے ہو اسی کے بارے میں کوئی بات کہتے جاؤ۔ لفظ کی صورت یا اس کی کسی اور خصوصیت کے متعلق جماعت کو توجہ دلاؤ۔ غرض یہ ہے کہ جہاں تک ہو سکے کوئی متعلق بات کہتے رہو۔ اس طرح اور بہت سے مختلف طریقوں سے تمہیں نظر آئے گا کہ آواز کا دانشمندانہ استعمال ضبط کے قائم رکھنے میں کتنا مددیتا ہے۔

لیکن شاید اس سے زیادہ اہم آواز کا صحیح استعمال ہے۔ میں یہاں پر بچوں کی بے ہنگم آواز، ان کے گندے تنفس اور منہ کی بدنما حرکات کا ذکر نہ کروں گا۔ یہ چیزیں تو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہینگی۔ ان سے عہدہ برآ ہونے کے طریقے کسی اور جگہ بیان کئے جائیں گے۔ جو چیز بہت اہم ہے وہ مدرس کی آواز کا بجا استعمال ہے بولتے وقت، خصوصاً جبکہ بچوں کے ساتھ بات کر رہے ہو تمہیں لفظ کے آخری حرف صحیح یا جزر کو اس طرح حذف نہ کر دینا چاہیئے کہ بچے تمہاری بات کو صاف طور پر سمجھ بھی نہ سکیں۔ اس سے سوءِ فہم کا اندیشہ اور غلط خیالات پیدا ہو جانے کا احتمال ہے۔ یہ باتیں ایک مرتبہ راسخ ہونے کے بعد بڑی وقت سے دور ہوتی ہیں۔ کیونکہ عموماً بچہ پہلی مرتبہ جو بات سُن لیتا ہے اسی کو اچھی طرح یاد کر لیتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ تمہیں بولنے میں صفائی کا بہت لحاظ رکھنا چاہیئے اس بارے میں اس کا خیال رہے کہ بات۔ ٹھیک واضح اور بغیر دہرائے کہی جائے۔ لفظ کے آخر کا جزر بے کھٹک۔ صاف اور صحیح ادا ہو۔ اس خوبی کے اکتساب کے لئے سب سے پہلی ضرورت صحیح طور پر سانس لینا ہے۔ تمہیں اختیار ہے کہ سانس منہ سے لو خواہ ناک سے۔ منہ سے سانس لینے میں قباحت یہ ہے کہ ٹھنڈی ہوا منہ کے پچھلے حصے اور حلق سے ٹکراتی ہے جس سے خشکی پیدا ہوتی ہے۔ ناک سے ہوا لینے میں سانس لمبی ہوتی ہے اور گرم ہو کر اور چھَن کر اندر جاتی ہے۔

تنفس کے عمل میں دو باتیں ہوتی ہیں ایک تو سانس لینا دوسرے سانس چھوڑنا اور یہ دونوں آپ سے آپ ساتھ ساتھ جاری رہتی ہیں۔ جب تم سانس کی ریاضت

میں (جس کی پابندی ہر شخص کو روزانہ کرنی چاہیئے) مشغول ہو تو تمہیں چاہیئے کہ سانس لینے اور چھوڑنے میں نتھنوں سے کام لو۔ بولنے اور گانے میں منہ کو کھلا رکھنے اور حلق سے منہ تک کے راستہ کو بالکل کشادہ رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ آواز کے لئے کوئی رکاوٹ نہ ہو۔ آواز کو کام میں لاتے وقت بقدر امکان ناک سے سانس لیا کرو اور منہ سے سانس چھوڑا کرو۔

لیکن یہ خیال مت کرو کہ بولتے (یا گاتے) وقت سانس بھرنے سے پہلے تمہیں پھیپھڑوں کو خواہ مخواہ خالی کرنا ہی چاہیئے۔ زور دے کر سانس نہیں چھوڑنا چاہیئے کیونکہ جنجرہ اس دباؤ کی تاب نہ لا سکے گا۔ ایسے موقع پر زور دینے سے اکثر اوقات آواز خراب ہو جاتی ہے ایسی عادت سے تم اپنا لہجہ بگاڑ بیٹھو گے۔ جہاں تک ممکن ہو تھوڑی سانس سے کام لو۔ تمہیں ہلکی سانس کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے تمہیں چاہیئے کہ سیدھے کھڑے رہا کرو۔ سامنے کے ڈسک یا میز کا سہارا نہ لو تختے پر جھکنے سے بھی بچو۔ پھیپھڑوں کو ہوا سے اچھی طرح بھر لو۔ بولنے (یا گانے) میں چھوٹی سے چھوٹی سانس سے ابتدا کرو۔ ہوا کی کمی کو پورا کرتے جاؤ یعنی پھیپھڑوں کو بالکل بھرا ہوا رکھو فقروں کے آخر میں گفتگو یا گانے کے بیچ میں مناسب موقع سے تھوڑی فاضل سانس لے لیا کرو

ہرگز اس طرح سانس مت لو جسے "ہنسلی کی ہڈی سے سانس لینا" کہتے ہیں۔ یعنی ہنسلی کی ہڈی کو اٹھا کر سانس نہ بھرو۔ اس طرح کرنے میں سینہ کے نشیب کے اوپر کے حصہ کو سکوڑنا پڑتا ہے۔ حالانکہ اس کو ڈھیلا رکھنے کی ضرورت ہے۔ پیٹ بچکا کر بھی سانس نہ لیا کرو۔ سینہ کے نشیبی حصہ کو تین سمت (قطروں) میں پھیلا سکتے ہیں۔ عمودی قطر میں پیٹ کو بچکا کر آریار والے قطر میں پسلیوں کو دونوں پہلو کی جانب حرکت دے کر پیش وپس کے قطر میں پسلیوں کو آگے کی جانب حرکت دے کر۔ ان تینوں حرکتوں کے مجموعہ سے غالباً بہترین نتائج پیدا ہوں گے۔ سانس لیتے وقت نیچے کی پسلیوں کو خاص کر باہر اور اوپر کی جانب حرکت دینا چاہیئے۔ بیداری کی حالت میں اس کی مشق کرو نیند میں خود بخود عادۃً تم ایسا کرنے لگو گے۔ پھیپھڑے کی ورزش کی بھی مشق کیا کرو نشست و برخاست کے

اندازہ کا خاص طور پر خیال رکھو۔ جب آہستہ بولنے سے آسانی سے کام چل سکتا ہے اور شاید بہتر طریقے سے چل سکتا ہے تو خواہ مخواہ چیخ کر نہ بولو۔

پھیپھڑے کی ورزش پہلی اہم شئے ہے۔ اس کے بعد آواز کی ورزش کا درجہ ہے۔ منہ کو پورا کھولنے کی عادت اس طرح ڈالو کہ دانت اچھی طرح دکھائی دیں پھر ان کو چھپا لو۔ جہاں تک ہو سکے زبان کو اندر کی طرف سمیٹے رکھو۔ غرض یہ ہے کہ اپنے منہ سے بھی ڈمبل والی ریاضت کرو۔ اس کے بعد حروف صحیح خصوصاً ٹ۔ م۔ ن۔ ک۔ ج۔ پ۔ ب کا تلفظ خوب واضح طور پر ادا کرو۔ اس کے بعد مشکل الفاظ کے تلفظ کرنے کی کوشش کرو تمہیں اس کی اکثر مشق کرتے رہنا چاہیئے یہ بات ناگوار تو معلوم ہوگی بعض لوگوں کو شاید عبث بھی نظر آئے۔ لیکن تم اس سے غفلت مت برتو۔ یہ ایک اہم شئے ہے۔ اور مدرس ہونے کی حیثیت سے تمہارے سارے کام پر اس کا نمایاں اثر پڑے گا۔ جوں جوں تم اپنے کام میں ترقی کرو گے تمہیں اپنی جماعت کے خراب تلفظ کی شکایت کا زیادہ موقع ملے گا۔ ایسی حالت میں تمہیں دیکھنا چاہیئے کہ تلفظ کا جو نمونہ تم پیش کرو وہ بہتر سے بہتر ہو۔ زور سے پڑھنے اور بولنے کی مشق باقاعدہ اور مسلسل جاری رکھو۔ میں تمہیں مشورہ دوں گا کہ روزانہ زور سے پڑھنے میں کم سے کم دس منٹ صرف کرو۔ اگر کوئی شخص سننے والا اور ٹوکنے والا تمہیں مل جائے تو تمہارے لیئے اور بھی بہتر ہے۔

اپنی جماعت کے بچوں کے سامنے تمہیں اکثر قصہ گوئی بھی کرنی پڑے گی۔ ایسے موقع پر موثر قصے سنایا کرو۔ اس سے بچوں میں دلچسپی اور گرویدگی پیدا ہوگی لیکن یہ اس وقت ہو سکتا ہے جب کہ تمہاری زبان صاف اور تمہارا تلفظ صحیح ہو۔ اپنی آواز کا خیال رکھو اور صحت و اطمینان کے ساتھ صاف صاف بات کیا کرو۔ شور و غل کو اپنی آواز سے دبا دینے کی کوشش نہ کرو۔

مترجمہ

سید عبدالشکور

طلبہ کی ہڑتال

(از)

جناب ڈاکٹر جی ایس کرشنیا پروفیسر تعلیم جامعہ میسور

عام طور سے طلبار کی ہڑتال کو سیاسی ہڑتال کا ضمیمہ اور تحریک سوراج اور عدم تعاون کا نتیجہ خیال کیا جاتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ دونوں قسم کی ہڑتالیں اور سلف گورنمنٹ کے حصول کی جدوجہد اور مستقل کوششیں ایک ساتھ شروع ہوئیں۔ غالباً یہ بھی صحیح ہے کہ ابتدائی اسکولی ہڑتالیں سیاست بازوں کے اشتعال و اغوا سے ظہور میں آئیں۔ لیکن جتنا یہ غلط ہے کہ اسکولی ہڑتالیں عام ہڑتالوں کی آواز بازگشت ہیں اتنا ہی بلکہ اس سے بھی زیادہ یہ غلط ہے کہ ہر اسکولی ہڑتال کے پس پشت سیاسی ریشہ دوانیاں سرگرم عمل ہیں۔ بعد کی ہڑتالوں کا سیاست اور سوراج سے براہ راست کوئی تعلق نہیں۔ البتہ اسکولی ہڑتالیں، سوراج اور سیاسی ہڑتالوں کی طرح ان فطری احساسات و جذبات کی بیداری کا نتیجہ ہیں جو عرصہ سے خوابیدہ تھے۔ مدرسہ ایک چھوٹی سی دنیا ہے اور یہاں بھی جابر و مجبور کے دو متقابل فریق ہوتے ہیں۔ اگر ان میں اشتراک عمل اور باہمی ہمدردی نہ ہو تو تعلقات ناخوشگوار ہو جاتے ہیں اور جب معاملہ فہمی کی کوئی صورت نہیں رہتی تو مجبور طبقہ حقوق طلبی کے لئے اس آلہ حرب سے کام لیتا ہے جسے عرف عام میں ہڑتال کہتے ہیں۔ احمد آباد اور میسور کی ہڑتالیں اسی حق تلفی اور حق طلبی کی کشاکش کی مثالیں ہیں۔

ذیل کے فاضلانہ مضمون میں جامعہ میسور کے لائق پروفیسر تعلیم ڈاکٹر جی ایس کرشنیا نے ہڑتال پر نفسیاتی نقطہ نظر سے روشنی ڈالی ہے اور اس کے اسباب و علل کی صراحت کر کے جو مشورہ دیا ہے اس پر عمل کرنے سے ہڑتال کے وقوع کا امکان باقی نہیں رہتا بلکہ معمولی حالت میں بھی اس طریقہ عمل سے تعلقات معلم و متعلم میں خوشگواری کلام میں عمدگی اور خوش اسلوبی اور دلفریبی پیدا ہو جائیگی۔

مدیر

ہڑتال کے اسباب متعددہ میں سب سے زیادہ مقدم سبب یہ ہے کہ مدارس میں بچوں کے حیوانی جذبات کو کام میں نہیں لایا جاتا۔ یہی بند قوت فطرۃً کوئی نہ کوئی راستہ ڈھونڈتی ہے۔ جو نظام تعلیمی "خاموش بچوں" کو سراہتا اور "خاموش باش" کی ہمیشہ تلقین کرتا ہے اس سے یہ توقع عبث ہے کہ فاضل بخارات کے مناسب مصرف کی کوئی سبیل نکالے گا۔ اس لئے مدرسہ کے کند نظام العمل سے کونسا لڑکا گاہے گاہے بچنا نہیں چاہتا۔ ہڑتالوں کا ہونا تعجب خیز نہیں بلکہ تعجب تو یہ ہے کہ ہڑتالیں زیادہ نہیں ہوتیں۔ اگر نوعمر بچے جو عنفوان شباب کے فطری ولولوں سے لبریز ہوتے ہیں ایک دن تعطیل نہ منائیں یا کام میں ڈھیل نہ دیں یا کوئی خلاف عادت کام نہ کریں تو اُن کا یہ فعل قانون فطرت کے منافی ہوگا: امریکن طلباء کو ایک دن ایسا ملتا ہے جبکہ وہ ادباشوں کی تمثیل کرتے ہیں۔ اس دستور شکن جدت طرازی اور آزادانہ کھیل و تماشے تناؤ کو ڈھیلا کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ماہرین نفسیات بچوں کی تعلیم میں کھیل کی زیادہ ضرورت پر زور دے رہے ہیں آج کل جدید خیالات کے حامیوں کی خواہش ہے کہ معاشرتی، تعلیمی نیز جسمانی اوصاف کھیل سے حاصل کئے جائیں۔ اور اس مقصد کے لئے بازی گاہوں پر اگر پختہ کار و تجربہ کار حضرات کی نگرانی کا انتظام نہ ہو سکتا ہو تو کسی معمر طالب علم (Adults) کی نگرانی کا ہی انتظام کیا جائے۔ اس پر زور دیا جاتا ہے کہ نوعمر بچوں کو حکام کے وضع کردہ قواعد کے توڑنے کی اجازت نہ دی جائے۔ لیکن بہت کم لوگ اس پر غور کرتے ہیں کہ جب خود حکام اپنی ناممکن ضروریات کی غیر طبعی بجا آوری کے لئے خدا اور قدرت کے ہر ایک حکم کو توڑیں تو اُس وقت کیا ظہور پذیر ہونا چاہیئے۔ ہم میں سے بعض یہ بمشکل یقین کریں گے کہ مدرسے طلباء کے لئے بنائے گئے ہیں نہ کہ طلباء مدرسہ کے لئے۔

زائد مصروفیتیں کسی ممنوعہ ولولے کے لئے جو پہلا موقعہ ملے اس سے فائدہ اُٹھانے کی آمادگی کو روکنے کے لئے ضروری ہے کہ مدرسہ سے متعلق مدرسہ کے اندر اور باہر بہت سی مصروفیتیں مہیا کی جائیں۔ چونکہ روایتی نصاب تعلیم مصروفیتوں کے لئے بہت کم وقت بچا پاتا ہے۔ اور قوت و جوشش کے ہولناک ذخیرہ کو بہت کم

کام میں لایا جاتا ہے۔ اس لئے یہ مناسب ہے کہ خارج از نصاب مصروفیتوں مثلاً تفریحات، اجتماع، اسکوٹنگ، کھیل، مدرسہ کے اخبار و رسائل، ڈرامہ کلب، انجمنہائے مذاکرہ، انجمن موسیقی اور مجلس الطلبہ وغیرہ کو رواج دیا جائے۔

ایک اور سبب مستعدہ، طلباء، اساتذہ اور حکام کے درمیان ہمدردی کی کمی ہے۔ اس عدم توجہی اور سرد مہری سے قطع نظر جو اکثر اساتذہ اور حکام کے درمیان ہوتی ہے یہ کہا جا سکتا ہے کہ طالب علم کے دماغ اور فطرۃ میں وہ ادراک نہیں ہے جس سے طلبا اور دوسروں کے درمیان باہمی اخوت کا احساس پیدا ہو طالب علم کو ایسی جنس خیال کیا جاتا ہے کہ جس پر حکومت کی جانی چاہیئے اور مطیع و تابعدار رکھا جائے جب تک اساتذہ اور مدارس کے حکام اپنے سلوک اور طرز روش سے یہ نہ ظاہر کریں کہ انہیں یقین ہے کہ مدرسہ بچہ کے لئے ہے اور وہ اس تعلیم گاہ کا سبب ہے اس وقت تک بچہ اس سلوک کو جو اس کا حق ہے حاصل نہیں کر سکتا۔ انسان ہمدردی کی خواہش کرتا ہے اور چونکہ طلبا بھی انسان ہیں اس لئے وہ بھی اپنے بالادست سے ہمدردی چاہتے ہیں۔ جب وہ یہ محسوس کرنے لگتے ہیں کہ یہ حاصل نہیں ہو سکتی تو فضا ہڑتال کے امکان سے بھر جاتی ہے۔ اس نقطۂ نظر سے ہڑتال افسران بالا کی لاپرواہی اور سنگدلی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنا ہے اور برائیوں کی اصلاح کی معقول کوشش کی نہیں بلکہ ناسمجھی کی کوشش کی قابل غور مثال ہے۔ جلد نتیجہ برآمد کرنے اور معمولی اصلاح کے لحاظ سے غالباً ہڑتال کی کوشش عارضی قدر و قیمت رکھتی ہے لیکن اخلاقی حیثیت سے یہ چوہے کی اس کوشش کے مماثل ہے جو وہ پنجرے سے نکل بھاگنے کے لئے کرتا ہے جس کی اصلیت سے وہ بے خبر ہوتا ہے۔

جب ہمدردی ظہور میں نہیں آتی اور انسدادی تدابیر سے ڈرایا جاتا ہے تو ایک قدم اور آگے بڑھ جاتا ہے۔ بچپن کا جھگڑالو پن ظاہر ہوتا ہے اور وہ مقابلہ کے لئے ابھارتا ہے۔ وہ پیام جنگ قبول کر لیتا ہے اور یہ ثابت کرنے کی ضرورت محسوس کرتا ہے کہ وہ ایسا عنصر ہے جسے نہ توٹالا اور نہ ناراض کیا جا سکتا ہے بازی جیتنے کی

خواہش ہوتی ہے اور ان کو سامنے یہی کھلا رستہ نظر آتا ہے کہ وہ وہاں سے چلے جائیں کم از کم جب دباؤ سے بغاوت کا احتمال ہو تو ارباب نظم ونسق کے اختیار نیسری کو دلیری پر ترجیح دینا چاہیئے۔ بچپن اور جوانی کی نفسیات کا مطالعہ اساتذہ اور حکام دونوں کے لئے نہایت بے بہا ثابت ہوگا۔ فی الحقیقت یہ امر عجیب وغریب ہے کہ اسے اب تک ضروری خیال نہیں کیا گیا۔

مدرسہ سے محبت تیسرا سبب جس پر غور کرنے کی ضرورت ہے تعلیم گاہ سے جس سے کہ کسی طالب علم کا تعلق ہو، وفاداری کی عام کمی ہے۔ ہندوستانی مدارس اور کالجوں میں یہ کمی نمایاں ہے۔ مدرسہ سے محبت کی کمی پھوٹ ڈالنے والی اور تفرقہ انداز قوتوں کا (جو کم وبیش ہمیشہ موجود رہتی ہیں) جلد شکار ہونے کا موقع دیتی ہے۔ (محبت کے حاصل کرنے سے پہلے تعلیم گاہ میں کسی خصوصیت کا جو باعث فخر ہو، ہونا ضروری ہے اور یہ فخر اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا، جب تک وہاں ایسی اشیا موجود نہ ہوں جن پہ طلبا فخر کریں۔) عام طور پر ان کو کسی ایسے کام سے روکنے کی کوئی چیز نہیں ہے جو ان کی تعلیم گاہ کی بدنامی کا باعث ہو۔ اگر ان میں اپنی تعلیم گاہ کے نیک نام کی تعظیم وتکریم کرنے کی ذمہ داری اور فرض شناسی کا احساس پیدا کر دیا جائے اور وہ اس خیال کو آئندہ نسلوں میں زیادہ بہتر اور شریفانہ طور پر منتقل کر دیں تو بہت ممکن ہے کہ وہ ان امور سے جن کے وہ عام طور پر عادی پائے جاتے ہیں احتراز کرنے لگیں۔

اتحاد کے احساس کو ترقی دینے اور کالج کا جوش بڑھانے کے لئے کئی چیزیں سہولت سے کی جا سکتی ہیں۔ اساتذہ اور طلبا کے ہفتہ واری یا اس سے کم عرصہ کے اجتماع تو بہت بڑی بات ہیں اگر کم از کم ہر میقات کی ابتدا اور اختتام پر باقاعدہ اجتماع کا بندوبست کیا جائے تو طلبا اور اساتذہ کو باہمی تعارف کا موقعہ ملے گا اور انہیں احساس ہوگا کہ وہ ایک ہی علمی فرقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ تعلیم گاہ کی روایات اور تاریخ کے متعلق عام معلومات کا ذخیرہ طالب علم کی نوٹ بک اور ڈائری محفوظ کر دے گی۔ جھنڈیاں مخصوص جھنڈے تمغے کالج کے گیت بہت بڑے اتحادی ذرائع کا کام دیتے ہیں۔ مدرسے سے طلبا کے

تعلق کی جانب بہت کم توجہ کی گئی ہے اور اس کا حق رکھنے کی نسبت اور بھی کم۔ رجسٹر طلبائے قدیم طلبا کو اپنے مدرسہ سے اور موجودہ طلبا کو ایک دوسرے سے ارتباط رکھنے کا کام دیگا۔

مدرسہ میں طلبہ کی دلچسپی کو مدرسہ کی مصروفیتوں کے انتظامات میں کچھ حصہ دے کر بڑھایا جا سکتا ہے۔ خواہ طلبا خود اپنا ضبط قائم رکھنے کے قابل نہ ہوں لیکن وہ مدرسہ کے متعلقہ معمولی کاموں کا انتظام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں جس کسی نے کہا ہے کہ "لینے سے دینا زیادہ بہتر ہے" بہت درست کہا ہے جو طالب علم اپنا وقت اور قوت مدرسہ کے لئے صرف کرتا ہے وہ اپنے اس حصہ کے خیال سے اس کا زیادہ لحاظ رکھتا ہے۔ اگر ان مواقع کو زیادہ کیا جا سکے تاکہ زیادہ طلبا مدرسہ کے کاموں میں حصہ لے سکیں تو مدرسہ کے زیادہ دوست پیدا ہو سکیں گے۔ اور ایسی دلچسپیوں اور ذمہ داریوں سے فساد کا مسئلہ ناممکن ہو جائیگا۔ نیز یہ کہا جاتا ہے کہ دنیا میں نہایت برا اور نامعقول ضبط وہ ہے جو خوف سے قائم کیا جائے اور بہترین وہ ہے جو خود بخود پیدا ہوا اور اس لئے پیدا ہو کہ پورا گروہ اپنے دستور کو قائم رکھنے پر ناز کرتا ہے۔ قواعد وضوابط مقابلہ کے لئے بلاوا ہیں۔ تہدید، تہدید دینے والوں کی تکلیفوں میں صرف اضافہ کرتی ہے۔

مجلس نمائندگان طلبہ سے ذمہ داری کا احساس پیدا کرنے میں بہت مدد ملتی ہے۔ وہ نہ صرف مدرسہ کے انتظامات میں حصہ لینے لگتے ہیں بلکہ اپنی تکلیفات اور مسائل کے ظاہر کرنے کا جائز راستہ حاصل کرتے ہیں اگر طلبا میں یہ احساس پیدا کر دیا جائے کہ مدرسہ کی شہرت قائم کرنا اور عمدہ روایات کا بنانا ان کی مشترکہ ذمہ داری ہے تو نکتہ چینی اور عیب جویانہ اعتراضات میں بہت کمی پیدا ہو جائے گی ہمارے کالجوں اور مدرسوں نے انتظامی معاملات میں طلبا کو شریک کرنے کی کوشش نہیں کی۔ شرکت کا احساس بغاوت کے خلاف مستعد کرنا ہے۔

طلبا میں اہلیت پیدا کرنا | ایک اور قابل لحاظ مسئلہ جسے یہاں نظر انداز نہیں

کیا جا سکتا طلبا میں تاقین و تشہیر کی اہلیت پیدا کرنے کی ضرورت کا ہے۔ اس سے وہ ہر ایک عقیدہ سے متاثر ہونے سے باز رہیں گے جو ان کے سامنے آئے۔ ہماری طرز تعلیم کے نقائص میں سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ طلبا کو خود غور کرنے اور علمی اصول کا طرز اختیار کرنے کا بہت کم موقعہ دیتی ہے طلبہ کو نہ کبھی مشاہدہ کا موقعہ دیا جاتا ہے اور نہ ان کو امور مندرجہ کتب اور اساتذہ کی رایوں سے اختلاف کرنے کی ہمت دلائی جاتی ہے۔ اس وقت تک جب تک کہ طلبا میں ذاتی فراست پیدا ہو وہ ان تمام امور پر یقین کرنے کے لئے مجبور ہوتے ہیں جو وہ سنتے یا پڑھتے ہیں۔ اور وہ اکثر ان قیاسی حقائق کی بنیاد پر کام کرتے ہیں۔

جب سے کہ ہندوستان میں برطانوی طریق تعلیم کی برائیاں سمجھ میں آنے لگی ہیں ماہرین تعلیم تنقیدی طرز کو ترقی دینے کی ضرورت پر زور دے رہے ہیں لیکن یہ اس وقت تک ممکن نہ ہوگا جب تک کہ امتحانات میں کسی دوسرے شخص کی رائے یا خیالات حرف بحرف ادا کرنے سے زیادہ کا مطالبہ نہ کریں، نیز جب تک مدلل اختلافات کو نہ مانا جائے۔ جماعت میں زائد مطالعہ کو رواج دینا چاہئے۔ اور اختلافی بیانات کو وقعت نہ دینے کی بجائے ان کی خواہش کرنی چاہیئے۔ مطبوعہ صفحہ کے واجب التعظیم خیال کو ان غلطیوں اور اختلافات کو جو اخبارات، رسائل اور کتب میں اکثر پائی جاتی ہیں بتا کر کم کیا جا سکتا ہے، کیونکہ جمہوریت اور حق تو طن میں زیادتی کرنے کے لئے ایسی تنقیدی رغبت ناگزیر ہے۔ مدرسہ ہی کے ذریعہ سے خاموش غور اور مشاہدہ کی اہمیت کی تربیت دی جا سکتی ہے اور دی جانی چاہیئے۔ اور ایسی تربیت نوجوانوں کے بلا غور تجویز اور پروپاگنڈا کرنے کو ناممکن کر دے گی اور جلد بازی سے کام لینے سے جو ایسے تیز و تند نوجوانوں کا خاصہ ہوتا ہے روکے گی۔ جب تک کہ عقلی قابلیت کی مشق معاشرتی سچائی کی حد تک بلند نہ ہو، لاعلمی و جہالت کے نتیجہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے۔

مترجمہ حفیظ اللہ میر

اول مددگار مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ بلدہ

کم استعداد طلبہ کا مسئلہ نفسیاتی نقطہ نظر سے

کسی جماعت یا مدرسہ میں ایک ہی قسم یا ایک ہی ذہن کے بچے نہیں ہوتے ہیں کچھ ذہین ہوتے ہیں اور کچھ غبی۔ اور کچھ تو بالکل ہی کمزور دماغ کے ہوتے ہیں جو معمولی سی بات کو بھی نہیں سمجھتے۔ جب بچوں کی حالت میں بلحاظ ذہن اور قوت کے اس قدر اختلاف ہوتا ہے تو بھلا اندازہ کیا جائے کہ کہاں تک ہم اُن کو ایک ہی جگہ اور ایک ہی طریقہ سے تعلیم دے سکتے ہیں اسلئے ہم کو مجبوراً ان کمزور بچوں کے لئے کوئی جداگانہ طریقہ اختیار کرنا اور دورانِ تعلیم میں ان کی استعداد کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔

سب سے پہلے ہمیں بچوں کی ذہنی حالت دریافت کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ چونکہ مدرسین کو ہمیشہ چھوٹے چھوٹے بچوں سے سابقہ پڑتا ہے اور اُن کی تعلیم و ترقی کا دارومدار بھی ان ہی حضرات کی کوشش اور عمل پر موقوف ہے اس لئے مدرسین کے لئے بیحد ضروری ہے کہ بچوں کے عادات و خصائل کو پہچانیں اور ان کی عقل و ادراک کا اندازہ لگا سکیں۔ علم النفس ایک ایسا علم ہے کہ جس کے ذریعہ سے انسان کے نفسی حالات کی تشریح و توضیح کی جاسکتی ہے مگر پھر بھی کوئی ایسے اصول مرتب نہیں ہو سکتے جن سے ذہنی ارتقار کی تجزی ہو سکے اور کسی خاص شخص کے اندرونی حالات اور قلبی واردات کو بیان کیا جاسکے چونکہ ہم کو اس علم سے بھی پوری مدد نہیں ملتی لہذا ہم کو اپنے ذاتی مشاہدہ پر بھروسہ کرنا پڑتا ہے اور مجبوراً ایسی کوئی تدبیر اختیار کرنی پڑتی ہے جس سے بچوں کے عادات و خصائل اور ذہنی قابلیت کا اندازہ ہو سکے۔ ہر مدرس اپنے تجربہ کی بنا پر اس فرق کو معلوم کر سکتا ہے جو کہ ایک تیز فہم اور کند ذہن لڑکے میں ہوتا ہے۔ جب ایک لڑکا بہت جلد سبق یاد کر لیتا ہے مگر بہت جلد بھول بھی جاتا ہے تو دوسرا دیر سے یاد کرتا ہے مگر زیادہ یقین کے ساتھ۔ ایک لڑکا مستعد چالاک اور زندہ دل ہوتا ہے تو دوسرا شاید و بیا ہی غبی اور سست۔ ایک لڑکا کسی مسئلہ پر غور کرتا ہے مگر نہایت عجلت کے ساتھ اوس کے متعلق رائے قائم کر دیتا ہے تو

دوسرا لڑکا حزم و احتیاط کو کام میں لا کر پورے استقلال اور کامل غور کے بعد رائے قائم کرتا ہے۔ ایک لڑکا باوجود کوشش پیچھے رہتا ہے تو دوسرا اپنی ذہن کا پکا ہوتا ہے اور ہمیشہ اپنی ان تھک کوششوں کو جاری رکھتا ہے۔ (ایک لڑکا تیز طبیعت کا ہوتا ہے مگر دل کا شریف اور دوسروں کی حالت پر رحم کھانے والا) دوسرا لڑکا جلد غصہ میں نہیں آتا مگر بعض وقت اُس کو لوگوں پر بالکل رحم نہیں آتا۔ ایک لڑکے میں قوت کشش زیادہ ہوتی ہے اور وہ جلد ہر دل عزیزی اختیار کر لیتا ہے تو دوسرے لڑکے کو زیادہ وقت کی ضرورت ہے مگر جب وہ دوسروں کی مہربانی حاصل کر لیتا ہے تو اُس کو پھر کبھی نہیں کھوتا۔ ایک لڑکا موجودہ واقعات کو مدنظر رکھتا ہے تو دوسرا مرد عاقبت اندیش ہوتا ہے اور مستقبل کو پیش نظر رکھتا ہے۔

بچوں کی طبیعت اور ذہن تیز یا سست ہونے کے سوائے قوی یا کمزور بھی ہوتے ہیں اس بنا پر طبیعت کی چار قسمیں قرار دی گئی ہیں۔ تیز۔ افسردہ۔ جوشیلی۔ کاہل صفراوی طبیعت کے لوگ قوی اور تیز ہوتے ہیں اور یہ لوگ ظاہری واقعات کا خیال زیادہ کرتے ہیں۔ سوداوی طبیعت کے لوگ اکثر افسردہ اور غمگین اور ذکی الحس ہوتے ہیں اس قسم کی طبیعت کے لوگ جب کسی بات کا دل میں بہت دیر تک خیال کرتے رہتے ہیں تو اُن کو اُسی بات کا خیال بار بار تکلیف دیتا رہتا ہے تیسری قسم کے لوگ دَموی ہوتے ہیں۔ یہ لوگ جوشیلے۔ شوقین اور اُمیدوں سے بھرے ہوئے تو ہوتے ہیں مگر اُن کو استقلال کی ضرورت ہوتی ہے۔ چوتھی قسم میں بلغمی طبیعت کے لوگ ہیں جو کاہل ہوتے ہیں مگر طبیعت کے مستقل۔ طبیعتوں کی تقسیم اس طور پر جالینوس نے سترہ سو سال پیشتر کر دی تھی۔ ایک مدرس جو اپنے شاگردوں کی طبیعت انفرادی طور پر سمجھنے کی کوشش کرتا ہے اوس کے لئے یہ قدیم قاعدہ درحقیقت بہت کارآمد ہے۔ مگر مدرس کو نہ چاہئیے کہ بچوں کے طبائع کو بالکل اس قاعدہ کے مطابق تقسیم کرنے کی کوشش کرے کیونکہ بعض بچوں کی طبیعت ایک سے زیادہ قسم میں داخل ہو سکتی ہے۔ بعض بچوں کی ذہانت اوسط درجے سے بھی گری ہوئی ہوتی ہے جن کی حالت کو

غیر معمولی (Abnormal) کہتے ہیں۔ ان کی بھی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔ جن کے متعلق مدرسین کے لئے معلومات حاصل کرنا نہایت ضروری ہے کیونکہ کمزور لڑکے ان ہی میں سے ہوتے ہیں ہیں سب سے نیچے کے درجے میں احمق (Idiot) ہوتے ہیں۔ ان بدقسمت لڑکوں میں ذہنی قوت نہیں ہوتی۔ یہ لڑکے اپنی حالت سنبھالنے کے قابل نہیں ہوتے ان کے لئے نگرانی کی اتنی ہی سخت ضرورت ہے جتنی کہ ایک چھ ماہ کے بچے کے لئے۔ دوسرے درجہ میں ضعیف العقل شمار کئے جاتے ہیں۔ یہ لڑکے دماغ کے کمزور ہوتے ہیں۔ اگرچہ اپنی نگرانی آپ کر سکتے ہیں مگر دوسروں کے توسط سے کام نکالنا نہیں جانتے مثلاً کسی جسمانی خطرہ سے خود کو بچا سکتے ہیں مگر کسی قسم کی نوکری کرنے اور روزی کی تلاش کرنے کے قابل نہیں ہوتے اس لئے ان کو خاص نگرانی اور اعانت کی ضرورت ہے۔ تیسرے درجہ میں وہ لڑکے شامل کئے جاتے ہیں جو تعلیم حاصل کرنے کے بعد کسی کارخانہ میں نوکری کر سکتے ہیں مگر ان کی تعلیم معمولی تحتانیہ مدارس میں نہیں ہو سکتی ان کو عام طور سے کمزور دماغ کے لڑکے کہتے ہیں۔ چوتھے درجہ میں غبی اور سست لڑکے شمار کئے جاتے ہیں ان کو اوسط درجہ کے بچوں کے ساتھ تعلیم دے سکتے ہیں مگر ان کی تعلیم میں مدرسین کو بہت سخت زحمت اٹھانی پڑتی ہے اور عام طور سے مدرسین کو ایسے ہی لڑکوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ بچوں کی بہتری کے لئے اور سوسائٹی کے مفاد کا خیال کرتے ہوئے پہلے دو نوں درجہ کے بچوں کے لئے اسپیشل مدارس ہونے چاہئیں تیسرے درجہ کے بچوں کے لئے انگلستان اور جرمانیہ میں خاص طور پر انتظام کیا گیا ہے۔ ان کی آبادی دو یا ایک فیصدی ہوتی ہے ان کو خانگی زندگی کے اثرات سے دور کردینا اور اوسط درجہ کے بچوں سے ملنے جلنے سے روکنا ایک غلطی خیال کی جاتی ہے البتہ ان کو ایک چھوٹی سی علٰحدہ ٹولی میں زیادہ تر دستکاری کی تعلیم دیجاتی ہے اوسی کے ذریعہ ان کے دماغ کی ساخت کی اصلاح بھی کی جاتی ہے۔ تجربہ کار حضرات کا خیال ہے کہ اگر ان کو اچھی طرح تعلیم دی جائے تو تھوڑے ہی عرصہ میں وہ معمولی مدارس کی

شرکت کے قابل ہو جاتے ہیں گو وہ اپنے ہم عمر لڑکوں کے ساتھ نہ پڑھ سکیں اور یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ ان میں کے بعض طالب علم کوئی ایک پیشہ دستکاری کی قسم سے اختیار کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں جس میں کافی ہوشیاری اور مہارت کی ضرورت ہوتی ہے اس موقع پر نوجوان مدرسوں کو ایک مفید مشورہ دیا جا سکتا ہے کہ وہ ایسے چند بچوں کے متعلق خاص طور سے کافی معلومات پیدا کریں۔ اگر ان بچوں میں وہ ایسے ایک دو بچوں کو بھی شامل کر لیں جن میں کہ جسمانی اور ذہنی حرکات غیر معمولی نظر آئیں تو یہ بات اون کے مقصد کے لئے نہایت مفید ہے۔ مدرسین کو چاہیئے کہ اُن کی جسمانی اور ذہنی حالت اور حرکات کو نوٹ کر لیں اور اُن کے ہم عمر اوسط درجے کے لڑکوں سے جو فرق بلحاظ بصارت سماعت تنفس اور قوت میں نظر آوے اوس کو بھی نوٹ کر لیں۔ اون کی اشتہا اور نیند کے متعلق بھی اطلاع حاصل کی جائے۔ اون کی قوت توجہ۔ قوت حافظہ۔ قوت ذائقہ۔ مزاج۔ طبیعت۔ کے متعلق جو کچھ معلومات حاصل ہوں اون کو لکھ رکھے۔ اگر کوئی مدرس اس طرح تحقیقات کیا کرے اور وہ اپنے مقصد میں مستقل رہے تو یقیناً وہ چند روز میں نفس اطفال کا خاصہ مطالعہ کرنے والا مدرس بن جائے گا اور اُس کو بخوبی معلوم ہوگا کہ ہر ایک بچہ ایک علیحدہ شخصیت رکھتا ہے ایسی صورت میں مدرس کا فرض ہے کہ اون کی شخصیت کا خیال ضرور رکھے اور طریقہ تعلیم و تربیت بھی اسی لحاظ سے جداگانہ ہونا چاہیئے۔
اسی ضمن میں مدرسین کو چاہیئے کہ اپنی زندگی کے گذشتہ حالات پر جہاں تک کہ اون کا حافظہ مدد دے غور کریں بلاشبہ اون کو اپنے بچپن کی باتیں مکمل طور سے یاد نہ آسکیں گی بلکہ فرداً فرداً کچھ یاد آجائیگا اور اُس میں کچھ اون کا تجربہ بھی شامل ہو جائیگا۔ اُس کے بعد اپنے بچپن کے حالات سے موجودہ بچے کی حالت کا جو اون کے زیر تعلیم ہے مقابلہ کر کے دیکھیں اور سوچیں کہ اگر وہ بھی اس حالت میں ہوتے تو اون کے ساتھ کیا کیا جا سکتا تھا۔ اون کو اپنا وہ پچھلا زمانہ یاد کرنا چاہیئے کہ جب وہ بچے تھے تو کس طرح سوچتے تھے اور اُن کی قوت احساس کتنی تھی۔ بہر حال اس قسم کے نتائج بہت مفید ثابت ہونگے۔

ذہنی مطالعہ کے سوائے بچوں کی جسمانی حالت کا بھی معائنہ لازمی ہے۔ اُن کی عمر لکھ لی جائے۔ وزن بلندی اور سینہ کی چوڑائی بھی دیکھ لی جائے۔ اُن کی سماعت و بصارت کا امتحان کر لیا جائے۔ اون کی آنکھوں کی حرکات سے جسم کی وضع قطع سے اور تھکاوٹ سے اون میں ترقی کے معاملات کا اندازہ کر لیا جا سکتا ہے۔ مذکورہ بالا اُمور کا لحاظ کر کے سبق دیا جا سکتا ہے اور اُن کی خوراک کی مقدار نیند کی ضرورت اور تازہ ہوا کی حاجت کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ ہمارے مدرسوں میں بعض بچے آدھا پیٹ کھا کر آتے ہیں۔ لباس پورے طور سے مہیا نہیں کر سکتے۔ ایسے کمزور اور مفلس بچے خوش حال لڑکوں کی طرح ذہنی محنت نہیں کر سکتے۔ اگر ان بچوں کو ہوم ورک دیا جائے تو اون کی صحت اور بھی برباد ہو جاتی ہے۔

اس معاملہ میں ایک بڑے مدرسہ کو زیادہ مواقع حاصل ہیں بشرطیکہ وہ اس سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے کمزور طالب علم میں ایک خاص ذہنی حالت ہوتی ہے اوس کو بتدریج سکھلانے اور دیر تک تعلیم دینے کی ضرورت ہے۔ بسا اوقات اوس کو بالکل علحدہ نصاب کی ضرورت ہوتی ہے وہ تیز اور ذہین لڑکوں کے ساتھ تعلیم نہیں پا سکتا۔ اس لئے ایک بڑے مدرسہ کے مدرسین زیادہ تعداد سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں جماعت کے لڑکوں کو استعداد یا ذہنی قوت کے لحاظ سے ٹولیوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ کسی جماعت کے دو حصہ اس طرح کئے جانے چاہئیں۔ ایک حصہ ہوشیار لڑکوں کا ہو اور دوسرا کمزور لڑکوں کا۔ اس قسم کی تفریق سے تعلیم میں بہت سہولت ہوگی اور ہر قسم کے طالب علم کو مکمل طور سے فائدہ حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ اس قسم کی تقسیم کا علم لڑکوں پر ظاہر نہ ہونے پائے کہ ایک فریق کند ذہنوں (BIOCKHEADZ) کی بھی ہے۔ تفریق میں حقارت آمیزانہ طرز عمل نہ اختیار کیا جائے بلکہ ضرورت کے لحاظ سے اور لڑکوں کی بہتری تصور کی جائے۔ اس تدبیر کے ذریعے ایک بڑے مدرسہ میں مشکلات آسان ہو سکتی ہیں مگر سوال یہ ہے کہ ایک چھوٹے مدرسہ میں مدرس ان مشکلات کا سامنا کس طرح کرے؟۔ اور کس طرح کمزور اور قابل لڑکوں کا ایک ہی جماعت میں لحاظ کرے۔

عام طور سے لوگ ذہین اور تیز لڑکوں کی طرف زیادہ توجہ کرتے ہیں اور کمزور لڑکوں کی طرف سے چشم پوشی کر لی جاتی ہے صرف اس خیال سے کہ لایق لڑکوں سے اوستاد اور مدرسہ کی نیک نامی ہوتی ہے اس کے سوائے بھی یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ایسے لڑکے بہ نسبت غبی لڑکوں کے دنیا اور قوم کے کام آسکتے ہیں مگر ہم کو ایسا ظلم نہ کرنا چاہیئے بلکہ غبی لڑکوں کو بھی کارآمد بنانے کی کوشش کی جائے۔ غبی لڑکوں کی مدد کے لئے ہم کوئی خاص قاعدہ نہیں جاری کر سکتے کیونکہ اس کے متعلق قواعد کا جاری کرنا اوستاد کی سمجھ اور قابلیت پر موقوف ہے علم ریاضی میں ایک جماعت کی تقسیم ہو سکتی ہے۔ جماعت کا ایک حصہ الجبرا شروع کر سکتا ہے جبکہ دوسرے کمزور لڑکے حساب کی مشق کرتے رہیں کیونکہ اُن کو ابھی اس مضمون میں زیادہ وقت کی ضرورت ہے۔ اگر دوسرے مضامین میں اس قسم کی تفریق نہ ممکن ہو اور مشکلات پیدا ہوں تو ذہین طلبا کو زیادہ مشق کرنے کا موقع دیا جائے تاکہ لڑکے اسی کام کو کرتے رہیں اور اپنے کام میں مشغول رہیں جبکہ اوستاد کمزور طلبا کی طرف خاص توجہ کرے۔

اوستاد اپنے طریقہ تعلیم میں ایک خاص خصوصیت پیدا کر سکتا ہے جبکہ وہ ہمیشہ اپنے دل میں کمزور بچوں کا خیال رکھے گا۔ البتہ اس صورت میں بہت سے سوالات کمزور لڑکوں سے کئے جائیں گے مگر تمام سوال آسان ہوں گے۔ نئے سوال پیچیدہ باتیں اور دریافت طلب عقل لڑانے کی باتیں تیز لڑکوں سے پوچھی جائیں گی۔ ان ہی سوالات کا اعادہ غبی لڑکوں سے کرایا جائے گا۔ جو کچھ تیز لڑکے جواب دے چکے ہیں اور حل کر چکے ہیں۔ اُن ہی کا خلاصہ غبی لڑکوں سے کرایا جا سکتا ہے۔ ایک وقت سُن لینے کے بعد وہ اوس کو کس قدر آسانی سے کر سکتے ہیں۔ اوستاد کو سمجھنا چاہیئے کہ لڑکے اگرچہ جماعت میں مختلف قسم اور لیاقت کے رہتے ہیں مگر وہ سب ایک ہی مقصد رکھتے ہیں اور اون کی حالت مشترک حیثیت رکھتی ہے۔ جماعت کو ایک قسم کی اجتماعی زندگی کا شعبہ تصور کیا جائے نہ کہ انفرادی زندگی کا۔ جماعت میں نمبرات کے ذریعہ انفرادیت پیدا کرنے کے عوض اشتراکیت کا مادہ پھیلایا جائے تاکہ سب مل کر ایک دوسرے کی مدد کریں۔

اس موقع پر ڈاکٹر مونٹاسوری کے طریقۂ تعلیم کا حوالہ دینا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کیونکہ اوس کے اصول اور طریقے ابتدا ایں ناقص القویٰ بچوں کے لئے مخصوص تھے۔ ڈاکٹر مونٹاسوری ملک اطالیہ کی پہلی لیڈی ڈاکٹر تھی۔ اوس کو اپنے ملک کے پاگل خانہ میں کام کرنے کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔ اوس کو اپنے دوران ملازمت میں دیوانے اور ناقص القویٰ بچوں سے جو خاص دلچسپی ہوگئی تھی اوس کی وجہ یہ تھی کہ اولاً اوسنے اون کے عادات وحرکات اور خصوصیات کا اچھی طرح سے مطالعہ کیا تھا نیز اوس کو اُن کی تعلیم دینے کی تدابیر پر اچھی طرح غور کرنے کا موقعہ ملا تھا بالآخر وہ اس نتیجہ پر پہونچی کہ بچوں کے قویٰ کی کمزوری اور ذہنی نقص کا علاج دوا سے زیادہ تعلیم کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے۔ بشرطیکہ ایک خاص طریقہ اون کی تعلیم کے لئے اختیار کیا جائے۔ اس کے بعد اوسنے ناقص القویٰ بچوں کے لئے ایک مدرسہ کا افتتاح کیا۔ وہ اُس مدرسہ میں مخصوص طریقہ پر تعلیم دیتی تھی اور مدرسین کو بھی خاص طور سے اسی غرض کے لئے تربیت کرتی تھی اوس نے پیرس اور لندن میں جاکر اسی مسئلہ کے متعلق تجربہ حاصل کیا۔ آخر میں اوس نے اپنی محنت اور کوشش کے ذریعہ یہ رائے قائم کی کہ جن طریقوں سے کہ پاگل لڑکوں کو تعلیم دی جاتی ہے اون میں کے بعض طریقے اوسط درجے کے لڑکوں کی تعلیم میں کارآمد ہوسکتے ہیں اور معمولی تحتانی مدارس میں بھی ان طریقوں کو رواج دینا چاہیئے۔ اُس نے اس مسئلہ کے متعلق کتابیں شائع کیں اور اون کو مدارس میں جاری کردیا۔

ڈاکٹر مونٹاسوری کے خیالات فلسفیانہ نہ تھے۔ وہ تحصیل علم کا واحد ذریعہ برخلاف عام خیال کے تجربہ اور آزمائش کو خیال کرتی تھی۔ آزادی تعلیم کا نہایت اہم جزو ہے اُس کا مطمح نظر یہ تھا کہ بچوں میں جمہوری خیال کی پرورش کی جائے۔ بچہ کے نفس احساسات اور تحریکات اور اندرونی خیالات کو آزادی کے ساتھ ظاہر ہونے دیں اون کو خودمختاری دی جائے کہ وہ اپنا انتظام آپ کرسکیں۔ بغیر دوسروں کی مدد کے کام کرنے کے قابل بن جائیں جماعتوں میں پڑھنے کے لئے مجبور نہ کئے جائیں بلکہ اون کو اُن کی خواہش پر چھوڑ دیا جائے۔

ڈاکٹر مونٹاسوری کا اصول ہے کہ بچہ کا ذہن بچہ کی ذاتی سعی کے ساتھ ساتھ ترقی پائے اس غرض سے اُس نے خاص آلات تعلیمی جاری کئے ہیں جو تعداد میں ۲۶ ہوتے ہیں بچوں کو ان آلات سے خاص مشق کرنی پڑتی ہے جن کے استعمال سے بچہ اپنی غلطی آپ محسوس کرتا ہے اور درست بھی کر لیتا ہے۔ مونٹاسوری کا اصول نہیں چاہتا کہ بچوں کی قوت تحریک پر کوئی بیرونی اثر پڑے بلکہ وہ اندرونی قوتوں کو کام میں لائے۔

بعض ملکوں میں جو لڑکے ذہنی اعتبار سے کمزور ہوتے ہیں اُن کو علیحدہ طور سے تعلیم دی جاتی ہے کیونکہ اُن کو اُسی قسم کی تعلیم کی ضرورت ہوتی ہے۔ اُن کے دماغ کی ساخت ناقص ہوتی ہے ان کے دماغ کے اُس حصہ کو جس میں حرکت کرنے کا مادہ ہوتا ہے پرورش کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر اُن کو دوسرے بچوں کے ساتھ تعلیم دی جائے تو کوئی فائدہ نہیں اُن کے لئے خاص تعلیم کی ضرورت ہے جس کی ابتدا ممالک متحدہ امریکہ میں ۱۸۳۷ء میں کی گئی اور تعلیم کامیاب ثابت ہوئی۔ جرمنی میں اس قسم کے بہت سے اسکول قائم کئے گئے اور اُن میں ایک عرصہ سے دستکاری کی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

محمد صدیق

بی۔ اے۔ بی۔ ٹی

صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ مستعد پور۔

تعلیم ورزش جسمانی

نظام کالج میں ۱۸ اپریل سے ۲ مئی ۱۹۲۹ء تک تعلیم ورزش جسمانی کا ایک کلاس منعقد ہوا تھا جس میں راقم الحروف بھی شریک تھا۔ اس کلاس کی شرکت سے جو زبردست فائدہ ہم لوگوں کو ہوا ہے میں چاہتا ہوں کہ اوس سے اُن حضرات کو بھی باخبر کردوں جن کو شرکت کا موقع نہیں ملا۔

ابتدا میں تین چار روز تک تو یہ کلاس محض ڈرل ماسٹر صاحبان کے لئے مخصوص تھا لیکن ۲۲ اپریل سے مختلف مدارس کے دیگر اساتذہ بھی آنے شروع ہوگئے اور مجموعی تعداد ۱۳۳ ہوگئی۔

سب سے پہلے میں جس امر کا تذکرہ کرنا چاہتا ہوں وہ مسٹر ویبر کی شخصیت ہے ہر شخص کو ایسا ہی خوش مزاج خوش اخلاق کشادہ دل اور کشادہ دماغ ہونا ضروری ہے صاحب موصوف نے ہر وقت ہنسی مذاق سے کام لیا۔ خود بھی ہنستے رہے اور دوسروں کو بھی ہنسایا۔ دوسروں سے کام لینے کا بھی ایک خاص ملکہ ہوتا ہے جو مسٹر ویبر میں نمایاں طور پر پایا جاتا تھا۔ اگر اس قسم کا مزاج تمام اساتذہ اور ڈرل ماسٹر صاحبان کا ہو جائے تو نہ کبھی لڑکوں کو سزا دینے کی نوبت آئے اور نہ "صدر صاحب" یا "افسر متعلقہ" سے کسی قسم کی رپورٹ کرنے کی ضرورت پیش آئے۔ لڑکے ہنسی خوشی ہمارے احکام کی بھی تعمیل اسی طرح خوبی اور دلچسپی سے کریں جیسے ہم نے مسٹر ویبر کے کہنے پر عمل کیا۔ مثال کے طور پر پابندی وقت ہی کو لے لیجئے۔ ہم لوگ سب ساڑھے سات بجے سے دو چار منٹ قبل ہی موجود رہتے تھے۔ اگر کسی کو کبھی آدھے منٹ کی بھی دیر ہوگئی تو مسٹر ویبر نہایت پر مذاق لہجہ میں اوس پر آواز کس دیتے تھے۔ مذاق کا مذاق ہو جاتا تھا اور کسی کو اُن کا فقرہ ناگوار بھی نہیں گذرتا تھا۔

دوسری بات جو صاحب موصوف میں نہایت نمایاں تھی وہ احساس مساوات تھا۔ وہ اپنے اور ہمارے مابین کسی قسم کا امتیاز روا نہ رکھتے تھے۔ اکثر نکتہ چینی یا مباحثہ کے وقت ڈرل ماسٹر صاحبان نے دیگر مدرسین کی "فوقیت" کا احساس کرکے ان کی غلطیوں پر زبان نہ کھولی اور اپنی غلطیوں کو خواہ مخواہ تسلیم کرکے خاموشی اختیار کرلی حالانکہ وہ بخوبی اعتراض کا جواب دے سکتے تھے۔ مسٹر وبر نے اس قسم کے امتیاز کو مذموم اور مانع اصلاح و ترقی قرار دیا۔

مختصر یہ کہ ایسے اوصاف حمیدہ جس مدرس میں پائے جائیں گے وہ نہایت کامیاب مدرس ثابت ہوگا۔ جن حضرات میں خندہ پیشانی تحمل و برداشت خوش مذاقی اور خوش اخلاقی نہیں پائی جاتی ان کو چاہیے کہ کامیاب استاد بننے کے لئے ان اوصاف کو اپنے اندر پیدا کریں درشت خو اور سخت گیر اساتذہ کے احکام کی تعمیل بھی بچے کرتے ہیں لیکن زبردستی بخوف سزا یا بجبر و اکراہ۔

اب میں ان فوائد کا تذکرہ کرتا ہوں جو ہم کو حاصل ہوئے۔ سب سے پہلا فائدہ تو یہ ہوا کہ ہم میں سے اکثر و بیشتر جو لوگ ناواقف تھے وہ جسم انسانی کی ساخت مختلف اعضائے رئیسہ کے محل وقوع اور اوصاف و افعال مختصہ سے باخبر ہوگئے۔ متعدد رگوں اور ان کی اہمیت، دوران خون، خون کی اچھائی برائی کمی زیادتی اور کمی کے نفع و نقصان وغیرہ کا بھی علم ہوگیا۔

غذا اور ہوا کی اہمیت حالانکہ پہلے سے بھی معلوم تھی لیکن مسٹر وبر نے اپنے لکچروں میں ان کے متعلق بہت کچھ بتلایا خصوصاً غذا کے متعلق جو انہوں نے تشریح کی اور کیلوس و کیموس بنکر خون صالح پیدا ہونے کا نظام قدرتی بیان کیا وہ خالی از دلچسپی نہ تھا بلکہ ہماری معلومات میں اضافہ تھا۔ مریضان قلت دم کے متعلق خاص غذاؤں کا حال بیان کیا اور مختلف لوگوں کے لئے مختلف غذاؤں کے مفید اور مضر ہونے کی عقلی اور طبی دلیلیں بھی پیش کیں۔ کھلے مقام پر صاف ہوا میں رہنے کی تاکید کی اور لباس و مکان کی صفائی کے ساتھ طبیعت کی نفاست و ستھرائی پر زور دیا۔

ایک ضمنی فائدہ یہ بھی ہوا کہ ہم میں سے جو حضرات ذرا دن چڑھے تک سونے کے عادی تھے وہ بھی سویرے اٹھنے لگے جس سے تندرستی پر اچھا اثر پڑا۔ پھر کئی گھنٹہ کھلے میدان میں ورزش وغیرہ کرنے کی بدولت جسم میں غیر معمولی قوت اور دماغ میں ایک قسم کی تروتازگی محسوس ہونے لگی۔ دن بھر طبیعت بشاش رہتی تھی اور زیادہ کام کرنے کو دل چاہتا تھا۔ لطف یہ کہ تھکن بھی بہت کم یا قطعی محسوس نہ ہوتی تھی۔ مجھے یقین ہے کہ اگر وہ ورزشیں جو مسٹر وِبَر نے طالب علموں کے لئے بلحاظ سن و سال مقرر کر دی ہیں برابر کرائی جائیں تو بچوں کو اس سے بھی زیادہ فائدہ ہوگا جتنا ہمیں پندرہ بیس دن میں محسوس ہوا۔

آج کل مدرسوں میں جس قسم کی ڈرل رائج ہے اُس سے کسی قسم کا فائدہ نہیں۔ خیر "نہ ہونے سے ہونا بہتر ہے" اگر اس کے بجائے مسٹر وِبَر کی مقرر کردہ ورزشیں رائج ہو جائیں تو لڑکوں کو بہت زیادہ فائدہ ہوگا اُمید ہے کہ امسال مدرسوں کے نظام الاوقات میں بجائے "ڈرل" کے "فزیکل ایجوکیشن" کا ایک پیریڈ (گھنٹہ) ضرور رکھا جائیگا۔

اب میں اُن ورزشوں اور اُن کے بنیادی اصولوں کے متعلق اس موقع پر نہایت مجملاً کچھ لکھنا چاہتا ہوں۔ ہر ایک ورزش کو مسٹر وِبَر نے چار حصوں میں تقسیم کر رکھا ہے اول وہ حصہ جس میں صرف بازوں کا کام ہوتا ہے دوسرا وہ جس میں پیروں کا تیسرا وہ جس میں جسم (دھڑ) کا اور چوتھا وہ جسے بریدنگ اکسرسائز (ورزش نفس) کہتے ہیں۔

جن اصولوں پر ان ورزشوں کا دارومدار رکھا گیا ہے وہ بھی چار حصوں میں منقسم ہیں۔ جسمانی، دماغی، اخلاقی، اور روحانی۔ دماغی، اخلاقی اور روحانی حصوں کے متعلق اس وقت کچھ لکھنے کی گنجائش نہیں۔

ان کے متعلق اگر علحدہ علحدہ مضمون لکھے جائیں تو ایک زبردست کتاب بن جائے اس موقع پر صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ یہ چاروں حصے آپس میں ایک ہی ہیں ایک کی بہتری سب کی بہتری ہے اور ایک کو نقصان پہونچا تو سب متاثر ہو جاتے ہیں۔ لیکن سب پر بہتر یا بدتر اثر کرنے والا حصہ اول ہے۔ یعنی اگر جسمانی حالت اچھی ہے تو عموماً بقیہ تین حالتیں

بھی اچھی ہونگی۔ اسی طرح ضعف جسمانی عموماً اخلاقی دماغی اور روحانی ضعف کی دلیل ہے

اصول ورزش جسمانی :-

۱۔ ورزش ایسی ہونی چاہیئے جس سے تنفّس، دوران خون، تغذیہ (غذا کا صحیح ہضم ہونا اور اوس سے صحیح مقدار میں خون صالح پیدا ہونا) اور اعضائے رئیسہ کے بنیادی افعال و فرائض میں ہرج یا خلل واقع نہ ہو۔

اس کا لحاظ تمام ورزشوں میں رکھا گیا ہے کہ پھیپھڑوں پر کسی قسم کا بار نہ پڑے اور سانس کا فعل درست رہے ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان کا اندیشہ ہے۔ اسی طرح دوران خون اور تغذیہ کا لحاظ رکھا گیا ہے۔

۲۔ "ورزش کا مقصد اولین یہ ہونا چاہیئے کہ وہ جسم کی عام حالت سے متعلق ہو۔ کسی خاص حصہ جسم کو ضرورت سے زیادہ تنومند نہ بنادے"

اکثر ورزشیں ایسی ہوتی ہیں جن سے مثلاً سینہ اور بازو تو بہت نمودار ہو گئے لیکن رانیں یا پنڈلیاں سوکھ گئیں۔ اس قسم کا اندیشہ ان ورزشوں میں نہیں۔

۳۔ "ورزش محافظ صحت، مؤید معلومات، باعث تفریح اور وسیلۂ اصلاح ہونی چاہیئے"

وسیلۂ اصلاح کے متعلق یہ لکھنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ چند ورزشیں ایسی بھی ہوتی ہیں جو عیوب جسمانی کی اصلاح کرتی ہیں۔ مثلاً ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جن کے کف پا بالکل سید ہے یعنی سپاٹ ہوتے ہیں۔ اُن کو چلنے میں بھی تکلف ہوتا ہے اور جلدی تھک بھی جاتے ہیں۔ اس عیب کو رفع کرنے کے لئے دو ایک ورزشیں مقرر کی گئی ہیں جن کو "اصلاحی" ورزش کہتے ہیں۔ ایسی بھی ورزشیں ہیں جو اون لوگوں کے واسطے مخصوص ہیں جن کے سینے اندر کو دھنس گئے ہیں اور پشت اوپر کی جانب ابھر گئی ہے۔

۴۔ "ہر نقطۂ نظر سے وہی ورزش سب سے بہتر ہے جس میں کسی قسم کے ساز وسامان مثلاً "ڈمبل" یا "کلب" وغیرہ کی ضرورت نہ ہو۔ صرف ہاتھ پیروں سے کام لیا جاسکے"

سفر وغیرہ کے موقع پر اگر یہ چیزیں موجود نہ ہوں تو ورزش ہی نہیں ہو سکتی۔ ریل کے ڈبہ میں "بکدرہ" اُلٹا خطرناک بھی ہے مبادا کسی اجنبی مسافر کے سر پر لگ جائے تو نہ معلوم ورزش کنندہ کن آفتوں میں مبتلا ہو جائے۔ اس محتاجگی کو رفع کرنے کے لئے اور دیگر فوائد کے مدنظر فری ہینڈ ورزشیں بہترین قرار دی گئی ہیں۔

۵۔ "اگر جمناسٹک کا سامان استعمال کیا جائے تو اوس کا منشا یہ ہونا چاہیئے کہ ورزش کنندہ اُس کے اوپر سے کود جائے یا اوس کے اطراف پھرتی سے گھوم جائے نہ یہ کہ اُس پر تادیر مسلسل ورزش جاری رکھی جائے یا نٹوں کے سے کرتب کئے جائیں۔"

اس کا اصلی منشا یہ ہے کہ ورزش میں جو حرکت بھی ہو وہ انتہائی پھرتی کے ساتھ ہو اور جسم کے تمام اعضا کی حرکتوں میں یکسانیت اور ہم آہنگی پائی جائے۔ اس سے سارا جسم خوبصورت اور سڈول ہوتا ہے۔

۶۔ "ہاتھوں یا بازوؤں کی حرکت سب حرکتوں سے زیادہ تیزی اور پھرتی کے ساتھ ہونی چاہیئے۔ پیروں کی اوس سے ذرا کم لیکن تقریباً مساوی۔ اور صدر (سر تا کمر) کی سب سے آہستہ۔"

ان تمام حرکتوں میں ڈرل ماسٹر صاحبان کا اصرار اس امر پر ہونا چاہیئے کہ لڑکے ان کو پوری اور صحیح طور پر ادا کریں۔

۷۔ **منہیات:۔**

(ا)۔ "ایسی ورزشیں جن میں بازوؤں کے موقتی تھماؤ کے علاوہ تادیر مزید بار پڑتا رہے۔"

مثلاً "پیرلل بار" پر ہاتھوں کے بل اولٹے کھڑے ہو کر تادیر بالنس قائم رکھنے کی مشق کرنا۔ اس سے ورزش کا اصلی مقصد فوت ہو جاتا ہے اور تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ مضر بھی ہے۔

ب۔ "کسی ایک امر میں بہ ترکِ امورِ دیگر مہارت پیدا کرنا۔"

ج۔ "عرصہ تک ایسی قائمہ حالت میں رہنا جس سے گردن سے ناف تک صدر

کے اوپر غیر معمولی بار پڑے۔"

ایسی ورزش سے خصوصاً اجتناب لازم ہے جس میں سینہ اندر کی طرف کو دبے اور پشت باہر کی طرف ابھرے۔

۷۔ "شدید زور آزمائی خواہ عام ہو یا خاص۔"

مثلاً پنجہ کشی۔ موٹر روکنا۔ زنجیر توڑنا۔ بساط سے زیادہ وزن اوٹھانا۔ وغیرہ۔

۸۔ ورزش نہایت دلچسپ اور ہر لڑکے کی استعداد کے موافق ہونی چاہئیے۔"

اسی لئے بلحاظ سن یہ ورزشیں مقرر کر دی گئی ہیں۔ بچوں کے لئے جو ورزش مقرر ہے اوس میں بڑوں کو کوئی خاص دلچسپی نہیں ہو سکتی اور بڑوں کے واسطے جو ہیں وہ بچوں کی استعداد سے باہر ہیں۔ اگر کوئی جماعت ایسی ہے جس میں چند بچے ۹ یا ۱۰ سال کی عمر کے ہیں اور چند ۱۷ یا ۱۸ سال کے تو فی الوقت وہ ورزش کرانی چاہئیے جو چھوٹوں کے لئے مقرر ہے۔

۹۔ ہر ورزش کی بنیاد فطرت انسانی پر ہونی چاہئیے۔ ورزشیں ایسی ہوں جو بتدریج ایک دوسرے سے مشکل ہوتی چلی جائیں تاکہ انسان کو بتدریج فائدہ ہو۔ مثلاً دوڑنا۔ کودنا۔ پھینکنا۔ درخت وغیرہ پر چڑھنا۔ تیرنا اور مارنا چونکہ یہ سب باتیں فطرت انسانی میں داخل ہیں اس لئے بچوں کو ان میں دلچسپی ہوگی۔"

۱۰۔ "پاسچر" یعنی کھڑے ہونے اور بیٹھنے کے وقت جسم کا حقیقی پوزیشن درست ہونا چاہئیے۔"

مثلاً سینہ اندر کی طرف نہ دبے۔ پیٹ باہر کی طرف نہ نکلے۔ (صحیح قامت کے متعلق تصویر ملاحظہ ہو)

ان اصولوں پر تمام جدید ورزشیں مبنی ہیں۔ ان سے بچوں کے اعضاء و اعصاب مضبوط ہوتے ہیں ساتھ ہی دماغی ترقی ہوتی ہے جس پر ترقی عقل کا مدار ہے۔ ان ورزشوں سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

جسم بہت زیادہ تنومند نہیں بلکہ خوبصورت اور سڈول بنتا ہے۔ اور انسان کیا

صحیح قامت یہ مادہ پیدا ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو اپنے
برائے صفحہ ۴۵ ماحول کے مناسب بنا سکے اُس کا نظامِ عظمی
وعصبی مضبوط اور قد وقامت درست ہوتا ہے
دل میں مسرت اور نئی اُمنگ پیدا ہوتی ہے
اپنی طبیعت پر قابو اور بھروسہ ہو جاتا ہے ۔
حیا بلند ہستی خوش اخلاقی راست بازی ۔ مروت
بنی نوع اور احباب کے ساتھ محبت اور ہمدردی
اور ان سب سے بالاتر خدا ترسی کا مادہ دل
میں پیدا ہوتا ہے ۔

مسٹر وبر نے چند کھیلوں کے متعلق لکچر
بھی دیے اور ہمیں عملی طور پر ان کی اہمیت
کو بھی سمجھایا ۔ کئی مدرسوں سے سیکڑوں بچے
بھی نظام کالج کے میدان پر بھیجے گئے تھے
جن کو ہم نے ورزشیں بھی کرائیں اور کھیل
بھی کھلائے ۔ ان کھیلوں کی خصوصیت یہ
ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں لڑکے
شریک ہو سکتے ہیں اور انفرادی نفع ونقصان
کا گذر نہیں ۔ ان کی بدولت انسان میں
بچپنے ہی سے دوسروں کے ساتھ مل کر کام
کرنے کی قابل قدر صلاحیت پیدا ہوتی ہے ۔
لطف یہ کہ کسی وقت کوئی شخص بیکار نہیں رہتا
اور ایک منٹ کے لئے دلچسپی میں فرق
نہیں آتا ۔ ان کھیلوں کو مدرسوں میں ہاکی

فٹ بال وغیرہ کے ساتھ ضرور رائج کرنا چاہیئے۔

ہمیں روزانہ دوپہر کو فتح میدان "حمایت باغ" میں تیرنے کا بھی موقع ملا نہایت پرلطف منظر ہوتا تھا ہم میں جو لوگ تیرنا جانتے تھے وہ "نوگرفتاروں" کو سکھاتے اور خود مسٹر وبرسے اکتساب کمال کرتے تھے۔ مسٹر وبر نے ہر شخص پر توجہ کی اور چند ایسے "اناڑیوں" کو تیرنا اور غوطہ لگانا سکھادیا جو پہلے کبھی پانی میں نہ گھسے تھے۔ ان کے کمالات دیکھ دیکھ کر ہر شخص کے دل میں سیکھنے کا ولولہ موجزن ہوا۔ مختصر یہ کہ ہر شخص نے حسب استعداد کچھ نہ کچھ سیکھ ہی لیا اس فن سے واقفیت ہونا ہر شخص کے لئے ضروری ہے۔

آخر میں میرا فریضہ یہ بھی ہے کہ میں جناب سید علی اکبر صاحب اور جناب خان فضل محمد خاں صاحب کی مساعی تحریک اور عملی تائید کا تذکرہ بھی کر دوں۔ یہ دونوں حضرات اگر گہری دلچسپی نہ لیتے تو نہ یہ کلاس منعقد ہوتا اور نہ ہم لوگوں میں اس قدر جوش و خروش اور ہیجان پیدا ہوتا۔ دونوں حضرات برابر وقتاً فوقتاً تشریف لاتے رہے اور ہمارے کاموں کو دیکھ کر خوش ہوتے اور ہماری ہمت افزائی فرماتے رہے۔ مسٹر کے برنٹ پرنسپل صاحب نظام کالج بھی مستحق تذکرہ و شکریہ ہیں جنہوں نے اپنے کالج کا میدان ہمارے لئے وقف کر دیا تھا۔

سب سے آخر میں میں افسران تعلیمات سے بصد ادب ملتجی ہوں کہ ان ورزشوں کو مدارس میں رائج فرمائیں تاکہ ایک تو مسٹر وبر کی یادگار قائم ہو جائے اور دوسرے ہم لوگوں کی محنت ٹھکانے لگے۔ یعنی اس مملکت ابد مدت کے نوخیز پودوں کی آبیاری میں ہم لوگ کامیاب ہو سکیں۔ میں جناب ناظم صاحب ورزش جسمانی کی خدمت میں یہ التجا کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جس طرح اسکاوٹ ماسٹروں کی ٹریننگ کے لئے ہر سال ایک کیمپ منعقد ہوا کرتا ہے اسی طرح اس تعلیم ورزش جسمانی کا بھی کلاس ہر سال منعقد ہوا کرے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ ہر مرتبہ مسٹر وبر جیسے قابل شخص کی گراں قدر خدمات ہم دست نہ ہو سکیں گی۔ لیکن پھر بھی اس منعقدہ کلاس کے چند نفوس ایسے دستیاب ہو سکتے ہیں جو "نقل مطابق اصل" ٹریننگ دے سکتے ہیں اور یہ کچھ ہونے سے

بہتر ہے۔

خدا کرے اساتذہ اور طلبا اور ان سے زیادہ باشندگان شہر ورزش کی اہمیت کو سمجھیں۔ جو سمجھتے ہیں وہ عملی صورت میں لائیں جو عمل پیرا ہیں اون کی مساعی میں کامیابی حاصل ہو۔

سید مسعود الحسن بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی۔
مدرس سٹی کالج۔ بلدہ

رپورٹ کمیٹی تعلیم جسمانی بمدارس ثانوی احاطہ مدراس

(۲)

مدراس لیجسلیٹو کونسل کی تحریک منظورہ جنوری ۱۹۲۸ء کی بنا پر گورنمنٹ نے ذریعہ مراسلہ صیغۂ تعلیمات نشان ۱۳۱۵ مورخہ ۱۵ ؍ جنوری ۱۹۲۸ء مدارس ثانویہ میں تعلیم جسمانی پر غور کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی جن کے صدر مسٹر جسٹس ایچ۔ او۔ سی۔ بیسلے تھے۔ اس کمیٹی کے پہلے تعلیم جسمانی پر تین کمیٹیاں مقرر ہوئی تھیں۔ پہلی کمیٹی نے ۱۸۸۰ء میں مشورہ دیا تھا کہ ہفتہ میں ایک گھنٹہ تعلیم ہو اور اوقات مدرسہ کا باہر لڑکے معلم جسمانی کی نگرانی میں جس قدر چاہیں مشق کریں جمناسٹک کی ترغیب دیجائے اور ہر بچہ کو لازمی طور سے ان کسرتوں کا نصاب پورا کرنا چاہیئے اور ہر سال رجسٹر جمناسٹک میں جسمانی ترقی کا اندراج ہو۔ دو سال کے بعد تعلیمی کمیشن نے سفارش کی کہ ہر مدرسہ کے حسب حال دیسی کھیل، کرتب، ڈرل اور دوسری ورزشوں کو رواج دے کر جسمانی ترقی کو فروغ دیا جائے۔ ناظم تعلیمات کی پنجسالہ رپورٹ بابتہ ۱۹۰۱ء سے مترشح ہوتا ہے کہ ڈرل اور جمناسٹک مدارس ثانویہ میں عملاً لازمی ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ہے کہ معلمین جسمانی نے ایک ہی وقت میں کئی بچوں کو مشغول رکھنے کا سلیقہ نہیں سیکھا ہے اور جو وقت تعلیم جمناسٹک کے لئے الگ کر دیا گیا ہے اس کا صرف ایک حصہ لڑکے مشق میں صرف کرتے ہیں۔ اس میں یہ بھی تحریر ہے کہ کھیل صرف فوقانی مدارس میں کھیلے جاتے ہیں۔ دوسری

پنجسالہ رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ تعلیم جسمانی میں بہت کم ترقی ہوئی ہے۔ طلبار کا بڑا حصہ ڈرل اور جمناسٹک کلاسوں کی لازمی جسمانی تعلیم سے زیادہ فائدہ حاصل کیئے بغیر نصاب مدرسہ ختم کر لیتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ معلمین جسمانی کی کافی تعداد برسرکار رکھنا ناممکن ہے۔ دوسری رپورٹ میں درج ہے کہ جسمانی تعلیم کا کمزور پہلو یہ ہے کہ جن لڑکوں کو ورزش کی سب سے زیادہ ضرورت ہے ان کو سب سے کم موقع ملتا ہے۔ ڈرل بے جان اور لچلچی ہے اور جمناسٹک چند بچوں تک محدود ہے۔

بہرحال ۱۹۱۶ء میں سررشتہ تعلیمات کو ڈاکٹر نوہرن کی، جو تعلیم جسمانی کے خصوصی ہیں انیم وقتی خدمات حاصل ہوگئیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مدارس میں ورزش جسمانی میں بے نظیر دلچسپی پیدا ہوگئی۔ ڈاکٹر نوہرن کا کام مسٹر بک اور مسٹر انڈریو دنے جاری رکھا اور گو بہت کچھ ترقی ہوگئی ہے لیکن اب کام چلانا ناممکن نہیں معلوم ہوتا جب تک بنیادی تبدیلیاں عمل میں نہ آئیں۔

تعلیم جسمانی کے اغراض و مقاصد اس کمیٹی کے نزدیک تعلیم جسمانی کے مقاصد و اغراض یہ ہیں (۱) طلبار کی عام جسمانی حالت کو سدھارنا اور جفاکشی اور اندفاع مرض کی قوت کو بڑھانا۔

(۲) ضبط و تحمل کی تلقین کرنا۔

(۳) حقیقی کھلاڑی پن سے محبت اور ٹیم اسپرٹ پیدا کرنا۔

(۴) حفظان صحت کی تعلیم دینا۔

یہ ہر شخص تسلیم کرتا ہے کہ جسمانی ورزش افعال بدنی کو باقاعدہ رکھنے اور تندرستی قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ قدیم زمانے میں اس قسم کی ریاضت انسان کو اپنی کٹھن طرز زندگی سے حاصل ہو جاتی تھی۔ بہت سے عضلات ترقی پاتے تھے۔ اور ایک کامل نظام عصبی پیدا ہو گیا تھا جس سے عضلات اور اعضائے رئیسہ اپنے افعال صحیح طور پر انجام دیتے تھے۔ جب انسان باکار زندگی بسر کرتا ہے تو سب ٹھیک رہتا ہے، لیکن مدرسہ کے بچے مصنوعی فضامین رکھے جاتے ہیں، جہاں ان کی فعلیت محدود ہو جاتی ہے۔ اس کی

طالب کے لئے دماغی ورزش کے مقابلہ میں جسمانی ورزش کے لئے مقررہ گھنٹے الگ کر دینا ضروری ہے۔ صرف یہی ایک طریقہ ہے جس سے کمانی کند ھے، دھنسے ہوئے سینے، نکلی ہوئی تو ند، ریڑھ کے خم اور لا ابالی بے ڈھنگی چال کا، جو اسکول اور کالج کے طلباء کے امتیازی نشان ہیں، انسداد ممکن ہے۔

(۱) جسمانی تعلیم نہ صرف بہت سی خرابیاں دور کرتی ہے بلکہ سارے ڈھیر اور اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے، طاقت اور قابلیت کا احساس جو اس طرح پیدا ہوتا ہے، وہ طالب علم کو خوب تیار کرتا ہے اور قوت اور گرفت کا احساس پیدا کرتا ہے جس سے وہ دشواریوں کا مقابلہ کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

(۲) ضبط و تحمل کی قوت بڑھانے میں کھیلوں کی اہمیت بالکل ظاہر ہے۔ کھیل بچوں کو چست، دلیر اور مستقل مزاج بنا، دوسروں کے حقوق کا لحاظ اور افسروں کی اطاعت کرنا اور فتح و شکست میں مناسب اسپرٹ دکھانا، سکھاتا ہے۔ اور ان میں راست بازی اور سچا کھلاڑی پن پیدا ہوتا ہے۔ تعمیر کردار میں ان صفات کی اہمیت محتاج بیان نہیں ہے۔

(۳) ٹیم سسٹم سے مراد وہ طریقہ ہے جس کے مطابق جماعتیں ٹولیوں میں تقسیم کر دی جائیں۔ اور یہ ٹولیاں اکثر ریاضتوں اور کھیلوں میں اپنے لیڈروں کے تحت کام کریں اور کبھی کبھی دوسری ٹولیوں سے مقابلہ کریں۔

(۴) حفظان صحت کی تعلیم بچوں کو اس غرض سے دینا چاہیئے تاکہ وہ محسوس کریں کہ (الف) دماغی کارفرمائی کے لئے جسمانی صحت برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔

(ب) ریاضت کرنے اور نہ کرنے کے اثرات کیا ہوتے ہیں۔

(ج) بیماریوں کے اسباب اور انسداد کی طریقے کیا ہیں۔

(د) قوت اور نشو و نمائے جسم کے لئے کس قسم کی غذا کی ضرورت ہے اور غلط قسم کی غذا استعمال کرنے سے کیا بُرے اثرات پیدا ہوتے ہیں۔

نتائج تفتیش | اپنی تحقیق و تفتیش کے بعد کمیٹی اس نتیجہ پر پہونچی کہ تعلیم جسمانی میں حسب ذیل

نقائص ہیں :-

(۱) موجودہ معلمین جسمانی نہ تو تعلیماً اور نہ فنّاً اپنے کام کے اہل ہیں۔

(۲) تمام لڑکے تعلیم جسمانی میں کافی وقت نہیں دیتے۔

(۳) معلم جسمانی، اساتذہ، والدین اور طلباء کھیلوں کی اہمیت کو نہیں محسوس کرتے

(۴) بازیگاہیں عام طور پر ناکافی ہیں۔

(۵) اکثر لڑکے مناسب غذا نہ ملنے کی وجہ سے ناتواں ہیں۔

(۶) حفظانِ صحت کی تعلیم کا نصاب مدارس میں لحاظ نہیں کیا گیا ڈرل کلاس عام طور پر نہایت کٹھن خیال کیا جاتا ہے اور اس کلاس سے کھسک جانے کی متعدد کوششیں کی جاتی ہیں۔ اور جب لڑکے حاضر ہوتے بھی ہیں تو جس مہمل طریقے سے مشقیں کرائی جاتی ہیں ان سے کوئی فائدہ نہیں پہونچ سکتا۔ ان کلاسوں سے بیزاری کا سبب کچھ تو یہ علم ہے کہ معلم جسمانی نہایت ادنیٰ قابلیت کا آدمی ہے اور بچے ان کو حقارت سے دیکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں جب ریاضتیں ٹھیک طور سے نہیں کرائی جاتیں تو ان سے بچوں کو کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ وہ زچ ہو جاتے ہیں اور ضبط کا خیال نہیں رکھتے۔ ماسوا یہ معلم کھیلوں کی طرف ذرا بھی توجہ نہیں کرتے اور ان کی ساری کوشش جسمانی ورزشوں تک محدود رہتی ہیں۔ اس لئے کھیلوں کی شرکت ضروری نہیں کھی جاتی، اور بالکل بچوں کی خوشی پر چھوڑ دی گئی ہے۔

لیکن اگر معلمین ورزش جسمانی کھیلوں میں دلچسپی بڑھانے کی کوشش کرتے تو بھی بازیگاہوں کی عدم موجودگی کی وجہ سے وہ کچھ نہ کرسکتے۔ اس عدم موجودگی کی عمومیت کا غالباً احساس نہیں کیا گیا۔ واقعہ یہ ہے کہ اس احاطہ میں (۵۰۳) ثانوی مدارس میں سے (۷۰) میں بازیگاہ ہے ہی نہیں، (۱۷۵) کو ایک ایکڑ اور (۱۱۷) کو تین ایکڑ سے کم زمین نصیب ہے۔ اس میں شک نہیں کہ بعض جگہ خصوصاً مدراس اور دوسرے بڑے شہروں میں حسب ضرورت میدان حاصل کرنا مشکل تھا لیکن اکثر صورتوں میں بازیگاہوں کے نہ ہونے کا سبب یہ ہے کہ مدرسہ کے منتظمین اور اساتذہ کھیلوں کی اہمیت کا احساس

نہیں کرتے۔

تجاویز: ان کوتاہیوں کے مدنظر، کمیٹی حسب ذیل تجاویز پیش کرتی ہے اور اس کو یقین ہے کہ اگر ان پر عمل نہ کیا گیا تو تعلیم جسمانی میں حقیقی ترقی نہ ہوگی۔ ان سفارشوں کو پیش کرتے وقت، کمیٹی کو احساس ہے کہ ان کی بابجائی کے لئے ایک بڑی رقم کی ضرورت ہوگی۔ مگر چونکہ اس کمیٹی کو مقرر کرکے گورنمنٹ نے ثابت کیا ہے کہ وہ اس مسئلہ میں سنجیدگی اور موثر طریقہ سے ہاتھ ڈالنا چاہتی ہے اس لئے کمیٹی کو بھروسہ ہے کہ مالی لحاظات سنگ راہ نہ ہونے پائیں گے۔

(۱) جسمانی ورزش اور کھیل تمام طلباء کے واسطے لازم قرار دئے جائیں سوائے ان لڑکوں کے جن کو مدرسہ کا معالج ناقابل قرار دے۔ اور اس غرض سے گھنٹوں کی مناسب ترتیب دی جانی چاہئیے۔ جماعت چہارم سے نیچے درجہ والوں کو بڑے کھیل کھیلنے کی ضرورت نہیں۔ صدر مدرس کی اجازت بغیر تعلیم جسمانی اور کھیلوں سے غیر حاضری کو مدرسہ سے سارے دن کی غیر حاضری تصور کرنا چاہیئے۔ اب تک جسمانی ورزشوں کی تعلیم ہفتہ میں ایک بار ہوتی تھی کمیٹی کے نزدیک یہ زیادہ موثر ہوگا اگر ہر لڑکے کو ۱۵ منٹ روزانہ ورزش کرائی جائے۔ وجہ یہ ہے کہ اگر بچوں کو ہفتہ میں صرف ایک بار زیادہ دیر تک ورزش کرائی جائے تو اس سے بہت کم نفع ہوگا۔ ورزشوں کے لئے ڈاکٹر نوہرن کی کتاب بعد نظر ثانی استعمال کی جائے۔ کھیلوں کے انتخاب میں بڑی گنجائش ہے بڑے کھیلوں میں فٹ بال ہاکی کرکیٹ (ان سب کے لئے وسیع میدانوں کی ضرورت ہے) ٹانکوائٹ، لیے گراؤنڈ بال، دالی بال، باسکٹ بال اور دیسی کھیل مثلاً کوکو، چیڈو گوڈو، اٹھیا بٹھیا کھلائے جائیں۔ ان میں سے کوئی نہ کوئی کھیل کم از کم ہفتہ میں دو بار ہر لڑکے کو کھیلنا چاہئیے۔ مزید ترغیب کے لئے مشورہ دیا جاتا ہے کہ ہر مدرسہ میں ہاؤس سسٹم قائم کیا جائے۔ اس سسٹم سے اسکول کے لڑکے برابر برابر کئی ٹولیوں میں تقسیم ہوجاتے ہیں اور ان کا اپنا خاص نام اور نشان ہوتا ہے۔ یہ ٹولیاں ہر کھیل میں انٹر ہاؤس مقابلوں میں حصہ لیں اور سالانہ انعام کے لئے مقابلہ کریں۔ اس کمیٹی کی نظر میں، کسی

منڈلی کے لڑکوں کو جدا جدا مشغلہ دینا نامناسب ہے، کیوں کہ اس طرح مقاصد اجتماع فوت ہو جاتے ہیں۔

(۲) اگر کھیل لازمی قرار دئے جائیں تو بازیگاہوں اور میدانوں کا انتظام کرنا ہوگا بازیگاہیں مدرسہ سے متصل ہوں لیکن کھیل کے میدان بالعموم نصف میل سے زیادہ فاصلہ پر نہ ہوں۔ تمام مدارس فوقانیہ جن میں (۲۵۰) یا زیادہ لڑکے ہوں ان کو بازیگاہوں کے لئے کم از کم (۵) ایکڑ زمین ملنا چاہیئے۔ وسطانیہ مدارس کے لئے (۳) ایکڑ سے کم نہ ہو جہاں جہاں مدرسوں کے آس پاس بنجر زمین پڑی ہے اس کو مدارس کے استعمال کے لئے بشرط ضرورت وقف کر دینا چاہیئے۔ محکمہ صفائی، اور ڈسٹرکٹ بورڈ کو امداد دیجائے تاکہ وہ عوام کے لئے کھلے میدانوں میں بازیگاہوں کا بندوبست کر سکیں۔ گورنمنٹ کو مشورہ دینے اور موزوں میدانوں کے حصول اور ان کی تفویض میں مدد دینے کے لئے مقامی "پلے گرونڈ کمیشن" مقرر ہوں بعض مدارس کے متعلق ضرورت ہے کہ ڈرل ہال تعمیر کئے جائیں جہاں جسمانی تعلیم دی جا سکے۔ مغربی ساحل پر جہاں بارش کئی مہینے ہوتی ہے اور دوسرے مقامات پر جہاں سایہ کافی نہیں ملتا۔ ایسے ہال بیحد ضروری ہیں۔ البتہ اگر ان کی تعمیر سے میدان کے چھوٹا ہو جانے کا خوف ہو تو ہرگز تعمیر نہ کئے جائیں۔

(۳) اگر کھیل لازمی ہوں تو سامان گیم خریدنے کے لئے بہت زیادہ روپیہ کی ضرورت ہوگی۔ ان مصارف کی پابجائی کے لئے کمیٹی مندرجۂ ذیل امور پر زور دیتی ہے۔

(الف) گیم فیس کل بچوں سے وصول کرنا چاہیئے۔

(ب) جو گیم فیس طلباء اور اساتذہ سے وصول ہو وہ اور منتظمین کے عطیئے اور سرکاری امداد گیمیں سب کا سب تعلیم جسمانی اور کھیلوں پر صرف کیا جائے اور یہ رقوم ایک علیحدہ فنڈ میں جمع کی جائیں جس کا نام گیم فنڈ ہو۔

(ج) تعلیم جسمانی کے لئے سرکار سے جو امداد دی جائے وہ مجتمعہ گیم فیس سے زیادہ نہ ہو اور شرط یہ ہو کہ کسی حالت میں بھی امداد سرکار مجتمعہ فیس طلباء اور منتظمین کے عطیئے حقیقی مصارف سے زیادہ نہ ہوں۔

مدارس ثانویہ میں معلمین جسمانی کی ادنیٰ قابلیت ثانوی گریڈ کے سند یافتہ معلم کے مساوی ہونا چاہیئے جنہوں نے وائی ایم سی اے کے مدرسہ تعلیم جسمانی مدراس میں فزیکل ٹریننگ سرٹیفکیٹ لیا ہو۔ اس قابلیت کے معلمین اپنا کام زیادہ خوش اسلوبی اور کمال کے ساتھ انجام دے سکیں گے اور جماعت میں خاطر خواہ ضبط قائم رکھ سکیں گے علاوہ ازیں جب اس عمر کو پہونچیں گے جب وہ تعلیم جسمانی موثر طریقہ پر نہیں دے سکتے تو سند یافتہ مدرس ہونے کی وجہ سے وہ نصاب مدرسہ کے معمولی مضامین پڑھا سکیں گے مستثنیٰ صورت صرف اُن لوگوں کی ہوگی جن کے پاس ملیٹری فزیکل ٹریننگ انسٹرکٹرز سرٹیفکیٹ ہو ایسے لوگوں کا تقرر کیا جاسکتا ہے اگر وہ کافی تعلیمی لیاقت رکھتے ہوں اور اگر سرکار کا مشیر تعلیم جسمانی اس کو مناسب سمجھے۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ جن لوگوں کا ٹریننگ کے لئے انتخاب کیا جائے وہ کھیلوں میں مشاق ہوں۔ ٹرینڈ معلمین کی تنخواہ کا تعین دو اسکیلوں کے لحاظ سے ہوگا۔

(۱) سند یافتہ ثانوی گریڈ کے معلمین جو ایس ایل سی کامیاب ہوں [illegible]

(۱۱) سندیافتہ ثانوی گریڈ کے معلمین جو ایف اے یا اعلیٰ اسناد رکھتے ہوں۔ [illegible]

جن مدارس میں ۲۰۰ یا اس سے کم طلبا ہوں وہاں کم از کم ایک معلم ورزش جسمانی ہونا چاہیئے اور اگر تعداد ۲۰۰ سے اوپر ہو تو ایک سے زیادہ۔ جن مدارس میں ہزار یا ہزار سے زیادہ طلبا ہوں وہاں ایک ناظم جسمانی بھی ہو جو فزیکل ٹریننگ ڈپلوما کے ساتھ ایل ٹی یا بی ایڈ کامیاب ہو ان سفارشوں سے لازماً مدارس پر مزید مصارف عائد ہوں گے اور زائد صرفہ کو پورا کرنے کی تین صورتیں ہیں۔

(الف) اُجرت تعلیم میں اضافہ۔

(ب) اُجرت تعلیم میں تھوڑا اضافہ اور امداد سرکار۔

(ج) امداد سرکار بلا اجرت تعلیم میں اضافہ کئے بغیر۔

چونکہ مناسب قابلیت کے لوگوں کی کافی تعداد دستیاب ہونے میں عرصہ لگے گا اس لئے آخری طریقہ بہترین ہے۔

(۵) آٹھ سال سے وائی ایم۔ اسی۔ اے کا مدرسہ تعلیم جسمانی معلمین ورزش جسمانی اور نظمائے جسمانی کی تعلیم انجام دے رہا ہے۔ لیکن یہاں جو لوگ تعلیم پاتے ہیں ان میں سے اکثر ہندوستان کے دوسرے حصوں سے آتے ہیں اور ان سے اس احاطہ کو کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا۔ لیکن آئندہ اگر معلمین ورزش جسمانی کی یافت میں حسب تجویز اضافہ کیا جائے تو ٹریننگ کے لئے زیادہ اُمیدوار ملیں گے اور یہ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ مدرسہ تعلیم جسمانی موقوعہ مدراس میں توسیع کی جائے اور اس غرض کے لئے گورنمنٹ غیر متوالی رقم منظور کرے۔ اب تک گورنمنٹ نے مدرسہ کے مصارف میں کوئی امداد نہیں کی لیکن اگر مستقبل میں اس اسکول کو احاطۂ مدراس کے لئے ٹریننگ اسکول بنانا مقصود ہے تو اس صوبہ کے طلباء کی اُجرت تعلیم یا مارفی کس سالانہ گورنمنٹ کو ادا کرنا چاہیئے دوسرے ٹریننگ اسکولوں اور کالجوں میں طلباء زیر ٹریننگ کو وظائف دئے جاتے ہیں اس وجہ سے کہ آئندہ معلمین مدارس کے لئے ضروری ہیں اس اصول پر یہ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ جو طلباء اس مدرسہ میں زیر ٹریننگ ہوں ان کو (عـــہ) ماہانہ وظیفہ اس خیال سے دیا جائے کہ مدراس میں مصارف زندگی زیادہ ہیں اور اس لئے کہ ان کو بہت سخت کام کرنا ہوتا ہے۔

(۶) تعلیم جسمانی کی اہمیت اور ٹریننگ کالجوں اور اسکولوں میں اساتذہ کو صحیح طریقہ تعلیم جسمانی سکھانے کی ضرورت کے خیال سے یہ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ گورنمنٹ ٹریننگ کالج سیدا پیٹ اور راج مہندری میں اور دوسرے ثانوی ٹریننگ اسکولوں میں ایک ایک ناظم جسمانی کا تقرر کیا جائے۔ یہ کمیٹی یہ بھی سفارش کرتی ہے کہ چند چند ضلعوں کو ملا کر حلقے بنائے جائیں اور ان حلقوں میں تعلیم جسمانی کی نگرانی نظمائے جسمانی کے تفویض ہو فی الحال پورے احاطہ کے لئے صرف ایک ناظم جسمانی ہے۔ کمیٹی کی رائے ہے کہ کم از کم پانچ یا چھ ہوں نظمائے جسمانی کے متعلق کمیٹی کا مشورہ ہے کہ ان کو ایل۔ ٹی کا گریڈ اور (۷۵عـــہ) ماہانہ الاونس دیا جائے۔

(۷) کمیٹی کے نزدیک تعلیم صحت جسمانی تعلیم کا ضروری جزو ہے۔ اور یہ تعلیم اوقات مدرسہ میں معلم جسمانی اور دوسرے اساتذہ دیں اور یہ مضمون نصاب مدرسہ کے مضامین میں شریک ہو۔ کمیٹی محسوس کرتی ہے کہ جب تک جسمانی تعلیم ثانوی اسکول لیونگ سرٹیفکٹ اور یوروپین اسکول لیونگ سرٹیفکٹ کی اسکیموں میں (الف) گروپ کے مضامین میں شمار نہ ہو اس وقت تک اس پر کافی لحاظ نہ ہوگا۔ اور اس بنا پر کمیٹی تجویز کرتی ہے کہ ثانوی اسکول لیونگ سرٹیفکٹ اور یوروپین اسکول لیونگ سرٹیفکٹ بورڈ غور کریں آیا تخفیف نصاب ضروری ہے۔

تمام مدرسین کو چاہیئے کہ لڑکوں کی نشست اور جماعت کے عام ضبط پر خاص توجہ کریں۔ اسکول فرنیچر کی وضع میں اصلاح کی ضرورت معلوم ہوتی ہے!

کمیٹی خیال کرتی ہے کہ حفظانی وجوہ سے ضروری ہے کہ بچوں کے پاس ورزش کے بعد بدلنے کے لئے پورے جوڑے ہوں۔ یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ ورزش کرتے وقت بنیائن اور نکر (جانگھی) استعمال کی جائے۔

(۸) طبی معائنہ کا جسمانی تعلیم سے قریبی تعلق ہے۔ اور یہ نہایت ضروری ہے کہ طبی افسر مدارس کے حفظانی حالات اور صفائی پر سختی سے نگاہ رکھے تدارکی ورزشین کثرت سے سکھانے کی ضرورت ہے کیونکہ مدرسہ کے بچے بسا اوقات ایسے کمروں میں بند رہتے ہیں جن میں کافی ہوا اور روشنی نہیں آتی اور ایسا فرنیچر استعمال کرتے ہیں جو قطعی ناموزوں ہوتا ہے۔

طبی افسر اور معلم جسمانی کے مابین انتہائی اتحاد عمل ہونا چاہیئے اور کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں مدرسہ کے بچوں کے لئے خاص شعبے کھولے جائیں جہاں افسر طبی کے سفارش کردہ لڑکوں پر خاص توجہ ہو اور ان کا علاج مفت کیا جائے۔

کمیٹی کی رائے ہے کہ بہت سے طلباء ایسے ہیں جن کے لئے سال میں ایک بار معائنہ طبی کافی نہیں ہے کیوں کہ ان پر سخت نگرانی رکھنے اور ان کا کئی بار امتحان کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس غرض سے ہر افسر طبی کو الاؤنس دینا چاہیئے تاکہ سال میں

جب کبھی ضرورت ہو تو خاص مریضوں کو دیکھنے کے لئے وہ بلایا جا سکے اس الاؤنس کی مقدار امتحان شدہ بچوں کی تعداد کے لحاظ سے ہو۔ یہ بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ طبی فیس کا جو اسکیل مقرر ہے اس میں معتد بہ اضافہ کیا جائے۔

(۹) جس عنوان پر کمیٹی کوئی موافق سفارش کرنے سے قاصر ہے وہ جمنیزیم کا مسئلہ ہے۔ گو ٹرینڈ معلمین کی نگرانی میں آلات جمناسٹک کے استعمال سے عضلات اور حسّی توازن کی ترقی میں بلاشبہ بہت مدد ملتی ہے لیکن ان آلات کی گراں قیمتی کے خیال سے اور اس خیال سے کہ بالعموم ان کا استعمال بہت کم ہوتا ہے اور نیز اس خیال سے کہ دوسرے اہم کاموں کے لئے بڑی رقمیں درکار ہیں۔ یہ کمیٹی جمنیزیم اور آلات جمناسٹک کے لئے سرکاری امداد کی حامی نہیں ہے۔

شذرات

(۱)

یوم المحمود عبدالسلام صاحب معتمد انجمن عثمانیہ و دارالمطالعہ محمودیہ بیدر شریف اطلاع دیتے ہیں کہ جناب محمد سجاد مرزا صاحب ایم اے کی تحریک پر خواجہ جہاں عماد الدین محمود گاواں بانی مدرسہ محمودیہ بیدر کی شہادت کے دن بتاریخ ۵ شہریور ۱۳۳۸ف روز جمعہ مدرسہ محمودیہ میں "یوم المحمود" منایا جائے گا۔ اس کے ساتھ بیدر سے متعلق علمی، تاریخی، جغرافی اور سوانحی مطبوعات کی نمائش بھی ہوگی۔

بتوں کے بندے اس کتھرائن میو مصنفہ "مادر ہند" نے ہندی طریق معاشرت پر دوسرا وار کیا ہے اور سابقہ نہج پر ایک دوسری کتاب لکھی ہے اس کتاب کا نام "بتوں کے بندے" رکھا ہے۔ اور اس کے (۳۳۷) صفحوں میں چھوٹے چھوٹے دلکش قصوں کی شکل میں ہندی معاشرت کے مختلف پہلوؤں مثلاً کم سنی کی شادی، دختر کشی، بیوگی، گاؤ پرستی، دیوداسی، کی تصویر کھینچی ہے مس میو کا انداز تحریر نہایت دلاویز ہے اور اس کتاب کا اسلوب بیان تو بالکل سحر آفرین ہے لیکن نفس تحریر کے متعلق دو باتیں خاص کر

قابل اعتراض ہیں۔ اولاً گو مصنف نے ہر باب کے آخر میں ہندوستانی لیڈروں کے اقوال نقل کئے ہیں لیکن اصل مضمون کے ماخذوں کا حوالہ نہیں دیا۔ دوسرے اگر متذکرہ واقعات مصدقہ ہوں تو بھی جز و کا اطلاق کل پر ناجائز ہے۔ اس کے علاوہ یہ عجیب بات ہے کہ مس صاحبہ کو ہندوستان میں کوئی اچھی بات نظر نہ آئی۔ بہرحال اگر انہوں نے ہندو استریوں کی دوستی و ہمدردی سے یہ دونوں کتابیں لکھی ہیں، جیسا کہ خود ان کا بیان ہے تو یہ اظہار محبت کی نرالی ادا ہے اور اگر ہندوستان کو بدنام کرنے کے خیال سے خامہ فرسائی کی ہے تو شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ ع عدو شرے برانگیزد کہ خیر ما در و باشد۔

کتخدا طلبہ پنجاب یونیورسٹی تجویز کر رہی ہے کہ امتحان میٹریکولیشن میں کوئی کتخدا طالب علم جس کی عمر (۱۸) سال سے کم ہو، سرکاری طور سے شریک نہ کیا جائے البتہ ان کو خانگی طور سے شرکت کی اجازت دیدی جائے۔ لیکن فورمن کالج لاہور نے بد قسمتی فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ ۱۹۲۹ء سے ایف اے میں کسی شادی شدہ طالب علم کی شرکت روا نہ رکھے گا۔

بحری تعلیم یکم دسمبر ۱۹۲۷ء کو حکومت ہند نے ہندوستانی نوجوانوں کو جو تجارتی جہازوں میں ملازمت کرنا چاہتے ہیں، ابتدائی تعلیم دینے کے لئے انڈین مرکنٹائل مرین ٹریننگ شپ "ڈفرن" مقرر کیا۔ یہ بحری تعلیم تختہ جہاز پر دیجائیگی جو بندرگاہ بمبئی میں لنگر انداز ہے۔ مدت تعلیم ۳ سال کی ہوگی۔ اور ہر سال کو ۳ میقات میں تقسیم کیا جائیگا۔ پہلی میقات ۱۵ جنوری تا ۳۰ مارچ دوسری میقات یکم اپریل تا ۱۵ جون تیسری میقات ۱۵ ستمبر تا ۱۵ دسمبر۔ ماہانہ فیس (صہ) کلدار ہوگی اور ہر میقات کی پیشگی فیس یکمشت دینی ہوگی چند لڑکوں کو (عہ) ماہوار وظیفے دئے جائیں گے۔ تعلیم اور کار آموزی کے بعد تنخواہیں (اصہ سے الے) تک مل سکیں گی۔ جملہ درخواستیں معتمد مجلس انتظامی، تعلیمی جہاز ڈفرن، منزگون بار، بمبئی نمبر ۱ کے پتہ پر بھیجی جائیں۔

گانیوالا کتا فیلو نامی کتے کی سمجھداری اور علمی لیاقت کا ذکر کسی سابقہ اشاعت میں کیا جاچکا ہے۔ حالانکہ فیلو تعمیل احکام میں سر مو فرق نہیں کرتا تھا لیکن اکثر ماہرین

نفسیات کو انکار تھا کہ فیلو درحقیقت الفاظ کے معنی سمجھتا ہے انہوں نے نفسیات کلبی پر بحث و مباحثہ کے بعد فیصلہ کیا کہ فیلو صرف اٹکل سے آواز کا منشا سمجھ لیتا ہے اور اس نے خاص جملوں اور ان کے مفہوم میں ربط پیدا کر لیا ہے اور بس۔ لیکن ایک دوسرا کتا جس کا نام " رُشی " ہے معرض عام پر آیا ہے جس کے مالک مسٹر مارک شلر ہیں یہ کتا بھی جرمن گلہ بان نسل کا ہے اور یہ نہ صرف الفاظ اور جملوں کا مفہوم سمجھ لیتا ہے، بلکہ بولتا بھی ہے اور صاف لہجے میں (ماما) کہتا ہے اور طرہ یہ ہے کہ مدہ بھرے دھیمے سروں میں " پادشاہم زندہ باد " کا قومی ترانہ الاپتا ہے۔ وہ انگریزی اور جرمن دونوں زبانوں میں گفتگو سمجھتا ہے وہ اپنا گلا صاف کرتا اور رقاب کا انتظار کرتا ہے اور جب اس کا آقا راگ نکالتا ہے تو رُشی بھی گلا ملاتا ہے۔ ایک پرانے جرمن گیت میں تو وہ اپنے مالک پر بھی سبقت لے جاتا ہے رُشی کی آواز کتے کی بھونک سے بالکل ممتاز ہے اور اس میں کوئی غلط سر نہیں ہوتا ہے یہ کتا نہ تو نمائشی کتا ہے اور نہ اس کو باضابطہ تعلیم دی گئی ہے۔ صرف اس کے مالک اور مالکہ نے اس پر شفقت کی اور بچوں کی جیسی دیکھ بھال کی۔ رُشی کی زندگی نہایت سبق آموز ہے۔ ایک طرف تو مدرسین کو سبق ملتا ہے کہ اگر وہ بچوں سے جو کتے سے کہیں زیادہ سمجھدار اور تاثر پذیر ہوتے ہیں محبت و شفقت کے ساتھ پیش آئیں تو بہت زیادہ مفید نتیجے نکلیں گے۔ دوسری طرف کشافوں کے لئے مثال عبرت ہے جو اپنی خداداد قوت نطق و تکلم کے ہوتے ہوئے جانوروں کی بولیاں بولنے میں فخر سمجھتے ہیں۔ ڈارون نے ارتقا کے نشہ میں انحطاط کو فراموش کر دیا البتہ سعدیؒ نے پہلے ہی واضح کر دیا تھا کہ

پسر نوح بابدان نشست خاندان نبوتش گم شد
سگ اصحاب کہف روزے چند پئے انسان گرفت مردم شد

رہنما کتے ہندوستان کے شہروں میں یہ منظر عام ہے کہ اندھے چھوٹے بچوں یا ہٹے کٹے نوجوانوں کا ہاتھ تھامے در بدر بھیک مانگتے پھرتے ہیں حالانکہ دوسرے ترقی یافتہ ملکوں نے اندھوں کو بھی کام میں لگا دیا ہے اور وہ نہ صرف کوچہ گردی کی مصیبت اور دست سوال پھیلانے کی ذلت سے محفوظ ہیں بلکہ قوم ان اپاہجوں کے

بارے بھی سبکدوش ہوگئی ہے چنانچہ امریکہ میں ایک اندھی عورت اندھے بچوں کا اخبار نکالتی ہے اور سارا کام خود کرتی ہے جس سے اُس کی معقول آمدنی ہوتی ہے اگر صرف اندھوں کی ذات کا معاملہ ہوتا تو اتنا بُرا نہ تھا۔ لیکن یہاں کے اندھے جن لڑکوں کو ساتھ رکھتے ہیں وہ بچپنے ہی سے کاہل اور بھیک مانگنے کے عادی ہو جاتے ہیں۔ نیز جو نوجوان اندھوں کی رہنمائی کرتے پھرتے ہیں اگر وہ اس کام سے بچ جائیں تو دوسری خدمتیں انجام دے سکتے ہیں ورنہ ملک پر ایک اندھے کی وجہ سے دو آدمیوں کا بار پڑتا ہے۔ امریکہ میں نوجوان آنکھ والوں کو اس کام سے بچانے کے لیے، اندھوں کی رہنمائی کے واسطے کتوں کو تربیت دی گئی ہے۔ یہ کتے سدھنے کے بعد، اندھے آدمیوں کی رہبری نہایت ہوشیاری سے کرتے ہیں اور انسان رہبروں سے زیادہ مفید ثابت ہوتے ہیں۔

لڑکوں اور لڑکیوں کی یکجا تعلیم ہندوستان میں صرف دیشوا بھارتی ہی ایسی جگہ ہے جہاں ہندوستانی لڑکوں اور لڑکیوں کو اکٹھا تعلیم دی جاتی ہے اور دونوں صنف کے طالب علم ایک اقامتی ادارہ میں رہتے سہتے اور پڑھتے لکھتے ہیں۔

مُسلمان لڑکیوں کی جبری تعلیم بلدیہ بمبئی نے گورنر اِن کونسل کی سابقہ اجازت سے حسب دفعہ (۲) بمبئی ابتدائی تعلیم ایکٹ ۱۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء اعلان کردیا ہے کہ یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء سے ملقے (الف) اور (جی) میں ۶ تا ۱۰ سال عمر کی مسلمان لڑکیوں کی ابتدائی تعلیم جبری ہوگی۔

اردو رسم الخط کا مستقبل۔ کہا جاتا ہے کہ حکومت ہند نے صوبجات کی حکومتوں سے استمزاج کیا ہے آیا نستعلیق رسم الخط کو رومی رسم الخط سے بدلنا ممکن ہے یہ ابھی تک معلوم نہیں ہوا کہ جواب کیا دیا گیا یا اس تغیر و تبدل کا حقیقی سبب کیا ہے ممکن ہے کہ ترکی میں مصطفٰے کمال پاشاہ نے عربی کی جگہ لاطینی حروف کے استعمال کا جو حکم عام دیا ہے یہ اسی کی گونج ہو۔ سبب کچھ بھی ہو لیکن اس تجویز میں دشمنان اردو کا ہاتھ ضرور ہے۔ مارچ سنہ ۱۹۱۲ء میں بھی، در نیکولر اسکیم کمیٹی میں نستعلیق کو ناگری اکثر سے

بدلنے کی زد در وار کوشش ہوئی لیکن خدا بخشے مولانا شبلی کو جن کی یاد داشت کی بدولت "اردو ناگری کی حالت میں آنے سے رک گئی"، غریب ناگری کی گرفت سے نکل کر لاطینی کی زد میں آرہی ہے۔

اردو کا ماضی تو خیر سے گذر گیا لیکن اس کا مستقبل معرض خطر میں ہے ؎
ایک آفت سے تو مر مر کے ہوا تھا جینا
پڑ گئی اور یہ کیسی مرے اللہ نئی

دو دل والا آدمی کسی شاعر نے کہا ہے ؎
ہم معتقد دعویٰ باطل نہیں ہوتے
سینے میں کسی شخص کے دو دل نہیں ہوتے

لیکن نیویارک کا اخبار "نیشن"، دعویٰ کرتا ہے کہ امریکہ میں ایک شخص ہے جس کے سینہ میں دو دل ہیں۔ شاید یہ مستثنیٰ صورت کلیہ کے ثبوت کے لئے ہو۔

اجتماع اسکوٹس مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ بتاریخ ۱۴ اردی بہشت ۱۳۳۸ف مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ میں اسکوٹس کا بڑا اجتماع ہوا۔ اس جلسہ کے لئے عمارت مدرسہ کے پہلو میں ایک وسیع میدان کو ہموار اور رسوں سے محصور کر کے کئی خیمے لگائے گئے تھے۔ خیموں کے سامنے کرسیوں کی نشست کا عمدہ انتظام تھا اور اندر مہمانوں کی لذت کام و دہن کے لئے شیرینی و فواکہ و برف سوڈے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ مہمانوں کی سامعہ نوازی کے لئے فوجی بنڈ خیموں کے بازو میں سرگرم نغمہ سنجی تھا۔ تمام میدان جھنڈیوں اور بیرقوں سے آراستہ ہو کر عجیب نظر فریب سماں پیش کر رہا تھا۔ چار بجے سے اسکاوٹ ٹروپ اور مہمان آنا شروع ہوئے۔ ٹھیک ساڑے چار بجے صدر جلسہ جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے (کنٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ تشریف لائے۔ صاحب صدر کے آتے ہی اسپورٹس شروع ہوئے جن کے اختتام پر صدر جلسہ نے جیتنے والوں کو متعدد انعامات از طرف محمد علی شریف صاحب مہتمم آبکاری عثمان آباد تقسیم کئے گئے۔ مدرسہ ہذا کے سلامت ٹروپ کو بھی جناب مولوی ابو بکر خاں صاحب مددگار دار الترجمہ کی جانب سے ایک کپ مرحمت ہوا۔ تقسیم انعامات کے بعد صاحب صدر و کل مہمان عصرانہ میں شریک ہوئے اس سے فارغ ہو کر پھر جلسہ گاہ میں تشریف لائے

